وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ

اور اتنا ہی اور اس کے ساتھ تو سب دے ڈالیں اپنے چھڑوانے

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِنَ

میں بری طرح کے عذاب سے دن قیامت کے اور نظر آئے ان کو

اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝ وَبَدَا

اللہ کی طرف سے جو خیال بھی نہ رکھتے تھے اور نظر

لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ

آئیں ان کو برائیاں اپنے کام کی جو کماتے تھے اور الٹ پڑے

مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

ان پر وہ چیز جس پر ٹھٹھا کرتے تھے ☆

## کافر کی نجات نہیں ہوگی

☆ یعنی جب قیامت کے دن ان اختلافات کا فیصلہ سنایا جائے گا اس وقت جو ظالم شرک کرتے تھے اور اللہ والوں کی شان گھٹاتے تھے ان کا سخت برا حال ہوگا اگر ان کے پاس دو گونہ بلکہ روئے زمین کے خزانے بلکہ اس سے بھی زیادہ ان کے پاس موجود ہوں تو چاہیں گے کہ سب دے دلا کر کسی طرح اپنا پیچھا چھڑا لیں۔ جو بدمعاشیاں دنیا میں کی تھیں سب ٹھیک ایک ایک کر کے ان کے سامنے ہوں گی اور ایسے قسم قسم کے ہولناک عذابوں کا مزہ چکھیں گے جو کبھی ان کے خیال و گمان میں بھی نہ گزرے تھے۔ غرض توحید خالص اور مقربین کی باتوں سے جو ٹھٹھا کرتے تھے اس کا وبال پڑ کر رہے گا اور جس عذاب کا مذاق اڑایا کرتے تھے وہ ان پر الٹ پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

## کافروں کے لئے ناگہانی عذاب:

اہل جنت کے لئے فرمایا تھا فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ اس کے مقابل دوزخیوں کے لئے فرمایا۔ وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ۔ یعنی ناقابل بیان برائی کا ایسا سخت عذاب ان کے سامنے ہوگا جس کا ان کو وہم و گمان بھی نہ تھا۔ مقاتل نے کہا یعنی وہ کبھی ان کو گمان بھی نہ تھا کہ ایسے عذاب سے آخرت میں دوچار ہوں گے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا میں ان کا خیال تھا کہ بت ہماری سفارش کریں گے۔ یا یہ خیال تھا کہ حشر نشر کچھ بھی نہ ہوگا یا یہ سمجھتے تھے کہ آخرت میں ہم مومنوں کے مقابلہ میں بہتر حالت میں ہوں گے قیامت کے دن ان تمام خیالات کے برعکس عذاب سامنے آئے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا

سو جب آ لگتی ہے آدمی کو کچھ تکلیف ہم کو پکارنے لگتا ہے

## انسان کی خو

☆ یعنی جس کے ذکر سے چڑتا تھا مصیبت کے وقت اسی کو پکارتا ہے اور جن کے ذکر سے خوش ہوتا تھا انہیں بھول جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِنَّا قَالَ إِنَّمَا

پھر جب ہم بخشیں اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت کہے یہ تو مجھ کو ملی

أُوتِيتُهُ عَلَى عِلْمٍ

کہ پہلے سے معلوم تھی ☆

☆ یعنی خدا پہلے ہی جانتا تھا کہ یہ نعمت مجھ کو دے کیونکہ میں اس کی لیاقت رکھتا ہوں، یا یہ کہ میں نے اپنے علم و ہنر سے کمائی ہے، خدا کو میری استعداد و لیاقت معلوم تھی۔ غرض اپنی لیاقت اور ہنر پر نظر کی فضل الٰہی پر خیال نہ کیا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا

کوئی نہیں یہ جانچ ہے پر وہ بہت سے لوگ نہیں

يَعْلَمُونَ ۝

سمجھتے ☆

## نعمت و امتحان ہے

[illegible]

## کافروں کی ناسمجھی اور ضد

[illegible]

| |
|---|
| قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ |
| [illegible] |
| فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ |
| [illegible] |
| فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ |
| [illegible] |

[illegible]

| |
|---|
| وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ |
| [illegible] |
| سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ |
| [illegible] |

## مشرکین بھاگ نہیں سکتے

[illegible]

| |
|---|
| أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ |
| [illegible] |
| لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ |
| [illegible] |
| لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ |
| [illegible] |

## روزی اللہ کی مرضی سے ملتی ہے

[illegible]

## تمام نعمتیں اللہ کی طرف سے ہیں

[illegible]

| |
|---|
| قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ |
| [illegible] |
| لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ |
| [illegible] |
| يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ |
| [illegible] |
| الرَّحِيمُ |

[illegible]

## اللہ تعالیٰ کی شان کریمی

[illegible]

اعلان کر دی جو عموماً سب کے لئے ہے اور یہ اطلاق ہر قسم کے گناہوں کے لئے ایک عمومی حکم رکھتی ہے۔ مشرک، ملحد، زندیق، مرتد، یہودی، نصرانی، مجوسی، بدعتی، بدمعاش، فاسق، فاجر، کوئی ہو اگر بعد کو توبہ کر لے تو توبہ کی وجہ سے بالکل پاک ہو جائے گا اور اگر بغیر توبہ مر جائے گا تو اس کے لئے کوئی وجہ نہیں کیونکہ اللہ جس کے چاہے سب گناہ معاف کر سکتا ہے۔ کوئی اس کا ہاتھ نہیں پکڑ سکتا۔ پھر بندہ ناامید کیوں ہو ہاں یہ ضرور ہے کہ ایک دوسری آیت میں تصریح کر دی گئی کہ کفر و شرک کا جرم بدون توبہ کے معاف نہیں کرے گا۔ لہٰذا اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا کو بغیر توبہ کے ساتھ مقید کرنا ضروری ہے کہ قول تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ (سورۂ نساء ۱۱۶) اس تحقیق سے یہ لازم نہیں آتا کہ بدون توبہ کے اللہ تعالیٰ کوئی جرم بڑا قصور معاف ہی نہ کرے۔ اور نہ یہ مطلب ہوا کہ کسی جرم کے لئے توبہ کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور صرف مشیت کی بنا پر شرک کے متعلق دوسری آیات میں بتا دیا گیا کہ وہ کفر و شرک سے بدون توبہ کے مغفرت نہ ہو گی۔ چنانچہ آیت بالا کی شان نزول بھی اس پر دلالت کرتی ہے جیسا کہ آگے آیت کے آخر سے معلوم ہو گا۔ (تفسیر حقانی)

**آیت کا شان نزول:** طبرانی نے ضعیف سند سے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحشی (قاتل حضرت حمزہؓ) کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے ایک شخص کو بھیجا وحشی نے جواب دیا آپ مجھے اپنے مذہب میں داخل ہونے کی دعوت کس طرح دے رہے ہیں آپ کا قول یہ ہے کہ جو شخص قتل کرے یا شرک کرے یا زنا کرے گا اس کو قیامت کے دن دوہرا عذاب ہو گا اور میں نے یہ سب کچھ کیا ہے اس پر آیت اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا نازل ہوئی۔ وحشی نے جواب بھیجا یہ تو شرط سخت ہے شاید میں اس کو پورا نہ کر سکوں کیا اس کے علاوہ بھی کوئی صورت ہے۔ اس پر آیت اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ نازل ہوئی وحشی نے کہا اس آیت میں مغفرت کو مشیت پر موقوف رکھا گیا ہے ممکن ہے اللہ میرے لئے مغفرت نہ چاہے مجھے معلوم نہیں (اگر میں شرک سے توبہ کر لوں تو میری مغفرت ہو گی یا نہیں) اس پر آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا نازل ہوئی۔

بغوی کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ مسلمانوں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ بات صرف وحشی کے لئے خاص ہے یا تمام مسلمانوں کے لئے عموی (حکم) ہے حضورؐ نے فرمایا (نہیں) بلکہ سارے مسلمانوں کے لئے عام ہے۔

حاکم نے حضرت ابن مسعودؓ کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا ہم کہتے تھے کہ مسلمان ہونے اور ایمان لانے کے بعد جو لوگ مصیبت سے گھبرا کر دین چھوڑ بیٹھے ان کی توبہ قبول نہیں ہو گی لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لے آئے تو ان ہی لوگوں کے متعلق یہ آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا نازل فرمائی۔ بغوی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس آیت کا نزول عیاش بن ابی ربیعہ اور ولید بن ولید اور مسلمانوں کی ایک جماعت کے حق میں ہوا کہ انہوں نے ایمان لے آنے کے بعد جب ان کو دکھ دیئے گئے اور فتنہ میں پڑ گئے تو اسلام چھوڑ بیٹھے ہم کہا کرتے تھے کہ ان کا کوئی نفل یا فرض قبول نہیں کرے گا اور نہ ان کی توبہ قبول ہو گی یہ لوگ اولاً مسلمان ہو گئے پھر دکھ دیئے جانے پر انہوں نے دین چھوڑ بیٹھے۔ اس پر اللہ نے یہ آیات نازل فرمائیں حضرت عمرؓ نے اپنے ہاتھ سے یہ آیات لکھ کر عیاش بن ابی ربیعہ اور ولید بن ولید کے پاس بھیج دیں اور ان کے علاوہ لوگوں کے پاس بھی یہ سب لوگ مسلمان ہو گئے اور ہجرت کر کے مدینہ کو آ گئے۔

شیخین نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ کچھ مشرک ایسے تھے جنہوں نے بہت خونریزی کی تھی اور زنا کا ارتکاب بھی بہت کیا تھا۔ یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا آپ جو کچھ فرماتے ہیں اور جس امر کی دعوت دیتے ہیں وہ بہت اچھا ہے کاش آپ بتا دیں کہ ہمارے گزشتہ گناہوں کا بھی کفارہ ہو جائے گا اس پر سورۂ فرقان کی آیت وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ سے غَفُوْرًا رَّحِيْمًا تک اور آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ نازل ہوئی۔ ابن ابی حاتم نے صحیح سند سے بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا آیت مشرکین مکہ کے متعلق نازل ہوئی۔ بغوی کی روایت میں بھی یہ قول آیا ہے حضرت ابن عباسؓ کی طرف سے۔

مقاتل بن حیان نے بروایت نافع حضرت ابن عمرؓ کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا ہم گروہ صحابہ خیال کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ہر نیکی قبول ہو گی اس کے بعد جب آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ (اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کے رسول کے فرمان پر چلو اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو) نازل ہوئی تو ہم سوچنے لگے کہ کبیرہ گناہ کریں اور فواحش کا ارتکاب کریں اور کس طرح باطل کر سکتے ہیں۔ یہ خیال آنے کے بعد جب ہم کسی کو کوئی کبیرہ گناہ کرتے دیکھتے تو کہتے یہ شخص تباہ ہو گیا اس کے بعد یہ آیت (قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا) نازل ہوئی تو ہم اپنے ان قولوں سے رک گئے اس کے بعد ہم کسی کو کوئی گناہ کرتے دیکھتے تو ہم کو اس کے متعلق (عذاب کا) خوف ہوتا اور کسی سے ارتکاب گناہ نہ ہوتا تو ہم اس کے متعلق (قبولیت) کی امید ہوتی۔

لوگوں کو مایوس نہ کرو: روایت ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ مسجد میں تشریف

لے گئے وہاں ایک دروازہ کھلا ہوا تھا اور دروازے کا ... دروازے کے طرف زنجیر ڈال کر رہا تھا آپ جا کر اس کے دروازے کے پیچھے کھڑے ہو گئے اور آپ نے وعظ کرنے والے کو ایسے لوگوں کو مایوس کر رہا ہے پھر آپ نے آیت قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا الخ پڑھی۔

حضرت اسماء بنت یزید کا بیان ہے کہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھتے سنا۔ قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا۔ وَلَا یُبَالِیْ۔ (یعنی اللہ کی رحمت سے نا امید مت ہو، اللہ سب گناہ معاف کر دے گا اور (کسی کے) گناہوں کی پروا نہیں کرے گا) ولا یبالی کا لفظ حضور نے آیت کے بعد خود بڑھا دیا، جزو آیت کا نہیں ہے۔

حضرت جندب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ایک آدمی نے کہا خدا کی قسم فلاں شخص کی مغفرت نہیں فرمائے گا اللہ نے فرمایا وہ کون ہے جو مجھ پر قسم کھا کر کہہ رہا ہے کہ فلاں شخص کی میں مغفرت نہیں کروں گا میں نے اس شخص کو بخش دیا اور (اسے کہنے والے) تیرے اعمال کو اکارت کر دیا۔ او کما قال علیہ السلام۔ رواہ مسلم۔ حضرت ابن عباس نے آیت لا تقنطوا کے متعلق بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللھم (صغیرہ گناہ یا کبیرہ گناہ جن کو کرنے کے بعد ندامت ہوئی ہو) تو معاف کر دے گا سب (گناہوں) کو بخش دے گا (اے اللہ) تیرا کونسا بندہ ہے جس نے ارتکاب گناہ نہیں کیا ہے۔ رواہ الترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے۔

## بنی اسرائیل کے گنہگار کی مغفرت

حضرت ابو سعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جو ننانوے آدمیوں کا قتل کر چکا تھا پھر (توبہ کی غرض سے) ایک تارک الدنیا درویش کے پاس گیا اور اس سے (اپنی توبہ کے متعلق) مسئلہ دریافت کیا، درویش نے کہا تیرے لئے کوئی توبہ (کی گنجائش) نہیں ہے، سائل نے یہ جواب سن کر اس درویش کو بھی قتل کر دیا اس کے بعد لوگوں سے دریافت کرتا پھرا کہ اب میں کس سے مسئلہ پوچھوں، ایک شخص نے کہا فلاں بستی میں جاؤ (وہاں ایک بڑا عالم ہے اس سے دریافت کرو) حسب ہدایت یہ قاتل اس بستی کی طرف چلا، (لیکن راستہ میں) اس کی موت آ پہنچی (مرتے مرتے) اس نے اپنا سینہ اس بستی کی طرف اٹھا دیا یعنی بڑھا دیا (اور مر گیا) رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں اس شخص کے متعلق اختلاف ہو گیا اللہ نے ایک طرف (یعنی بستی کی طرف) والی زمین کو حکم دیا قریب ہو جا اور دوسری طرف والی زمین کو حکم دیا (یعنی جہاں سے وہ نکل کر) چلا تھا اس زمین کو حکم دیا کہ دور ہو جا (یعنی لمبی ہو جا) پھر فرشتوں نے (حسب الحکم) دونوں طرف کی زمین کو ناپا معلوم ہوا کہ بستی کی طرف والی زمین ایک بالشت کم پایا، اس لیے اس شخص کی مغفرت ہو گئی (متفق علیہ)

مسلم کی ایک روایت میں بھی یہ حدیث بیان کی گئی ہے۔ اس روایت کے الفاظ حدیث کے یہ الفاظ ہیں۔ اس قاتل کو ایک راہب کا پتہ بتایا گیا قاتل نے اس راہب سے جا کر کہا میں نے ننانوے آدمیوں کو قتل کیا ہے کیا میری توبہ (قبول) ہو سکتی ہے راہب نے کہا نہیں۔ اس شخص نے راہب کو بھی قتل کر دیا اس طرح سو کی تعداد پوری ہو گئی پھر لوگوں سے دریافت کیا (اب) اس زمین پر بسنے والوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے کسی نے ایک عالم کا پتہ بتا دیا اس قاتل نے اس سے جا کر کہا میں نے سو آدمیوں کو قتل کیا ہے کیا میری توبہ (قبول) ہو سکتی ہے عالم نے جواب دیا ہاں توبہ قبول ہونے میں کون رکاوٹ ڈال سکتا ہے تم فلاں مقام پر جاؤ وہاں کچھ لوگ اللہ کی عبادت میں مشغول ہیں تم بھی ان کے ساتھ مل کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جاؤ اور اپنے وطن کو لوٹ کر نہ آنا وہ وطن بری زمین ہے، یہ بات سن کر یہ شخص وہاں چل پڑا آدھا راستہ طے کیا تھا کہ موت آ پہنچی اس کے متعلق رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں اختلاف ہو گیا ایک فرشتہ آدمی کی صورت میں آیا (ان کا اختلاف دور کرنے کے لئے) ان فرشتوں نے اس کو ثالث پنچ بنایا اس نے فیصلہ کیا کہ دونوں طرف کی زمین ناپ لو جس طرف کی زمین کم ہو اسی کے حکم میں اس شخص کو داخل کر دو فرشتوں نے زمین کی پیمائش کی تو اس طرف کی زمین کم پائی جہاں (عبادت کے لیے) جانے کا اس نے ارادہ کیا تھا چنانچہ رحمت کے فرشتوں نے اس کی روح پر قبضہ کر لیا۔

**ڈرنے والے گنہگار کی مغفرت:** بخاری اور مسلم نے صحیحین میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے ایک آدمی تھا جس نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی تھی جب مرنے لگا تو اس نے اپنے گھر والوں کو وصیت کی کہ مجھے مرنے کے بعد جلا دینا پھر جلی ہوئی خاک کو آدھی خشکی میں اور آدھی سمندر میں بکھیر دینا کیونکہ اگر خدا کا مجھ پر قابو چل گیا تو خدا کی قسم وہ مجھے ایسا عذاب دے گا جو سارے جہان میں کسی کو نہیں دے گا جب وہ شخص مر گیا تو گھر والوں نے وصیت کے مطابق عمل کر دیا تو اللہ نے سمندر کو حکم دیا سمندر نے وہ خاک جمع کر دی جو اس میں تھی اور خشکی کو حکم دیا تو اس نے بھی خشکی والی ساری خاک جمع کر دی پھر اللہ نے اس شخص سے پوچھا تو نے ایسا کیوں کیا اس نے جواب دیا اے میرے رب تیرے ڈر سے، تو رب نے اس کو معاف کر دیا۔

**حضرت ابوہریرہ کی نصیحت:** بغوی نے ضمضم بن جوش سے بیان کیا کہ میں مدینہ کی مسجد میں داخل ہوا ایک بوڑھے آدمی نے مجھ کو پکارا

نہ کرنا کہ مجھے پکار لیا اے شخص کیا تو دل سے تو بڑا پڑ کہا کہ اللہ تیری مغفرت نہ کرے گا اور تجھے جنت میں داخل نہ کرے گا۔ میں نے کہا آپ پر اللہ کی رحمت ہو آپ کون ہیں؟ انہوں نے کہا میں ابو ہریرہ ہوں میں نے کہا یہ لفظ ایسے ہیں جو غصے کے وقت ہر شخص کہتا ہے جب غصہ آجاتا ہے تو اپنے گھر والوں کو بھی کہہ دیتا ہے اور بیوی کو بھی۔ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ بنی اسرائیل میں دو آدمی تھے جو باہم دوست تھے ایک عبادت میں بڑی محنت کرتا تھا اور دوسرا گنہگار تھا عابد اسے گناہگار دوست سے کہتا تھا اب اپنی حرکتوں سے باز آجا۔ گنہگار جواب دیتا تھا مجھے اور میرے رب کو چھوڑ دے۔ ایک روز عابد نے اپنے دوست کو کسی بڑے گناہ میں مبتلا پایا تو (حسب معمول) کہا اب باز آجا اس نے جواب دیا مجھے چھوڑ دے کیا تجھے میرا نگران بنا کر بھیجا گیا ہے عابد نے کہا خدا کی قسم اللہ تجھے کبھی معاف نہیں کرے گا اور نہ جنت میں کبھی تجھے داخل کرے گا۔ پھر دونوں فوت ہو گئے جب ملک الموت نے ان دونوں کی روحیں قبض کر لیں اور دونوں اللہ کے پاس جمع ہوئے تو اللہ نے اس گناہگار سے فرمایا میری رحمت سے جنت میں چلا جا اور دوسرے سے فرمایا کیا تو میرے بندوں سے میری رحمت کو روک سکتا ہے؟ بندہ نے کہا نہیں اے رب۔ تو (یہاں تک کہ اللہ نے فرمایا اس کو دوزخ میں لے جاؤ) حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس نے ایک بات کہی تھی جس نے اس کی دنیا اور آخرت میں اس کو تباہ کر دیا۔ اسی مضمون کی حضرت ابو ہریرہ کی روایت مسند احمد میں بھی بیان کی گئی ہے۔

**آیت کی فضیلت:** حضرت ثوبان سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پسند نہیں کہ دنیا اور دنیا کی ساری چیزیں اس آیت کے مقابلے میں مجھے ملیں (اسے یہ آیت ہیں) یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ الخ رواہ احمد والطبرانی فی الاوسط وابن مردویہ والبیہقی فی شعب الایمان۔

**مشرک کی بخشش نہیں ہے:** بیہقی کی روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس نے شرک کیا ہو (کیا اس کو بھی معاف فرما دے گا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیر کے لئے سکوت فرمایا پھر فرمایا مگر جس نے شرک کیا (وہ شرک پر آ کر وفات تک پہنچا ہو اس کی مغفرت نہیں ہوگی)۔

حضرت ابو ذر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اپنے بندے کو بخش دیتا ہے جب تک پردہ نہ پڑ جائے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پردہ پڑنا کیا؟ فرمایا کسی شخص کا مشرک ہونے کی حالت پر مر جانا۔ رواہ احمد والبیہقی فی کتاب البعث والنشور۔

یہی حضرت ابو ذر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ایسی حالت میں ملے (یعنی ایسی حالت میں مر جائے) کہ اس نے کسی چیز کو اس کے ساتھ شریک نہ قرار دیا ہو تو (خواہ) زمین کے برابر بھی اس کے گناہ ہوں اللہ معاف فرما دے گا۔ رواہ البیہقی فی کتاب البعث والنشور۔

## اپنے فوت شدہ آباؤ اجداد کے لئے دعا مغفرت کے ہدیے بھیجو

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں اللہ نیک آدمی کے درجے (اس کے اعمال سے) بلند کرتا ہے وہ عرض کرے گا اے رب یہ مرتبہ مجھے کہاں سے ملا؟ جواب ملے گا تیرے لئے تیری اولاد کے دعا مغفرت کرنے سے۔ رواہ احمد

حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر کے اندر مردہ ایسا ہوتا ہے جیسے کوئی ڈوبتا ہوا فریاد رس کا منتظر ہو ڈوبنے سے بچنے کے لئے وہ منتظر رہتا ہے کہ باپ یا ماں یا بھائی یا کسی دوست کی طرف سے دعا مغفرت اس کو پہنچ جائے۔ جب دعا اس کو پہنچ جاتی ہے تو دنیا اور دنیا کی ہر چیز سے زیادہ پیاری ہوتی ہے اور زمین کے باشندوں کی دعا سے اللہ قبر والوں پر پہاڑوں جیسا ثواب داخل کرتا ہے۔ مردوں کی جانب سے زندوں کا ہدیہ ان کے لئے دعا مغفرت کرنا ہے۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

**اللہ تعالیٰ کی رحمتیں:** حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی سو رحمتیں ہیں جن میں سے ایک رحمت اللہ نے جنوں انسانوں اور چوپایوں اور حشرات الارض کو عطا کی ہے اسی ایک رحمت کی وجہ سے آپس میں مہربانی اور رحم کرتے ہیں۔ وحشی جانور بھی اسی کی وجہ سے اپنے بچوں پر مہربانی کرتے ہیں اور ننانوے رحمتیں اللہ نے اپنے لئے محفوظ رکھی ہیں جن سے قیامت کے دن اپنے بندوں پر مہربانی فرمائے گا۔ متفق علیہ

## اللہ تعالیٰ ماں سے بھی زیادہ مہربان ہے

حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا کچھ قیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے گئے قیدیوں میں ایک عورت تھی جس کی چھاتیوں سے دودھ بہہ رہا تھا وہ دوڑ رہی تھی اتنے میں اس کو قیدیوں میں ایک بچہ مل گیا اس نے بچے کو اٹھا کر اپنے پیٹ سے چمٹا لیا اور دودھ پلانے لگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہارا خیال ہے کہ یہ عورت اپنے بچے کو آگ میں پھینک سکتی ہے (جب کہ وہ روکنے کی قدرت رکھتی ہے) ہم نے عرض کیا نہیں جب تک اس کو روکنے کی طاقت ہوگی وہ بچہ کو آگ میں نہیں پھینکے گی حضور نے ارشاد فرمایا تو خدا اپنے بندوں پر اس سے زیادہ

مہربان ہے جتنی یہ عورت اپنے بچے پر مہربان ہے۔ متفق علیہ۔

حضرت عامر کا بیان ہے ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے ایک شخص چادر (یا کمبل) اوڑھے ہوئے آیا کوئی چیز اس کے ہاتھ میں تھی جو چادر (کے کونے) میں لپٹی ہوئی تھی اس نے عرض کیا میں درختوں کی ایک جھاڑی کی طرف سے گزرا اس نے پرندے کے چوزوں کی آواز سنی تھی میں نے ان کو پکڑ کر اپنی چادر میں رکھ لیا تھے میں ان کی ماں آگئی اور میرے سر کے گرد چکر لگانے لگی میں نے چادر ہٹا کر بچوں کو اس کے سامنے کر دیا فوراً وہ بچوں پر ٹوٹ پڑی میں نے سب کو اپنی چادر میں لپیٹ لیا اب وہ سب میرے پاس ہیں۔ حضور نے حکم دیا ان کو رکھ دو (چادر کھول کر) سب کو رکھ دیا مگر بچوں کی ماں بچوں سے چمٹی رہی حضور نے فرمایا کیا تم لوگوں کو تعجب ہو رہا ہے کہ ماں کو ان بچوں پر کیسی مہربانی ہے (کہ بچوں کو چھوڑ کر اپنی جان بچا کر اڑ کر نہیں جاتی) قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ ان بچوں کی ماں اپنے بچوں پر جتنی مہربان ہے اللہ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ مہربان ہے۔ جاؤ ان کو لے جاؤ اور جہاں سے لائے ہو وہیں لے جا کر رکھ دو۔ حسب الحکم وہ شخص ان سب کو لے گیا۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت عبداللہ بن عمر کا بیان ہے ہم کسی جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے۔ کچھ لوگوں کی طرف سے آپ کا گزر ہوا اور دریافت فرمایا کون لوگ ہو انہوں نے عرض کیا ہم مسلمان ہیں ان میں ایک عورت بھی تھی جو ہنڈیا میں آگ جلا رہی تھی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا جب کوئی شعلہ اٹھتا تو وہ بچہ کو الگ کر لیتی تھی وہ حضور کی خدمت میں آئی اور عرض کیا کیا آپ اللہ کے رسول ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں کہنے لگی میرے ماں باپ آپ پر قربان کیا اللہ ارحم الراحمین نہیں ہے حضور نے فرمایا کیوں نہیں۔ کہنے لگی کیا ماں جتنی اپنے بچے پر مہربانی کرتی ہے اللہ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ مہربان نہیں ہے فرمایا کیوں نہیں کہنے لگی ماں اپنے بچے کو آگ میں نہیں ڈالتی یہ سن کر حضور سرنگوں ہو گئے اور رونے لگے کچھ دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا اللہ اپنے بندوں میں سے صرف اسی کو عذاب دے گا جو انتہائی سرکش اور سخت سرکشی کرنے والا ہو اور لا الٰہ الا اللہ کہنے سے انکار کرے۔ رواہ ابن ماجہ۔

## آخرکار مومن جنت میں جائے گا

حضرت ابوذر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندے نے لا الٰہ الا اللہ (یعنی اقرار توحید) کیا پھر اسی حالت میں مر گیا وہ جنت میں ضرور داخل ہوگا میں نے عرض کیا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو میں نے کہا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو میں نے پھر کہا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو تو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو وہ ضرور جنت میں جائے گا اگرچہ ابوذر کی ناک خاک آلود ہو۔ (متفق علیہ)

حضرت ابودرداء راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آیت پڑھ رہے تھے ولمن خاف مقام ربہ جنتان میں نے عرض کیا (یا رسول اللہ) خواہ اس نے زنا کیا ہو یا چوری کی ہو حضور نے دوبارہ یہی آیت پڑھی میں نے دوبارہ یہی عرض کیا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو حضور نے تیسری بار یہی آیت پڑھی جب میں نے تیسری بار کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خواہ ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو جائے۔ (اس حدیث میں ولمن خاف کا مصداق جنت میں جانا ہے ... گناہ کرنے کے خلاف ہو جب بھی اللہ کا فیصلہ یہی ہوگا) رواہ احمد۔

ان حدیثوں کی بنا پر حضرت ... ثابت ہوتا ہے کہ آخرکار مومن جنت میں جائے گا۔

## ثواب کے لئے ایمان شرط ہے

اہل سنت و جماعت کا یہ مسلک حق ہے کہ کافر کی کوئی نیکی قابل قبول نہیں کیونکہ اس کی طاعت طاعت ہی نہیں ہے طاعت تو وہی ہے جو خالص اللہ کے لئے ہو اگر خلوص نہیں تو طاعت معصیت ہے ایمان تو ہر طاعت کی شرط ہے جس طرح وضو نماز کے لئے۔ رہا معصیت کا ارتکاب تو اس کا عذاب ضرور ہے لیکن یہ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے چاہے تو معاف کر دے اور معاف کرنا نہ چاہے تو عذاب دے۔

**معافی کے ذرائع:** معافی توبہ سے ہو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے یا کسی ولی کی سفارش سے یا محض اللہ کی مہربانی اور رحمت سے۔ گناہگار مومن کو اگر عذاب بھی ہوگا تو وہ عذاب دوامی نہ ہوگا کیونکہ اللہ نے ہر نیکی کے ثواب کا وعدہ فرمایا ہے ارشاد فرمایا ہے فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ اور ایمان سب سے بڑی نیکی ہے (ہر نیکی کا مدار ایمان پر ہے) اور اللہ کے وعدہ کے خلاف ہونا ناممکن ہے اور مقام ثواب صرف جنت ہے لہٰذا ہر مومن جنت میں جائے گا خواہ سزا بھگتنے کے بعد یا بغیر عذاب کے۔

**گناہ! مومن اور کافر کے نزدیک:** مومن اپنے ایک گناہ کو بھی ایسا سمجھتا ہے جیسے وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہو اور پہاڑ اس پر گرنے والا ہو اور کافر اپنے گناہ کو ایسا سمجھتا ہے جیسے ناک پر مکھی بیٹھی ہو اور ہاتھ کے اشارے سے اس کو اڑا دے۔ رواہ البخاری۔ (تفسیر مظہری)

## سب سے زیادہ عظمت والی آیت

طبرانی میں حضرت ابن مسعود کا قول ہے کہ کتاب اللہ قرآن کریم کی

سب سے زیادہ حکمت والی آیت کون سی ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا سب سے زیادہ جامع آیت یہ ہے ان اللہ یأمر بالعدل والاحسان پھر پوچھا سب سے زیادہ قرآن میں سب سے زیادہ امید دلانے والی آیت ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ہے انہی اللہ سے ڈرے اس کے لئے راستہ نکال دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے روزی دیتا ہے جہاں کا اسے گمان بھی نہ ہو۔ حضرت ابن مسعودؓ نے یہ سن کر فرمایا کہ بیشک آپ سچے ہیں۔

## حضرت ابو ایوبؓ نے انتقال کے وقت

حضرت ابو ایوب انصاریؓ نے انتقال کے وقت فرمایا کہ میں نے ایک حدیث تم سے آج تک بیان نہیں کی تھی اب بیان کرتا ہوں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ نے فرمایا اگر تم گناہ ہی نہ کرتے تو اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو پیدا کرتا جو گناہ کرتی پھر اللہ ان کو بخشتا (صحیح مسلم وغیرہ)۔

## حضرت آدم علیہ السلام کی درخواست

حضرت قتادہ بن عمیر فرماتے ہیں کہ ابلیس ملعون نے کہا اے میرے رب تو نے مجھے آدم کی وجہ سے جنت سے نکالا ہے اور میں اس پر بغیر اس کے کہ تو مجھے اس پر غلبہ دے قابو نہیں پا سکتا۔ جناب باری نے فرمایا جا تو اس پر مسلط ہے۔ اس نے کہا اے اللہ مجھے کچھ اور بھی عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جا اس کی جو اولاد ہوگی تو تیرے لئے بھی ہوگی۔ اس نے پھر التجا کی کہ باری تعالیٰ کچھ اور بھی مجھے زیادتی دے۔ پروردگار عالم نے فرمایا ان کے سینے میں تیرے لئے جگہ ہوگی اور تو ان کے جسم میں خون کی جگہ پھرے گا۔ پھر فرمایا کہ میں نے تجھے اور بھی دیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا اور ان کے مال و اولاد میں شریک ہو جا اور ان سے وعدے کر۔ شیطان کے وعدے سراسر دھوکے کی بات ہیں۔ اس وقت حضرت آدم علیہ السلام نے دعا کی کہ اے میرے رب تو نے اسے مجھ پر مسلط کر دیا ہے میں اس سے بغیر تیرے بچائے نہیں بچ سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا سنو تمہارے ہاں جو اولاد ہوگی میں اس کے ساتھ ایک محافظ مقرر کروں گا جو اسے شیطانی پھندوں سے محفوظ رکھے گا۔ حضرت آدمؑ نے اور زیادہ طلب کی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایک نیکی کو دس گنا کر دوں گا بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اور برائی ایک کی ایک ہی رہے گی یا معاف کر دوں گا۔ آپ نے پھر بھی اپنی چاہت ظاہر کی تو حق تعالیٰ نے فرمایا توبہ کا دروازہ تمہارے لئے اس وقت تک کھلا ہے جب تک جسم میں روح ہے۔ حضرت آدمؑ نے دعا کی کہ میرے پروردگار اب بس ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہی آیت یٰعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسہم الخ نازل فرمائی۔ (ابن ابی حاتم، تفسیر ابن کثیر)

گناہ بھی اسی کی طرف سے معاف کئے جاتے ہیں اور ان کی ترغیب کے لئے ارشاد فرمایا کہ تمہارا رب ہی تمہیں معاف فرماتا ہے کہ تم اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ بلکہ تمہیں چاہئے کہ تم توبہ کرو اور رحمت کی طرف دوڑو۔ آخرت کی زندگی سے پہلے پہلے توبہ کر لو تاکہ قرآن کے ساتھ رحمت کی طرف دوڑو اور رحمت خداوندی کی طرف پناہ لو۔ جس کا ذکر آگے یوں ہے۔

| |
|---|
| وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِن |
| اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کی فرمانبرداری کرو |
| قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا |
| پہلے اس سے کہ آئے تم پر عذاب پھر کوئی تمہاری مدد نہ کرے |
| تُنصَرُونَ |
| ۵۴ |

**توبہ کی ترغیب:** اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہاں سے اصل مضمون کی طرف رجوع فرمایا ہے اور بندوں کو پیام دیا ہے کہ جو گناہ کرتے رہے ہیں وہ بھی اپنے رب کی طرف رجوع کریں اور اپنے گناہوں پر نادم ہو کر توبہ کریں اور اپنے رب کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کر دیں۔ نجات کا دار و مدار حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے فضل ہی پر ہے مگر توبہ و انابت بھی اس کا ایک ذریعہ ہے اور توبہ کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کیا تو جو کافر دشمنی میں لگے رہے تھے ان کو خیال ہوا کہ اب ہمارے گناہ معاف نہ ہوں گے کیونکہ ہم نے بڑی شرارتیں کی ہیں۔ مسلمان ہونے کے بعد بھی یہ خیال رہا کہ ان کی معافی نہ ہوگی۔ تب یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا کہ کوئی گناہ ایسا نہیں جس کو توبہ کے بعد اللہ تعالیٰ معاف نہ کرے۔ اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ جب عذاب سر پر آ جائے یا موت آ جائے تو پھر توبہ قبول نہیں ہوتی، اس وقت کی توبہ قبول نہیں۔ ...

**توبہ کی توفیق:** وانیبوا الی ربکم کے بعد واسلموا لہ فرمایا تاکہ اعمال کے لئے اخلاص پر تنبیہ ہو جائے۔ اور یہ بات کہ عذاب کا مقصد یہ ہے کہ بندہ یہ بات سمجھے کہ اس کی نجات کا مدار اس کی انابت پر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ عمل کیا جائے یہ اللہ کا فضل ہے۔ انابت کی توفیق حاصل ہو... ...

| |
|---|
| وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن |
| اور چلو بہتر بات پر جو اتری تمہاری طرف تمہارے |

رَّبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ

[illegible]

بَغْتَةً وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ۝

[illegible]

[illegible]

أَن تَقُولَ نَفْسٌ يَا حَسْرَتَىٰ عَلَىٰ مَا

[illegible]

فَرَّطتُ فِي جَنبِ اللَّهِ وَإِن كُنتُ

[illegible]

لَمِنَ السَّاخِرِينَ ۝

[illegible]

[illegible]

[illegible]

أَوْ تَقُولَ لَوْ أَنَّ اللَّهَ هَدَانِي

[illegible]

لَكُنتُ مِنَ الْمُتَّقِينَ ۝

[illegible]

[illegible]

[illegible]

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ

[illegible]

لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝

[illegible]

[illegible]

بَلَىٰ قَدْ جَاءَتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا

[illegible]

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور غرور کیا اور تو تھا منکروں میں سے

**ہدایت کے مکمل اسباب موجود ہیں**

یہ بھی غلط کہتا ہے کہ اللہ نے اس کو ہدایت کی تھی اور اپنے پیغمبروں کو شرعاً ہدایت کے ساتھ بھیجا تھا مگر تو نے ان کی کوئی بات نہ سنی۔ جو کچھ کیا غرور اور تکبر سے اسے جھٹلاتا رہا۔ تیرا یہ قول محض تحکم ہے اور دعویٰ۔ اور بات یہ ہے کہ اللہ کو ازل سے معلوم تھا کہ تو ان کی آیات کا انکار کرے گا اور تکبر و سرکشی سے پیش آئے گا۔ جیسے ہدایت اور ضلالت کی اطاعت ہے اگر دوبارہ دنیا کی طرف لوٹایا جائے تب بھی اپنی حرکات سے باز نہیں آئے گا۔ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (انعام۔ رکوع ۳) ایسے لوگوں کی نسبت خدا کی عادت یہی ہے کہ ان کو ان کی احوال سے جھٹلادے۔ (تفسیر حقانی)

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى

اور قیامت کے دن تو دیکھے ان کو جو جھوٹ بولتے ہیں

اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

اللہ پر کہ ان کے منہ ہوں سیاہ

**حق کو جھٹلانے کا انجام** جو اللہ کی طرف سے ہر سچی بات آتی ہے اس کا جھٹلانا یہی اللہ پر جھوٹ بولنا ہے کیونکہ جھٹلانے والا دعویٰ کرتا ہے کہ اللہ نے فلاں بات نہیں کہی حالانکہ درحقیقت میں کہی ہے۔ اس جھوٹ کی سزا یہ قیامت کے دن ان کے چہروں پر کالک ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

کیا نہیں دوزخ میں ٹھکانا غرور والوں کا

**غرور کا انجام** (۱) پہلے کَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ میں دو چیزیں کا ذکر بیان ہوئی تھیں تکذیب جو متعلق ہے کذب پر اور تکبر۔ ان کا حال بیان کیا تھا یا کذب ، اور یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ ان سے غرور و تکبر کا ٹھکانا دوزخ کے سوا کہیں نہیں۔ (تفسیر حقانی)

**تکبر کرنے والوں کا حشر:** ابن ابی حاتم کی مرفوع حدیث میں ہے کہ تکبر کرنے والوں کا حشر قیامت کے دن چیونٹیوں کی صورت میں ہوگا ہر چھوٹی سے چھوٹی مخلوق بھی انہیں روندتی جائے گی یہاں تک کہ جہنم کے جیل

خاصہ یعنی جو نہ کہ رہے ہیں گے جس کا نام بولس ہے جس کی آگ بہت تیز اور نہایت ہی مصیبت والی ہے جہنمیوں کے لہو پیپ اور گندگی انہیں پلائی جائے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۫

اور بچا دے گا اللہ ان کو جو ڈرتے رہے ان کے بچاؤ کی جگہ

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

نہ لگے ان کو برائی اور نہ وہ غمگین ہوں

**متقین کا انعام** یعنی اللہ تعالیٰ متقین کو ان کی ازلی فوز و سعادت کی بدولت کامیابی کے اس بلند مقام پر پہنچائے گا جہاں ہر قسم کی برائی سے محفوظ اور ہر طرح کے فکر و غم سے آزاد ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۙ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ

اللہ بنانے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہر

شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ

چیز کا ذمہ لیتا ہے اسی کے پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور زمین کی اور جو منکر ہوئے ہیں اللہ کی باتوں سے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

وہ لوگ جو ہیں وہی ہیں ٹوٹے میں پڑے

**تمام اختیارات اللہ کے پاس ہیں**

یعنی ہر چیز اسی نے پیدا کی اور پیدا کرنے کے بعد اس کی حفاظت کا ذمہ دار بھی وہی ہے اور زمین و آسمان کی تمام چیزوں میں تصرف و اختیار بھی اسی کو حاصل ہے کیونکہ سب خزانوں کی کنجیاں اسی کے ہاتھ ہیں۔ پھر ایسے خدا کو چھوڑ کر آدمی کہاں جائے چاہیے کہ اسی کے غضب سے ڈرے اور اسی کی رحمت کا امیدوار رہے کفر و ایمان اور جنت و دوزخ سب اسی کے زیر تصرف ہیں۔ اس کی باتوں سے منکر ہو کر آدمی کہیں کا نہیں۔ اس سے محروم ہو کر آدمی کس طرح کی امید رکھ سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی حالانکہ جس قدر خیرات اور ایمان کا سب کچھ ہی حاصل ہے۔

وَكِيْلٌ [illegible]

**مقالید کی تفسیر** [illegible] المقالید السموت [illegible]

[illegible] الله اكبر و سبحان الله و بحمده و استغفر الله ولا حول ولا قوة الا بالله هو الاول والآخر والظاهر والباطن بيده الخير يحيي ويميت وهو على كل شيء قدير

حضرت [illegible] روایت [illegible]

(۱) [illegible]

(۲) [illegible]

(۳) [illegible]

(۴) [illegible]

(۵) [illegible] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔

(۶) مرنے کے وقت [illegible]

[illegible]

[illegible] مطلب [illegible]

[illegible]

کافروں کے لئے خسارہ ہی ہے [illegible]

[illegible]

**اہل ایمان کی فلاح**

[illegible]

**آیت کا مطلب** [illegible]

[illegible]

**تیسرے کلمے کی فضیلت** [illegible]

سبحان الله و بحمده ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم [illegible] مقاليد السموت والارض [illegible]

[illegible]

قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ

[illegible]

تمہاری عبادت کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیات نازل فرمائی کہ چھوڑ کر دوسروں کی پرستش کرے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ جب قوم ہٹ دھرمی پر اتر آئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے آباؤ اجداد کی پرستش کی طرف بلایا تو اس کے جواب میں یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں مشرکین نے آپ سے کہا کہ آؤ تم ہمارے معبودوں کی پوجا کرو اور ہم تمہارے رب کی پرستش کریں گے تو آیت قل افغیر اللہ سے من الشاکرین تک نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ

اور تم کو حکم ہو چکا ہے تم کو اور تجھ سے

مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ

اگلوں کو کہ اگر تو نے شریک مان لیا تو اکارت

عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

جائیں گے تیرے عمل اور تو ہوگا ٹوٹے میں پڑا

بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝

نہیں بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والوں میں

## فقط اللہ کی عبادت کرو

یہ بھی عقلی حیثیت سے دیکھا جائے کہ تم ان چیزوں کو پوجا کرو جن کا امکان بھی ممکن نہیں۔ تم کسی کے تصرفات کرتے ہو جبکہ صرف اللہ کا کام ہے وہ عبادت کا مستحق ہوا۔ تم کوئی ایسی چیز بتلا دو جو کسی حیثیت سے عبادت کی مستحق ہو تو تمہاری بات مانی جائے۔ جبکہ توحید کی صحت اور شرک کے بطلان پر متفق ہیں بلکہ صریح طور پر بھی بتلا دیا گیا ہے کہ (آپ سے پہلے) مشرک کے تمام اعمال اکارت ہیں اور شرک کا انجام خسارہ ہے جس کا خسران کے سوا کچھ نہیں۔ لہٰذا آپ ہی کا فرض ہے کہ وہ ہر طرف سے ہٹ کر ایک خدا کی عبادت کریں اور اسی کا شکر ادا کریں۔ ان کی عظمت و جلال کو سمجھے۔ ایسا حقیر مخلوق اور شریک ٹھہرانا اس کو کسی طرح بزرگی و برتری ماننے کے قابل ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

## شرک سے اعمال غارت ہو جاتے ہیں

اور آپ کی طرف بھی اور جو پیغمبر آپ سے پہلے گزرے ہیں ان کی طرف بھی یہ وحی بھیجی جا چکی ہے کہ (اے عام مخاطب) اگر تو شرک کرے گا تو تیرا کیا کرایا سب غارت ہو جائے گا کیونکہ ہر فرض ہے اس سے مراد یہ ہے کہ دین میں امید کرنا اور حسب کام اور پروردگار کا شکر ہونا۔

## مرتد ہونا نیکیوں کو اکارت کر دیتا ہے

اس آیت کی روشنی میں ہم کہتے ہیں کہ مرتد ہو جانے سے تمام گزشتہ نیکیوں کو اکارت کر دیتا ہے جس طرح اسلام تمام سابق گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اسی طرح ارتداد سابقہ تمام نیکیوں کو اکارت کر دیتا ہے۔

امام ابو حنیفہ کا قول ہے کہ مرتد ہونے کے بعد مسلمان ہو جائے اور ابھی وقت ظہر باقی ہو اور اس وقت باقی ہے تو مرتد ہونے سے پہلے اگرچہ ظہر کی نماز پڑھ چکا ہو پھر بھی دوبارہ اس وقت کی نماز پڑھنی لازم ہے (سابق نماز کا لعدم ہو گئی) اسی طرح اگر پہلے حج فرض کر چکا ہے پھر مرتد ہو گیا اور دوبارہ پھر مسلمان ہو گیا تو اس کو دوبارہ حج فرض ہو گا کیونکہ کل اعمال اکارت ہو چکے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ ۖ

اور نہیں سمجھے اللہ کو جتنا کچھ وہ ہے

## مشرکین نے اللہ کی قدر نہیں کی

یعنی ان مشرکین نے اس کی عظمت و جلال اور بزرگی و برتری کو جیسا کہ سمجھنا چاہیے تھا نہ سمجھا اور جیسا اس کا حق ہے ایسا ایک بندہ تو کیسا عاجز سمجھنا چاہیے تھا اس کی شان اس کی قدرت اور اس کی قوت کا احساس کرتے تو کیا ایک بے حقیقت مخلوق کو کبھی تک اس کا شریک ٹھہرا سکتے ہیں۔ حاشا وکلا۔ آگے اس کی بعض شان عظمت و جلال کا بیان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ان لوگوں نے عظمت الٰہی کو ویسا نہیں جانا جیسا عظمت کا حق تھا (جیسی عظمت ہونی چاہیے تھی) کہ دوسروں کو اس کا شریک قرار دیدیا اور اس کی صفت اور اس کو مخلوق کی شان سے کمتر سمجھتے تو اسی کی اسی طرح عبادت کی جس طرح کرنی چاہیے تھی اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کیا ہوتا جیسا کرنا چاہیے تھا مرنے کے بعد دوبارہ زندگی کا انکار کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور زمین ساری ایک مٹھی ہے اس کی دن قیامت کے

وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ سُبْحَانَهُ

اور آسمان لپٹے ہوئے ہوں اس کے داہنے ہاتھ میں وہ پاک ہے

وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

اور بہت اوپر ہے اس سے کہ شریک بتلاتے ہیں

**عظمت شان الٰہی:** [illegible] قیامت [illegible] کی طرح [illegible] اگلی [illegible] تحریف [illegible] ہے۔ [illegible] (تفسیر) مطویات بیمینہ کے متعلق سورۂ انبیاء کی آیت [illegible] استفادہ [illegible] متشابہات میں سے [illegible] ایمان رکھنا واجب ہے [illegible] ہیں [illegible] تشبیہ، تجسیم [illegible] لگی ہوئی ہے۔ (تفسیر [illegible])

**آیت کی مراد:** یہ آیت متشابہات میں سے ہے جس کی حقیقی مراد اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا [illegible] مقصود [illegible] اللہ کی عظمت و جلال اور قدرت کاملہ پر تنبیہ کرنا ہے تاکہ وہ عظیم الشان [illegible] انسانی فہم [illegible] ہے اللہ کے لئے آسمان [illegible] اس کی قدرت [illegible] جہاں [illegible] نہیں۔

**آیت کا شان نزول:** [illegible] جب [illegible] یہودی عالم [illegible] کی تصدیق کر دی [illegible] تصدیق [illegible] کی تکذیب نہیں [illegible] صحیحین میں حضرت [illegible] مسعود کی روایت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا [illegible] قیامت کے دن [illegible] ایک انگلی پر [illegible] ایک انگلی پر پہاڑوں [illegible] ایک انگلی پر اور پانی اور [illegible] ایک انگلی پر [illegible] باقی مخلوق کو ایک انگلی پر [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] تصدیق کے لئے [illegible] پھر آپ نے یہ آیت پڑھی وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ۔

صحیحین میں حضرت ابو ہریرہ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ زمین کو [illegible] آسمان کو لپیٹ کر اپنے داہنے ہاتھ میں لے کر فرمائے گا [illegible] بادشاہ ہوں [illegible] زمین کے بادشاہ کہاں ہیں۔

مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر [illegible] سے روایت کیا ہے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] آسمانوں کو لپیٹ کر [illegible] ہاتھ میں [illegible] طاقت والے کہاں ہیں [illegible]

[illegible] والے کہاں ہیں [illegible] کو لپیٹ [illegible] اپنے [illegible] ایک [illegible] بادشاہ کہاں ہیں [illegible] طاقت والے کہاں ہیں [illegible] حضرت [illegible] سے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] قیامت کا دن ہوگا [illegible] [illegible] ایک [illegible] اللہ [illegible] ہے [illegible] ہوا [illegible] (ترمذی) [illegible] کہا ہے۔

[illegible] کسی [illegible] آسمان [illegible] ہے۔ [illegible] (آیت) وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ [illegible] مخلوقات [illegible] صفات [illegible] یہ آیت وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ نازل ہوئی۔

ابن المنذر نے [illegible] بیان کیا ہے کہ جب آیت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] اس پر آیت وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ نازل ہوئی۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى [illegible] شرک [illegible] مطلب [illegible] طرف [illegible] ہے۔ [illegible]

## زمین و آسمان کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کیفیت کا بیان

[illegible] آیت کی تلاوت [illegible] آپ [illegible] تعالیٰ [illegible] آپ [illegible] ایک [illegible] اس [illegible]

شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا

[illegible]

**هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ**

[illegible]

[illegible]

**سورۃ کی آخری آیات کی فضیلت** [illegible]

[illegible]

**وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِى**

[illegible]

**السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ**

[illegible]

علاماتِ قیامت

وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ

الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاءِ

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

یومِ قیامت

[illegible]

پیغمبروں کی شہادت [illegible]

[illegible]

امت محمدیہ [illegible]

[illegible]

**وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ**

[illegible]

## عمل کے مطابق بدلہ ملے گا

[illegible]

**وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ**

[illegible]

[illegible]

**وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا**

[illegible]

## کافروں کی ذلت

[illegible]

**حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا**

[illegible]

[illegible]

جنت کے دروازے [illegible]

**وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا**

[illegible]

[illegible]

**أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ**

[illegible]

[illegible]

يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ

لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ

كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ

قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ

وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا

جنتیوں کا استقبال

حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ

[illegible]

(یعنی) ... [illegible]

[illegible] ... کُتِبَ عَلَیْکُمْ جَنّٰتٌ ... [illegible]

حضرت علی ... [illegible]

[illegible]

کَذٰلِکَ ... [illegible]

[illegible]

## وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَنَا وَعْدَهٗ

[illegible]

وقالوا الحمد للہ ... [illegible]

## وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ

[illegible]

وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ ... [illegible]

## نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ

[illegible]

[illegible]

## جنت میں اہل جنت کی آپس میں

## ملاقات اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ... [illegible]

[illegible]

## فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ

[illegible]

حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ

گھیرے ہوئے عرش کے گرد پاکی بولتے ہوئے اپنے رب کی حمد کے ساتھ

رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ

اور فیصلہ ہوا ان میں انصاف کا اور یہی بات کہتے ہیں کہ سب خوبی ہے

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا

## عدالتِ الٰہی کا منظر

جب حق تعالیٰ حساب کتاب کے لئے نزول اجلال فرمائیں گے۔ اس وقت فرشتے عرش کے گرد حلقہ باندھے اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے ہوں گے اور تمام بندوں میں ٹھیک ٹھیک انصاف کا فیصلہ کر دیا جائے گا جس پر ہر طرف سے جوش و خروش کے ساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کا نعرہ بلند ہوگا یعنی ساری خوبیاں اس خدا کو زیبا ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے (جس نے سارے جہان کا ایسا عمدہ فیصلہ کیا) اسی نعرہ تحسین پر دربار برخاست ہو جائے گا۔ عموماً مفسرین نے آیت کا یہی مطلب بیان کیا ہے لیکن حضرت شاہ صاحبؒ نے آیت کو دوسرے طرز پر حمل کیا اور قُضِيَ بَيْنَهُمْ کی ضمیر ملائکہ کی طرف راجع کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ فرشتوں میں فیصلہ یہ کہ ہر ایک فرشتہ (ملاء اعلیٰ میں) بیچ کا حصہ سے ایک تدبیر بولتا ہے (کہ جس کو اختصام الملاء الاعلیٰ فرمایا، وتفصیلہ فی تفسیر...) پھر اللہ تعالیٰ ایک بات جاری کرتے ہیں وہی ہوتی ہے۔ حکمت کے موافق یہ ماجرا اب بھی ہے اور قیامت میں بھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ تم سورۃ الزمر بعون اللہ وتوفیقہ وللہ الحمد (تفسیر عثمانی)

## تخلیق کائنات اور انتہائے امور میں ربط

قتادہ بیان کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق ابتداء حمد سے فرمائی، جیسے کہ فرمان ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ تو مناسب ہوا کہ تمام مخلوقات کا انجام اور فیصلہ اور ان کے امور کی انتہا بھی حمد خداوندی ہی ہوگی۔ (معارف کاندھلوی)

الحمد للہ سورۃ الزمر ختم ہوئی۔

المؤمن — جس نے عذاب میں اس ایمان کی ان کی تصدیق کی ... کے بڑے فضیلت والا ایمان والا یعنی مخلص ہوگا (علامہ ابن کثیر)

(٤٠) سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ... وَهِيَ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ المؤمن مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پچاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے)

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

اتارنا کتاب کا اللہ سے ہے

الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ

جو زبردست ہے خبردار گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول

التَّوْبِ

کرنے والا ۱۲

توبہ سچی توبہ قبول کرکے گناہوں سے ایسا پاک صاف کر دیتا ہے گویا کبھی گناہ کیا ہی نہ تھا اور مزید برآں توبہ کو مستقل طاعت قرار دے کر اس پر اجر عنایت فرماتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سورۂ مومن مکی سورت ہے۔ اس سورت کو سورۂ غافر بھی کہتے ہیں۔ قرطبی کہتے ہیں کہ یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی یہی قول عطا، جابر اور عکرمہ کا ہے۔ قتادہ کا قول ہے اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ دو آیتیں مدینہ میں نازل ہوئیں اس سورت میں پچاسی آیات اور نو رکوع ہیں۔

## سورۂ غافر کی فضیلت

بیہقی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آل حم یعنی جو سورتیں حم سے شروع ہوتی ہیں وہ سات ہیں اور جہنم کے بھی سات دروازے ہیں۔ ہر دروازہ پر ایک حم اپنے تلاوت کرنے والے کو جہنم سے بچانے والی ہوگی۔

ربط: اس سے قبل سورۂ زمر کی ابتداء وحی الٰہی اور قرآن کریم کی عظمت کے بیان سے تھی اور انتہا اس مضمون پر تھی کہ حق تعالیٰ اپنی مخلوقات کے درمیان حق فیصلہ اور عدل و انصاف فرمائیں گے حق تعالیٰ کی شان عزت و کبریائی اور علم و حکمت پر مبنی ہے تو یہ سورت حق تعالیٰ نے ایسے ہی اوصاف عظیمہ کے ذکر سے شروع ہوتی ہے جو ما سبق کا تتمہ ہے۔ (معارف کاندھلوی)

[illegible]

حٰمٓ [illegible]

[illegible]

## آیت کی تفسیر

[illegible]

[illegible]

## ان آیات کے ذریعہ لوگوں کی اصلاح

[illegible] غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ

[illegible]

[illegible] تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ [illegible]

[illegible]

لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ

[illegible]

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللّٰهِ إِلَّا الَّذِينَ

كَفَرُوا

[illegible]

شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ

[illegible]

[illegible]

فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ

[illegible]

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ

[illegible]

مِنْ بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ

[illegible]

بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ

[illegible]

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ

[illegible]

كَانَ عِقَابِ

[illegible]

[illegible]

وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ

[illegible]

كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ

[illegible]

[illegible]

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ

[illegible]

يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ

پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں اور اس پر یقین رکھتے ہیں

وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا

اور گناہ بخشواتے ہیں ایمان والوں کے ۷۲

## مومنین کا شرف

گذشتہ آیات میں مجرمین و منکرین کا حال ذکر بیان ہوا تھا یہاں ان کے مقابل مومنین و متقین کا فضل و شرف بیان کرتے ہیں۔ یعنی عرش عظیم کو اٹھانے والے، اس کے گرد طواف کرنے والے، جو تمام فرشتوں کی نسبت حق تعالیٰ کی تسبیح و تحمید اور مقربین بارگاہ ہونے کی وجہ سے اول درجہ کا ایمان و یقین رکھتے ہیں، وہ بھی اپنے پروردگار سے مومنین کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ سبحان اللہ! اس عزت افزائی اور شرف و احترام کا کیا ٹھکانا ہے کہ فرش خاک پر بسنے والے مومنین سے جو خطائیں اور لغزشیں ہو گئیں، وہ عرش کے حامل فرشتے بارگاہ رب العزت میں ان کے لئے معافی چاہیں اور جن کی شان میں وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ آیا ہے، تو حق تعالیٰ کی طرف سے اس کام پر مامور ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

**عرش کے حامل فرشتے:** علماء بیان فرماتے ہیں کہ حاملین عرش فرشتوں اور ان کے گرد کے فرشتوں کو کروبین کہا جاتا ہے۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ عرش کے حاملین چار فرشتے ہیں۔ ایسے فرشتے جن کی عظمت کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ [illegible] تو کیا تعجب ہے کہ فرشتوں کی عظمت ایسی ہو کہ وہ عرش خداوندی کے حامل بن جائیں۔ اس روایت سے حاملین عرش کا عدد چار معلوم ہوا لیکن قرآن کریم کی آیت وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ بتاتی ہے کہ قیامت کے روز عرش کے اٹھانے والے فرشتے آٹھ ہوں گے۔ بظاہر یہ صورت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ قیامت سے پہلے ان کی تعداد چار ہے بعد کو آٹھ ہو جائے گی۔

شہر بن حوشب بیان کرتے ہیں کہ حاملین عرش آٹھ ہیں، ان میں سے چار کی تسبیح تو یہ ہوتی ہے۔ سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَكَ الْحَمْدُ عَلَىٰ حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ۔ اے اللہ تیری پاکی ہے حمد و ثنا کے ساتھ اور تیرے ہی واسطے حمد ہے تیرے اس حلم پر جو تیرے علم کے بعد ہے۔ اور چار کی تسبیح اس طرح ہوتی ہے سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَكَ الْحَمْدُ عَلَىٰ عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ۔ یعنی تیری حمد و ثنا ہے تجھ ہی کو معاف کر دینے پر باوجود تیری قدرت کے۔ (معارف القرآن)

مِنْ حَوْلَهُ یعنی عرش کا طواف کرنے والے۔ حاملین عرش اور طواف کنندگان عرش تمام ملائکہ سے بہتر ہیں انہیں کروبین کہا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا حاملین عرش کے قدم سے ٹخنے تک پانچ سو سال کی مسافت کے برابر فاصلہ ہے۔ [illegible] کی روایت میں آیا ہے کہ ان کے پاؤں زمینوں کی تحتانی حد تک قائم ہیں اور آسمان ان کی کمر تک آتے ہیں۔ (شعبی) [illegible] کہتے ہیں۔ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ۔ میسرہ بن حبیب نے کہا ان کے قدم سب سے نچلی زمین میں ہیں اور ان کے سر عرش کو پھاڑے ہوئے ہیں (یعنی عرش سے اوپر ہیں) اور سب خشوع کی حالت میں ہیں نگاہ اوپر نہیں اٹھاتے اور ساتویں آسمان والوں سے زیادہ (اللہ کی ہیبت و جلال سے) خوف زدہ ہیں اور ساتویں آسمان والے اپنے نیچے والے آسمان والوں سے زیادہ خوف زدہ ہیں اور چھٹے آسمان والے اپنے (نیچے) والے آسمان والوں کے مقابلہ میں زیادہ خائف ہیں۔ مجاہد نے کہا ملائکہ اور عرش کے درمیان نور کے ستر پردے ہیں۔ محمد بن منکدر نے حضرت جابر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اجازت دی گئی ہے کہ حاملین عرش میں سے ایک فرشتہ کی (کیفیت) حالت بیان کروں، اس کے کان کی لو سے کاندھے تک سات سو برس کی راہ کے برابر فاصلہ ہے۔ رواہ ابو داؤد والضیاء بسند صحیح۔

حضرت جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالہ سے دادا کا قول نقل کیا ہے کہ عرش کے پایوں میں سے ایک پایہ کی دوسرے پایہ سے مسافت اتنی ہے جتنی تیز رفتار اڑنے والے پرندے کی [illegible] ہزار برس کی راہ۔ عرش کو [illegible] ستر ہزار رنگ کے نور کے لباس پہنائے جاتے ہیں، کوئی مخلوق اس کی طرف نہیں دیکھ سکتی۔ اللہ نے تمام مخلوق کو عرش کے اندر ایسا رکھا ہے جیسے بیابان میں [illegible] کے اندر کوئی چھلا پڑا ہو۔ مجاہد نے کہا ساتویں آسمان اور عرش کے درمیان ستر حجاب (پردے) ہیں، ایک نور کا حجاب پھر تاریکی کا حجاب پھر نور کا حجاب پھر تاریکی کا حجاب۔ وہب بن منبہ نے کہا عرش کے گرد فرشتوں کی ستر ہزار قطاریں ہیں قطار در قطار ایک کے پیچھے ایک، سب عرش کا طواف کر رہے ہیں، [illegible] سامنے آتے ہیں، جب ایک دوسرے کے سامنے آتا ہے تو ایک لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے اور دوسرا اللہ اکبر کہتا ہے۔ ان سے پیچھے صف باندھے ہوئے جب اگلی صف والوں کی تہلیل و تکبیر کی آواز سنائی دیتی ہے تو وہ بلند آواز سے کہتے ہیں۔ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ مَا أَعْظَمَكَ وَأَجَلَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ أَنْتَ الْأَكْبَرُ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ رَاجِعُونَ إِلَيْكَ [illegible] سب کے سب تیری ہی طرف لوٹنے والے ہیں اور [illegible]

ہوتے ہیں، ان کی گردنیں جھکی ہوئی ہیں، یہ آسمان سے نیچے لٹکی ہوئی ہیں اور ان کے سینے پاؤں تلے ہیں، اور یہ ان کے مابین کی مسافت پانچ سو سال کی ہے، اور ایک تفسیر میں ہے کہ حاملین عرش ان میں سے ہر فرشتے کے دونوں بازوؤں کے درمیان کی مسافت سات سو برس کی راہ ہے۔ اور ان کے پاؤں ساتویں زمین کی مسافت کے برابر نیچے لٹکے ہوئے ہیں، اور عرش اور ان کے درمیان ستر حجاب آگ کے ستر حجاب اندھیرے کے ستر حجاب نور کے ستر حجاب سفید موتی کے ستر حجاب یاقوت سرخ کے ستر حجاب زمرد کے ستر حجاب برف کے ستر حجاب پانی کے اور اس کے سوا اور بہت سے حائل ہیں اور پھر ان کی تعداد اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ حاملین عرش اور حوالی عرش والوں کی صورتیں مختلف ہیں، کسی کا چہرہ بیل کی شکل کا کسی کا گدھ کا اور کسی کا آدمی کے جیسا ہے جو ایک کے چار چار ہیں، جب وہ کھڑے ہوتے ہیں تو عرش کی طرف نگاہ اٹھاتے ہیں اور وہ بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ وہ ہیبت الٰہی (جلال) کی وجہ سے کانپتے رہتے ہیں اور وہ تسبیح و تحمید و تکبیر کے سوا کوئی کام نہیں کرتے۔

**عرش کی بناوٹ:** بہت سے علماء کے نزدیک عرش سرخ یاقوت سے بنا ہے جس کا قطر اتنا بڑا ہے کہ وہ پچاس ہزار سال کی مسافت ہے، اسی طرح اس کا ارتفاع ساتویں زمین سے پچاس ہزار سال کی مسافت ہے۔ (تفسیر مظہری)

**ویؤمنون به** فرشتے دل سے مانتے ہیں کہ اللہ بے عیب ہے اور بے نظیر ہے، تمام چیزوں کا خالق ہے، ایک ہے بے نیاز ہے، نہ کسی کا باپ ہے نہ بیٹا اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

**فرشتوں کی فضیلت:** اللہ نے ملائکہ کی فضیلت اور شرف کے اظہار کے لئے ان کے مومن ہونے کی صراحت کی اور اس طرف اشارہ فرمایا کہ بندگی عاجزی اور ایمان بالغیب کے لحاظ سے فرشتے بھی دوسری مخلوق کی طرح ہیں، وہ جیسے کہتے ہیں ایمان کا قول مقبول نہیں اس لئے کہ قرآن ان کا مقابلہ ہے صحیح نہیں کہ ملائکہ کی تجلیاں ہیں اس سے مراد جسم کے قول کی تردید ہوگی جو اللہ کا جسم قرار دیتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

**غائبانہ دعاء:** صحیح مسلم شریف میں ہے کہ جب مسلمان اپنے بھائی مسلمان کے لئے اس کی غیر حاضری میں دعا کرتا ہے تو فرشتہ اس کی دعا پر آمین کہتا ہے اور اس کے لئے دعا کرتا ہے کہ خدا تجھے بھی یہی دے جو تو اس مسلمان کے لئے مانگ رہا ہے۔

**امیہ بن ابی الصلت کے اشعار:** مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے امیہ بن ابی الصلت کے بعض اشعار کی تصدیق کی جیسے یہ شعر ہے

وَعَلٰى ثَوْرٌ تَحْتَ رِجْلِ يَمِينِهِ　　وَالنَّسْرُ لِلْأُخْرٰى وَلَيْثٌ مُرْصَدُ

یعنی حاملان عرش چار فرشتے ہیں، ایک شکل بیل، دوسری گدھ، تیسری شیر، آپ نے فرمایا صحیح ہے، پھر اس نے کہا:

وَالشَّمْسُ تَطْلُعُ كُلَّ آخِرِ لَيْلَةٍ　　حَمْرَاءَ يُصْبِحُ لَوْنُهَا يَتَوَرَّدُ

تَأْبٰى فَمَا تَطْلُعُ لَنَا فِي رِسْلِهَا　　إِلَّا مُعَذَّبَةً وَإِلَّا تُجْلَدُ

یعنی سورج ہر رات کے آخر میں سرخ طلوع ہوتا ہے، پھر اس کا رنگ گلابی ہو جاتا ہے، اپنی رفتار سے نہیں نکلتا مگر عذاب دیا جاتا ہے، آپ نے فرمایا سچ ہے۔ اس کی سند بھی صحیح ہے اور اس سے صاف ثابت ہے کہ حاملین عرش اس وقت چار فرشتے ہیں، قیامت کے دن عرش کو آٹھ فرشتے اٹھائیں گے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے ویحمل عرش ربك فوقهم يومئذ ثمانية۔

| رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْمًا |
|---|
| اے پروردگار ہمارے ہر چیز سمائی ہوئی ہے تیری بخشش اور خبر میں |
| فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ |
| سو معاف کر ان کو جو توبہ کریں اور چلیں تیری راہ پر |
| وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ |
| اور بچا ان کو آگ کے عذاب سے |

لِّتُنذِرَ أُمَّ ٱلْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا

کہ تو ڈر سنا دے بڑے گاؤں کو اور اس کے آس پاس والوں کو ☆

اُمّ القریٰ ☆ "ام القریٰ" (بڑا گاؤں) فرمایا مکہ معظمہ کو کہ سارے عرب کا مرجع وہاں تھا اور ساری دنیا کی اللہ کا گھر وہیں ہے اور وہی گھر سارے زمین پر سب سے پہلی عبادت گاہ قرار پائی۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائے آفرینش میں اللہ تعالیٰ نے زمین کو اسی جگہ سے پھیلانا شروع کیا جہاں خانہ کعبہ واقع ہے اور مکہ کے آس پاس سے اول ملک عرب اس کے بعد ساری دنیا مراد ہے۔ (تفسیر عثمانی)

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا "مکہ" کو خطاب

امام احمد نے مسند میں حضرت عدی بن حمراء زہری سے روایت کی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس وقت سنا جبکہ آپ (مکہ مکرمہ سے ہجرت کر رہے تھے اور) بازار مکہ کے مقام حزورہ میں تھے کہ آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ کو خطاب کر کے فرمایا۔

انک لخیر ارض اللہ واحب ارض اللہ الی اللہ ولولا انی اخرجت منک لما خرجت (رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ وقال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح) (تو میرے نزدیک اللہ کی ساری زمین سے بہتر ہے اور ساری زمین سے زیادہ محبوب ہے اگر مجھے اس زمین سے نکالا نہ جاتا تو میں اپنی مرضی سے کبھی اس زمین کو نہ چھوڑتا)۔ معارف القرآن

## "مکہ" علمائے محققین کی نظر میں:

امام راغب فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ کو ام القریٰ اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ کرۂ ارض کی ابتداء یہیں سے ہوئی کہ زمین کے اس حصے میں اصل نقطۂ مرکز یہی ہے جیسا کہ بعض روایات میں ہے کہ پانی کی سطح پر اللہ رب العزت نے پہلے جھاگ کی طرح ایک ٹکڑا چادر ظاہر فرمایا اور پھر اسی سے ساری زمین پھیلائی اور پھیلائی گئی تو تمام آبادی عالم اور خطۂ زمین کے لئے یہی جگہ اصل ہوئی اور اصل کو ام یعنی ماں کہا جاتا ہے۔ امام بغوی اور شیخ قشیری نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے اور یہ کہ لفظ ام القریٰ یعنی زمین کی ناف ہے اور تمام دنیا اس کے اردگرد پھیلائی گئی۔ اگرچہ جانب شمال میں آبادی زیادہ ہے بہ نسبت جنوب کی جانب کے۔

آیۂ مبارکہ إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًى لِّلْعَالَمِينَ کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ اور ابن جریر طبری نے بھی بیان کیا کہ روئے زمین کی آبادی کی اصل یہی سرزمین مکہ ہے جہاں اللہ سے پہلے اس کا عرش پانی پر تھا، اللہ نے ایک ہوا چلائی جس نے پانی کی لہروں کو حرکت دی اور پانی کی سطح پر ایک بلند ٹیلہ سا ابھرا جو جھاگ کی شکل کا تھا پھر اسی سے اللہ نے تمام زمین کو پھیلا دیا اور جیسا کہ زمین کو پانی پر بچھایا گیا، متعدد روایات سے ثابت ہے زمین کا یہ ٹکڑا سب سے پہلا اللہ نے پیدا فرمایا اور یہ جگہ کعبۃ اللہ کی جگہ ہے، یہ جگہ روئے زمین کے واسطے نقطہ مرکز بن گیا۔ اس جغرافیائی مرکزیت کے ساتھ اللہ نے اس کو مرکزی مرکزیت بھی عطا کر دی کہ روئے زمین کے باشندوں کو اسی کی طرف عبادت کا حکم دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کے لئے اسی جگہ جنت سے موتیوں کا خیمہ اتارا گیا تھا جس کا انہوں نے طواف کیا۔ بعد میں اسی جگہ بیت اللہ کی عمارت قائم ہوئی۔ تفصیل کے لئے ناچیز کی کتاب تاریخ الحرمین کا ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سرزمین مکہ میں آمد اور اس کی آبادی

تاریخی روایات سے ثابت ہے کہ طوفان نوح علیہ السلام کے بعد جب

[illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت

[illegible]

[illegible]

قیامت یقینی ہے

[illegible]

ثبات تقدیر

[illegible]

یوم الجمع [illegible]

فریق فی الجنۃ [illegible]

[illegible]

| |
|---|
| وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ |
| اور جمع ہونے کے دن سے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ڈرا دے ایک گروہ |
| فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ |
| جنت میں ہوگا اور ایک گروہ جہنم میں |

[illegible]

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

اور اگر چاہتا اللہ تو سب لوگوں کو کر دیتا ایک ہی فرقہ

وَلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِىْ رَحْمَتِهٖ

لیکن وہ داخل کرتا ہے جس کو چاہے اپنی رحمت میں

وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ

اور گنہگار جو ہیں ان کا کوئی نہیں رفیق

وَّلَا نَصِيْرٍ

اور نہ مددگار

**قدرت اور حکمت** [illegible]

[illegible]

## کافروں کا عذاب کوئی بھی دفع نہ کر سکے گا

[illegible]

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ

کیا انہوں نے پکڑے ہیں اس کے سوا کام بنانے والے سو اللہ

هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى

جو ہے وہی ہے کام بنانے والا اور وہی جلاتا ہے مردوں کو اور وہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

چیز کر سکتا ہے

[illegible]

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ

اور جس بات میں جھگڑا کرو تم لوگ کوئی چیز ہو

فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

اس کا فیصلہ ہے اللہ کے حوالے وہ اللہ

[illegible]

## حکم صرف اللہ کا ہے رسول اور اولی الامر وغیرہ سب کا حکم بھی اسی کے تابع ہے

☆ یعنی جس معاملہ میں کوئی بھی جھگڑا ہو، دین میں ہو یا دنیا میں، اس کا فیصلہ اللہ ہی کی طرف ہے، کیونکہ اصل حکم صرف اللہ ہی کا ہے جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد ہے۔ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ۔ اور دوسری آیات میں اولو الامر کے حکم میں رسول کو اور بعض آیات میں اولو الامر کو بھی شامل فرمایا گیا ہے، وہ اس کے منافی نہیں کیونکہ رسول یا اولو الامر جو کچھ فیصلہ یا حکم کرتے ہیں وہ ایک حیثیت سے اللہ تعالیٰ ہی کا حکم ہوتا ہے۔ رسول تو بحیثیت پیغام بر کتاب و سنت ہے تو اس کا حکم اللہ ہی کا حکم ہے اور اگر چہ اجتہاد سے ہے تو چونکہ اجتہاد کا مدار بھی نصوص قرآن و سنت پر ہوتا ہے اس لئے وہ بھی ایک حیثیت سے اللہ ہی کا حکم ہے۔ مجتہدین امت کے اجتہادات بھی اسی حیثیت سے حکم الٰہی میں داخل ہیں۔ کیونکہ جو مسائل قرآن و سنت کی صراحت میں نہیں ملتے ان کے حق میں حق تعالیٰ کی طرف سے یہی حکم ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

> ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝
>
> یہی اللہ میرا رب ہے، میں نے اسی پر بھروسہ رکھا ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں ☆

☆ یعنی تمام کاموں میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور ہر معاملہ میں اسی کی طرف رجوع ہوتا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

> فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَعَلَ
>
> بنا نکالنے والا آسمانوں کا اور زمین کا، بنا دیے تمہارے
>
> لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ
>
> واسطے تمہی میں سے جوڑے اور چوپایوں
>
> الْأَنْعَامِ أَزْوَاجًا
>
> میں سے جوڑے ☆

☆ یعنی چوپایوں میں سے ان کے جوڑے بنا دیے (نر و مادہ)۔ چونکہ وہ بھی تمہارے کام آتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

> يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ
>
> بکھیرتا ہے تم کو اسی طرح

یعنی اسی طریق سے تمہاری نسل کو پھیلاتا ہے اور جوڑوں کے ملنے سے توالد و تناسل کا سلسلہ جاری ہے، زمین پر اپنی روزی اور معیشت کا نظم قائم کر لیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

> لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۚ
>
> نہیں ہے اس کی طرح کا سا کوئی ☆

## اس کی مثل کوئی نہیں

☆ نہ اس کی ذات میں اس کا کوئی ہمسر، نہ صفات میں، نہ اس کے افعال و فیصلوں کی طرح کسی کا حکم اور فیصلہ، جو بندوں کے دین کی طرح کامل ہو، جو تمام عالم کو اپنا مسخر رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مثل کا لفظ زائدہ ہے مطلب یہ ہے کہ اس کی نظیر کوئی نہیں ہے مگر کے لفظ کی زیادتی مفید تاکید ہے جس طرح ایک اور آیت میں آیا ہے فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ بعض کے نزدیک کمثلہ میں کاف زائد ہے یعنی اس کی مثل کوئی نہیں جو اس کی صفات اور افعال سے ہو، قرآن کی آیت ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا اس کی کوئی نظیر نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

> وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝
>
> اور وہی ہے سننے والا دیکھنے والا ☆

## اللہ کا دیکھنا سننا مخلوق کی طرح نہیں ہے

☆ یعنی بے شک وہ ہر چیز کو دیکھتا سنتا ہے مگر اس کا دیکھنا سننا مخلوق کی طرح نہیں۔ اس کی ذات میں سب ہے کوئی مثل ایسا نہیں جس کی کیفیت بیان کی جا سکے کیونکہ اس کی نظیر کہیں موجود نہیں، مخلوق کی مشابہت اور مماثلت سے بالکلیہ پاک اور مقدس و منزہ ہے پھر اس کی صفات کی کیفیت کس طرح سمجھ میں آ سکے۔ (تفسیر عثمانی)

## لیس کمثلہ سے ہونے والے ایک وہم کا ازالہ

☆ یہ جو فرمایا کہ وہی سننے والا دیکھنے والا ہے، یعنی اس میں یہ بتایا کہ وہ بھی حقیقت میں سننے اور دیکھنے والا ہی ہے، اور اس سے سننے اور دیکھنے کی صفات ثابت ہوتی ہیں۔ لیس کمثلہ شیء سے صفات کی نفی کا وہم ہو سکتا تھا کہ جب اس کا مثل نہیں تو اس کے اندر کوئی بھی صفت نہیں ہوگی، اس وہم کو دفع کرنے کے لئے یہ فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

> لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ
>
> اسی کے پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ

پھیلا دیتا ہے روزی جس کے لئے چاہے اور ماپ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ

وہ ہر چیز کی خبر رکھتا ہے

## تمام خزانوں کا مالک اللہ ہے

[illegible]

[illegible]

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۔ [illegible] (ترجمہ قرآن) [illegible]

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ۔ [illegible]

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ

راہ ڈال دی تمہارے لئے دین میں وہی جس کا حکم کیا تھا

نُوْحًا وَّالَّذِیْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا

نوح کو اور جس کا حکم بھیجا ہم نے تیری طرف اور جس کا

وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى

حکم کیا ہم نے ابراہیم کو اور موسیٰ کو

وَعِيْسٰٓى

اور عیسیٰ کو

## اولوالعزم انبیاء

[illegible]

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولیت

[illegible]

[illegible]

## نوح علیہ السلام کو ذکر میں مقدم کرنے کی وجہ

[illegible]

## دین اسلام ہی تمام انبیاء کا دین ہے

[illegible]

یہ دین اسلام تمام انبیاء کا اللہ کی ذات اور صفات کا اور ان کے نبیوں اور ان کی کتابوں کو ماننے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا اقرار کرنا ہے۔ جو کچھ وہ لے کر آئے سب کو ماننا اور ان کے حکم پر چلنا اور [illegible] جیسا کہ بیان ہوا اصل تمام شریعتوں میں [illegible] سب شریعتیں اس پر متفق ہیں۔ بعض عملی احکام منسوخ ہوتے [illegible] دین میں اختلاف پر دلالت نہیں کرتا (یعنی بعض شریعتوں کے بعض عملی احکام کو شریعت محمدیہ یا شریعت عیسویہ میں منسوخ کر دیے گئے تو اس سے دین وحدت میں کوئی فرق نہیں آتا) اس لئے تو آپ ہی کے احکام میں اختلاف اوقات میں ہوا ہے خود رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کے بعد بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم ہوا اس اختلاف حکم سے دین اسلامی کی وحدت پر کوئی اثر نہیں پڑا اسی طرح مختلف انبیاء کی شریعتوں میں اگر بعض فروعی احکام میں اختلاف ہے تو اس سے دین کا اختلاف لازم نہیں آتا سب کا دین ایک ہی ہے یعنی اللہ کے احکام کی اطاعت اور عبادت ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

| |
|---|
| اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ |
| یہ کہ قائم رکھو دین کو اور اختلاف نہ ڈالو اس میں |

جو بعثت سب انبیاء ... اس کی بعثت کا مقصود واضح ہے [illegible] جیسے [illegible] ہے تو تم بھی اس دین میں کسی طرح کی تفرق اختلاف اور [illegible] نہیں (معارف)

## اقامت دین فرض اور اس میں تفرق حرام ہے

یہ بھی ظاہر ہے کہ دین مشترک جس کی انبیاء علیہم السلام کو تاکید کی گئی وہ [illegible] رسالت و آخرت وغیرہ اصول دین ہیں۔ فروعات جو [illegible] جن میں ان انبیاء کی شریعتوں میں باہم فرق ہے ان کو [illegible] کا حکم ہے جو سب ادیان اور شریعتوں میں مشترک ہے جیسے توحید وغیرہ اسی طرح قرآن سے ثابت ہے کہ فروعی احکام میں انبیاء کی شریعتوں میں اختلاف بھی ہے جیسے ارشاد ہے۔ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا۔ اس مجموعہ سے ثابت ہوا کہ آیت کے اس حصہ میں جس دین کی اقامت کا حکم اور اس میں تفرق کی ممانعت مذکور ہے وہ وہی اصول عقائد ہیں جو سب انبیاء علیہم السلام کی شریعتوں میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں۔ انہیں میں تفرق و اختلاف حرام اور موجب ہلاکت امم ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے ہمارے سامنے ایک سیدھا خط کھینچا پھر اس خط کے داہنے بائیں اور بہت سے خط کھینچ کر فرمایا کہ یہ داہنے بائیں کے خطوط وہ طریقے ہیں جو شیطان نے ایجاد کئے ہیں اور ان کے ہر راستہ پر ایک شیطان مسلط ہے جو لوگوں کو اس طرف چلنے کی تلقین کرتا ہے۔ پھر سیدھے خط کی طرف اشارہ کر کے فرمایا وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ۔ یعنی یہ میرا سیدھا راستہ ہے تم اسی کا اتباع کرو۔ (رواہ احمد والنسائی والدارمی۔ مظہری)

اس حدیث میں صراط مستقیم سے وہی دین قیم کا راستہ ہے جو سب انبیاء علیہم السلام میں مشترک چلا آ رہا ہے۔ اس کے اندر تفرقہ ڈالنا تفرق مذموم و شیطانی عمل ہے۔ اور انہیں اجماعی و متفق علیہ امور میں تفرقہ ڈالنے کی مذمت احادیث کثیرہ میں آئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من فارق الجماعة شبرا فقد خلع ربقة الاسلام من عنقه۔ (رواہ احمد وابوداؤد) یعنی جس شخص نے جماعت مسلمین سے ایک بالشت بھی جدائی اختیار کی اس نے اسلام کا قلادہ اپنی گردن سے نکال دیا۔ اور ترمذی نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ید اللہ علی الجماعة (رواہ الترمذی بسند حسن) یعنی اللہ کا ہاتھ ہے جماعت پر اور معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان انسان کے لئے بھیڑیا ہے جیسے بکریوں کے گلے کے لئے بھیڑیا ہوتا ہے وہ اسی بکری کو پکڑتا ہے جو اپنے گلے سے پیچھے یا الگ رہ جاتی ہے۔ اس لئے تمہیں چاہئے کہ جماعت کے ساتھ وابستہ رہو۔

## آئمہ مجتہدین کے فروعی اختلافات

## تفرق ممنوع میں داخل نہیں

اس سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ فروعی مسائل میں جن کا قرآن و حدیث میں کوئی صریح حکم مذکور نہیں یا قرآن و سنت میں کوئی ظاہری تعارض ہے جس کی وجہ سے مجتہد نے اپنے اجتہاد سے کوئی حکم متعین کیا جس میں باہم اختلاف ہوا وہ اختلاف اس تفرق میں داخل نہیں جو آیت مذکورہ میں ممنوع ہے۔ یہ اختلاف صحابہ و تابعین میں شروع سے چلا آتا ہے اور باہمی رحمت ہے۔

اقامت دین سے مراد اس پر قائم رہنا ہے اس میں کسی طرف اشتباہ نہ ہو [illegible] میں کوئی خلل نہ آنے دینا ہے (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

| |
|---|
| كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ |
| بھاری ہے شرک کرنے والوں کو وہ چیز جس کی طرف |
| اَللّٰهُ يَجْتَبِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ |
| تو ان کو بلاتا ہے اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف سے جس کو چاہے |

وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ يُنِيبُ ﴿١٣﴾

[illegible]

## جہالت اور ضد کی انتہا

[illegible]

[illegible]

وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ

[illegible]

الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

[illegible]

مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى لَقُضِيَ

[illegible]

بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِنْ

[illegible]

بَعْدِهِمْ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ مُرِيبٍ ﴿١٤﴾

[illegible]

[illegible]

**بَغْيًا بَيْنَهُمْ کا معنی** [illegible]

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ

سو اسی طرف بلا اور قائم رہ جیسا کہ تجھ کو حکم ہوا ہے

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ

اور مت چل ان کی خواہشوں پر اور کہہ میں یقین لایا ہر کتاب پر جو اتاری

اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۗ

اللہ نے اور مجھ کو حکم ہے کہ انصاف کروں تمہارے بیچ میں

اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۗ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا ہم کو ملیں گے ہمارے کام اور تم کو

اَعْمَالُكُمْ ۗ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۗ اَللّٰهُ

تمہارے کام کچھ جھگڑا نہیں ہم میں اور تم میں اللہ

يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۗ

اکٹھا کرے گا ہم سب کو اور اسی کی طرف پھر جانا ہے

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرض

پس جب دین حق کے متعلق تفرقہ و اختلاف کے طوفان ہر طرف سے اٹھ رہے ہیں تو آپ کا فرض یہ ہے کہ پوری جرأت و عزم کے ساتھ اسی دین واحد کی طرف لوگوں کو بلاتے رہیں جس کی دعوت نوح اور ان کے بعد تمام انبیاء علیہم السلام دیتے چلے آئے ہیں آپ اپنے پروردگار کے حکم کے موافق اس پر قائم اور مستقیم رہیں اور کسی کی راہ پر چلنے کی طرف التفات نہ کریں جب تک مخالفین اور معاندین کی خواہشات کی پروا نہ کریں ان سے صاف صاف کہہ دیں کہ میں تو خدا کی طرف کی ہر بات پر یقین رکھتا ہوں جو کتاب بھی اللہ نے اتاری ہو میں اس کو مانتا ہوں، کوئی سچی کتاب ہو میں اس کے منکر نہیں مجھ کو حکم ملا ہے کہ تمہارے درمیان انصاف کروں، یعنی خدا نے یہ حکم دیا ہے کہ تمہارے درمیان انصاف کروں جو فیصلہ تم نے اٹھا رکھے ہیں ان کا فیصلہ عدل و انصاف سے کروں، اور تبلیغ احکام و شرائع اور فصل خصومات میں عدل و مساوات کا اصول قائم رکھوں یہ نہیں کہ کسی جگہ یا کسی مذہب میں فرق کروں بلکہ جیسا کرنا ہو سب کی بہتری اور خیر خواہی کی طرف بلاؤں اور سب سے پہلے میں خود ان احکام کی پوری تعمیل کروں جن کا مجھ کو حکم دیا گیا ہے

ہدایت کرے۔ مگر آج کسی سے چھپا ہوا نہیں کہ تمہارا اور ہمارا سب کا رب وہی ہے اس لئے ہم سب ہی کو اس کی خوشنودی کے لئے کام کرنا چاہئے اگر تم میری بات کو نہیں مانتے تو تم سے کوئی تعلق نہیں۔ ہم سب ایک رب کے بندے اور اسی کے محکوم ہیں تم میں سے کوئی اپنے عمل کا ذمہ دار ہے۔ ہر ایک کا عمل اس کے ساتھ ہے وہ اسی کے آگے آئے گا۔ چاہئے کہ اس کے نتائج برداشت کرنے کے لئے تیار رہے۔ بہرحال ہم کو تم سے جھگڑنے اور بحث و تکرار کی ضرورت نہیں سب کو خدا کی عدالت میں حاضر ہونا ہے وہاں جاکر ہر ایک کو اپنا پتہ لگ جائے گا کہ وہ راستہ کیا ہے جو کرا لایا ہے۔ (عثمانی) یہ بات تھی جب تک ان کی آیتیں صرف نازل ہو رہی تھیں۔ تحقیق۔

آیت کا شان نزول:

ابن المنذر نے عکرمہ کا قول نقل کیا ہے کہ جب سورۃ اذا جاء نصر الله والفتح ورأيت الناس يدخلون في دين الله افواجا نازل ہوئی تو مشرکوں نے کہا کہ جن لوگوں کے درمیان میں یہ موجود تھے کہ لوگ خدا کے دین میں گروہ در گروہ داخل ہو گئے تم بھی یہاں سے چلے جاؤ تب اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ

اور جو لوگ جھگڑا ڈالتے ہیں اللہ کی بات میں جب لوگ اس کو

مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ

مان چکے ان کا جھگڑا باطل ہے ان کے

رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

رب کے یہاں اور ان پر غصہ ہے اور ان کو سخت

شَدِيْدٌ ۝

عذاب ہے

## اہل کتاب کے جھگڑے

بعض اہل کتاب جب ان کی کتاب منسوخ ہوگئی اور ان کا جانشین مسلمان ہوگئے تو اسلام کے مقابلہ میں حجت بازی کرنے کے لئے اور اپنی برتری کا اظہار کرنے لگے۔ مگر جب اسلام غالب ہوگیا اس کے بعد جو لوگ ان کو جھگڑا کرنے لگے ایسے لوگوں کی حجتیں خدا کے نزدیک باطل ہیں وہ خدا کے غضب اور سخت عذاب کے مستحق ہیں کیونکہ ان کے جھگڑے محض بے اصل ہیں اور تعصب و عناد پر مبنی ہیں (مظہری)

مجاہدؒ اور قتادہؒ سے قریب قریب یہی قول نقل کیا ہے کہ جھگڑنے والوں سے مراد یہودی اور عیسائی (یعنی اہل کتاب) ہیں جو کہا کرتے تھے کہ ہماری کتاب تمہاری کتاب سے پہلے اور ہمارے پیغمبر تمہارے پیغمبر سے پہلے ہیں اس لئے ہم تم سے بہتر ہیں اور ہماری کتاب بھی پہلے اتری ہے۔

من بعد ما استجیب له، یعنی اس کے کہ لوگوں نے اس کی دعوت قبول کر لی اور مسلمان ہو گئے اور ہدایت کے راستے پر چل پڑے اور خدا کے نیک بندے شامل ہو گئے۔

حجتهم داحضة، ان کا جھگڑا اور بحث کرنا باطل ہے یہ مطلب ہے کہ جس بات کو وہ اپنی دلیل و حجت خیال کرتے ہیں حقیقت میں وہ کچھ بھی نہیں بلکہ بے بنیاد شبہ ہے (وہ وہم کو علم سمجھتے ہیں)

وعلیهم غضب، اور یہ لوگ جو جھگڑا کرتے ہیں ان پر اللہ کا غضب ہونے والا ہے۔

ولهم عذاب شدید، اور آخرت میں ان کے لئے سخت عذاب تیار ہے۔

**اللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَ الْمِیْزَانَ**

اللہ وہی ہے جس نے سچائی کے ساتھ کتاب نازل کی اور ترازو بھی

ترازو و عدل: یعنی ترازو کی اصل اور حقیقت ہی وہ ہے جس کو عدل کہتے ہیں اور یہی انصاف ہے [illegible] اور انصاف ہی سب سے بڑی ترازو ہے جو حق و ناحق کے درمیان فیصلہ کرتی ہے اور جس کا ذکر [illegible] کیا گیا ہے۔

**میزان کا معنی:** حضرت ابن عباسؓ نے میزان کی تفسیر عدل سے کی ہے، مجاہدؒ نے فرمایا کہ یہاں میزان سے مراد وہ ترازو ہے جس کو لوگ استعمال کرتے ہیں، [illegible] یعنی اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ کتاب اتاری اور میزان بھی تاکہ حقوق کی ادائیگی میں انصاف ہو۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے [illegible] تولنے کی ممانعت فرمائی۔

بعض علماء نے کہا کہ یہاں میزان سے مراد شریعت ہے جو قرآن کا حکم [illegible] اور انصاف کی بات ہے۔

**وَ مَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ**

اور تجھ کو کیا خبر ہے شاید وہ گھڑی پاس ہو

[illegible] قیامت کی نشانیاں [illegible] قریب ہیں [illegible] کے آنے سے پہلے [illegible]

**ایک نحوی پیچیدگی کا حل:** [illegible] قیامت کی قربت بیان کی گئی ہے [illegible] قریب [illegible] (یعنی [illegible]) مراد ہے [illegible] (اور بحث ذکر کی ہے) اس لئے قریب بصیغہ مذکر آیا۔

**آیت کا شان نزول:** [illegible] جب بعض نے قیامت کا تذکرہ کیا اس وقت آپ [illegible] قیامت کب آئے گی [illegible] تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (قرطبی)

**یَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ**

جلدی کرتے ہیں اس کی وہ لوگ جو اس پر یقین نہیں رکھتے

**بِهَا ۚ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا**

اور جو یقین رکھتے ہیں ان کو اس کا ڈر ہے

**وَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الَّذِیْنَ**

اور جانتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے سنتا ہے جو لوگ

**یُمَارُوْنَ فِی السَّاعَةِ لَفِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ**

جھگڑتے ہیں قیامت کے آنے میں وہ بہک کر دور جا پڑے ہیں

**مومن اور منکر:** [illegible] قیامت کا انکار کرنے والے [illegible] مذاق سے کہتے ہیں کہ صاحب وہ قیامت کب آئے گی؟ [illegible] اللہ تعالیٰ سے ڈرتے [illegible] اس کی ہولناکی [illegible] یقین [illegible] سمجھتے ہیں [illegible] جھگڑنے والے [illegible] قیامت [illegible]

خیال ہو سے وہ گمراہی میں دور بہت زیادہ اور دور چلا جائے گا۔ (تفسیر حقانی)

اور یہ جو فرمایا کہ مومن قیامت سے ڈرتے ہیں۔ مراد اس سے اعتقادی خوف ہے جو قیامت کے ہولناک ہونے سے ہے۔ یعنی اپنی کوتاہیوں پر نظر کرنے سے لازمی ہوتا ہے۔ مگر بعض اوقات کسی خاص کیفیت پر خدا تعالیٰ کی ملاقات کا شوق غالب ہو کر اس خوف پر غالب آ جاتا ہے وہ اس کے منافی نہیں۔ جیسا کہ قبر میں بعض مردوں کا یہ کہنا ثابت ہے "قیامت جلد آ جائے" اور یہ ہے کہ قبر میں جب فرشتوں کی طرف سے انسان کو بشارت رحمت و مغفرت کی مل جائے گی تو قیامت کا خوف مغلوب ہو جائے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

## خدا اور رسول کی محبت قیامت کی تیاری ہے

ایک شخص نے حضرت انس سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ یا رسول اللہ! قیامت کب ہوگی؟ یہ واقعہ سفر کا ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم دور تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہاں جب وہ پہنچا آنے والی ہے تو تو نے اس کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ اس نے کہا خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ان کے ساتھ ہوگا جن سے تو محبت رکھتا ہے۔ اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ہر شخص ان کے ساتھ ہوگا جن سے وہ محبت رکھتا تھا۔ یہ حدیث یقیناً متواتر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

یماروں۔ جھگڑتے ہیں اور وقوع قیامت میں شک کرتے ہیں۔ قاموس میں ہے مریۃ اور مریۃ شک۔ جھگڑا کرنا۔ اور مراء جو اس میں شک ہے اس کا اصل لغوی معنی ہے اونٹنی کے تھن کو دودھ دوہنے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔ جھگڑا کرنے والے دونوں فریق بھی بحث کلامی کے ساتھ باہم جواب لینے کی کوشش کرتے ہیں اس لئے اس جھگڑے کو مریۃ کہا جاتا ہے۔

لفی ضلال۔ حق سے بہت ہی بھٹکے ہوئے ہیں۔ قیامت اگرچہ عقلی محسوس نہیں ہے لیکن قرآن، حدیث اور عقل سلیم کی شہادت ہے۔ اور انبیاء کا وہ ضروری جز ہے۔ اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ قیامت اس وقت ہماری نظروں سے غائب ہے اور محسوس نہیں ہے مگر محسوس کے بہت زیادہ مشابہ ہے (گویا نظروں کے سامنے ہی ہے)۔ اب جو شخص قیامت کو ناممکن جانتا اور اللہ کی ہمہ گیر قدرت سے باوجود وقوع قیامت و قدرت کے احاطہ سے خارج سمجھتا ہے وہ بہت ہی گمراہ ہے اور جنت پذیری کی راہ سے بہکا ہوا ہے۔ (تفسیر مظہری)

<table>
<tr><td>اَللّٰهُ لَطِيفٌۢ بِعِبَادِهٖ</td></tr>
<tr><td>اللہ بڑی رعایت رکھتا ہے اپنے بندوں پر</td></tr>
</table>

اللہ تعالیٰ کی نرمی، مہربانی بحر بیکراں ہے اس کے بندوں کی کوئی حد نہیں۔ گو کہ بندوں کے بہت سے باریک احوال کی رعایت کرتا اور بہت رعایت رکھتا ہے یعنی لطیف۔ حالانکہ بہت فرماتا ہے۔ (تفسیر حقانی)

**لطیف کا مطلب:** مقاتل نے کہا لطیف کا مطلب ہے سب پر مہربانی کرنے والا۔ یعنی اس کی مہربانی کی وجہ سے کسی کو ہلاک نہیں کرتا۔ بعض نے یہ مطلب بیان کیا کہ نیکی کو پھیلانے والا اور مصائب کا رخ پھیر دینے والا۔ یعنی وہ بندوں کے حال سے واقف ہے۔ بعض نے کہا وہ ایسے باریک کاموں کا جاننے والا ہے جن کا علم کسی کو نہیں۔ بعض علماء کے نزدیک اس کا مطلب ہے بندے کی ضرورت سے زائد مہربانی کرنے والا، وہ عطا کرتا ہے اور طاقت کا لحاظ رکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

<table>
<tr><td>يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ</td></tr>
<tr><td>روزی دیتا ہے جس کو چاہے اور وہی ہے زور آور</td></tr>
<tr><td>الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾</td></tr>
<tr><td>زبردست</td></tr>
</table>

اور جس کو چاہے جتنی چاہے روزی دے۔ (تفسیر حقانی)

**رزق میں دو طرح کی مہربانی:** حضرت جعفر بن محمدؒ نے فرمایا کہ رزق کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی رحمت و مہربانی بندوں پر دو طرح کی ہے اول تو یہ کہ ہر ایک ذی روح کو اس کے مناسب حال غذا اور ضرورت عطا فرماتا ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ کسی کو اس کا پورا رزق یکبارگی نہیں دے دیتا ورنہ اول تو اس کی حفاظت اس کو مشکل ہو جاتا۔ اور کتنی ہی حفاظت کرتا وہ پھر بھی سڑنے اور خراب ہونے سے نہ بچتا۔ (مظہری، معارف القرطبی)

**ایک مجرب عمل:** مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ سے منقول ہے کہ جو شخص روزانہ ستر مرتبہ پڑھا کرے یہ آیت تو ان شاء اللہ وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے وہ آیت یہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی اَللّٰهُ لَطِيفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ (معارف مفتی اعظم)

<table>
<tr><td>مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ</td></tr>
<tr><td>جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی</td></tr>
<tr><td>نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ</td></tr>
<tr><td>زیادہ کریں ہم اس کے واسطے اس کی کھیتی</td></tr>
</table>

ثواب میں زیادتی [illegible]

[illegible]

**حرث کا معنی** [illegible]

وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ

[illegible]

مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ

[illegible]

[illegible]

**اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے**

[illegible]

**اس امت کیلئے خوشخبری**

[illegible]

[illegible]

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ

[illegible]

الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ

[illegible]

ہدایت فقط اللہ کی طرف سے ہے [illegible]

وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ

[illegible]

بَيْنَهُمْ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ

[illegible]

عَذَابٌ اَلِيْمٌ

[illegible]

[illegible]

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

[illegible]

كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ

[illegible]

[illegible]

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

[illegible]

فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ ۖ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ

باغوں میں ہیں جنت کے ان کے لئے ہے جو وہ چاہیں

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ

اپنے رب کے پاس یہی ہے بڑی بزرگی

[illegible]

دوشیزاؤں کی بارش۔ [illegible]

ذَٰلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ

[illegible]

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

[illegible]

[illegible]

قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا

تو کہہ میں مانگتا نہیں تم سے اس پر کچھ بدلہ مگر

الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَىٰ

دوستی چاہئے قرابت میں

دعوت کا عجیب انداز [illegible]

[illegible]

## مودۃ فی القربیٰ کا معنی

[illegible] الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَىٰ [illegible]

اہل بیت کی فضیلت [illegible]

کہ تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں دیکھو۔ ایک اور صحیح روایت میں ہے کہ آپ نے حضرت علیؓ سے فرمایا خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں سے سلوک کرنا مجھے اپنے قرابت داروں کے سلوک سے بھی پیارا ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا واللہ تمہارا اسلام لانا مجھے اپنے والد خطاب کے اسلام لانے سے بھی زیادہ اچھا لگا۔ اس لئے کہ تمہارا اسلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کے اسلام سے زیادہ محبوب تھا۔ صحیح مسلم وغیرہ میں حدیث ہے کہ حیان بن سبرہ اور عمر بن مسلم حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گئے۔ حضرت حصین نے کہا اے حضرت! آپ کو تو بڑی بڑی بھلائیاں مل گئیں۔ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آپ نے حضور کی حدیثیں اپنے کانوں سے سنیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نمازیں پڑھیں۔ حق تو یہ ہے کہ بڑی بڑی فضیلتیں آپ نے سمیٹ لیں۔ ہمیں بھی کوئی حدیث سنائیے۔ اس پر حضرت زید نے فرمایا بھتیجے میری عمر اب بڑی ہو گئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کو عرصہ گزر چکا بہت سی باتیں ذہن میں محفوظ بھی نہیں رہیں۔ اب تو جو میں خود بیان کروں سن لیا کرو ورنہ مجھے تکلیف نہ دو کہ تکلف سے بیان کروں۔ پھر آپ نے فرمایا (رضی اللہ عنہ) کہ مکہ و مدینے کے درمیان پانی کی جگہ کے پاس جسے خم کہا جاتا تھا کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ سنایا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی وعظ و پند کیا۔ پھر فرمایا لوگو! میں ایک انسان ہوں کیا عجب کہ ابھی ابھی میرے پاس خدا تعالیٰ کا قاصد آ جائے اور میں اس کی مان لوں۔ سنو میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ایک تو کتاب اللہ جس میں نور و ہدایت ہے۔ تم خدا تعالیٰ کی کتاب کو مضبوط تھام لو اور اسے پکڑے رہو پس آپ نے اس کی بڑی رغبت دلائی اور بہت تاکید کی۔ پھر فرمایا میرے اہل بیت۔ میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں خدا تعالیٰ کو یاد دلاتا ہوں۔ تین مرتبہ یہی فرمایا۔ حصین نے حضرت زید سے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون ہیں؟ کیا آپ کی بیویاں اہل بیت میں داخل نہیں؟ فرمایا بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں بھی آپ کے اہل بیت میں ہیں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت وہ سب ہیں جن پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صدقہ حرام ہے۔ پوچھا وہ کون ہیں؟ فرمایا آل علی، آل عقیل، آل جعفر، آل عباس (رضی اللہ عنہم)۔ پوچھا کیا ان سب پر صدقہ حرام ہے؟ فرمایا ہاں۔ حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت سے ترمذی میں ہے کہ حج کے دن عرفہ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اونٹنی قصواء پر سوار ہو کر خطبہ دیا۔ میں نے سنا فرمایا لوگو! میں تم میں ایسی چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم اسے تھامے رہو تو ہرگز گمراہ نہیں ہو گے۔ کتاب اللہ اور میری عترت یعنی اہل بیت۔ ترمذی کی روایت میں ہے کہ خدا کی نعمتوں کو مدنظر رکھ کر تم لوگ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھو اور اللہ تعالیٰ کی محبت کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھو۔ اور میری محبت کی وجہ سے میرے اہل بیت سے محبت رکھو۔ یہ حدیث ... حسن غریب ہے۔

اس مضمون کی اور احادیث ہم نے آیت انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت الخ کی تفسیر میں وارد کر دی ہیں۔ یہاں ان کے دوبارہ لانے کی ضرورت نہیں۔ فالحمد للہ۔ ایک ضعیف حدیث مسند ابو یعلیٰ میں ہے کہ حضرت ابوذر نے بیت اللہ کے دروازے کا کنڈا تھامے ہوئے فرمایا لوگو! جو مجھے جانتے ہیں وہ تو جانتے ہی ہیں جو نہیں پہچانتے وہ اب پہچان لیں کہ میرا نام ابوذر ہے۔ سنو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ تم میں میرے اہل بیت کی مثال مثل نوح علیہ السلام کی کشتی کے ہے۔ جو اس میں چڑھ گیا اس نے نجات پالی اور جو اس میں نہ بیٹھا وہ ہلاک ہوا۔ (تفسیر ابن کثیر)

قربت کا حق ادا یہ تھا کہ تم میری اطاعت کرتے۔ اگر اطاعت نہیں کرتے تو یہ رشتہ داری ہے تو یاد رکھا جائے اور تم میں ہر ایک سے قریب ہوں کوئی گھر نہیں جس سے میرا رشتہ نہ ہو اس لئے میری بات سنو اور اس پر توجہ کرو۔

[illegible]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے صحیح بخاری اور مسند میں الا المودۃ فی القربیٰ کی یہی تفسیر منقول ہے۔

سعید بن جبیر نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے قریش سے فرمایا۔

لا اسئلکم علیہ اجرا الا ان لا تؤذونی فی نفسی المودۃ فی القربیٰ ... منکم وتحفظوا القرابۃ التی بینی وبینکم۔

یعنی میں تم سے کسی قسم کا کوئی معاوضہ نہیں چاہتا مگر اس کے کہ تم مجھے ایذا نہ پہنچاؤ میری اس قرابت کی وجہ سے جو تم سے ہے اور تم اس قرابت کا لحاظ کرو جو میرے اور تمہارے درمیان ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴)

امام بیہقی نے اکلیل میں علیؓ سے روایت کیا ہے کہ آیت نازل ہوئی تھی کہ لوگ کثرت سے اس آیت کے بارے میں آپس میں دریافت کرتے اور بحث بازی کرتے۔ پھر انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا کہ یہ صحبت ... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آیت کی مراد کیا ہے تو ابن عباس نے بیان مراد کی۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب قریش کی تمام شاخوں سے ملا تھا ایسی کوئی شاخ نہ تھی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نہ ملتا ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام و تبلیغ پر جب قریش نے انکار کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلایا اور دشمنی پر اتر آئے۔ تو اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! اگر تم

ہے۔ تو تم یہ مطلب نہ سمجھو (مودۃ فی القربیٰ) اس لئے کہ تم میری قرابت کا خیال کرو۔ ورنہ سمجھا جائے کہ اللہ تعالیٰ اور قدرت والے نے اپنے رب کا پیغام ان تک پہنچا دوں (تفسیر روح المعانی جلد ۲۵)

**فرقہ شیعہ کی غلط تفسیر:** فرقہ شیعہ میں یہ بات بڑی مشہور و معروف اور جمہور مفسرین کی اختیار کردہ تفسیر کہ جو الفاظ کی دلالت سے کوئی مناسبت رکھتی ہے۔ جمہور کے خلاف تفسیر کرتے ہیں کہتے ہیں کہ الا المودۃ فی القربیٰ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت والوں سے محبت کرنا مراد ہے اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ تم لوگوں سے یہ کہہ دو کہ میں تم سے اپنی تعلیم و دعوت اور تبلیغ پر کوئی اجرت و معاوضہ نہیں مانگتا البتہ صرف یہ چاہتا ہوں کہ میرے قرابت والوں سے محبت کرو اور میری قرابت والے صرف چار ہیں، فاطمہ، علی، حسن، حسین۔

جواب: یہ عجیب لغو ہے کہ قرابت کے تمام رشتوں کو صرف قرار دیا جائے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تین دیگر صاحبزادیاں بھی تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس اور ان کی اولاد بھی قرابت دار اور ان کی فہرست سے خارج ہیں۔ پھر شیعہ فرقہ کی تفسیر کی رو سے اجرت رسالت قرابت داروں کی اور ان میں سے کسی صرف چار کی محبت ہے۔ [illegible] کی بات بھی [illegible] کے حق کے لائق نہیں۔ [illegible] ان کی اولاد [illegible] جس کا حاصل دنیا ہی کچھ ہے کہ آپ چاہتے ہیں۔ [illegible] جو [illegible] حکومت اس طرح [illegible] جائے نہ پائے۔ [illegible] شیعہ فرقہ کی تفسیر میں فرق ظاہر ہے۔

سورۃ شوریٰ پوری کی پوری مکی ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مدینہ میں ہجرت کے بعد ہوا اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ ہجرت کے بعد تیسرے سال پیدا ہوئے اور حضرت حسین چوتھے سال پیدا ہوئے اور سب پر سورت کی [illegible] حسن حسین کی پیدائش سے کئی سال پہلے نازل ہو چکی تھی۔ تو یہ کیونکر ممکن ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کی تفسیر ایسی قرابت سے فرمائیں جس کا اس وقت کوئی وجود ہی نہیں۔ خصوصاً اس صورت میں کہ القربیٰ معرفہ ہے [illegible] جن کا [illegible] ان کے نزدیک معروف ہو اور جو پیدا ہی نہیں ہوئے وہ معروف و معلوم کیسے ہو سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ممکن ہے کہ [illegible] سے حضرت فاطمہ حضرت علی کی محبت کا وجوب ثابت کیا جائے تو اس سے اہل سنت کب منکر ہیں اہل سنت کے نزدیک تو اہل بیت کی محبت جزو ایمان ہے۔

## ذوی القربیٰ کی محبت اہل سنت کے نزدیک ایمان کی بنیاد ہے

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ آل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ایمان کی روح اور روح ہے۔ حضرت علی بن ابی طالب، حضرت سیدہ فاطمہ، حضرت حسنین اور جملہ اہل بیت کی محبت فرض [illegible] ہے۔ اور اہل بیت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم حضرت عباس بن عبد المطلب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی حضرت عبد اللہ بن عباس [illegible] شرف و صحابیت کے سب اہل ہیں۔ [illegible] کی محبت و عظمت اہل سنت کے عقائد میں ہے تو سوال یہ ہے کہ اگر آیت کے اندر شیعوں کے نزدیک محبت کے لئے اطاعت لازم ہے تو جملہ تعظیم و مقام صاحب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت فرض ہونی چاہئے اور حضرت علی کے علاوہ دوسرے صاحبزادیاں حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم کی اطاعت فرض ہونی چاہئے اور ان کے بعد حضرت فاطمہ کی اولاد کی [illegible] اور جب فاطمیہ کی اطاعت ضروری ہوئی تو پھر صاحبزادیوں کی بھی اطاعت واجب ہونی چاہئے اور ظاہر ہے کہ وہ ان کے قائل نہیں۔ پھر یہ سوال ہے کہ اگر اہل بیت کی محبت کا لازمی تقاضا ہے تو اہل سنت جو ان کے تعلق میں ہیں اہل تشیع کا اہل سنت پر اعتراض کا کوئی حق نہیں اور پھر کسی اعتراض کرنے یا اعتراض کا کوئی حق نہ ہوگا بلکہ وہ مجرم ہوگا اور اگر محبت سے اطاعت کے معنی مراد لیتے ہیں تو ہم ان سے پوچھیں گے کہ جملہ اہل بیت کی اطاعت کی فرضیت کے کیوں قائل نہیں۔ اور اس کا جواب ان کے [illegible] اہل بیت کی محبت کو فرض کہتے ہیں [illegible] کی محبت سے کریں [illegible] اس کا جواب ہو کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذاتی طور پر شرف و نجابت کے باعث امام معصوم اور خلیفہ بلا فصل ہوئے لیکن حضرت عثمان [illegible] صاحبزادیوں سے شرف زوجیت رکھنے کے باوجود امام ہوئے نہ معصوم اور نہ [illegible] ہوئے بلکہ ان کا بغض [illegible] کی حقیقت اور [illegible] ظاہر ہے۔ اس کا کوئی جواب قیامت تک نہیں دیا جا سکتا۔ اور یہی وجہ فرقہ شیعہ سے یہ مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا [illegible] اہل بیت کے بارے میں [illegible] فرمایا ہم نے یہ [illegible] نے باب [illegible] میں بیان فرمایا ہے [illegible]

امام احمد [illegible] امام شعبی سے روایت کیا ہے اور حاکم نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگوں نے ہم سے اس آیت کی تفسیر کے متعلق سوالات کئے تو ہم نے حضرت ابن عباس کو خط لکھ کر دریافت کیا۔

روایت کی آپ نے جواب میں فرمایا کہ

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان وسط النسب في قريش ليس بطن من بطونهم الا وقد ولدوه فقال الله تعالى قل لا اسئلكم عليه اجرا الا المودة في القربى تودوني لقرابتي منكم وتحفظوني بها (رواہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے اپنے نسب سے تعلق رکھتے تھے ان کے ہر قبیلہ میں آپ کا رشتہ ولادت قائم تھا۔ اس سے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ آپ مشرکین سے کہہ دیجئے کہ اپنی ہدایت پر میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا مگر تم مجھ سے قرابت داری کی مروّت اور محبت کا معاملہ کرکے بغیر کسی تکلیف کے پہنچے درمیان رشتہ داری کی حفاظت کرو۔

اور ابن جریر وغیرہ نے یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں

يا قوم اذا ابيتم ان تبايعوني فاحفظوا قرابتي منكم ولا يكون غيركم من العرب اولى بحفظي ونصري منكم

(ترجمہ) اے قوم اگر تم میری اتباع سے انکار کرتے ہو تو تم سے جو میرا قرابت کا رشتہ ہے اس کی پاسداری تو کرو اور ایسا نہ ہو کہ عرب کے دوسرے لوگ تمہارے مقابلہ میں میری قرابت کا پاس کرکے میری حفاظت و نصرت میں تم سے بازی لے جائیں۔

حقیقت مسئلہ کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت کا سارے کائنات سے زائد ہونا جزو ایمان بلکہ مدار ایمان ہے اور اس کے لئے لازم ہے کہ جس کو جس قدر نسبت قرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اس کی تعظیم و محبت بھی اسی پیمانے سے واجب و لازم ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ گر نسبی ذریت اور اولاد کو سب سے زیادہ نسبت قربت حاصل ہے اس لئے ان کی محبت بلا شبہ جزو ایمان ہے۔ مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ ازواج مطہرات اور دوسرے صحابہ کرام جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ متعدد قسم کی نسبتیں قربت ہر قرابت کی حاصل ہیں ان کو فراموش کر دیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ اہل بیت اطہار اور آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مسئلہ امت میں کبھی زیر اختلاف نہیں رہا، باجماع و اتفاق ان کی محبت و عظمت لازم ہے۔ اختلافات وہاں پیدا ہوتے ہیں جہاں دوسروں کی عظمت پر حملہ کیا جاتا ہے ورنہ آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کی حیثیت سے عام سادات خواہ ان کا سلسلہ نسب کتنا ہی بعید کیوں نہ ہو ان کی محبت و عظمت نیز صحابہ کرام جن کو اللہ تعالیٰ نے بیعت رضوان اور مدح سے نوازا ہے ان کی عظمت بھی عطا فرمائی ہے۔ اور ان کے درجات کا فیصلہ فرما دیا ہے۔ اور قرآن نے کثیر آیات اور تصریحات میں ان کی عظمت کو ثابت کر دیا ہے۔

اور اب آپ کا مثل اس آیت میں ان کی تعریف نازل فرما دیئے ہیں۔

جب یہ ضابطہ معلوم ہو گیا تو اب یہ سمجھو کہ قرآن کریم یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اس کی ایک آیت کی مثال بنائے سے بہتر ہیں جن کا مجموعہ آیات میں ثابت ہو چکا اور تمام ثابت ہے۔ ایسی تو بہو میں جو تجویز کی جائے وہ صورت سے حسب ضابطہ مذکورہ ہے۔ نہیں ہو سکتی۔ اس لئے آپ کا تعلق اور رسالت کی اجرت سے پاک ہے اللہ اور اس کے بندے کے درمیان معتبر ہیں۔

دوسری آیت میں غیر معتبر یہ ہے جو آپ کو نصیحت کی گئی ہے کہ آپ بھی ان کی طرف سے باز آ جائیں کہ بعض ان کی تکذیب کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہے وہ تو بہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرمالیتا ہے اور ان کی غلطیوں کو بخش دیتا ہے۔ (معارف القرآن)

**شیعوں کا غلط استدلال:** ابن ابی حاتم طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے قرابت داروں سے کون لوگ مراد ہیں۔ فرمایا علی اور فاطمہ اور ان کے دونوں بچے۔

فرقہ شیعہ نے اس حدیث کی روشنی میں اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ تینوں سابق خلفاء کی خلافت صحیح نہ تھی۔ خلیفہ صرف حضرت علی تھے کیونکہ اللہ نے اس آیت میں امت کے ذمہ رسول اللہ کے قرابت داروں کی محبت فرض قرار دی ہے اور علی کے سوا دوسروں کی محبت واجب نہیں ہے اور محبت کا لازمی تقاضا ہے کہ محبوب کی اطاعت واجب ہو اسی لئے حضرت علی کے سوا کسی کی خلافت صحیح نہیں ہوئی۔

## ان کے استدلال کے جوابات:

فرقہ شیعہ کا یہ استدلال چند وجوہ سے غلط ہے۔

(۱) حدیث مذکور کی سند میں ایک راوی حسین اشقر ہے جو شیعہ غالی ہے۔ اس لئے یہ حدیث صحیح نہیں ہے پھر آیت مکی ہے اور مکہ میں حضرت سیدہ کا کوئی بچہ پیدا ہی نہ ہوا تھا۔

(۲) یہ تسلیم ہے کہ حضرت علی، حضرت فاطمہ اور دونوں صاحبزادوں کی محبت واجب ہے لیکن اس سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ دوسروں کی محبت واجب نہ ہو۔ دیکھو ابن عدی نے حضرت علی کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر و عمر سے محبت رکھنی ایمان ہے اور ان دونوں سے بغض رکھنا کفر ہے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ ابوبکر و عمر کی محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے بغض کفر ہے۔ انصار کی محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے بغض کفر ہے۔ عرب کی محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے دشمنی کفر ہے اور جس نے میرے صحابہ کو گالی دی اس پر خدا کی لعنت۔ اور جو ان کے معاملہ میں میرا لحاظ رکھے گا میں قیامت

تم بھی ان کو محبوب رکھو اور … اللہ تمہارا کرم فرما ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا انصار سے محبت ایمان کی نشانی اور انصار سے عداوت نفاق کی علامت ہے۔ (الخصائص الکبریٰ) یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریش سے محبت کرنا ایمان ہے اور ان سے بغض رکھنا کفر ہے۔ عرب کی محبت ایمان ہے اور ان کی عداوت کفر ہے جس نے عرب سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے عرب سے عداوت کی اس نے مجھ سے عداوت کی۔ (رواہ طبرانی … منہاج السنہ)

مگر تفضیلیوں کا قول ہے کہ جس کی محبت واجب ہے وہی امام (خلیفہ) ہوگا اور اس کی امامت واجب ہوگی غلط ہے۔ بعض علماء کے نزدیک القربیٰ سے مراد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ قرابت دار جن کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں یعنی بنی ہاشم اور بنی مطلب۔ بنی مطلب بنی ہاشم سے جاہلیت کے دور میں بھی الگ نہ ہوئے تھے اور اسلام کے بعد بھی علیحدہ نہیں ہوئے۔

بعض نے کہا حضرت علیؓ، حضرت عقیلؓ، حضرت جعفرؓ، حضرت عباسؓ کی نسل مراد ہے۔ انہی کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا میں تمہارے اندر دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جاؤں گا۔ اللہ کی کتاب جس کے اندر ہدایت اور نور ہے اس کو مضبوط پکڑے رہنا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ سے مسلمانوں کو کتاب اللہ کے موافق عمل کرنے پر برانگیختہ کیا اور ترغیب دی پھر فرمایا (دوسری) میرے اہل بیت ہیں اپنے اہل بیت کے معاملہ میں تم کو خدا کی یاد دلاتا ہوں اپنے اہل بیت کے معاملہ میں تم کو خدا کی یاد دلاتا ہوں۔

مسلم نے نقل کیا ہے کہ حضرت زید بن ارقم سے دریافت کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون ہیں فرمایا آل علی اور آل عقیل اور آل جعفر اور آل عباس۔

## حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی تحقیق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنی قرابت داری کی محبت طلب کی وہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو محبت طلب کرنے کا حکم دیا۔ صورت اجرت کی صورت تھی ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنے کا فائدہ محبت کرنے والے کو پہنچتا ہے۔ وہ اللہ کا محبوب، مقرب اور دوست ہو جاتا ہے اور اس محبت سے اس کو کمال ایمان کا درجہ حاصل ہو جاتا ہے۔ … سورۃ القربیٰ کی یہی تفسیر … ہے کہ میں تم سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ میرے قرابت داروں، اہل بیت اور … سے محبت کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین تھے آپ کے بعد اور کوئی نبی ہونے والا نہ تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد فرائض تبلیغ ادا کرنے والے علماء امت ہی ہیں۔ علماء ظاہر ہوں یا علماء باطن (یعنی علمائے شریعت ہوں یا

حضرات صوفیاء) اللہ نے بیٹے کی طرح کی ان کے ساتھ محبت رکھنے کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو اپنے اہل بیت سے محبت رکھنے کی تلقین کی۔ یہ تو ظاہر ہے ان حضرات کا … حضرت علیؓ اور آپ کی اہل بیت جو آپ کی نسل میں سے ہوئے کمالات باطنیہ کے قطب تھے۔ اسی وجہ سے رسول اللہ نے ارشاد فرمایا تھا میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ اور فرمایا کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ (کذا رواہ الترمذی)… حضرت عبداللہ بن مسعود … حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت علیؓ ہیں … ایک حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ … حضرت علیؓ کے بعد ائمہ اہل بیت تک یہ فیض پہنچتا رہا۔ اولیاء امت میں بہت سے حضرات ان ائمہ سے فیضیاب ہوئے جیسے غوث الثقلین محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی حسنی حسینی۔ اور شیخ بہاء الدین نقشبند اور سید معین الدین چشتی اور سید ابوالحسن شاذلی وغیرہ۔ جن کا سلسلہ مبارک ہی تک جاتا ہے۔ الفضل بیدک اللہ یؤتیہ من یشاء۔ اکثر علماء تفسیر نے لکھا ہے کہ الا المودۃ فی القربیٰ میں استثناء منقطع ہے (اور الا کا ترجمہ لیکن) اور فی کا معنی لام ہے۔ مطلب یہ ہے کہ میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا لیکن تم سے یہ چاہتا ہوں کہ میری قرابت کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھو یعنی میری رشتہ داری کا لحاظ کرو۔ حضرت زید بن ارقم کی روایت کردہ حدیث اذکرکم اللہ فی اہل بیتی میں بھی یہی مطلب واضح کیا گیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابتداروں اور اپنے اہل بیت کی محبت رکھنے کا امت کو حکم دیا اور امت کو ترغیب دی اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے … (تفسیر مظہری)

وَمَنْ يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا

اور جو کوئی کمائے گا نیکی ہم اس کو بڑھا دیں گے اس کی

حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

خوبی بیشک اللہ معاف کرنے والا حق ماننے والا ہے ۝

نیکی میں برکت: یعنی نیکی کرنے والے کی … نیکی کا بدلہ ہے … آخرت میں اجر و ثواب کے لحاظ سے … محبت … کی معافی فرماتا ہے … یہاں اس مضمون کا ذکر … فرمایا کہ تم ذکر قرابت کی محبت مطلب ہے … نیکی … سے … ملے … ہر تکلیف پر نیکی ملتی ہے … تکلیف

[illegible]

## صوفیاء کے ہاں نیکی کے بڑھنے کی صورت

[illegible]

**آیت کا مصداق** [illegible]

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے باندھا اللہ پر جھوٹ

فَإِن يَشَإِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَىٰ قَلْبِكَ

سو اگر اللہ چاہے مہر کر دے تیرے دل پر

وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ

اور مٹاتا ہے اللہ جھوٹ کو اور ثابت کرتا ہے سچ کو

بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ

اپنی باتوں سے اس کو معلوم ہے جو باتیں ہیں دلوں میں

**تصدیقِ رسالت** [illegible]

[illegible]

## باطل کو مٹانے اور حق کو ثابت کرنے کا مطلب

[illegible]

**شیطانی خیال کا ازالہ** [illegible]

ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب آیت قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى نازل ہوئی تو کچھ لوگوں کے دلوں میں ایک شیطانی خیال پیدا ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد اپنے قرابت داروں کی اتباع پر ہم کو اس طرح سے آمادہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس وقت جبرئیلؑ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ لوگوں کے دلوں میں آپ کے متعلق اس طرح کے برے خیال پیدا ہوئے ہیں۔ اللہ نے آیت اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک نازل فرمائی جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت لوگوں کو سنائی تو لا محالہ کہنے لگے اس سے توبہ کی اور کہا یا رسول اللہ ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ

اور وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ اپنے

عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ

بندوں کی اور معاف کرتا ہے برائیاں

وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ وَيَسْتَجِيْبُ

اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور دعا سنتا ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ایمان والوں کی جو بھلے کام کرتے ہیں

وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَالْكٰفِرُوْنَ

اور زیادہ دیتا ہے انکو اپنے فضل سے اور جو منکر ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝ ۲۶

اُن کے لئے سخت عذاب ہے ☆

**اللہ کا معاملہ:** یہ معنی ہیں کہ خدا کا پیغام پہنچانا ہے تم جھوٹ سمجھو یا سچ اس کے بعد بندوں کا سارا معاملہ خدا سے ہے جو ایک ایک بندے سے اچھی طرح واقف ہے۔ ان کے مناسب حال اور استعداد کے موافق معاملہ کرتا ہے۔ توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور باوجود سب کچھ جاننے کے کتنی برائیوں سے درگزر کرتا ہے جو ایماندار اور نیک بندے اس کی بات سنتے ہیں وہ ان کی دعائیں سنتا اور ان کی عبادات کو شرف قبول بخشتا ہے اور جس قدر اجر و ثواب کے وہ مستحق ہیں اپنے فضل سے اس سے کہیں زیادہ مرحمت فرماتا ہے۔

گئے۔ حکم ہوا ہے کہ وہ لوگ توبہ کرتے رہیں تب جا کر قبول ہوگی تو پھر بھی معافی ان کا انجام اگلے جملہ میں مذکور ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**توبہ کی حقیقت:** توبہ کے لغوی معنی لوٹنے اور رجوع کرنے کے ہیں اور شرعی اصطلاح میں کسی گناہ سے باز آنے کو توبہ کہتے ہیں۔ اور اس کے صحیح ہونے کے لئے تین شرطیں ہیں۔

ایک یہ کہ جس گناہ میں فی الحال مبتلا ہے اس کو فوراً ترک کردے دوسرے یہ کہ ماضی میں جو گناہ ہوا اس پر نادم ہو اور تیسرے یہ کہ آئندہ اس کے ارتکاب نہ کرنے کا پختہ عزم کرلے اور کوئی شرعی فریضہ چھوڑا ہوا تھا اسے ادا یا قضا کرنے میں لگ جائے اور اگر گناہ حقوق العباد سے متعلق ہے تو اس میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ اگر کسی کا مال اپنے ذمہ واجب ہے اور وہ شخص زندہ ہے تو یا اسے وہ مال لوٹائے یا اس سے معاف کرائے اور اگر وہ زندہ نہیں اور اس کے وارث موجود ہیں تو ان کو لوٹائے اگر وارث بھی نہیں ہیں تو بیت المال میں داخل کرائے بیت المال بھی نہیں ہے یا اس کا انتظام صحیح نہیں ہے تو اس کی طرف سے صدقہ کرے اور اگر کوئی غیر مالی حق کسی کا اپنے ذمہ واجب ہے مثلاً کسی کو تکلیف پہنچائی یا برا کہا ہے یا اس کی غیبت کی ہے تو اسے جس طرح ممکن ہو راضی کرکے اس سے معافی حاصل کرے۔

اور یہ جو ہر قسم کی توبہ کے لئے ضروری ہے کہ گناہ کو ترک کرنا اللہ کیلئے ہو اپنی کسی دنیاوی مصلحت یا مجبوری کی بنا پر نہ ہو۔ اور شریعت میں اصل مطلوب توبہ ہے کہ تمام گناہوں سے کی جائے لیکن اگر صرف کسی خاص گناہ سے توبہ کی تو اہل سنت کے مسلک کے مطابق اس گناہ کی حد تک تو معافی ہو جائے گی دوسرے گناہوں کا بوجھ رہ جائے گا۔ (معارف القرآن)

**توبہ کے چھ معانی:** بیضاوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا گزشتہ گناہوں سے توبہ کرنے کے چھ معنی ہیں۔ (۱) گزشتہ فعل کے ضائع کردینے پر پشیمانی (۲) گزشتہ فرائض دوبارہ ادا کرنا (۳) حقوق ادا کرنا (۴) جس طرح نفس کو گناہوں میں گھلایا ہو اسی طرح نفس کو طاعت میں گھلانا (۵) جیسے پہلے نفس کو گناہوں کی لذت چکھائی ہو اسی طرح نفس کو طاعت کی تلخی چکھانا (۶) جیسے پہلے ہنستا رہا اسی طرح اب رونا۔

بغوی نے شرح السنۃ میں حضرت ابن مسعودؓ کا قول نقل کیا ہے ندامت توبہ ہے اور گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہو جاتا ہے۔

## اللہ اپنے بندہ کی توبہ سے کتنا خوش ہوتا ہے

حارث بن سوید کا بیان ہے میں حضرت عبداللہؓ کی عیادت کرنے گیا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کوئی شخص کسی بیابان زمین میں ہو اور اس کی اونٹنی بھی اس کے ساتھ ہو جس پر وہ شخص ایک جگہ اتر کر سو جائے اور اونٹنی

کر دے تو اس نے جل چلائے جب وہ شخص بیدار ہوا تو اونٹنی موجود نہ تھی پھر اس کو تلاش کیا یہاں تک کہ اس کو سخت پیاس لگنے لگی (قریب المرگ ہو گیا) تو وہ شخص کہنے لگا کہ اب مجھے اسی مقام پر جا کر مرنا ہے جہاں سوتا تھا۔ پس وہ وہاں آ کر لیٹ گیا اور مرنے کے لئے آنکھیں بند کر لیں پھر جب آنکھیں کھولیں تو اپنا اونٹ اپنے پاس ہی کھڑا دیکھا اس پر کھانے پانی کا سامان لدا ہوا ہے۔ ایسے آدمی کو جتنی خوشی ہوتی ہے اس سے زیادہ اپنے بندے کی توبہ سے خوشی ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ

## اللہ تعالیٰ توبہ قبول فرماتے ہیں۔

مسلم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص (گناہ کا) اقرار کر کے توبہ کر لیتا ہے اللہ اس کی توبہ قبول فرما لیتا ہے۔

نیز مسلم نے حضرت ابو موسیٰ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مغرب کی جانب سے سورج کے طلوع ہونے سے پہلے جو توبہ کرے گا اللہ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

**توبہ کرنے والا** ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی تھا جس نے کبھی کوئی اچھا کام نہیں کیا تھا جب وہ مرنے لگا تو اس نے گھر والوں کو وصیت کی کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا (کر خاکستر کر) دینا پھر آدھی راکھ خشکی میں اڑا دینا اور آدھی دریا میں کیونکہ خدا کی قسم اگر اللہ نے (مجھ پر) قابو پا لیا تو وہ مجھے ایسا عذاب دے گا کہ کسی آدمی کو ایسا عذاب نہیں دے گا۔ غرض جب وہ مر گیا تو گھر والوں نے ویسا ہی کیا جیسا اس نے کہا تھا اس کے بعد اللہ نے سمندر کو حکم دیا سمندر نے وہ تمام جمع کر دی جو اس کے اندر تھی اور خشکی نے بھی سب جمع کر دیا اس میں جو کچھ تھا پھر اللہ نے اس سے فرمایا تو نے یہ کیوں کیا تھا اس شخص نے عرض کیا اے رب تیرے خوف سے میں نے کیا تھا تو خوب واقف ہے چنانچہ اللہ نے اسے بخش دیا۔

## ڈرنے والے کے لئے دو جنتیں ہیں

حضرت ابو الدرداءؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تقریر فرما رہے تھے میں نے سنا آپ یہ آیت تلاوت فرما رہے تھے ولمن خاف مقام ربه جنتان (جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اس کے لئے دو جنتیں ہوں گی) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ اس نے زنا کیا ہو خواہ چوری کی ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری بار بھی فرمایا ولمن خاف مقام ربه جنتان میں نے دوبارہ یہی عرض کیا یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا (خواہ) اس نے زنا کیا ہو خواہ چوری کی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری بار بھی ولمن خاف مقام ربه جنتان پڑھا میں نے تیسری بار بھی یہی عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ اس نے زنا کیا ہو اور خواہ اس نے چوری کی ہو آپ نے فرمایا ہاں خواہ ابو الدرداء کی ناک خاک آلود ہو (یعنی ابو الدرداء کو ناگوار ہو) اس کے لئے دو جنتیں ہوں گی۔ (رواہ احمد)

ویعلم ما تفعلون۔ اس کی تفسیر پہلے گزر چکی ہے۔

**افضل ترین دعا** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک ہے افضل ترین دعا الحمد للہ ہے۔ (رواہ الترمذی، النسائی، ابن ماجہ، ابن حبان) یہ حسن حدیث ہے۔

**دعا قبول نہ ہونے کی وجہ** روایت میں آیا ہے کہ ابراہیم بن ادہم سے کسی نے پوچھا کہ ہم خدا سے دعا کرتے ہیں مگر ہماری دعا قبول نہیں ہوتی۔ ابراہیم نے جواب دیا اس لئے قبول نہیں ہوتی کہ اللہ نے تم کو (طاعت کی) دعوت دی اور تم نے اس کی دعوت قبول نہیں کی۔

ویزیدھم من فضلہ یعنی ان کی دعا پر توفیق سے زیادہ دیتا ہے۔ ابوصالح کی روایت میں حضرت ابن عباسؓ کا قول آیا ہے یعنی ان کے بھائیوں (دوستوں) کے لئے ان کی دعا قبول فرماتا ہے اور یزیدھم کا مطلب ہے کہ ان کے بھائیوں کے دوستوں کے حق میں بھی ان کی دعا قبول کرتا ہے۔

لھم عذاب شدید یعنی کافروں کو سخت عذاب ہے گو وہ دنیا میں ہوں آخرت میں سخت عذاب ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

اور اگر پھیلا دے اللہ روزی اپنے بندوں کو تو دھوم

فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ

اٹھا دیں ملک میں لیکن اتارتا ہے ناپ کر جتنی

مَّا يَشَآءُ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ

چاہتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھتا ہے دیکھتا ہے

**حکمت کا تقاضا** قتادہ نے فرمایا ہم کو بتایا گیا ہے کہ دنیا کی زینت بہت بڑا فتنہ ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ آیت اصحاب صفہ کے حق میں نازل ہوئی۔ انہوں نے تمنا کی تھی کہ ان کو دولت حاصل ہو جائے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت خباب بن ارت نے فرمایا ہم نے بنی قریظہ اور بنی نضیر کے مالوں کو دیکھا تو ان کی خواہش کی اور ہم نے تمنا کی تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اگر اللہ اپنے بندوں کے لئے رزق کشادہ کر دیتا تو وہ زمین میں سرکشی کرنے لگتے اور حد سے بڑھ جاتے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ دیکھتے ہی اسلام لے آئے اور بول اٹھے کہ یہ منہ اور چہرہ کسی جھوٹے کا نہیں [illegible] انہوں نے قرآن مجید [illegible] آپ کے حق ہونے کی گواہی دی پھر جب [illegible] علیہ السلام [illegible] ایمان [illegible] کے صرف [illegible] باقی [illegible] مشرف با اسلام ہو جاتے اور ان سب شہادتوں کے باوجود تم اپنی ضد [illegible] سے اس کا انکار کرتے [illegible] ظلم اور گناہ [illegible] ظالم اور [illegible] کو ہدایت و فلاح کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**شان نزول:** [illegible] روایت کیا ہے کہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے [illegible] جانے لگے اور میں آپ کے ساتھ تھا۔ یہاں تک کہ یہودیوں کے کنیسہ میں داخل ہو گئے [illegible] اور ان [illegible] اور ان سے کہا [illegible] آپ نے فرمایا اے گروہ یہود مجھے بارہ آدمی ایسے دکھاؤ جو گواہی دیتے ہوں کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تو آسمان کے نیچے جو بھی یہودی ہے اس سے اللہ تعالیٰ اپنا غضب دور فرما دے گا۔ سب خاموش ہو گئے کسی نے کوئی جواب نہ دیا اس کے بعد آپ نے پھر فرمایا تو بھی کسی نے جواب نہ دیا آپ نے تیسری مرتبہ فرمایا تب بھی کسی نے کوئی جواب نہ دیا اس کے بعد آپ نے فرمایا میں [illegible] میں ہوں [illegible] اور میں ہی مقفی ہوں اور اب خواہ تم ایمان لاؤ یا نہ لاؤ۔ یہ فرما کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کنیسہ سے چلنے لگے میں بھی آپ کے ساتھ تھا ہم نکلنے ہی والے تھے کہ ایک شخص آپ کے پیچھے سے پکارتے ہوئے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذرا ٹھہرئیے آپ نے اس شخص [illegible] تو اس نے کہا اے گروہ یہود تم لوگ مجھے کیا سمجھتے ہو سب نے جواب دیا خدا کی قسم ہم میں سے کوئی شخص تم سے زیادہ کتاب اللہ کا عالم نہیں نہ تم سے زیادہ کوئی فقیہ ہے نہ تمہارے باپ سے اور نہ تمہارے دادا سے۔

جب یہودی یہ سب کچھ کہہ چکے تو اس شخص نے کہا تو پھر میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے سچے رسول ہیں جن کا ذکر تم [illegible] ہو یہ سنتے ہی یہودی [illegible] اور کہنے لگے کہ تو جھوٹا ہے [illegible] سب سے برے [illegible] بیان کرتے ہیں کہ یہ عبداللہ بن سلام تھے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں سے باہر چلے گئے [illegible] قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ [illegible]

[illegible] بیان [illegible] فرمایا اس سے یہ معلوم ہوا کہ [illegible]

[illegible] کیا [illegible] ہے۔

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ [illegible] شاہد سے [illegible] مراد [illegible] حضرت [illegible] یوسف [illegible] بن حضرت یعقوب بن حضرت اسحاق بن حضرت ابراہیم کی نسل میں سے تھے۔

## حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے گھر والوں کے اسلام لانے کے تفصیلی واقعات

[illegible] حضرت [illegible] روایت سے اور محمد بن اسحاق نے عبداللہ بن سلام کی [illegible] روایت سے بیہقی نے حضرت موسیٰ بن عقبہ [illegible] کی روایت سے [illegible] حضرت عبداللہ بن سلام کے حوالے سے [illegible] حضرت عبداللہ نے فرمایا جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ سنا [illegible] ہم لوگ انتظار [illegible] آنے والے نبی کی [illegible] میں [illegible] بات [illegible] جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے [illegible] تو ایک شخص نے آپ کی تشریف آوری کی خبر دی۔ میں اس وقت کھجور کے درخت پر چڑھا ہوا تھا اور میری پھوپھی [illegible] نیچے بیٹھی ہوئی تھیں۔ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر سنی [illegible] کہا [illegible] پھوپھی نے [illegible] حضرت موسیٰ بن عمران کی آمد کی خبر [illegible] اظہار مسرت [illegible] پھوپھی [illegible] کے بھائی [illegible] ان کے دین پر [illegible] ویسے ہی [illegible] بات ہے۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف [illegible] چہرۂ مبارک [illegible] کہ یہ چہرہ جھوٹے کا نہیں ہو سکتا۔

## سب سے پہلی بات جو عبداللہ بن سلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی

حضرت عبداللہ نے جو بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے پہلے سنی وہ یہ تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! [illegible] سلام [illegible] کھانا کھلاؤ [illegible] اور رات کو جب لوگ سوتے ہوں تو تم نماز پڑھا کرو [illegible] جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

## تین باتیں جن کا علم نبی کے علاوہ کسی کو نہیں ہو سکتا

حضرت عبداللہ نے عرض کیا۔ میں آپ سے تین باتیں دریافت کرتا ہوں جن کا علم نبی کے علاوہ کسی کو نہیں ہو سکتا۔ قیامت کی سب سے پہلی نشانی کیا ہوگی؟ اہل جنت کو سب سے پہلے کون سا کھانا دیا جائے گا؟ اولاد باپ یا ماں کی طرف کیوں کھنچتی ہے (یعنی باپ یا ماں کے ہم شکل کیوں ہوتی ہے) اور (چوتھی بات ایک یہ ہے کہ) چاند میں سیاہی کیسی ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے ابھی جبرئیل نے بتایا ہے۔ حضرت عبداللہ نے کہا جبرائیل نے بتایا ہے؟ فرمایا ہاں۔ عبداللہ نے کہا وہ تو یہودیوں کا دشمن فرشتہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی اول ترین نشانی ایک آگ ہوگی جو مشرق سے برآمد ہوگی اور لوگوں کو مغرب کی طرف لے جائے گی۔ اور اہل جنت سب سے پہلے جو کھانا کھائیں گے وہ مچھلی کے جگر کی زائد بوٹی ہوگی۔ اور مرد کا پانی غالب آتا ہے تو بچے کو اپنی شکل کی طرف کھینچ لیتا ہے اور عورت کا پانی غالب آتا ہے تو بچے کو اپنی جانب کھینچ لیتی ہے۔ اور وہ سیاہی جو چاند میں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں سورج (یعنی چمکدار) تھے اللہ نے فرمایا ہے۔ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ۔ پس یہ سیاہی وہی محو ہے (یعنی اللہ نے رات کی چمک مٹا دی ہے) حضرت عبداللہ یہ سن کر فوراً بول اٹھے اشهد ان لا اله الا الله وانك محمد رسول الله پھر آپ نے گھر جا کر سب کو مسلمان ہو جانے کا مشورہ دیا۔ سب گھر والے بھی مسلمان ہو گئے۔ لیکن اس وقت آپ نے اپنا اسلام چھپائے رکھا۔

پھر کچھ وقت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ یہودی جانتے ہیں کہ میں ان کا سردار ہوں اور ان کے سردار کا بیٹا ہوں اور ان کا سب سے بڑا عالم ہوں اور سب سے بڑے عالم کا بیٹا ہوں مگر یہ لوگ بڑے جھوٹے ہیں آپ پہلے ان سے میرے متعلق دریافت کریں اگر آپ کی دریافت کرنے سے پہلے ان کو میرے مسلمان ہو جانے کا علم ہو جائے گا تو یہ مجھ پر دروغ بافی کریں گے اور میرے اندر وہ عیب نکالیں گے جو مجھ میں نہیں ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ مجھے آپ اپنے گھر کے اندر کسی کوٹھری میں چھپ جانے کی اجازت دیجئے پھر ان کو بلا کر میرے متعلق دریافت کیجئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ کو اپنے گھر کے اندر ایک کوٹھری میں چھپ جانے کی اجازت دے دی پھر یہودیوں کو طلب فرمایا یہودی آ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا "اے گروہ یہود اللہ سے ڈرو قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں تم لوگ بلاشبہ جانتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں حق دین اور شریعت لے کر آیا ہوں تم مسلمان ہو جاؤ (الی آخرہ)" یہودیوں نے کہا ہم تو آپ کے دین کو حق نہیں جانتے۔ حضور نے فرمایا عبداللہ تمہارے اندر کیسا آدمی ہے؟ یہودیوں نے کہا وہ ہم سے بہتر ہے اور سب سے افضل آدمی کا بیٹا ہے۔ ہمارا سردار ہے اور ہمارا سردار زادہ ہے ہم میں سب سے بڑا عالم ہے اور سب سے بڑے عالم کا بیٹا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا اگر وہ اسلام لے آیا (تو تم مسلمان ہو جاؤ گے) کہنے لگے اللہ اس کو بچائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (آواز دے کر) حضرت عبداللہ سے فرمایا۔ باہر آ جاؤ۔ فوراً عبداللہ باہر آ گئے اور بولے میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اے گروہ یہود اللہ سے ڈرو جو دین تمہارے پاس آ گیا ہے اس کو قبول کر لو اللہ کی قسم تم بلاشبہ جانتے ہو کہ یہ اللہ کے سچے رسول ہیں تمہارے پاس توریت ہے اس میں تم ان کا نام اور ان کے اوصاف لکھے ہوئے پاتے ہو اس لئے میں شہادت دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے رسول ہیں میں ان پر ایمان رکھتا ہوں ان کی تصدیق کرتا ہوں اور ان کو پہچانتا ہوں یہودی بولے تو جھوٹا ہے تو ہم میں سب سے زیادہ برا اور سب سے برے باپ کا بیٹا ہے غرض یہودیوں نے حضرت عبداللہ کے تمام نقص بیان کئے (حتی تہمت تراشی کی) حضرت عبداللہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا میں آپ کو پہلے ہی سے نہیں بتا چکا تھا کہ یہ لوگ بڑے بہتان تراش دروغ گو اور بدکار ہیں۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ نے اپنے اور اپنے گھر والوں کے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔ آپ کی پھوپھی بنت حارث بھی مسلمان ہو گئیں اور اچھی مسلمان ثابت ہوئیں۔

### حضرت عبداللہ بن سلام کی فضیلت:

شیخین نے لکھا ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص نے فرمایا میں نے نہیں سنا کہ سوا عبداللہ بن سلام کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روئے زمین پر چلنے والے کسی (زندہ) شخص کے متعلق فرمایا ہو کہ وہ اہل جنت میں سے ہے۔ عبداللہ ہی کے متعلق آیت وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ نازل ہوئی (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو

لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ

اگر یہ دین بہتر ہوتا تو یہ نہ دوڑتے اس پر ہم سے پہلے ☆

کافروں کی خود رائی ☆ جب کمزور لوگ اور لونڈی غلام مسلمان

[illegible] اگر یہ [illegible] تو [illegible] اس کی طرف پہلے [illegible] آ گئے [illegible] ہم پیچھے [illegible] [illegible] سے پیچھے رہ جاتے۔ (قرطبی)

بلال رضی اللہ عنہ [illegible] کی بابت کافروں نے کہا۔

[illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]۔

**شان نزول:** (۱) [illegible] سے نقل کیا ہے [illegible] ہم [illegible] سے [illegible] [illegible] ہوتا تو [illegible] سے [illegible] نہ کھاتے۔ [illegible]

(۲) ابن المنذر [illegible] روایت [illegible] بیان کیا ہے کہ حضرت عمر [illegible] جب [illegible] تھا آپ سے پہلے [illegible] ہو گئی۔ حضرت عمر [illegible] مسلمان [illegible] سوال [illegible] اسلام [illegible] حق [illegible] ہوتا تو [illegible] سے [illegible] کے متعلق اس آیت کا نزول ہوا [illegible] روایت سے بھی اسی طرح نقل کیا ہے۔ (قرطبی)

**آیت کا مطلب:** [illegible] لکھا ہے اگر یہ آیت [illegible] نزول [illegible] اسلام سے متعلق مانا جائے تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ [illegible] یہود نے [illegible] کہ اگر [illegible] بہتر ہوتا تو [illegible] اسلام [illegible] سے پیچھے رہ گئے تھے۔

| |
|---|
| وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ |
| اور جب وہ نہیں آئے اس کے ذریعے راہ پر تو اب کہیں گے |
| هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ﴿١١﴾ |
| یہ جھوٹ ہے بہت پرانا ☆ |

[illegible] پہلے [illegible] تھیں۔ [illegible] (قرطبی)

**هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ** [illegible] جھوٹ ہے۔ [illegible] [illegible] محمد صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں۔ (قرطبی)

| |
|---|
| وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا |
| اور اس سے پہلے کتاب موسیٰ کی تھی راہ ڈالنے والی |

| |
|---|
| وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ |
| اور رحمت اور یہ کتاب ہے اس کی تصدیق کرتی ☆ |
| لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ |
| عربی زبان میں کہ ڈر سنائے |
| ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ﴿١٢﴾ |
| گنہگاروں کو اور خوشخبری نیکی والوں کو ☆ |

**قدیم سچائی** [illegible] بات [illegible] قرآن [illegible] [illegible] اصولی تعلیم [illegible] [illegible] تعلیمات [illegible] روایت کی [illegible] [illegible] قرآن [illegible] تصدیق [illegible] (قرطبی)

**وَمِن قَبْلِهِ** اور قرآن سے پہلے کتاب موسیٰ یعنی توریت [illegible] اور رحمۃ [illegible] اللہ کی طرف سے [illegible] [illegible] کتاب ہے۔ مصدق۔ یعنی موسیٰ کی کتاب کی [illegible] [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] روایت [illegible] ہے۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ |
| مقرر جنہوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر |
| اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا |
| اسی پر قائم رہے تو نہ ڈر ہے ان پر اور نہ |
| هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿١٣﴾ |
| وہ غمگین ہوں گے ☆ |

[illegible] اسی طرح کی آیت "ثم استقاموا" [illegible] گزر چکی ہے۔ [illegible] (تفسیر مظہری)

اس آیت میں بڑی جامعیت کے ساتھ پورے اسلام کو ایمان اور عمل صالح [illegible] ربنا اللہ کا اقرار [illegible] ایمان ہے [illegible] استقامت میں ایمان [illegible] قائم رہنا بھی شامل ہے [illegible] کے مقتضیات [illegible]

عمل بھی لفظ استقامت اور اس کی اہمیت کی تشریح و تفصیل سورۂ حٰم سجدہ میں بیان ہو چکی ہے۔

**ایمان و استقامت پر بشارت:** آیت مذکورہ میں ایمان و استقامت پر یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ ایسے لوگوں کو نہ آئندہ کسی تکلیف و پریشانی کا خوف ہوگا نہ ماضی کی تکلیف پر رنج و افسوس ہوگا۔ بعد کی آیت میں اس سے عظیم بشارت کی گئی اور غیر منقطع ہونے کی بشارت دی گئی ہے۔ اس کے بعد کی آیت میں انسان کو اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کی ہدایت اور ان کے خلاف کرنے کی مذمت اور ضمن میں انسان پر ماں کے اور باپ کے احسانات کا اور اولاد کے لئے محنت و مشقت برداشت کرنے کا ذکر کر کے پھر بڑی عمر کو پہنچنے کے ساتھ انسان کو حق تعالیٰ کی طرف رجوع و توبہ کی خاص تعلیم فرمائی گئی ہے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ

وہ لوگ ہیں جنت والے سدا رہیں گے

فِيهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤﴾

اُس میں بدلہ ہے اُن کاموں کا جو کرتے تھے ☆

**مومنوں کا انعام** ☆ یعنی اپنے نیک اعمال کے سبب حق تعالیٰ کی رحمت سے ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔ (تفسیر حقانی)

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ

اور ہم نے حکم کر دیا انسان کو اپنے ماں باپ سے

إِحْسَانًا

بھلائی کا ☆

**والدین کے حقوق** ☆ قرآن میں کئی جگہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حق کے ساتھ ماں باپ کا حق بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ موجد حقیقی تو اللہ ہے لیکن عالم اسباب میں والدین اولاد کے وجود کا سبب ظاہری اور حق تعالیٰ کی شان ربوبیت کا مظہر خاص بنتے ہیں۔ یہاں بھی پہلے "ان الذين قالوا ربنا الله ثم استقاموا" میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کا ذکر تھا اب والدین کا حق بتلا دیا۔ یعنی انسان کو حکم دیا گیا ہے کہ اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرے ان کی تعظیم و محبت اور خدمت گزاری کو اپنی سعادت سمجھے دوسری جگہ بتلایا ہے کہ اگر والدین مشرک ہوں تب بھی ان کے ساتھ دنیا میں معاملہ اچھا رکھنا چاہئے۔ خصوصاً ماں کی خدمت گذاری کہ بعض وجوہ سے اس کا حق باپ سے بھی فائق ہے جیسا کہ احادیث صحاح اس پر دال ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

**ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے:** شروع آیت میں حسن سلوک کا حکم ماں اور باپ دونوں کے لئے ہے مگر اس جگہ صرف ماں کے محنت و مشقت کا ذکر کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ماں کی محنت و مشقت لازمی اور ضروری ہے۔ حمل کے زمانے کی تکلیفیں پھر وضع حمل اور درد زہ کی تکلیف ہر حال میں بچے کے لئے لازمی ہے جو صرف ماں ہی کو اٹھانا ہے باپ کے لئے پرورش کی محنت اٹھانا لازمی نہیں ہو سکتا ہے کہ کسی باپ کو اولاد کی تربیت میں کوئی بھی محنت مشقت اٹھانی پڑے جیسے والد صاحب مرحوم و منعم ہو اور ان سے اولاد کی خدمت لے یا وہ کسی دوسرے ملک میں چلا گیا اور خرچ بھیجتا رہا یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولاد پر ماں کے حق کو باپ سے زیادہ رکھا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے بِرَّ أُمَّكَ ثُمَّ أُمَّكَ ثُمَّ أُمَّكَ ثُمَّ أَبَاكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ فَأَدْنَاكَ (مظہری) یعنی حسن سلوک اور خدمت کرو اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی اس کے بعد اپنے باپ کی اور اس کے بعد قریب تر رشتہ داروں کی پھر جو اس کے بعد ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا

پیٹ میں رکھا اُس کو اُس کی ماں نے تکلیف سے اور جنا اُس کو تکلیف سے ☆

**ماں کی مشقت** ☆ یعنی حمل جب کچھ بڑا ہو جاتا ہے اس کا بوجھ محسوس ہونے لگتا ہے اس حالت میں اور ولادت کے وقت ماں کیسی کیسی سختیاں برداشت کرتی ہے۔ پھر دودھ پلاتی ہے اور برسوں تک اس کی ہر طرح نگہداشت رکھتی ہے اپنی آسائش و راحت کو اس کی آسائش و راحت پر قربان کر دیتی ہے۔ باپ بھی بڑی حد تک ان تکلیفوں میں شریک رہتا ہے اور سامان تربیت فراہم کرتا ہے۔ بے شک یہ سب کام فطرت کے تقاضے سے ہوتے ہیں مگر اسی فطرت کا تقاضا یہ ہے کہ اولاد ماں باپ کی شفقت و محبت کا احسان اور ان کی محنت و مشقت کی قدر کرے۔ (تنبیہ) حدیث میں ماں کی خدمت گذاری کا تین مرتبہ حکم فرما کر باپ کی خدمت گزاری کا ایک مرتبہ حکم فرمایا ہے۔ لطف یہ ہے کہ آیت ہذا میں والد کا ذکر صرف ایک مرتبہ لفظ "والدیہ" میں ہوا اور والدہ کا تین مرتبہ ذکر ہوا یعنی "والدیہ" میں پھر "حملتہ امہ" میں پھر "وضعتہ" میں۔ (تفسیر عثمانی)

**ماں سے حسن سلوک کی وجہ:** کرھا۔ یہ اچھا سلوک کرنے کی وجہ بتائی ہے۔ کرہ کا معنی ہے مشقت یعنی مشقت والا ہو کر اور کرہ دونوں ہم معنی ہیں اور لغت میں دونوں لفظ آتے ہیں بعض نے کہا ضم کے ساتھ اسم مصدر ہے اور فتح کے ساتھ مصدر ہے۔

آیت میں اشارہ ہے باپ کی بہ نسبت ماں حسن سلوک کی زیادہ مستحق ہے۔ (تفسیر مظہری)

**وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا**

اور حمل میں رہنا اس کا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں ہے ☆☆

**دودھ پلانے کی مدت:** ☆ شاید یہ اشارہ مدت کی طرف ہے فرمایا حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ "لڑکا اگر قوی ہو تو اکیس مہینہ میں دودھ چھوڑ سکتا ہے اور نو مہینے پیٹ میں حمل کے "پائیں" ہو کر اگر کم مدت حمل چھ مہینے ہے تو دو برس میں دودھ چھڑایا جاتا ہے اس طرح کل مدت تیس مہینے ہوئے مدت رضاعت بالاتفاق ہے۔ تمام مدت قلیل ... (تفسیر عثمانی)

الفصال: بمعنی تمام دودھ چھڑانا اور دودھ پلانا ختم کرنا ہی کی تمام سے موسوم کیا گیا۔ اس آیت سے استدلال کیا گیا ہے کہ کم سے کم حمل کی مدت چھ ماہ ہے کیونکہ دوسری آیت میں آیا ہے وَفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اس کا دودھ چھڑانا دو سال میں ہے اور اس جگہ حمل و فصال کی مجموعی مدت ۳۰ ماہ بیان کی گئی جب دو سال فصال کے نکال دیئے گئے تو حمل کی مدت چھ ماہ رہ گئی۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب مدت حمل پورے نو مہینے ہو جائے تو عورت بچے کو دودھ ۲۱ مہینے پلائے گی (یعنی مدت رضاعت ۲۱ ماہ ہوگی) اور اگر چھ ماہ میں بچہ پیدا ہو جائے تو ۲۴ مہینے دودھ پلائے گی (مدت رضاعت دو سال ہوگی)۔

**ایک عورت کا واقعہ:**

قتادہ نے بروایت ابو حرب بن ابی الاسود دؤلی بیان کیا کہ حضرت عمرؓ کی خدمت میں ایک عورت کو پیش کیا گیا جس کے چھ ماہ میں بچہ ہوا تھا۔ حضرت عمرؓ نے صحابہ کرام سے اس کے متعلق دریافت کیا۔ حضرت علیؓ نے فرمایا اس پر رجم نہ ہوگا دیکھئے اللہ نے فرمایا ہے وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا اور دوسری آیت میں آیا ہے وَفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ (حمل اور فصال کی مجموعی مدت تیس ماہ ہے) اور صرف دودھ چھڑانے کی مدت دو سال (دو سال کم کرنے کے بعد) حمل کی مدت چھ ماہ باقی رہتی حضرت عمرؓ نے یہ سنتے ہی عورت کو چھوڑ دیا۔ پھر اس کے بعد ہمیں اطلاع ملی کہ چھ ماہ کے بعد اس عورت کے ایک بچہ پیدا ہوا۔ نافع بن جبیر نے کہا حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں اس عورت کے ساتھ تھا جس کے شوہر کا بچہ پیدا ہوا تھا اور حضرت عمرؓ کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا لوگوں پر اس کا شوہر ... کو شک ہوا (یعنی انہوں نے عورت کو زنا کا مجرم سمجھا) میں نے حضرت عمرؓ سے کہا آپ ظلم کیسے کر رہے ہیں۔ فرمایا اللہ نے کہا ہے وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۔ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ۔ فرمایئے سال کے کتنے مہینے ہوتے ہیں فرمایا بارہ۔ میں نے کہا چوبیس مہینے کے دو سال پورے ہو گئے (اب چھ ماہ باقی رہے) کہ ان ماہ میں حمل رہتا

چالیس برس قریب عمر کو پہنچتا ہے ... کہ حضرت عمرؓ ...

**حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ**

یہاں تک کہ جب پہنچا اپنی قوت کو اور پہنچ گیا

**اَرْبَعِيْنَ سَنَةً**

چالیس برس کو ☆

**عقلی اور اخلاقی تکمیل کی مدت:** ☆ چالیس برس کی عمر میں عموماً انسان کی عقلی اور اخلاقی قوتیں پختہ ہو جاتی ہیں اسی لئے انبیاء علیہم السلام کی بعثت چالیس برس سے پہلے نہیں ہوئی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

**چالیس سال کی زندگی:** وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۔ عمر انسانی کی جوانی اور قوت کی تکمیل کا بیان ہے ... فرمایا ... چالیس سال کی عمر ... عقل پختہ ہو جاتی ہے اور اس حالت پر پہنچ جاتی ہے اس کے بعد اس میں تبدیلی نہیں ہوتی ... حضرات انبیاء کو نبوت و رسالت چالیس برس کی عمر میں عطا فرمایا گیا۔

حافظ ابو یعلیٰ نے حضرت عثمان غنیؓ کی روایت بیان کی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے مسلمان بندہ جب چالیس برس کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب ہلکا کر دیتا ہے اور جب ساٹھ برس کا ہو جاتا ہے تو اللہ اپنی طرف رجوع کی توفیق عطا کرتا ہے اور جب ستر برس کا ہو جاتا ہے تو آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور جب اسی برس کا ہو جاتا ہے تو اس کی نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور برائیاں مٹا دی جاتی ہیں اور جب نوے برس کا ہو جاتا ہے تو اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور اس کے گھر والوں کے حق میں اس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے آسمان والے اس کو کہتے ہیں اسیر اللہ فی الارض۔ (مسند ابو یعلیٰ)

**حضرت ابو بکرؓ کی زندگی:** یہ سب حالات حضرت ابو بکر صدیقؓ کے ہیں ... بیان ... اس حکمت سے کیا گیا ہے کہ دوسرے مسلمانوں کو بھی اس کی ترغیب ہو ... قرطبی نے بروایت عطاء حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ کے مال سے تجارت کا قصد فرمایا اور ملک شام کا سفر کیا تو اس سفر میں ابو بکر صدیقؓ آپ کے ساتھ تھے اس وقت ان کی عمر اٹھارہ سال کی تھی جو صدیق ہے ... پھر اس سفر میں انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

[illegible]

قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِيٓ ۚ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

جس سے تو راضی ہو اور مجھ کو دے نیک اولاد میری [illegible]

[illegible]

حضرت ابوبکرؓ کی خصوصیت [illegible]

[illegible]

أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيٓ أَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۚ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ۝

یہ وہ لوگ ہیں جن سے ہم قبول کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

حضرت عثمانؓ کی فضیلت [illegible]

[illegible]

[illegible]

**أَتَعِدَانِنِي أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ**

[illegible]

**خَلَتِ الْقُرُونُ مِنْ قَبْلِي**

[illegible]

**وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا**

[illegible]

**قرآن کی گستاخ کلامی** [illegible]

**وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ**

[illegible]

**آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ**

[illegible]

**آیت کا مصداق** [illegible]

**والدین کی کا** [illegible]

فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

پھر کہتا ہے یہ سب نقلیں ہیں

الْاَوَّلِيْنَ

پہلوں کی ﴿۱۷﴾

یہ بھی اس کی کہانیاں ہیں جن کو بیان کرنے والوں کے قصے اسی طرح مشہور ہو جاتے ہیں ... حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ (تفسیر حقانی)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

یہ وہ لوگ ہیں کہ جن پر ثابت ہوئی بات عذاب کی شامل

فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور فرقوں میں جو گزر چکے ہیں ان سے

مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

پہلے جنوں کے اور آدمیوں کے ﴿۱۸﴾

بدبختوں کا انجام یعنی خدا کی یہ بات ہے کہ "لاملئن جهنم من الجنة والناس اجمعين" (میں جہنم کو بھر دوں گا) یعنی جس طرح بہت سی جماعتیں جنوں اور آدمیوں کی ان سے پہلے جہنم کی مستحق ہو چکی ہیں یہ بدبخت بھی ان کی طرح بن رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حق۔ واجب ہو گیا، ثابت ہو گیا۔

فی امم۔ گزشتہ فرقوں کے بارے میں۔

جن بھی بولتے ہیں۔ یہ اسی کا بیان ہے۔ اس آیت میں ان لوگوں کا جن کو قرآن نے ... سے دوری کا اظہار فرمایا، ظاہر ہے کہ حضرت عبدالرحمن تو اہل اسلام میں شمار کئے گئے آپ کے متعلق آیت کا نزول نہیں ہو سکتا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ

بیشک وہ تھے ٹوٹے میں پڑے ہوئے

بدبختوں کا نقصان: ... نے اپنی ... سے ... ہوئی ... ان بدبختوں نے ضائع کر دیا ... انجام کار ... حاصل

کرنے سے کہ اس کا مال بھی یا پھر غفلت ... سے فلاح کر بیٹھے۔ (تفسیر حقانی)

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا

اور ہر فرقے کے کئی درجے ہیں اپنے کئے ہوئے کاموں کے موافق ☆

اہل جنت و اہل دوزخ کے درجات ☆ یعنی دونوں کے کاموں کے تفاوت سے جیسے اہل جنت کے کئی درجے ہیں اسی طرح اہل دوزخ کے بھی۔ (تفسیر عثمانی)

### مسلمان ہونے میں تقدیم و تاخیر کا اعتبار

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا مراد یہ ہے کہ جو پہلے اسلام لایا وہ بعد کو مسلمان ہونے والے سے افضل ہے۔ ... ایک ... حاصل ہے۔

ابن زید نے اس آیت کی تشریح میں کہا دوزخیوں کے لئے درجات (زینے۔ سیڑھیاں) نیچے کی طرف ہوتے ہیں گے اور اہل جنت کے درجات اوپر کو جائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ

اور تاکہ پورا دے ان کو کام ان کے اور ان پر

لَا يُظْلَمُوْنَ

ظلم نہ ہوگا ﴿۱۹﴾

یعنی کسی نیکی کا ثواب کم کیا جائے گا نہ کسی بدی کی سزا مناسب سے زائد دی جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى

اور جس دن لائے جائیں گے منکر آگ کے کنارہ پر

النَّارِ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ

ضائع کر چکے تم اپنے مزے دنیا کی زندگانی میں

الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا

اور ان کو برت چکے ☆

کافر کی نیکیوں کا اجر: کافر نے کوئی نیک کام کیا ... ایمان کی روح نہیں ہوتی، محض صورت ہوتا ہے ... اس کی فانی تنخواہ کا اجر بھی ...

[illegible]

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ

[illegible]

بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِي الْأَرْضِ

[illegible]

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُونَ

[illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا [illegible]

[illegible]

[illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible]

بخاری کا بیان ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف [illegible]

[illegible]

حضرت عمرؓ کی حالت [illegible]

[illegible]

بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عمرؓ جب شام میں تشریف لے گئے تو آپ سے [illegible]

[illegible]

اس کا پانی بہت کے طرح کی ہوتی (سبزی) ہوں، ایک شخص نے کہا میں چاہتا ہوں کہ آپ لذیذ کھانے سے واقف ہیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا، مجھے تیری ماں روئے قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر قیامت کے دن مجھے اپنی نیکیاں کم ہو جانے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں تم لوگوں کو لذیذ کھانے میں شریک کر لیا کرتا لیکن خود بھی لذیذ کھانا کھاتا اور تم کو بھی کھلاتا۔

حسن کی روایت ہے کہ اہل بصرہ کا ایک وفد حضرت ابوموسیٰؓ کے ساتھ حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت عمرؓ کی روزانہ کی غذا ... روٹی تھی۔ کبھی ہم روٹی کے ساتھ ... کبھی خشک گوشت کا قیمہ ہوتا کبھی تازہ گوشت کا سالن ہوتا لیکن ایسا کم ہوتا تھا۔ حضرت عمرؓ نے ہم سے فرمایا خدا کی قسم میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کو یہ (کھانا) پسند ہے اور تم اس سے نفرت کرتے ہو لیکن بخدا اگر میں چاہتا تو تم سب سے زیادہ لذیذ کھانا کھاتا اور سب سے عمدہ زندگی گزارتا خدا کی قسم میں ... آیتوں سے ناواقف نہیں ہوں لیکن اللہ نے ... لوگوں کو عار دلائی ہے ... فرمایا ہے۔ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ... (تفسیر مظہری)

## وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ

اور یاد کر عاد کے بھائی کو جب

جب کبھی سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم "عاد" کے ... ہے ... !

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سابقہ اقوام سے عبرت حاصل کرنے کا سبق دینا

مسند احمد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی کھلکھلا کر اس طرح ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کے مسوڑھے نظر آئیں، آپ تبسم فرمایا کرتے تھے۔ اور جب ابر اٹھتا اور آندھی چلتی تو آپ کے چہرے سے فکر کے آثار نمودار ہو جاتے۔ چنانچہ ایک روز میں نے آپ سے کہا یا رسول اللہ لوگ تو ابر دیکھ کر خوش ہوتے ہیں کہ اب بارش ہوگی لیکن آپ کی اس کے برعکس یہ حالت ہو جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا عائشہ میں اس بات سے کہ کہیں اس میں عذاب ہو کیسے مطمئن ہو جاؤں ایک قوم ہوا سے ہلاک کی گئی، ایک قوم نے عذاب کے بادل کو دیکھ کر کہا تھا کہ یہ بادل ہے جو ہم پر بارش برسائے گا۔

**ہوا کے وقت کی دعا:** مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی آسمان کے کنارے سے ابر اٹھتا دیکھتے تو اپنے تمام کام چھوڑ دیتے اگرچہ نماز میں ہوں اور یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ۔ خدایا میں تجھ سے اس برائی سے پناہ چاہتا ہوں جو اس میں ہے پس اگر کھل جاتا تو اللہ عزوجل کی حمد کرتے اور اگر برس جاتا تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ یا اللہ میں تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کی بھلائی طلب کرتا ہوں اور تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس چیز کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں۔ اور جب ابر اٹھتا تو آپ کے رنگ متغیر ہو جاتا کبھی اندر کبھی باہر کبھی آتے کبھی جاتے جب بارش ہو جاتی تو آپ کی یہ فکرمندی دور ہو جاتی۔ حضرت عائشہؓ نے اسے سمجھ لیا اور آپ سے ایک بار سوال کیا تو آپ نے جواب دیا کہ عائشہ خوف اس بات کا ہوتا ہے کہ کہیں یہ اسی طرح نہ ہو جس طرح قوم ہود نے اپنی طرف بادل بڑھتا ہوا دیکھ کر خوشی سے کہا تھا یہ بادل ہمیں سیراب کریگا۔ (تفسیر ابن کثیر)

## إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ

جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف میں ☆

**احقاف ☆** ... "ارض القرآن" باب "احقاف" کے تحت تحریر کرتا ہے "یہاں یمن، حضرموت اور عمان کے بیچ میں جو صحرائے اعظم "الدہنا" یا "ربع خالی" کے نام سے موسوم ہے گو وہ آبادی کے قابل نہیں لیکن اس کے اطراف میں کہیں کہیں آبادی کے لائق تھوڑی تھوڑی زمین ہے خصوصاً اس صحرا کا ... حضرموت سے نجران تک پھیلا ہوا ہے، گو آج وہ قابل آبادی نہیں ہے تاہم کسی زمانہ میں یہاں حضرموت اور نجران کے درمیانی حصہ میں "عاد ارم" کا مشہور قبیلہ آباد تھا جس کو ... (ارض القرآن)

احقاف جمع ہے حقف کی اور حقف کہتے ہیں ریت کے پہاڑ کو ... حضرموت کی وادی جس کا نام برہوت ہے جہاں کفار کی روحیں ڈالی جاتی ہیں۔ یہ مطلب بھی احقاف کا بیان کیا گیا ہے۔ قتادہؓ کا قول ہے کہ یمن میں سمندر کے کنارے ریت کے ٹیلوں میں ایک بستی تھی جس کا نام شحر تھا یہاں یہ لوگ آباد تھے۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرموت میں ایک وادی کا نام احقاف ہے ... ایک قوم ... ساحل سمندر ... عراق کے قریب ... ان کی بستیاں بھی ... (روح المعانی)

## وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ

اور گزر چکے تھے ڈرانے والے اس کے سامنے سے

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

اور پیچھے سے کہ بندگی نہ کرو کسی کی

اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

اللہ کے سوائے میں ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ

آفت سے ایک بڑے دن کے ☆

**ہود کی دعوت** ☆ یعنی ہود علیہ السلام سے پہلے اور پیچھے بہت ڈرانے والے آئے سب نے وہی کہا جو حضرت ہود علیہ السلام نے کہا تھا یعنی ایک خدا کی بندگی کرو اور کفر و معصیت کے برے انجام سے ڈرو۔ لیکن یہ قوم ہود میں بھی حضرت ہود علیہ السلام کے علاوہ اور منذر آئے ہوں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی کی مرفوع حدیث میں ہے کہ عادیوں پر اتنی ہی ہوا کھولی گئی تھی جتنا انگوٹھی کا حلقہ ہوتا ہے۔ یہ ہوا پہلے دیہات والوں اور بادیہ نشینوں پر آئی وہاں سے شہری لوگوں پر آئی جسے دیکھ کر یہ کہنے لگے کہ یہ ابر جو ہماری طرف بڑھا چلا آ رہا ہے یہ ضرور ہم پر بارش برسائے گا لیکن اس میں جنگلی لوگ تھے جو ان شہریوں پر گرا دیے گئے تھے اور سب ہلاک ہو گئے۔ ہوا کے خزانچیوں پر ہوا کی سرکشی اس وقت اتنی تھی کہ دروازوں کے سوراخوں سے وہ نکلی جا رہی تھی۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ

بولے کیا تو آیا ہے ہمارے پاس کہ پھیر دے

اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

ہم کو ہمارے معبودوں سے سو لے آ ہم پر جو وعدہ کرتا ہے

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ

اگر ہے تو سچا ☆

**کافروں کا مطالبہ** ☆ یعنی ہم اپنے آبائی طریقہ سے ہٹنے والے نہیں اگر تو اپنی دھمکیوں میں سچا ہے تو دیر کیا ہے۔ جو زبان سے کہتا ہے کر کے دکھلا دے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ڮ

کہا یہ خبر تو اللہ ہی کو ہے

وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ

اور میں تو پہنچا دیتا ہوں تم کو جو کچھ دے کر بھیجا ہے میرے ہاتھ

وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ

لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ نادانی کرتے ہو ☆

**مطالبہ کا جواب** ☆ یعنی اس قسم کا مطالبہ کرنا تمہاری نادانی اور جہالت ہے۔ میں خدا کا پیغمبر ہوں جو پیغام میرے ہاتھ بھیجا گیا وہ پہنچا رہا ہوں اس سے زائد کا مجھے علم نہ اختیار۔ یہ علم خدا ہی کو ہے کہ کس قوم کو کس وقت دنیا کی سزا کی مستوجب ہوتی ہے اور کس وقت تک اسے مہلت ملنی چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

**الْعِلْمُ** ـ یعنی وقت عذاب کا علم۔

**عِنْدَ اللّٰهِ** ـ یعنی عذاب مقررہ وقت پر آئے گا۔ اگر اس وقت تک نہیں آیا تو اس سے یہ لازم نہیں کہ میں جھوٹا ہوں یا مجھے عذاب لانے میں کوئی دخل نہیں کہ جلد لانے کا طلب گار ہوں۔

**وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ** ـ یعنی پیام توحید احکام اور تمہارے ایمان نہ لانے کی صورت میں نزول عذاب کی اطلاع دے رہا ہوں جو مجھے تمہارے پاس بھیجا گیا ہے میں وہ تم کو پہنچا رہا ہوں۔

**قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ** ـ یعنی تم نہیں جانتے کہ علیم و قدیر نے پیغمبروں کو صرف تبلیغ توحید و احکام و ڈرانے کے لیے بھیجا ہے نہ کہ پیغمبر عذاب دینے والے ہوتے ہیں نہ نزول عذاب کی (پیغمبر کے) ہاں طلب کرنے والے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ

پھر جب دیکھا اس کو ابر سامنے آیا

اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ

ان کے نالوں کے بولے یہ ابر ہے

مُّمْطِرُنَا ۭ

ہم پر برسے گا ☆

**قوم عاد پر عذاب کے آنے کی کیفیت** ☆ یعنی سامنے سے

یہ بادل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ... سمجھے کہ سب [illegible] ... تھے۔ [illegible] ... اس وقت [illegible] ... کی ضرورت تھی۔ [illegible]

قوم عاد پر کئی سال سے بارش نہیں ہوئی تھی۔ جب بادل اپنے سامنے آتے دیکھا تو بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے یہ تو بادل آیا ہے جو ہم پر برسے گا۔ [illegible] حضرت ہود نے فرمایا یہ بادل نہیں بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے۔ یہ ایک آندھی ہے جس کے اندر دردناک عذاب ہے۔

سب سے پہلے عذاب ہونے کی شناخت ان کو اس وقت ہوئی جب بستی کے [illegible] ... اپنے گھروں [illegible] ... [illegible] سب لوگ [illegible] ... [illegible] آٹھ دن تک [illegible] ... [illegible] سمندر میں پھینک دیا [illegible] ... حضرت ہود [illegible] ... ایک محفوظ مقام میں داخل ہو گئے۔

حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ نے مسند احمد سے ایک روایت امام احمد بن حنبل کی مسند سے نقل کی ہے [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... کی طرف [illegible] ... [illegible] ... کی مرضی [illegible]

اے اللہ (اس کی ... ) [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible]

کہ مفہوم اشعار میں ... [illegible] ... سخر ہا علیہم سبع لیال وثمانیۃ ایام حسوما

علامہ آلوسیؒ نے ایک روایت [illegible] ... کہ سب سے پہلے اس عذاب [illegible] ... ایک [illegible] ... کی طرف [illegible] ... اٹھ رہے تھے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام نے جب محسوس کیا کہ یہ آندھی عذاب ہے [illegible] ... ایک خط کھینچ لیا [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible]

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ

بلکہ نہیں، یہ تو وہ چیز ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے

فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ

ہوا ہے کہ اس میں عذاب ہے دردناک

[illegible] ... عذاب الہٰی کی آندھی ہے ... جس کے لیے جلدی مچا رہے تھے۔ [illegible]

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا

اکھاڑ پھینکے ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے پھر کل [illegible]

لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ

کہ کوئی نظر نہیں آتا تھا سوائے [illegible] گھروں کے یوں ہم

نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

سزا دیتے ہیں [illegible] لوگوں کو ۲۵

عذاب [illegible] ... سلسلہ [illegible] ... خطرناک طوفان چلا جس کے سامنے [illegible] ... حقیقت [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible] ... [illegible]

[illegible] (تفسیر [illegible])

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ

اور ہم نے مقدور دیا تھا ان کو اس میں

اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ

جو تم کو نہیں دیا [illegible]

کفار مکہ کو نصیحت [illegible]

[illegible]

وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّ

اور ہم نے دیئے تھے ان کو کان اور آنکھیں اور

اَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ

دل پھر کام نہ آئے ان کے کان

وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ

اور نہ آنکھیں اور نہ ان کے دل

شَيْءٍ

کسی چیز میں

[illegible]

اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ

اس لئے کہ منکر ہوتے تھے اللہ کی باتوں سے اور الٹ پڑی

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ

ان پر جس بات سے کہ وہ ٹھٹھا کرتے تھے ☆☆

[illegible] (تفسیر [illegible])

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى

اور ہم غارت کر چکے ہیں جتنی تمہارے آس پاس ہیں بستیاں

قوم ثمود اور قوم لوط [illegible]

[illegible]

وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

اور طرح طرح سے پھیر کر سنائیں ان کو باتیں

يَرْجِعُوْنَ

تاکہ وہ باز آئیں

[illegible] (تفسیر [illegible])

مشرکین کو عبرت کی دعوت: [illegible]

[illegible]

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

پھر کیوں نہ مدد پہنچی ان کو ان لوگوں کی طرف سے جن کو پکڑا تھا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ

اللہ کے سوا [illegible]

ان بتوں کو [illegible]

اس کو قرب حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھا تھا (تفسیر عثمانی)

قُرْبَانًا اٰلِهَةً۔ یعنی اللہ کے سوا دوسرے جن کو انہوں نے معبود بنا رکھا تھا کہ ان کے ذریعہ سے اللہ کا قرب حاصل کر لیں گے جیسا کہ انہوں نے کہا تھا مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (تفسیر مظہری)

## بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ

کوئی نہیں گم ہو گئے ان سے ☆

اب بت کہاں گئے جو یقیناً ان کا کہیں پتہ نہیں۔ عذاب کے وقت ان کو پکارا جاتا ہے تو غائب ہو گئے جب جو ایسی مصیبت میں کسی کام نہیں آتے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۔ یعنی غائب ہو گئے (کھو گئے) مطلب یہ کہ عذاب نازل ہونے کے وقت غائب ہو گئے جس طرح کوئی غائب سے طلب مدد کرے تو اسی طرح ان معبودوں سے مدد طلب کرنی بھی بے کار تھی۔ (تفسیر مظہری)

## وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

اور یہ جھوٹ تھا ان کا اور جو باتیں بناتے تھے ☆

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے یہ بات بالکل ظاہر ہو گئی کہ وہ جن چیزوں پر اعتماد کر کے ان سے امیدیں قائم کرتے تھے محض جھوٹی اور من گھڑت باتیں تھیں، جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے کہ وہ چلے کیسے (ربط) اوپر کی آیات میں انسانوں کے غرور سرکشی کی داستان تھی۔ آگے اس کے مقابل جنوں کے اطاعت شعار و فرمانبرداری کا حال سنا دیا ہے۔ معلوم ہو کہ جو قوم خاص طور پر جس قدر اکثر سرکشی واقع ہوئی ہے اس کے بعض افراد کس طرح اللہ کا کلام سن کر موم ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ ذٰلِکَ سے اشارہ عذاب کی طرف ہے یعنی اہل مکہ پر ان کے جھوٹ کی سزا آئی ہے۔

وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ یعنی ان کا افترا۔ (تفسیر مظہری)

## وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ

اور جس وقت متوجہ کر دیے ہم نے تیری طرف کتنے ایک لوگ جنوں میں

## يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ

سننے لگے قرآن کو جب وہاں پہنچ گئے

## قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى

بولے چپ رہو پھر جب ختم ہوا الٹے پھرے

## قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ

اپنی قوم کو ڈر سناتے ہوئے ☆

**جنات کا مسلمان ہونا** بعثت محمدی سے قبل جنوں کو کچھ آسمانی خبریں معلوم ہو جاتی تھیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آنا شروع ہوئی تو وہ سلسلہ تقریباً بند ہو گیا اور بہت کثرت سے شہاب کی مار پڑنے لگی۔ جنوں کو خیال ہوا کہ ضرور کوئی نیا واقعہ ہوا ہے جس کی وجہ سے آسمانی خبروں پر بہت سخت پہرے بٹھائے گئے ہیں۔ اسی کی جستجو کے لیے جنوں کے مختلف گروہ مشرق و مغرب میں پھیل پڑے۔ ان میں سے ایک جماعت "بطن نخلہ" کی طرف گذری۔ وہاں اتفاق سے اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جنوں کی اس ٹکڑی کا رخ قرآن سننے کے لیے ادھر پھیر دیا۔ قرآن کی آواز انہیں بہت عجیب اور مؤثر معلوم ہوئی اور اس کی عظمت و ہیبت دلوں پر چھا گئی۔ آپس میں کہنے لگے کہ چپ رہو اور خاموشی کے ساتھ یہ کلام پاک سنو۔ آخر قرآن نے ان کے دلوں میں گھر کر لیا۔ وہ سمجھ گئے کہ یہی وہ چیز ہے جس نے جنوں کو آسمانی خبروں سے روکا ہے۔ بہرحال جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پڑھ کر فارغ ہوئے، یہ لوگ اپنے دلوں میں ایمان و یقین لے کر واپس گئے اور اپنی قوم کو نصیحت کی۔ اس کی مفصل حکایت "سورہ جن" میں آئے گی۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے آنے اور سننے جانے کا پتہ نہیں لگا۔ ایک درخت نے باذن اللہ گویا اجمالی اطلاع آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی اور مفصل حال اس کے بعد وحی کے ذریعہ سے معلوم کرایا گیا۔ کما قال تعالیٰ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ الخ (الجن رکوع ۱) بعدہ بہت بڑی تعداد میں جن مسلمان ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرنے اور دین سیکھنے کے لیے ان کے وفود حاضر خدمت ہوئے۔ غالباً یہ روایت میں وارد ہوئی ہے کہ چھ مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنوں سے ملاقات کی۔ اس لیے روایت میں جو اختلاف ان کے عدد یا مقام وغیرہ کے متعلق معلوم ہوتا ہے ان کو تعدد وقائع پر حمل کرنا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

### اہل مکہ جنوں سے بھی بڑھ کر سرکش ہیں

کفار مکہ باوجودیکہ آدم کی نسل تھے جو اشرف المخلوقات اور خدا نے ان کی طرف ہی علم بھیجا اور ان کی صلاحیت بہت زیادہ تھی، پھر بھی جن کے مقابلہ میں یہ بات ہے کہ وہ قوم تو جن ہیں شدت غرور اور سرکشی اور عنادی

جنات سے متاثر ہونے کا وصف ان میں زائد ہے لیکن اس قناعت نے جب قرآن کریم کی خوبی اور خوبی اثر سے ساتھ ہی تو فوراً ان کی طرف قلوب مائل ہو گئے اور قرآن کریم کی عظمت سے اس قدر متاثر ہوئے کہ حاضر وقت، فوراً انہی کا سر جھکا دیا اور نہ صرف یہ کہ خود ہدایت قبول کی بلکہ پھر اسی طرف پلٹ کر اپنی قوم کو بھی دعوت دی تو جس قصہ سے اول کر کے جنات اور قرآن سنی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ قرآن کریم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کس قدر متاثر و گرویدہ تھے۔ (معارف القرآن)

**جنات کے قرآن سننے کا واقعہ:** مسند احمد میں حضرت زبیرؓ سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ یہ واقعہ نخلہ کا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز عشاء ادا کر رہے تھے۔ یہ سب جنات سب آپ کے ارد گرد بھیڑ نما شکل میں کھڑے ہو گئے۔ ابن عباسؓ کی روایت میں ہے کہ یہ جنات نصیبین کے تھے تعداد میں سات تھے۔ کتاب دلائل النبوۃ میں جو روایت ابن عباسؓ مروی ہے کہ نہ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کو سنانے کی غرض سے قرآن پڑھا نہ آپ نے انہیں دیکھا۔ آپ تو اپنے صحابہ کے ساتھ عکاظ کے بازار جا رہے تھے۔ ادھر یہ ہوا تھا کہ شیاطین کے اور آسمان کی خبروں کے درمیان روک ہو گئی تھی اور ان پر شعلے برسنے شروع ہو گئے تھے۔ شیاطین نے آ کر اپنی قوم کو خبر دی تو انہوں نے کہا کوئی نہ کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہے۔ جاؤ تلاش کرو، یہ نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں کی جو جماعت عرب کی طرف متوجہ ہوئی تھی وہ جب یہاں پہنچی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوق عکاظ کی طرف جاتے ہوئے نخلہ میں اپنے اصحاب کو صبح کی نماز پڑھا رہے تھے۔ ان کے کانوں میں جب آپ کی تلاوت کی آواز پہنچی تو یہ ٹھہر گئے اور کان لگا کر بغور سننے لگے۔ اس کے بعد انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ بس یہی وہ چیز ہے جس کی وجہ سے تمہارا آسمان تک پہنچنا موقوف کر دیا گیا ہے۔ یہاں سے یہ فوراً ہی واپس لوٹ کر اپنی قوم کے پاس پہنچے اور ان سے کہنے لگے کہ ہم نے عجیب قرآن سنا جو بھلائی کا رہبر ہے۔ ہم تو اس پر ایمان لا چکے اور اقرار کرتے ہیں کہ اب ناممکن ہے کہ ہم خدا کے ساتھ کسی کو شریک کریں۔ اس واقعہ کی خبر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سورۂ جن میں دی۔ یہ حدیث بخاری و مسلم وغیرہ میں بھی ہے۔

**آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا:** سیرت ابن اسحاق میں محمد بن کعب کا ایک لمبا بیان منقول ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا طائف جانا، انہیں اسلام کی دعوت دینا ان کا انکار کرنا وغیرہ پورا واقعہ بیان ہے۔ حضرت حسن نے بھی وہ دعا بھی ذکر کیا ہے جو آپ نے اس تنگی کے وقت کی تھی وہ یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضَعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَاَنْتَ رَبِّيْ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ اِلٰى عَدُوٍّ يَتَجَهَّمُنِيْ اَمْ اِلٰى صَدِيْقٍ قَرِيْبٍ مَلَّكْتَهُ اَمْرِيْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ بِكَ غَضَبٌ عَلَيَّ فَلَا اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ يَّنْزِلَ بِيْ غَضَبُكَ اَوْ يَحِلَّ بِيْ سَخَطُكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ”الٰہی! کمزوری اور بے سروسامانی اور کس مپرسی کی شکایت صرف تیرے سامنے کرتا ہوں، اے ارحم الراحمین تو سب سے زیادہ رحم و کرم کرنے والا ہے اور کمزوروں کا رب تو ہی ہے۔ میرا پالنہار بھی تو ہی ہے۔ تو مجھے کس کو سونپ رہا ہے۔ کسی دور والے دشمن کو جو مجھے عاجز کر دے یا کسی قریب والے دوست کو جسے تو نے میرے ہر کام کا اختیار دے رکھا ہو اگر تیری کوئی خفگی مجھ پر نہ ہو تو مجھے اس درد و دکھ کی کوئی پرواہ نہیں لیکن تاہم اگر تو مجھے عافیت کے ساتھ ہی رکھے تو وہ میرے لئے بہت ہی راحت رساں ہے۔ میں تیرے چہرے کے اس نور کے باعث جس کی وجہ سے تمام اندھیریاں جگمگا اٹھی ہیں اور دین و دنیا کے تمام امور کی اصلاح کا مدار اسی پر ہے۔ تجھ سے اس بات کی پناہ طلب کرتا ہوں کہ مجھ پر تیرا غضب اور تیرا غصہ نازل ہو یا تیری ناراضگی مجھ پر آ جائے۔ مجھے تیری ہی رضامندی اور خوشنودی درکار ہے اور نیکی کرنے اور بدی سے بچنے کی طاقت تیری ہی مدد سے ہے۔“

## رات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جنوں کے پاس تشریف لے جانا

حضرت علقمہ حضرت ابن مسعودؓ سے پوچھتے ہیں کہ کیا تم میں سے کوئی اس رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا؟ تو آپ نے جواب دیا کہ کوئی نہ تھا۔ آپ رات بھر ہم سے غائب رہے اور ہمیں ہر وقت یہ خیال گذرتا رہتا تھا کہ شاید کسی دشمن نے آپ کو دھوکہ دے دیا ہو۔ آپ کے ساتھ کوئی ایسا ناخوشگوار واقعہ پیش آ گیا ہو۔ رات ہم نے بڑی بری طرح گزاری صبح صادق سے کچھ ہی پہلے ہم نے دیکھا کہ آپ غار حرا سے واپس آ رہے ہیں۔ ہم نے رات کی اپنی ساری کیفیت بیان کر دی تو آپ نے فرمایا میرے پاس جنات کا قاصد آیا تھا جس کے ساتھ جا کر میں نے انہیں قرآن سنایا۔ چنانچہ آپ ہمیں لے کر گئے اور ان کے نشانات اور ان کی آگ کے نشانات ہمیں دکھائے۔ روایت کی دوسری سند میں ہے کہ حضور نے فرمایا یہ وہ جنات جو آج مجھ سے ملے تھے یہ تمہارے دینی بھائی ہیں آج رات مجھ سے قرآن سننے کے لئے آنے والے جن اس شہر جزیرہ اور [illegible] کے تھے۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں اس جگہ گیا تو دیکھا کہ [illegible] ساتھ بیٹھے

کی نہ ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ جب جنات کا اژدھام ہو گیا تو ان کے سردار وردان نے کہا یا رسول اللہ میں انہیں ادھر ادھر کر کے آپ کو اس تکلیف سے بچا لیتا ہوں تو آپ نے فرمایا اللہ سے بڑھ کر مجھے کوئی بچانے والا نہیں۔

دوسری روایت میں ہے کہ اس رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کرام بہت ہی گھبرائے تھے اور تمام وادیوں اور گھاٹیوں میں تلاش کرتے رہے تھے۔ اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج رات میں جنات کو قرآن سناتا رہا اور جن کی بستی کے اسی شغل میں رات گزار دی۔ ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا تم میں سے کون ہے جو آج کی رات جنات کے امر میں میرے ساتھ رہے۔ پس میں موجود ہو گیا۔ آپ مجھے لے کر چلے جب مکہ شریف کے اونچے والے حصہ میں پہنچے تو آپ نے اپنے پاؤں سے ایک خط کھینچ دیا اور مجھ سے فرمایا اسی میں بیٹھے رہو۔ پھر آپ چلے اور ایک جگہ کھڑے ہو کر آپ نے قرأت شروع کی پھر تو اس قدر جماعت آپ کے ارد گرد کھڑی ہو گئی کہ میں تو آپ کی قرأت سننے سے بھی رہ گیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ جس طرح ابر کے ٹکڑے پھٹتے ہیں اسی طرح وہ ادھر ادھر جانے لگے اور یہاں تک کہ اب بہت تھوڑے رہ گئے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت فارغ ہوئے اور آپ وہاں سے دور نکل گئے اور حاجت سے فارغ ہو کر میرے پاس تشریف لائے اور پوچھنے لگے وہ باقی کے کہاں ہیں؟ میں نے کہا وہ یہ ہیں پس آپ نے انہیں ہڈی اور لید دی۔ پھر آپ نے مسلمانوں کو ان دونوں چیزوں سے استنجا کرنے سے منع فرما دیا۔

**نصیبین کے جن:** کہتے ہیں یہ جنات تعداد میں سات تھے۔ نصیبین کے تھے۔ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنوں کی طرف اپنا قاصد بنا کر بھیجا اور جو روایت نصیبین سے ان کے نام یہ ہیں حسی، حسا، منسی، ساصر، ناصر، الاردوبیان، الاحتم۔ ابو حمزہ ثمالی فرماتے ہیں انہیں بنو شیبان کہتے ہیں یہ قبیلہ جنات کے اور قبیلوں سے تعداد میں بہت زیادہ تھا اور یہ ان میں نسب کے بھی شریف مانے جاتے تھے عموماً یہ ابلیس کے لشکروں میں سے تھے۔

**ایک کاہن کی گواہی:** صحیح بخاری شریف کی یہ روایت بھی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس چیز کی نسبت جب کبھی کہتے کہ میرے خیال میں یہ اس طرح ہوگی تو وہ عموماً اسی طرح نکلتی۔ ایک مرتبہ آپ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک حسین شخص گزرا۔ آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا اگر میرا گمان غلط نہیں تو یہ شخص اپنے جاہلیت کے زمانے میں ان لوگوں کا کاہن تھا جاؤ اسے میرے پاس لاؤ۔ جب وہ آ گیا تو آپ نے اپنا یہ خیال اس پر ظاہر فرمایا۔ وہ کہنے لگا مسلمانوں میں اس ذہانت و فطانت کا کوئی شخص آج تک میری نظر سے نہیں گزرا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اب میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو مجھے کوئی خبر سنا۔ اس نے کہا جاہلیت کے زمانہ میں میں ان کا کاہن تھا میرے پاس میری جن جو سب سے زیادہ تعجب خیز خبر لایا وہ سنئے۔ میں ایک مرتبہ بازار میں جا رہا تھا کہ وہ آئی اور سخت گھبراہٹ میں تھی اور کہنے لگی کیا تو نے جنوں کی بربادی اور مایوسی اور ان کا پیچھے کے بعد پست ہو جانا اور ان کی ذلت نہیں دیکھی؟

**حضرت عمرؓ کی گواہی:** حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ سچ ہے ایک مرتبہ میں ان کے بتوں کے پاس سویا ہوا تھا ایک شخص نے وہاں ایک بچھڑا چڑھایا کہ اچانک ایک سخت پر زور آواز آئی کہ اتنی بلند اور کرخت آواز میں نے کبھی نہیں سنی۔ اس نے کہا اے جلیح نجات دینے والا امر آچکا ایک شخص ہے جو فصیح زبان سے لا الہ الا اللہ منادی کر رہا ہے۔ سب لوگ تو مارے ڈر کے بھاگ گئے لیکن میں وہیں بیٹھا رہا کہ دیکھوں اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟ کہ پھر وہی آواز آئی اور اس نے وہی کہا پس کچھ ہی دن گزرے تھے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی آوازیں ہمارے کانوں میں پڑنے لگیں۔ اس روایت کے ظاہری الفاظ سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ خود حضرت فاروقؓ نے یہ آواز اس ذبح شدہ بچھڑے سے سنی اور ایک ضعیف روایت میں صراحتاً یہ بھی آیا ہے لیکن باقی روایتیں اس پر متفق ہیں کہ اسی کاہن نے اپنے دیکھنے سننے کا ایک واقعہ بھی بیان کیا تھا۔ واللہ اعلم۔ امام بیہقیؒ نے یہی کہا ہے اور یہی کچھ ٹھیک معلوم ہوتا ہے۔ اس شخص کا نام سواد بن قارب تھا جو شخص اس واقعہ کی پوری تفصیل دیکھنا چاہتا ہو وہ میری کتاب سیرۃ عمر کو دیکھ لے وللہ الحمد والمنۃ۔ امام بیہقی فرماتے ہیں ممکن ہے یہی وہ کاہن ہو جس کا ذکر بغیر نام کے صحیح حدیث میں ہے۔

**سواد بن قارب کے اسلام لانے کا واقعہ**

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر نبوی پر ایک مرتبہ خطبہ سنا رہے تھے اسی میں پوچھا کیا سواد بن قارب یہاں موجود ہیں؟ لیکن کسی نے جواب نہ دیا۔ اس سال تک کسی نے ہاں نہیں کی اگلے سال آپ نے پھر پوچھا تو حضرت براءؓ نے کہا سواد بن قارب کون ہے؟ اس سے کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا ان کے اسلام لانے کا قصہ عجیب و غریب ہے ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں جو حضرت سواد بن قاربؓ آ گئے۔ حضرت عمرؓ نے ان سے کہا سواد اپنے اسلام کا ابتدائی قصہ کہو۔ آپ نے فرمایا سنئے میں ہند گیا ہوا تھا میرا ساتھی جن ایک رات میرے پاس آیا میں اس وقت سویا ہوا تھا مجھے اس نے جگا دیا اور کہا اٹھ اور اگر تجھ میں ہوش ہے تو سن لے اور سمجھ لے لوئی بن غالب میں سے خدا کے رسول مبعوث ہو چکے ہیں۔ میں جنات کی حس اور ان کے بوریے بستر باندھنے پر تعجب کر رہا ہوں اگر تو طالب ہدایت ہے تو فوراً آنحضرت کی طرف کوچ کر۔ سمجھ لے کہ بہتر اور بدتر جن یکساں نہیں۔ جا جلدی جا اور بنو ہاشم کے اس دلارے کے منہ مبارک سے

پر تھیں تو اس نے مجھے پھر غنودگی سی آ گئی تو اس نے مجھے دبایا اور کہنے لگا اے سواد بن قارب اللہ عزوجل نے اپنا رسول بھیج دیا ہے۔ تم ان کی خدمت میں پہنچو اور ہدایت اور بھلائی سمیٹ لو۔ دوسری رات پھر آیا اور مجھے جگا کر کہنے لگا مجھے جنات کے جستجو کرنے اور جلد جلد پالان اور جھولیں کسنے پر تعجب معلوم ہوتا ہے۔ مگر تو بھی ہدایت کی طلب سے ان کے کا قصد کر۔

تو اٹھ اور جلدی جلدی بنو ہاشم کے اس پسندیدہ شخص کی خدمت میں پہنچ اور اپنی آنکھیں اس کے دیدار سے منور کر۔ تیسری رات پھر آیا اور کہنے لگا مجھے جنات کے باخبر ہو جانے اور ان کے قافلوں کے فوراً تیار ہو جانے پر تعجب ہو رہا ہے۔ وہ سب کے سب ہدایت کے لئے مکہ کی طرف دوڑے جا رہے ہیں۔ ان میں کے برے بھلوں کی برابری نہیں کر سکتے تو بھی اٹھ اور اس بنو ہاشم کے چیدہ شخص کی طرف نگاہ کر۔ مومن جنات کافروں کی طرح نہیں۔ تین راتوں تک برابر یہی سنتا رہا۔ پھر تو میرے دل میں بھی دفعۃً اسلام کا ولولہ اٹھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وقعت اور محبت سے دل پر ہو گیا۔ میں نے اپنی سواری پر کجاوہ کسا اور بغیر کسی اور جگہ قیام کے سیدھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت شہر مکہ میں تھے اور لوگ آپ کے آس پاس ایسے تھے جیسے گھوڑے پر ایال۔ مجھے دیکھتے ہی نبی اللہ کے پیغمبر نے فرمایا سواد بن قارب کو مرحبا ہو آؤ ہمیں معلوم ہے کہ کیسے اور کس لئے اور کس کے کہنے سننے سے آ رہے ہو؟ میں نے کہا حضور! میں نے کچھ اشعار کہے ہیں اگر اجازت ہو تو پیش کروں؟ آپ نے فرمایا سواد شوق سے کہو تو حضرت سواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ اشعار پڑھے جن کا مضمون یہ ہے میرے پاس میرا جن میرے سو جانے کے بعد رات گئے آیا اور اس نے مجھے ایک سچی خبر پہنچائی تین راتیں برابر وہ میرے پاس آتا رہا اور ہر رات کہتا رہا کہ لؤی بن غالب میں اللہ کے رسول مبعوث ہو چکے ہیں۔ میں نے بھی سفر کی تیاری کر لی اور جلد جلد راہ طے کرتا یہاں پہنچ گیا ہوں اب میری گواہی ہے کہ بجز اللہ کے اور کوئی رب نہیں اور آپ اللہ کے امانت دار رسول ہیں۔ آپ سے شفاعت کا آسرا سب سے زیادہ ہے اے بہترین بزرگوں اور پاک لوگوں کی اولاد اے تمام رسولوں سے بہتر رسول جو حکم آپ کی جانب سے ہمیں پہنچیں گے وہ ہم سنیں گے اور مانیں گے گو وہ کتنے ہی مشکل اور طبیعت کے خلاف کیوں نہ ہوں ناممکن ہے کہ ہم سے ٹال دیں۔ آپ قیامت کے دن ضرور میری سفارشی بننا کیونکہ وہاں بجز آپ کے سواد بن قارب کا سفارشی اور کون ہو گا؟ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہنسے اور فرمانے لگے سواد تم نے فلاح پا لی۔ حضرت عمر نے یہ واقعہ سن کر پوچھا کیا وہ جن اب بھی تیرے پاس آتا ہے؟ اس نے کہا جب سے میں نے قرآن پڑھا وہ نہیں آتا اور اللہ کا بڑا شکر ہے کہ اس کے عوض میں نے رب کی پاک کتاب پائی۔

## حضرت ابن مسعودؓ کی زبانی لیلۃ الجن کا قصہ

اب جس حدیث کو ہم حافظ ابو نعیم کی کتاب دلائل النبوۃ سے نقل کرتے ہیں اس میں بھی اس کا بیان ہے کہ مدینہ شریف میں بھی جنات کا وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں باریاب ہوا تھا۔ حضرت عمرو بن غیلان ثقفی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جا کر ان سے دریافت کرتے ہیں کہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ جس رات جنات کا وفد حاضر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوا تھا اس رات حضور کے ساتھ آپ بھی تھے؟ جواب دیا کہ ہاں ٹھیک ہے۔ میں نے کہا ذرا واقعہ تو سنائیے۔ فرمایا صفہ والے مساکین صحابہ کو لوگ اپنے اپنے ساتھ رات کو کھلانے کے لئے لے گئے اور میں یونہی رہ گیا۔ میرے پاس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا۔ پوچھا کون ہے؟ میں نے کہا ابن مسعود۔ فرمایا تمہیں کوئی نہیں لے گیا کہ تم بھی کھا پی لیتے؟ میں نے جواب دیا مجھے کوئی نہیں لے گیا۔ فرمایا میرے ساتھ چلو شاید کچھ مل جائے تو دے دوں گا۔ میں ساتھ ہو لیا آپ حضرت ام سلمہؓ کے حجرے میں گئے۔ میں باہر ہی ٹھہر گیا۔ تھوڑی دیر میں اندر سے ایک لونڈی آئی اور کہنے لگی حضور فرماتے ہیں ہم نے اپنے گھر میں کوئی چیز نہیں پائی تم اپنی خواب گاہ میں چلے جاؤ۔ میں واپس مسجد میں آ گیا اور مسجد میں کنکریوں کا ایک چھوٹا سا ڈھیر کر کے اس پر سر رکھ کر اپنا کپڑا لپیٹ کر سو گیا۔ تھوڑی ہی دیر گزری ہو گی جو وہی لونڈی پھر آئی اور کہا رسول اللہ آپ کو یاد فرما رہے ہیں۔ میں ساتھ ہو لیا اور مجھے امید پیدا ہو گئی کہ اب تو کھانا ضرور ملے گا۔ جب میں اپنی جگہ پہنچا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے۔ آپ کے ہاتھ میں کھجور کے درخت کی ایک چھڑی تھی جسے میرے سینے پر رکھ کر فرمانے لگے جہاں میں جا رہا ہوں کیا تم بھی میرے ساتھ چلو گے؟ میں نے کہا جو اللہ نے چاہا۔ تین مرتبہ یہی سوال جواب ہوا۔ پھر آپ چلے اور میں بھی آپ کے ساتھ چلنے لگا۔ تھوڑی دیر میں بقیع غرقد پہنچے پھر قریب قریب وہی بیان ہے جو اوپر کی روایتوں میں گزر چکا ہے۔ اس کی اسناد غریب ہے اور اس کی سند میں ایک مبہم راوی ہے جن کا نام ذکر نہیں۔

## ایک شہید جن صحابی:

ابو نعیم میں ایک روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آئے اور کہنے لگے امیر المومنین میں ایک جنگل میں تھا میں نے دیکھا کہ دو سانپ آپس میں خوب لڑ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ ایک نے دوسرے کو مار ڈالا۔ اب میں انہیں چھوڑ کر جہاں معرکہ ہوا تھا وہاں گیا۔ دیکھا تو بہت سے سانپ قتل کئے ہوئے پڑے ہیں اور بعضوں سے اسلام کی خوشبو آ رہی ہے۔ میں نے ایک ایک کو سونگھنا شروع کیا۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا بلا شبہ وہ اللہ کے رسول ہیں حضرت عمرؓ نے کہا میں بھی شہادت دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسول ہیں۔ حضرت عمرؓ نے یہ بھی کہا کیا وہ ہم سے یہ نہیں کہتے تھے کہ ہم بیت اللہ پہنچیں گے اور طواف کریں گے حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیوں نہیں لیکن کیا انہوں نے تم کو یہ بھی بتایا تھا کہ اسی سال تم بیت اللہ پہنچو گے حضرت عمرؓ نے کہا نہیں حضرت ابوبکرؓ نے کہا تو پھر یقیناً تم بیت اللہ پہنچو گے اور طواف کرو گے۔

مذکورہ بالا شرائط صلح حضرت عمرؓ پر بڑی شاق تھیں چنانچہ صحیح روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا جب سے میں مسلمان ہوا مجھے کبھی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بات میں) شک نہیں ہوا۔ حضرت عمرؓ اسی روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جواب دہی کر رہے تھے (یہاں تک کہ ابو عبیدہؓ نے کہا ابن خطاب کے بیٹے کیا تم نہیں سنتے) تم کہو اعوذ باللہ من الشیطٰن چنانچہ حضرت عمرؓ کا بیان ہے میں نے اعوذ باللہ من الشیطٰن کہا ابن اسحاق اور ابن عمر و اسلمی کی روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا اس روز جو کچھ مجھ سے حرکت ہوئی اس کی معافی کے لئے میں (جب برابر) خیرات کرتا رہا روزے رکھتا اور نماز اور غلام آزاد کرتا رہا۔

معجزہ: امام احمد اور حاکم نے حضرت عبداللہ بن مغفل کی روایت سے اس حدیث میں یہ بھی بیان کیا ہے حضرت عبداللہ بن مغفل نے فرمایا ہم اسی حالت میں تھے کہ تیس مسلح جوان (یکایک سامنے آگئے) اور انہوں نے ہماری طرف حملہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے بددعا کی اللہ نے ان کو اندھا کر دیا۔ حاکم کی روایت میں ہے اللہ نے ان کی بصارت سلب کر لی ہم نے ان کو پکڑ لیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم کسی کی ذمہ داری میں آئے ہو یا تم کو کسی نے امان دی ہے انہوں نے کہا نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چھوڑ دیا اس پر آیت وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ نازل ہوئی۔

امام احمد مسلم اور ابن ابی شیبہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ اہل مکہ کے اسی (۸۰) مسلح آدمی کوہ تنعیم کی جانب سے اتر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے ان کا مقصد یہ تھا کہ اچانک حملہ کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کریں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے بددعا کی وہ پکڑے گئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف کر دیا (چھوڑ دیا)

بیہقی کی حدیث بھی عروہ کی مرسل روایت ہے اور مسلم اور محمد بن یحییٰ کے بیان میں خود حضرت سلمہ بن اکوعؓ کی روایت سے آیا ہے کہ حضرت سلمہؓ نے فرمایا جب میں نے اہل مکہ کے شریک ہونے کی خبر سنی تو تلوار سونت کر چار مشرکوں کی طرف گیا وہ سو رہے تھے میں نے ان کے ہتھیار لے لئے اور گٹھا کر کے ان کو رسول اللہ کی خدمت میں لے آیا (اس پر آیت) وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ (نازل ہوئی)۔

**حضرت ابو جندلؓ کا واقعہ:** کتابت صلح ابھی ہو ہی رہی تھی کہ ابو جندل بن سہیل بن عمرو اپنی بیڑیوں میں چلتے ہوئے (اہل مکہ کے) نشیب سے نکل کر پہنچے اور آتے ہی مسلمانوں کے سامنے گر پڑے ان کے باپ سہیل نے ان کو قید میں جکڑ رکھا تھا مسلمان فتح مکہ کے ساتھ مقدم کے متعلق خواب دیکھنے سے بے شک اور (معاف کرکے) رہائی پانے کی امید رکھتے تھے۔ سہیل نے یہ حالت دیکھی تو اٹھ کر بیٹے کی طرف گیا اور اس کے منہ پر تھپڑ مارا اور گریبان پکڑ لیا اور کہا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ پہلا واقعہ ہے جس کا میں آپ سے مطالبہ کرتا ہوں یہ معاہدہ کر لیا گیا تھا کہ (جو شخص ہم میں سے آپ کے پاس آ جائے گا) آپ اس کو واپس

[illegible]

## حضرت کعب بن عجرہ کا احرام

[illegible]

بقرہ کی اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں حصار (راستہ کی رکاوٹ) ہو جانے کی صورت کی وجہ سے رک جانے والے اور اس سے متعلق کچھ مسائل بیان کر دیے ہیں۔

**معجزہ:** مسلم نے حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت سے اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور بزار، ابو یعلیٰ، بیہقی نے حضرت ابو خنیس کی روایت سے اور ابو نعیم نے اپنے شیوخ کی سند سے بیان کیا کہ حدیبیہ سے واپسی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (بجیل) مرّالظہران میں اور ان کے علاوہ (دوسری منزل) عسفان میں کہیں پہنچ کر لوگوں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں رہا۔ صحابہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ شکایت کی اور عرض کیا کیا ہم کچھ اونٹ کو ذبح کر لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ایسا نہ کیجئے لوگوں کے پاس سواریاں رہیں زیادہ مناسب ہیں اگر کل کو دشمن سے مقابلہ ہو گیا اور ہم بھوکے بھی ہوئے اور پیدل بھی تو کیا ہوگا میری رائے یہ ہے کہ آپ کچھ لوگوں کے پاس کھانے کی چیز رہ گئی ہو وہ طلب کر لیں پھر برکت کی دعا کریں امید ہے کہ خدا آپ کی دعا سے ہم کو (منزل مقصود تک) پہنچا دے گا۔ حضرت عمر کے مشورہ کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سامان کھانے کا (کسی کے پاس) باقی رہ گیا تھا طلب فرمایا اور چمڑے کا ایک دسترخوان بچھا دیا سب سے زیادہ لانے والا ایک شخص تھا جو ایک صاع (تقریباً چار سیر) چھوارے لایا تھا لوگوں کے پاس کھانے کی جو چیز تھی وہ سب دسترخوان پر جمع کر دی گئی پھر حضور نے کھڑے ہو کر جو کچھ خدا نے چاہا (برکت کی) دعا کی نتیجہ یہ ہوا کہ سب نے پیٹ بھر کر کھایا اور اپنے برتن بھی بھر لئے اور چیزیں جتنی تھیں اتنی ہی رہیں۔ حضور والا یہ دیکھ کر ہنس دیئے اتنے کہ کچلیاں دکھائی دیں حضرت سلمہ بن اکوع نے اندازہ کیا کہ ہم اس روز تقریباً ۱۴۰۰ آدمی تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں جو بندہ ان دونوں (توحید و رسالت) پر ایمان رکھے گا وہ دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

**ابوبصیر کا واقعہ:** امام احمد، بخاری، ابوداؤد اور نسائی نے حضرت مسور بن مخرمہ کی روایت سے اور بیہقی نے زہری کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حدیبیہ سے مدینہ آگئے تو ابوبصیر عتبہ بن اسید ثقفی مکہ سے بھاگ کر مسلمان ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے۔ خاندان بنی زہرہ کا حلیف تھا اخنس بن شریق ثقفی اور ازہر بن عبد عوف زہری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص خنیس بن جابر عامری کے ہاتھ بھیجا جس میں گزشتہ معاہدہ کا ذکر کر کے درخواست کی کہ ابوبصیر کو واپس بھیج دیا جائے۔ ابوبصیر کے پہنچنے کے تین روز بعد عامری اپنے غلام کے ساتھ جس کا نام کوثر تھا خط لے کر پہنچا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر کو حکم دیا کہ ان دونوں کے ساتھ چلے جاؤ۔ تم واقف ہو کہ ہم نے ان لوگوں سے معاہدہ کیا ہے اور ہمارے مذہب میں عہد شکنی جائز نہیں۔ خدا تمہارے لئے اور تمہارے ساتھ دوسرے مسلمانوں کے لئے کوئی کشائش اور رہائی کا راستہ پیدا کرے گا۔ غرض دونوں شخص ابوبصیر کو لے کر ذوالحلیفہ پہنچ گئے یہاں پہنچ کر ابوبصیر نے مسجد میں دو رکعت نماز ظہر پڑھی اور نماز کے بعد جو کچھ کھانے کا سامان ساتھ لائے تھے کھانے لگے اور عامری کو اور اس کے ساتھی کو بھی کھانے میں شریک ہونے کی دعوت دی وہ دونوں بھی آ گئے اور کھانے کے بعد عامری کے پاس تلوار کو دیکھ کر کہنے لگے۔ عامری نے تلوار نیام سے نکال لی اور کہا میں اس تلوار سے کئی دن تک اوس و خزرج کو مارتا رہوں گا ابوبصیر نے کہا کیا تمہاری تلوار واقعی تیز ہے عامری نے کہا ہاں ابوبصیر نے کہا مجھے ذرا دکھاؤ عامری نے ابوبصیر کے ہاتھ میں تلوار دے دی ابوبصیر نے جب تلوار قبضہ میں لے لی تو عامری پر ایسی ضرب ماری کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا کوثر بھاگ کر مدینے پہنچا اور مسجد میں گھس گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے کوثر نے کہا میرے ساتھی کو قتل کر دیا گیا اور میں بچ کر آیا ہوں ورنہ میں بھی مارا جاتا۔ غرض کوثر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی اور ابھی وہ فریاد کر ہی رہا تھا کہ ابوبصیر عامری کے اونٹ پر سوار ہو کر آ گیا۔ اونٹ کو مسجد کے باہر بٹھایا اور خود تلوار لٹکائے ہوئے اسی حالت میں مسجد میں آ گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے تو اپنا ذمہ پورا کر دیا اور اللہ نے آپ سے یہ ذمہ داری ادا کرا دی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دشمن کے ہاتھ میں دے دیا لیکن میں اپنے دین کی وجہ سے مصیبت میں پڑنے سے محفوظ رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افسوس یہ لڑائی کی آگ بھڑکا دے گا اگر کوئی اس کا (مددگار) مل گیا۔ ابوبصیر نے عامری کا مال جس پر اس نے قتل کرنے کے بعد قبضہ کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تاکہ آپ اس مال میں سے پانچواں حصہ لے لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں ان میں سے خمس لے لوں گا تو وہ لوگ خیال کریں گے کہ میں نے ان سے کیا ہوا عہد پورا نہیں کیا تم جانو اور تمہارا مال اور جہاں چاہو چلے جاؤ۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء کا اثر قریشیوں کا خود اپنی شرط سے دستبردار ہونا

صحیح روایت میں آیا ہے کہ ابوبصیر نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی کہ تو لڑائی کی آگ بھڑکانے والا ہے تو انہوں نے سمجھ لیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ضرور واپس کر دیں گے اس لئے ابوبصیر اور ان کے ساتھ وہ پانچ آدمی جو مکہ سے ان کے ساتھ مدینہ میں آئے تھے اور کسی نے ان کی رہائش بھی نہیں کی تھی نکل کر چل دیے اور ساحل سمندر میں پہنچ کر عیص اور ذی

طرح وہ سب مل کر قریش کے قافلے کا راستہ روک کر بیٹھ گئے تھے جو مسلمان ہو کر بھاگتا وہ ابوبصیر کے پاس پہنچ جاتا اور جب ابوجندل کو اطلاع ملی تو وہ بھی چھپ کر نکل گئے اور ابوبصیر کے پاس پہنچ گئے۔

محمد بن عمرو کا بیان ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے مکہ کے مسلمانوں کو لکھا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر کے متعلق فرمایا تھا افسوس ہے اس کی ماں کے لئے، اگر اس کے ساتھ کچھ لوگ ہوتے تو یہ جنگ بھڑکا دیتا (یعنی اگر کچھ لوگ اس کی مدد کو موجود ہوتے) حضرت عمر نے یہ بھی اطلاع دی تھی کہ ابوبصیر سمندر کے ساحل پر مقیم ہے۔ اور ابوجندل بن سہیل جس کو حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس مشرکوں کو دے دیا تھا وہ بھی تقریباً ستر سواروں کے ساتھ جو مسلمان ہو گئے تھے ابوجندل کے ساتھ ہو گئے اور سب جا کر ابوبصیر سے مل گئے کیونکہ ابوجندل نے ابوبصیر کے پاس رہنا پسند کیا۔ ابوبصیر نے ان سب کی سرداری ابوجندل کے سپرد کر دی کیونکہ ابوجندل قرشی تھے وہی نماز کی امامت کرتے تھے۔ ابوجندل کی خبر سن کر قبائل غفار، اسلم، جہینہ اور متفرق قبائل کے کچھ لوگ فرار ہو کر ان کے پاس جمع ہو گئے یہاں تک کہ ان کی تعداد تین سو تک پہنچ گئی۔ بے دینی زہری نے بیان کیا ہے قریش کا جو قافلہ ادھر سے گزرتا یہ لوگ اس کا مال چھین لیتے تھے اور قافلہ والوں کو قتل کر دیتے تھے آخر قریش نے تنگ آ کر (ابوسفیان کو) رسول اللہ کے پاس بھیجا۔ قریش نے ابوسفیان بن حرب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیج کر یہ پیغام دیا کہ ابوبصیر اور اس کے ساتھیوں کو آپ (اپنے پاس) بلا لیں، آئندہ ہمارا جو آدمی آپ کے پاس چلا جائے آپ اس کو روک لیں آپ کے لئے روک لینا جائز ہوگا۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خط ابوبصیر وابوجندل کے نام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر و ابوجندل کو لکھ بھیجا کہ تم دونوں میرے پاس آ جاؤ اور وہ سب مسلمان جو تمہارے ساتھ ہیں ان کو حکم دے دو کہ وہ اپنی اپنی بستیوں کو اور اپنے گھروں کو لوٹ جائیں اور قریش کی یا ان کے قافلوں کی طرف سے کسی سے کوئی تعرض نہ کریں۔ ابوبصیر کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ گرامی اس وقت پہنچا جب ان کا آخری وقت تھا جان کنی کی حالت تھی ہاتھ میں خط لے کر پڑھ رہے تھے اسی حالت میں وفات ہو گئی ابوجندل نے ان کو اسی جگہ دفن کر دیا اور ان کی قبر کے قریب مسجد بنا لی۔ اس کے بعد ابوجندل اپنے ساتھیوں کو ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے اور باقی لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے صلح حدیبیہ کا قصہ ختم ہونے کے بعد جب ابوجندل بھاگ کر مسلمانوں کے پاس آ گئے تو کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ دیا تھا کہ ابوجندل کو باپ کے حوالے نہ کیا جائے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس کر دیا تھا اب جب کہ قریش کی درخواست پر ابوجندل کو واپس مدینہ آنے کی اجازت مل گئی تو قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی اور جو فرمایا گیا تھا اور رسول کی فرمانبرداری پر صحابہ میں ان کے لئے حکم سے خوشی کو پیدا کر دیا گیا۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وعدہ کا پورا ہونا

جب یہ واقعہ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جو تم لوگوں سے وعدہ کیا تھا وہ بھی ہو گیا اور جب فتح مکہ کے دن کعبہ کی کنجی دستیاب ہوئی تو حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا یہ وہی ہے جو میں نے تم لوگوں سے کہا تھا۔ اور حجۃ الوداع کے زمانہ میں عرفات میں تھے اس وقت بھی حضرت عمر نے یاد دلایا یہ وہی ہے جو میں نے تم لوگوں سے کہا تھا۔

## صلح حدیبیہ سے بڑھ کر کوئی فتح نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی ارشاد فرمایا صلح حدیبیہ سے بڑی کوئی فتح نہیں ہوئی حضرت ابوبکر فرماتے تھے اسلام میں صلح حدیبیہ سے بڑھ کر کوئی فتح نہیں ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے رب کے درمیان جو معاملہ طے ہوا لوگوں کی عقلیں اس کو سمجھنے سے قاصر رہیں۔ لیکن اللہ ان کی عجلت (بے صبری) کی وجہ سے جلدی نہیں کرتا جب تمام امور اللہ کی مشیت کے مطابق ہو جاتے ہیں تو وہ کرتا ہے میں نے حجۃ الوداع میں سہیل بن عمرو کو قربان گاہ کے قریب کھڑے ہوئے دیکھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کے اونٹ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب لاتے تھے اور آپ اپنے ہاتھ سے ان کو ذبح کر رہے تھے پھر حجام کو طلب فرما کر آپ نے سر منڈایا اس وقت میں نے سہیل کو دیکھا کہ سہیل بن عمرو بالوں کو چن چن کر اپنی آنکھوں پر رکھ رہے تھے اور مجھے یاد ہے کہ حدیبیہ کے دن بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھنے سے انہوں نے انکار کیا تھا لیکن انہوں نے شکر کیا کہ اللہ نے ان کو اسلام کی توفیق عطا فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ |
| پھر جو کوئی قول توڑ دے سو توڑتا ہے اپنے نقصان کو |
| وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ |
| اور جو کوئی پورا کرے اس چیز کو جس پر اقرار کیا اللہ |
| فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا (١٠) |
| سے تو وہ اس کو دے گا اجر بڑا |

یعنی بیعت کے وقت جو قول اقرار کیا ہے اگر کوئی اس کو توڑے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا اللہ و رسول کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتا۔ اس کو عہد شکنی کی سزا

سے نہیں اور جس نے استقامت دکھائی اور اپنے عہد پیمان کو مضبوطی کے ساتھ پورا کیا تو اللہ اسے بھی بہت بڑا اجر دے گا۔ (تفسیر حقانی)

وفی ذلک ۔ یعنی جو بیعت پوری کرے گا۔

فسیؤتیہ اجرا عظیما ۔ یعنی جنت یا اللہ کی خوشنودی اور اس کا دیدار (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ |
| اب کہیں گے تجھ سے پیچھے رہ جانے والے |
| الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا |
| گنوار کہ ہم مشغول رہے اپنے مالوں کے |
| وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا |
| اور گھر والوں کے سو ہمارا گناہ بخشوا |

## منافقوں کے اندیشے اور بہانے

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] کو ساتھ چلنے کے لئے تیار کیا تو [illegible] دوسرے [illegible] کا احساس ہوا [illegible] اور اپنے [illegible] کہنے لگے کہ بھلا [illegible] طرف جائیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر [illegible] کے ساتھیوں کو قتل کر چکی اب ہمارے گھر [illegible] سے نکلیں گے [illegible] اور ان کے ساتھی اس سفر سے واپس آنے والے نہیں [illegible] دیں گے ان آیات میں حق تعالیٰ نے ان کے نفاق [illegible] آپ کو مدینہ پہنچنے سے قبل ہی مطلع کر دیا کہ تمہارے [illegible] دیہاتی اپنی غیر حاضری کے جھوٹے عذر اور حیلے بہانے کرتے ہوئے آئیں گے اور کہیں گے کہ ہم کو گھر بار کے دھندوں سے فرصت نہ ملی کوئی پیچھے گھر والوں کی خبر لینے والا نہ تھا بہرحال ہم سے قصور ضرور ہوا آپ اللہ سے ہمارا قصور معاف کرا دیجئے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي |
| وہ کہتے ہیں اپنی زبان سے جو نہیں ہے |
| قُلُوبِهِمْ |
| دل میں ان کے |

جھوٹی ظاہرداری ۔ یعنی [illegible] زبان سے کہتے ہیں [illegible] استغفار کی درخواست کرنا بھی محض ظاہرداری ہے دل سے نہیں [illegible] تو سمجھتے ہیں کہ اس کی ضرورت ہی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ |
| تو کہہ کون ہے کہ کچھ بس چلے تمہارا اللہ سے تمہارے |
| شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ |
| واسطے اگر وہ چاہے تمہارا نقصان یا چاہے |
| بِكُمْ نَفْعًا بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا |
| تمہارا فائدہ بلکہ اللہ ہے تمہارے |
| تَعْمَلُونَ خَبِيرًا |
| سب کاموں سے خبردار |

**حیلہ تراشی کا جواب** یعنی کسی ہر طرح نفع نقصان خدا کے قبضہ میں ہے کسی کی حیثیت نہیں کہ اس کے سامنے کسی کا کچھ بھی چلا سکے فرض کیجئے تم اس سفر میں رسول کی شرکت کرتے تو نقصان پہنچ جانا تھا، سمجھے کہ [illegible] ہم نہ جانے سے بچ گئے ۔ [illegible] وہ ان سے تمہاری حیلہ تراشی سے قبل ہی کام ان جھوٹے [illegible] حال انہی نے ارادہ کر لیا ہے کہ تمہارے مال اور گھر والوں کی حفاظت کی وجہ سے شرکت نہ ہو سکی [illegible] ۔ کیا خدا اگر تمہیں ان کی طرف سے تم کو نقصان پہنچانا چاہے تو کوئی بچا سکتا ہے [illegible] اور گھروالوں کی حفاظت کی وجہ سے شرکت نہ ہو سکی کیا خدا اگر تم پر سے مال اولاد وغیرہ میں نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے تم گھر بیٹھے روک دو گے ۔ یا نفع پہنچانا چاہے تو کوئی دنیا میں کوئی روک سکتا ہے [illegible] میں مشغول کیا اسے کوئی روک سکتا ہے ۔ جب نفع نقصان کا فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کے مقابلہ میں اہل و عیال کو ترجیح دینا سخت حماقت و ضلالت ہے۔ ان حیلوں بہانوں سے مت سمجھو کہ اللہ خوش ہو جائے گا بلکہ یاد رکھو کہ تمہارے سب اگلے پچھلے اعمال و احوال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ |
| کوئی نہیں تم نے تو خیال کیا تھا کہ پھر کر نہ آئے گا رسول |

وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ

[illegible]

ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ

[illegible]

وَكُنتُمْ قَوْمًا بُورًا

[illegible]

[illegible]

وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

[illegible]

فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا وَلِلَّهِ

[illegible]

مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَن

[illegible]

يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَكَانَ اللَّهُ

[illegible]

غَفُورًا رَّحِيمًا

[illegible]

[illegible]

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَىٰ

[illegible]

مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ

[illegible]

يُرِيدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ قُل

[illegible]

لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن

[illegible]

قَبْلُ

[illegible]

### غزوہ خیبر سے متعلق منافقوں کا رویہ

[illegible]

کیا یا استثنا جاہل وہ کیا جو نبی کی طرف منسوب نہیں ہے (تفسیر مظہری)

## ایک اشکال اور اس کا جواب

رہی یہ بات کہ جب مسلمان اتنے ہی دور تھے تو مکہ میں زبردستی کیوں داخل نہ ہو گئے تو اس کی وجہ یہی تھی کہ قریش پر اللہ نے رحم فرمایا کہ اپنے رسول کو اور مسلمانوں کو داخل ہونے سے روک دیا جیسے قریش پر رحم کرنے کے سبب باقی رہنے والے مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا تھا کیونکہ اللہ کو یہ علم تھا کہ آئندہ قریش کے اکثر لوگ مسلمان ہو جائیں گے اور ان کی نسل سے بہت سے مؤمن پیدا ہوں گے ایک بات یہ بھی تھی کہ مسلمان مکہ میں زبردستی گھستے اور جنگ ہوتی تو وہاں کچھ مسلمان مرد اور عورتیں بھی پوشیدہ تھے جو حملہ کرنے والوں کو معلوم نہیں تھا ان کے ہلاکت میں پڑ جانے کی وجہ سے بھی رکاوٹ تھی کہ مسلمانوں نے زبردستی داخل ہونے کی کوشش نہیں کی اور اللہ نے یہ باقی رکھا۔

قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا یعنی صرف نفی کے طور پر یہ پیشین گوئی ہے کہ یہ لوگ مال غنیمت کی لالچ میں تمہارے ساتھ جانے کی بات کریں گے مگر اللہ نے پہلے سے فرما دیا کہ یہ تو کوشش ہو گی مگر یہ پیشین گوئی فرمائی کہ یہ جہاد سے ساتھ جانے کی کوشش کریں گے اور ہرگز ساتھ نہیں جا سکیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا |
| پھر اب کہیں گے کہ نہیں تم تو جلتے ہو ہمارے حصہ لینے سے ☆ |

**منافقوں کی چرب زبانی** ☆ یعنی اللہ نے تم کو کوئی منع نہیں فرمایا بلکہ یہ وجہ ہے کہ ہمارا فائدہ نہ ہو سب مال غنیمت تم کو ہی ملے تمہارے ہی ہاتھ آ جائے۔ (تفسیر حقانی)

| |
|---|
| بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا |
| کوئی نہیں پر وہ نہیں سمجھتے ہیں مگر تھوڑا سا ☆ |

**منافق احمق ہیں** ☆ یعنی بہت تھوڑی سمجھ ہے احمق ہیں یہی سمجھ کر مسلمانوں سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ اللہ کے حکم کو حسد پر محمول کرتے ہیں اور پیغمبر اسلام پر حسد کا جھوٹا الزام لگاتے ہیں۔ (تفسیر حقانی)

| |
|---|
| قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ |
| کہہ دے پیچھے رہ جانے والے گنواروں سے |

| |
|---|
| سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ |
| آئندہ تم کو بلائیں گے ایک قوم پر جو بڑے سخت لڑنے والے |
| شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ |
| تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہوں گے |
| فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا |
| پھر اگر حکم مانو گے دے گا تم کو اللہ بدلہ اچھا ☆ |

## منافقوں کے جھوٹے شوق کی تسکین ☆

یعنی اگر لڑائی کا شوق ہے تو لڑائی میں جانے کے بہت مواقع آگے پیش آنے والے ہیں جہاں سخت جنگجو قوموں سے مسلمانوں کے مقابلے ہوں گے جن کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ وہ قومیں مسلمان ہو کر یا جزیہ دے کر اسلام کی مطیع نہ ہو جائیں۔ اگر واقعی تم کو شوق جہاد ہے تو اس وقت میدان میں آ کر شجاعت دکھلانا۔ اس موقع پر خدا کا حکم مانو گے تو اللہ بہتر بدلہ دے گا (تنبیہ) ان جنگجو قوموں سے "بنو حنیفہ" وغیرہ مراد ہیں جو "مسیلمہ کذاب" کی قوم تھی یا "ہوازن و ثقیف" وغیرہ جن سے حنین میں مقابلہ ہوا یا وہ مرتدین جن پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فوج کشی کی۔ یا فارس و روم اور ترک وغیرہ جن سے خلفائے راشدین کے زمانہ میں لڑائیاں ہوئیں۔ ان میں سے بہت سے لوگ بڑے مسلمان ہوئے اور مال غنیمت بھی بہت آیا۔ (تفسیر عثمانی)

## اسلام کی تین شرطیں (۱) اسلام (۲) لڑائی (۳) جزیہ

تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ یعنی دونوں باتوں میں سے ایک ہو گی قتل یا اسلام۔ مراد یہ ہے کہ دونوں میں سے ایک بات ہونی ضرور ہے یا تو ان سے جنگ کرتے رہو یا وہ اسلام لے آئیں تیسری بات نہیں ہو سکتی ان سے جزیہ نہیں لیا جا سکتا۔ یہ حکم صرف عرب کے مشرکوں اور مرتد ہونے والے مسلمانوں کے لئے خاص تھا۔ اہل اسلام اور دوسری قوموں کے لئے تین صورتیں تھیں جنگ، اسلام یا جزیہ۔

## شیخین کی خلافت کی طرف اشارہ

اس تفسیر پر حضرت ابوبکر کی خلافت کا برحق ہونا اس آیت سے ثابت ہو جائے گا۔ کیونکہ مرتدوں سے جہاد کرنے کی آپ ہی نے مسلمانوں کو دعوت دی لیکن حضرت ابن عباس مجاہد عطاء اور ابن جریج کے نزدیک قوم سے مراد

[illegible]

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت:

[illegible]

[illegible]

## مسلمانوں کے نام حضرت ابوبکر صدیقؓ کا خط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[illegible]

آپ کے خط کا اثر: [illegible]

گے۔ یہ روایت قرطبی۔ اسی طرح حضرت عثمان غنیؓ نے عبداللہ بن ابی سرح کی کمک کے لئے جبکہ انہوں نے وہاں کے بادشاہ سے جنگ چھیڑی اعراب کو بلایا۔ اور یہ واقعہ بھی مشہور ہے۔ تو یہ تمام تفصیلات اسی امر کو ثابت کر رہی ہیں کہ وہ بلانا جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے وہ انہی خلفاء کے عہد کا ہے اور ان میں سے ہر ایک خلیفہ راشد تھا ان کی طرف سے جہاد کی دعوت حکم شرعی تھا اس کا انکار قرآنی فیصلہ تھا جس پر اجر کا وعدہ دیا گیا اور ان کے حکم کی خلاف ورزی عذاب خداوندی کا سبب تھا۔ (معارف کاندھلوی)

**جنگجو قوم سے مراد:** حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں اس سے مراد کرد لوگ ہیں۔ ایک مرفوع حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ تم ایک ایسی قوم سے لڑائی نہ کرو گے جن کی آنکھیں چھوٹی چھوٹی ہوں گی اور ناک بیٹھی ہوئی ہوگی ان کے منہ مثل تہ بہ تہ ڈھالوں کے ہوں گے۔ حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں اس سے مراد ترک ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ تمہیں ایک قوم سے جہاد کرنا پڑے گا جن کی جوتیاں بالوں والی ہوں گی۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں اس سے مراد کرد لوگ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

## جنگجو قوموں سے مقابلے دور خلافت میں ہوئے

ارشاد فرمایا سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ یعنی ایک ایسا وقت آنے والا ہے جبکہ تمہیں جہاد کی دعوت دی جائے گی اور یہ جہاد ایک بڑی سخت جنگجو قوم کے ساتھ ہوگا۔ اور تاریخ اسلام شاہد ہے کہ یہ واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں پیش نہیں آیا کیونکہ اول تو آپ کا اس کے بعد اعراب کو کسی غزوہ میں دعوت شرکت دینا ثابت نہیں دوسرا یہ کہ بعد کسی ایسی قوم سے مقابلہ کی نوبت نہیں آئی جو ایسے بہادر اور سخت ہوں جیسا قرآن نے ذکر فرمایا ہے کیونکہ غزوۂ تبوک میں اگرچہ مقابلہ ایسی قوم سے تھا مگر نہ اس غزوہ میں اعراب کو دعوت دینا ثابت ہے اور نہ ہمیں قتال کی نوبت آئی کیونکہ مقابل آدمیوں پر اللہ نے رعب ڈال دیا وہ مقابلہ پر نہیں آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ بغیر قتال کے واپس آئے اور غزوۂ حنین میں بھی نہ ان کو دعوت دینا ثابت ہے اور نہ اس وقت مقابل کوئی ایسی قوم تھی جو بڑی سخت اور ساز و سامان والی ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

| |
|---|
| وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ |
| اور اگر پلٹ جاؤ گے جیسے پلٹ گئے تھے |
| قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۶﴾ |
| پہلی بار دے گا تم کو ایک عذاب دردناک ☆ |

دینگی ☆ یعنی جیسے پہلے "حدیبیہ" جانے سے پیچھے ہٹ گئے تھے اگر آئندہ بھی معرکوں سے پیچھے ہٹے تو سخت دردناک سزا ہوگی شاید آخرت سے پہلے دنیا ہی میں مل جائے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى |
| اندھے پر تکلیف نہیں اور نہ لنگڑے پر |
| الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ |
| تکلیف اور نہ بیمار پر تکلیف ☆ |

☆ یعنی جہاد ان معذوروں پر فرض نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ |
| اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا اور اس کے رسول کا اس کو |
| جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ |
| داخل کریگا باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں |
| وَمَنْ يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۷﴾ |
| اور جو کوئی پلٹ جائے اس کو عذاب دیگا دردناک ☆ |

☆ یعنی تمام احکام اور معاملات میں یہی ضابطہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ |
| تحقیق اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے |
| إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ |
| جب بیعت کرنے لگے تجھ سے اس درخت کے نیچے ☆ |

بیعت رضوان ☆ جو کیکر کا درخت تھا حدیبیہ میں ہوا تھا۔

"لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ" ایسا فرمانے کی وجہ سے ہی اس بیعت کو بیعت الرضوان کہتے ہیں شروع سورت میں اس کا مفصل قصہ گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

**صحابہ کی تعریف:** اس آیت سے مقصود مومنوں کی تعریف اور مدح ہے جو گزشتہ کلام سے ملا ہوا ہے جو بیعت پر ابھی تک کی تفصیل تھا۔

پہلے بیان ہو چکا ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہؓ نے فرمایا ہم حدیبیہ کے دن ایک

جہنم میں داخل نہ ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ آج روئے زمین میں سب سے بہتر ہو۔ مسلم نے حضرت جابرؓ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے۔ جن لوگوں نے درخت کے نیچے بیعت کر لی تھی ان میں سے کوئی دوزخ میں نہیں جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

## اہل عراق کا جھوٹ اور حضرت عثمانؓ کی فضیلت

عراقی لوگوں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں گستاخی کی جب ۲ ... اور ... تشیع کا سلسلہ شروع کیا تو انہوں نے حضرت عثمانؓ پر الزامات اور تہمتوں کی ایک فہرست تیار کی ہوئی تھی اور ... کے مطابق ... یہ بات بھی کہتے کہ عثمانؓ تو بیعت رضوان میں غیر حاضر رہے تو ایک عراقی نے عبداللہ بن عمرؓ کے سامنے ... یہ بات ... پوچھا، کیا عثمانؓ ... میں نہیں تھے۔ انہوں نے ... بیعت رضوان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تھی ... فرمایا میں تجھے اس کی حقیقت بتاتا ہوں اور یہ واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمانے لگے اس بیعت میں جو لوگ حاضر تھے تو انہوں نے اپنے ہاتھوں سے بیعت کی تھی لیکن جب عثمانؓ کی بیعت کی نوبت آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے ہاتھ کو عثمانؓ کے ہاتھ کے قائم مقام قرار دیا۔ خدا کی قسم ہم سب کی بیعت سے افضل عثمانؓ کی بیعت تھی۔ (بخاری جلد ... کتاب المناقب ...)

## صحابہ کرام پر طعن وتشنیع اور ان کی لغزشوں میں غور وبحث اس آیت کے خلاف ہے

تفسیر مظہری میں فرمایا کہ جن خیار امت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور رضا کا اعلان فرما دیا ہے اگر ان سے کوئی لغزش یا گناہ ہوا بھی ہو تو یہ آیت اس کے معاف کا اعلان ہے۔ پھر ان کے معاملات کو ... تفتیش ... غور و بحث و مباحثہ کا میدان بنا لینا ... اس آیت کی مخالفت ہے۔ یہ آیت روافض کے قول کی واضح تردید ہے جو ابوبکر و عمرؓ اور دوسرے صحابہ پر کفر و نفاق کے الزام لگاتے ہیں۔

**شجرۂ رضوان:** شجرہ جس کا ذکر اس آیت میں آیا ہے ایک ببول کا درخت تھا اور مشہور یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کچھ لوگ ... اس درخت کے نیچے نمازیں پڑھتے تھے۔ حضرت فاروق اعظمؓ کو خطرہ ہوا کہ کہیں آئندہ آنے والے جاہل اسی درخت کی پرستش نہ شروع کر دیں جیسے پچھلی امتوں میں اس طرح کے واقعات ہوئے ہیں اس لئے اس درخت کو کٹوا دیا۔ مگر صحیحین میں ہے کہ حضرت طارق بن عبدالرحمن فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حج کے لئے گیا تو راستہ میں میرا گذر ایسے لوگوں پر ہوا جو ایک مقام پر جمع تھے اور نماز پڑھ رہے تھے میں نے ان سے پوچھا کہ یہ کونسی مسجد ہے کہنے لگے یہ وہی درخت ہے جس کے نیچے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت رضوان لی تھی۔ میں اس کے بعد حضرت سعید بن مسیبؒ کے پاس حاضر ہوا اور ان کو اس واقعہ کی خبر دی، انہوں نے فرمایا کہ میرے والد ان لوگوں میں سے تھے جو اس بیعت رضوان میں شریک ہوئے تھے، انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ ہم جب اگلے سال مکہ مکرمہ حاضر ہوئے تو ہم نے وہ درخت تلاش کیا مگر ہمیں معلوم نہیں ہوا۔ پھر سعید بن مسیبؒ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جو خود اس بیعت میں شریک تھے ان کو تو پتہ نہیں لگا تم لوگوں کو اس کا علم ہو گیا، عجیب بات ہے کیا تم ان سے زیادہ واقف ہو۔ (روح المعانی) اس سے معلوم ہوا کہ بعد میں لوگوں نے محض اپنے تخمینہ اور اندازہ سے کسی درخت کو متعین کر لیا اور اس کے نیچے حاضر ہو کر نمازیں پڑھنا شروع کر دیں۔ فاروق اعظمؓ کو بھی معلوم تھا کہ یہ وہ درخت نہیں پھر خطرہ ... شرک کا لاحق ہو گیا ... اس لئے اس کو قطع کرا دیا کیا بعید ہے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

| |
|---|
| فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ |
| تو معلوم کیا جو ان کے دلوں میں تھا |

صحابہ کی دلی کیفیت جو اللہ تعالیٰ جانتا تھا یعنی دل کا خلوص، حسن نیت، صدق و اخلاص اور ... تفسیر بیان القرآن میں ہے ... فعلم ما فی قلوبہم سے یہی مراد لیا ہے ... صلح کی شرائط سے ان کے دلوں میں جو رنج و غم اور اضطراب پیدا ہوا تھا ... فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ ... (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ |
| پھر اتارا ان پر اطمینان |
| وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا |
| اور انعام دی ان کو ایک فتح نزدیک |
| وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا |
| اور بہت غنیمتیں جن کو وہ لیں گے |

یہ فتح خیبر کی ہے جو حدیبیہ سے واپس آنے کے بعد ہوئی اور مال غنیمت بہت ... سے صحابہؓ سرفراز ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ ... اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں اطمینان پیدا کر دیا کہ حضور قلب

سے، تو وہ تمام عمر ساکن مشغول رہے اور جنگ حنین یا حدیبیہ کی تجویز کرنے کے بعد ہی بہاں گم ہو گئے۔

**فتح خیبر کتنے عرصہ بعد ہوئی:** ابن عائذ نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ حدیبیہ سے واپس آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں قیام فرمایا جمعہ کی شب ہوا۔ تو مروتاپ باپ تقب ہوئیں کا قول نقل کیا ہے کہ بیس روز قیام فرمایا۔ ابن اسحاق نے بحوالہ مسور و مروان بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذی الحجہ میں مدینہ میں تشریف فرما ہوئے اور محرم تک قیام پذیر رہے محرم میں خیبر کی طرف روانہ ہوئے اور فتح خیبر صفر کے مہینہ میں ہوئی۔ کذا فی التحاوی نلو البدی حافظ نے یہاں روایت ثابت ہے۔ حاکم نے بھی واقدی سے یہی نقل کیا ہے۔

**خیبر کی غنیمتیں:** بخاری نے لکھا ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا خیبر فتح ہو گیا تو ہم نے کہا اب ہم پیٹ بھر کر چھوارے کھایا کریں گے۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا جب تک خیبر کی فتح نہ ہوئی ہم نے پیٹ بھر کر چھوارے نہیں کھائے۔

حافظ محمد بن یوسف صالحی نے کہا خیبر میں ایک قطعہ تھا جس میں قلعے تھے کمرے اور بکثرت نخلستان تھے مدینہ سے آٹھ منزل کی مسافت پر شمال کی طرف تھیں، یہ سب مسلمانوں کے ہاتھ آ گئے۔

**مغانم کثیرۃ کی وضاحت کی وجہ:** صلح حدیبیہ کے بعد مسلمانوں کو جب بظاہر آگے اللہ (یعنی) کوئی فتح حاصل نہیں ہوئی (اس سے جو دل شکستگی پیدا ہوئی اس کا اللہ تعالیٰ نے ازالہ فرمایا اور) تسلی دینے کے لئے مغانم کثیرہ حاصل ہونے کی صراحت فرما دی۔ (تفسیر مظہری)

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

اور ہے اللہ زبردست حکمت والا۔

جو کچھ اپنے زور اور حکمت سے حدیبیہ کی صلح میں بظاہر دب کر اس طرح کا فتح مند رہیں کیا زبردست مسلمان ہے۔

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

وعدہ کیا ہے تم سے اللہ نے بہت غنیمتوں کا

تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ

کہ تم ان کو لو گے سو جلدی پہنچا دی تم کو یہ غنیمت

**مستقبل کے نقشے:** ہیں تاکہ مکمل اور بے شمار غنیمتیں ملنے والی ہیں ان میں کا یہ ایک حصہ تم کو خیبر میں مل رہا ہے۔ (تفسیر حقانی)

وحی الٰہی صرف قرآن میں منحصر نہیں: قرآن کے علاوہ بھی بذریعہ وحی احکام آتے ہیں اور احادیث رسول بھی کلام اللہ کے حکم میں ہیں جیسا کہ فرمایا: آیت مذکورہ میں اہل حدیبیہ کا وعدہ جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وہ قرآن میں کہیں مذکور نہیں بلکہ یہ تخصیص اہل حدیبیہ جو اللہ تعالیٰ نے وحی غیر متلو کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سفر حدیبیہ میں فرمایا تھا اسی کو اس جگہ کلام اللہ اور قال اللہ کے الفاظ سے تعبیر فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ علاوہ قرآن کے جو احکام احادیث صحیحہ میں مذکور ہیں وہ بھی اس آیت کی تصریح سے کلام اللہ اور قول اللہ میں داخل ہیں۔

جو لوگ ان احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجت دین نہیں مانتے وہ اس آیت کے الفاظ کو گول کرنے کے لئے کہنے لگے کہ یہ معاملہ تو اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ سفر حدیبیہ کے قریب ہی نزول وحی ہے چنانچہ قرآن میں موجود ہیں وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا اور باتفاق مفسرین یہاں فتح قریب سے فتح خیبر مراد ہے تو اس طرح قرآن میں فتح خیبر کا اور اس کے مال غنیمت اہل حدیبیہ کے لئے مخصوص ہونے کا ذکر آ گیا اس لئے اس کو کلام اللہ اور قال اللہ سے مراد ہو سکتی ہے تو حقیقت یہ ہے کہ اس آیت میں غنیمت کا وعدہ تو ہے مگر یہ کہیں ذکر نہیں کہ یہ غنیمت اہل حدیبیہ کے ساتھ مخصوص ہوگی دوسرے اس میں شریک نہ ہو سکیں گے یہ تخصیص تو صرف حدیث رسول ہی سے معلوم ہوئی جس کو کلام اللہ اور قول اللہ کا مصداق قرار دیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ

اور روک دیا لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے ☆

**یعنی** مدد دینے والی قوم تو خاموش رہے اور حدیبیہ یا خیبر میں کفار کے ہاتھوں سے تم کو کچھ ضرر نہ پہنچ پایا اور تمہاری غیبت میں تمہارے اہل و عیال وغیرہ پر کوئی دست درازی نہ کر سکا۔ (تفسیر عثمانی)

ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ بنی غطفان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف یہودیوں کی مدد کو چلے تھے جب انہوں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کے قریب فروکش ہیں تو یہودیوں کی مدد کرنے کے لئے نکل کھڑے ہوئے اور روانہ ہو گئے لیکن ابھی راستہ ہی میں انہوں نے (اپنی بستی کے اندر) اپنے اہل و عیال میں کچھ آہٹ سی محسوس کی تو خیال کیا کہ مسلمان وہاں جا پہنچے فوراً پیچھے قدم لوٹ پڑے اور بال بچوں کی حفاظت میں لگے رہے اور

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خیبر تک پہنچنے کا راستہ خالی کر دیا۔

ابن اسحاق اور واقدی نے بروایت سعید بن مسیّب بیان کیا کہ عیینہ کے باپ عیینہ بن حصن کے لشکر میں جو غطفان کے سواروں سے بھرا ہوا تھا جب آواز آئی کہ تمہارے پیچھے گھر والوں کی عورتوں پر حملہ کر دیا گیا ہے یہ آواز سنتے ہی لوگ لوٹ پڑے، کسی کو کسی طرف سے حملہ نہیں ہوا نہ کسی کو دیکھا۔ ہمارا خیال ہے کہ وہ آواز آسمان سے آئی تھی۔

بعض اہل تفسیر نے کَفَّ اَیْدِیَ النَّاسِ کا یہ مطلب بیان کیا کہ یہود کی دست درازی کو روک دیا۔ (تفسیر مظہری)

## وَلِتَكُونَ آيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ

اور تاکہ یہ نمونہ ہو قدرت کا مسلمانوں کے واسطے

## مسلمانوں کے لئے قدرت الٰہی کی نشانی

یعنی مسلمان سمجھیں کہ اللہ کی قدرت کیسی ہے اور ان کا حامی کس طرح ان کا ساتھ دیتا ہے اور اپنے وعدے پورے کرتا ہے۔

## وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا

اور چلائے تم کو سیدھی راہ

یعنی اللہ کے وعدہ پر توکل اور اس کی امداد پر بھروسہ رکھنے کی راہ پر چلائے اور کسی حالت میں بھی مایوس نہ ہوں۔ (تفسیر مظہری)

## غزوۂ خیبر کے واقعہ کی تفصیلات

امام احمد، ابن خزیمہ اور حاکم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں سباع بن عرفطہ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا۔

**یہودِ مدینہ کی پریشانی:** جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسلمانوں نے (خیبر کو روانہ ہونے کی) تیاری کر لی تو مدینہ کے یہودیوں کو پریشانی ہوئی تاکہ مدینہ کے جس یہودی کا کسی مسلمان پر کچھ حق (قرض) تھا وہ یہودی اس مسلمان سے چمٹ گیا (کہ میرا قرض ادا کر دو)۔

امام احمد و طبرانی نے ابن عمرؓ سے جو حدیث بیان کی ہے اس میں آیا ہے کہ ابوعبسؓ نے فرمایا کہ ہمارے پاس کچھ نہیں تھا نہ کھانے کو سامان تھا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے پاس خرچ نہیں ہے، حضور نے اپنے بدن سے ایک چادر عطا فرمائی۔ میں نے سنا ہے کہ خیبر کی وادی میں ایسی ہی ہوگی جیسی تم دیکھ رہے ہو۔ پہاڑوں کی طرف سے پہنچے تو آپ نے فرمایا (ان کے علاوہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو خیبر میں بھی

جو لوگ بیمار رہتے تھے وہ بھی غنیمت لوٹنے میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور حالت بیان کی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رونا تو یہی ہے کہ تم نے دیکھا نہیں، جن لوگوں کو جنت کی ہوا لگ گئی۔

**مقام صہباء میں قیام:** جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کے قریب مقام صہباء میں پہنچے تو (سب سامان کھانے کا منگوایا) پھر عصر کی نماز پڑھ کر کھانا طلب فرمایا لیکن حضور کی خدمت میں صرف ستو پیش کئے گئے (کسی کے پاس اور کچھ نہیں تھا) آپ نے ستو کو پانی سے تر کیا اور خود بھی کھائے اور ہم نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ستو کھائے پھر آپ نے نماز پڑھی (بخاری) امام احمد نے یہ روایت بخاری کی سند سے بیان کی ہے کہ پھر حضور وہاں سے چل کر رات کو خیبر پہنچے، رات کا وقت تھا (رجیع کے ایک) قرار گاہ آپ کے اصحاب نے پڑاؤ کیا، رات کو وہیں ٹھہرے رہے، اور (رجیع) خیبر کے قریب ہی ایک جگہ ہے۔

**یہودیوں کا غلط خیال:** یہودیوں کا گمان تو یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جنگ کیسے کریں گے کیونکہ یہودیوں میں قوت بھی تھی، اسلحہ بھی تھے اور تعداد بھی (بہت) تھی، جب ان کو معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہو گئے ہیں تو وہ سب دس ہزار جنگجو جوان تھے۔ (خیبر سے) نکل کر قطار در قطار کھڑے ہو گئے، جب مسلمانوں کے سامنے آئے تو وہ کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال ہے کہ وہ ہم سے لڑیں گے، ان کو آنا بہت دور کی بات ہے اور ان کا یہی معمول تھا۔

جس رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے میدان میں اترے اس رات کو یہودیوں نے کوئی حرکت ہی نہیں کی، سب غافل بے خبر پڑے سوتے رہے، مرغ نے بھی بانگ نہیں دی یہاں تک کہ صبح ہو گئی تو ان کے دل بے حد دہل گئے اور قلعوں کے دروازے کھول کر باہر آ گئے۔

**حملہ:** بخاری کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کو رات کو پہنچے اور آپ کا دستور تھا کہ اگر کسی قوم پر (حملہ کرنے کے لئے) رات کو پہنچتے تھے تو صبح سے پہلے حملہ نہیں کرتے تھے، صبح ہو جاتی اور بستی سے اذان کی آواز سنائی دیتی تو حملہ نہیں کرتے تھے اور اذان کی آواز نہ آتی تو حملہ کر دیتے تھے۔ ہم نے فجر کی نماز تڑکے سے پڑھ لی، اذان کی آواز نہیں آئی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھی مسلمان بھی سوار ہو گئے، بستی والے اپنے ٹوکرے اور کسیاں لے کر کھیتوں پر جانے کے لئے باہر نکلے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو پشت پھیر کر بھاگ پڑے اور چلانے لگے، اور یہ اللہ اکبر بھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر فرمایا: اللہ اکبر خیبر تباہ ہو گیا، ہم جب (کسی قوم کے) میدان میں اترتے ہیں (تو ان کی

تنگی سے گزارتے ہیں۔ لیکن وہ نہیں مانتے) تو ان لوگوں کو قتل کردیا جاتا ہے جن کی سرکشی ہوتی ہے البتہ جو لوگ صلح کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آغاز جہاد خیبر کے باشندوں سے کیا۔ مسلمانوں کی صف بندی کی اور ان کو نصیحت کردی کہ میری اجازت سے پہلے لڑائی شروع نہ کرنا۔

**نافرمان کے لئے جنت نہیں ہے:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ابو زرعہ نے نقل کیا ہے کہ اشجع کے ایک آدمی نے ایک یہودی پر حملہ کردیا اس یہودی نے حملہ کیا اور مسلمان کو قتل کردیا لوگوں نے کہا فلاں شخص شہید ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنگ کی میں نے ممانعت کردی تھی اس کے بعد اس نے یہودی پر حملہ کردیا مسلمانوں سے کہا گیا پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک منادی کو حکم دیا کہ وہ ندا کردے کسی نافرمان کے لئے جنت حلال نہیں۔

**عافیت کی دعا مانگو:** طبرانی نے حضرت جابر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا دشمن سے جنگ کی تمنا نہ کرو اور اللہ سے عافیت کی دعا کرتے رہو کیونکہ تم کو معلوم نہیں کہ (جنگ میں) تم کو کیا صورت پیش آئے گی ہاں جب مڈبھیڑ ہو ہی جائے گی تو دعا کرنا کہ اے اللہ ہمارے اور ان کے مالک ہماری اور ان کی پیشانیاں تیرے قبضہ میں ہیں تو ہی ان کو قتل کرے گا پھر زمین سے چمٹ کر بیٹھ جاؤ اور جب وہ تم پر حملہ کر دیں تو اٹھ کھڑے ہو اور اللہ اکبر کہو۔ الحدیث۔

**سب سے پہلا محاصرہ:** واقدی اور محمد بن عمر وغیرہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈے تقسیم کردیئے (ہر دستہ کا ایک جھنڈا مقرر کردیا) اور لوگوں کو لڑنے کی اجازت دے دی اور جمے رہنے کی ترغیب دی۔ سب سے اول جس قلعہ کا محاصرہ کیا وہ ناعم نطاۃ کا قلعہ تھا جہاں سخت جنگ ہوئی اہل نطاۃ نے شدید ترین جنگ کی شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجیع کو لوٹ آئے اسی طرح صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جھنڈے لے کر نکلتے تھے اور شام کو واپس آ جاتے تھے) آخر اللہ نے وہ قلعہ فتح کرادیا۔

**بخار اور اس کا علاج:** بیہقی، ابو نعیم اور محمد بن عمر کی روایت ہے کہ جب مسلمان خیبر تک پہنچے تو ان ایام میں کھجوریں پکی تھیں مسلمانوں کو ان کے کھانے سے بخار آ گیا لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تو فرمایا پانی مشکیزوں میں بھر کر ٹھنڈا کرو اور فجر کی دونوں اذانوں کے درمیان بسم اللہ کہہ کر پانی (اپنے اوپر) بہاؤ۔ مسلمانوں نے حکم کی تعمیل کی فوراً (ایسے) چست ہو گئے جیسے کسی بندش میں تھے اور وہ کھل گئی (گویا اونٹ کا زانو بند کھل گیا اور وہ چستی کے ساتھ کھڑا ہوگیا)۔

**دوسرا محاصرہ:** ناعم کی فتح کے بعد مسلمانوں نے صعب بن معاذ کے قلعہ کا محاصرہ کیا۔ محمد بن عمر نے ابو یسر کعب بن عمرو کی روایت سے بیان کیا ہے کہ یہ قلعہ (صعب) مضبوط قلعہ تھا مسلمانوں نے تین روز تک اس کا محاصرہ کیا۔

## غذائی سامان کی قلت اور دعا کی قبولیت

ابن اسحاق نے قبیلہ اسلم کے ایک آدمی کے حوالہ سے اور محمد بن عمر نے معتب اسلمی کے بیان سے نقل کیا ہے معتب نے کہا ہمارے قبیلہ اسلم والوں کو شدت بھوک نے ستا رکھا تھا یہاں تک کہ ہم خیبر میں پہنچے اور دس روز تک حصن نطاۃ کے محاصرہ پر جمے رہے لیکن کوئی ایسا مقام جہاں کھانے کی کوئی چیز ہوتی فتح نہیں ہوا لوگوں نے اسماء بن حارثہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اسماء نے جا کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ والوں نے آپ کو سلام کہا ہے اور عرض کیا ہے کہ ہم سخت بھوک کی تکلیف میں مبتلا ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قبضہ میں کوئی ایسی چیز نہیں کہ میں ان کو کھانے کے لئے دے سکوں پھر فرمایا اے اللہ سب سے بڑا قلعہ جس میں سب سے زیادہ چربی ہو فتح کرادے یہ دعا کرنے کے بعد جھنڈا حباب بن منذر کو عطا فرمایا اور لوگوں کو حباب کے جھنڈے کے نیچے جمع ہونے کی دعوت دی راوی کا بیان ہے کہ ہم (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت سے) لوٹنے بھی نہ پائے تھے کہ اللہ نے صعب بن معاذ کے قلعہ کی فتح عنایت کردی خیبر میں اس سے بڑھ کر (غذائی رسد والا) اتنا موٹا چربی والا کوئی قلعہ نہیں تھا۔

**دو بدو مقابلہ:** حباب کا مقابلہ کرنے کے لئے یوشع یہودی باہر نکلا تھا حباب نے اس کو قتل کردیا پھر زیال نکل کر آیا اس کو عمارہ بن عقبہ غفاری نے جا لیا اس پر لوگوں نے کہا اس کا جہاد بیکار گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس پر کوئی گناہ بھی نہیں ہوا (کہ اس نے حباب کے حریف کو حباب سے پہلے ہی قتل کردیا) بلکہ اس کو اجر ملے گا وہاں کا عمل قابل ستائش ہے۔

**صعب قلعہ سے غذائی اشیاء کا ملنا:** محمد بن عمر نے حضرت جابر کی روایت سے بیان کیا کہ صعب کے قلعہ کے اندر مسلمانوں کو اتنی کثرت سے کھانے کی چیزیں ملیں جن کا ان کو گمان بھی نہیں تھا جو چھوارے گھی شہد تیل وغیرہ (ہر چیز بافراط ہاتھ آئی) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے ندا کی کھاؤ اور چارہ دو لیکن اپنے ساتھ لاد کر مت لے جاؤ یعنی یہاں سے اٹھا کر اپنی بستیوں میں مت لے جانا۔

## تیسرا محاصرہ اور یہودی کا فتح کے لئے راستہ بتانا

بیہقی نے محمد بن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ یہودی حصن ناعم اور حصن صعب سے منتقل ہو کر قلعہ زبیر پر چلے گئے (پہاڑی کی وہ چوٹی جو حصن نطاۃ کے حصہ میں آتی تھی قلعہ زبیر اسی چوٹی پر بنا ہوا ہے) اس چوٹی پر ایک قلعہ تھا مسلمانوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کیا اور تین روز محاصرہ قائم رکھا ایک یہودی

جس کا نام غزال تھا (پیشہ ور ...) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ابوالقاسم میں آپ کو ایک تدبیر بتاتا ہوں جس سے اہل حصن کے جھگڑے سے آپ کو راحت مل جائے گی بشرطیکہ مجھے مع اہل و عیال کے امن دیا جائے اور ان کے ساتھ شق کو چلے جانے کی آپ اجازت دے دیں کیونکہ شق میں رہنے والے آپ کے رعب سے مرعوب ہو گئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مع اہل و عیال اور بچوں کے امن دے دیا۔ یہودی نے کہا اگر آپ ایک مہینہ تک یہاں پڑے رہیں گے تب بھی اہل حصن کو کچھ پرواہ نہ ہوگی کیونکہ زمین کے اندر ان کے پاس پانی جمع ہے رات کو نکل کر وہ پی جاتے ہیں اور وہیں سے پانی لے آتے ہیں اگر آپ پانی تک پہنچ کر ان کا راستہ بند کر دیں تو وہ (بے تاب ہو کر) باہر نکل پڑیں گے (حسب مشورہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جا کر ان کے پانی کا سلسلہ منقطع کر دیا پانی کا راستہ بند کیا تو وہ لوگ باہر نکل آئے اور سخت ترین مقابلہ کیا اس روز کی لڑائی میں چند مسلمان شہید ہو گئے اور کچھ یہودی مارے گئے اور قلعہ فتح ہو گیا نطاۃ کا یہ آخری قلعہ تھا۔

**[illegible] قلعہ پر حملہ:** نطاۃ سے فارغ ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شق کی طرف متوجہ ہوئے شق میں متعدد قلعے تھے سب سے پہلے جس قلعہ کو [illegible] کہا جاتا تھا اس سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا رخ کیا یہودیوں نے سخت ترین مقابلہ کیا۔ ایک یہودی جس کو غزال کہا جاتا تھا مقابلہ کے لئے نکلا حباب بن منذر نے اس کو قتل کر دیا پھر دوسرا یہودی نکل کر آیا اس کو ابودجانہ نے قتل کر دیا اور اس کی زرہ اور تلوار لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] دے دی۔ اس کے بعد یہودی میدان میں نکل کر مقابلہ کرنے سے رک گئے۔ مسلمانوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور گڑھی پر حملہ کر دیا اور اندر گھس گئے۔ حضرت ابودجانہ آگے آگے تھے۔ وہاں مسلمانوں کو بڑا مال اسباب بکریاں ملیں اور قلعہ والے جو جنگجو لوگ تھے سب بھاگ کر نزار (قلعہ کا نام) میں چلے گئے۔ نطاۃ میں جو لوگ باقی رہ گئے تھے وہ بھی نزار میں آ گئے اور وہاں یہودیوں کے ساتھ قلعہ بند ہو گئے۔

**قلعہ نزار پر حملہ اور معجزۂ نبوی:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی محاصرہ کر لیا (نزار کی طرف) [illegible] کی [illegible] جگہ کی اہل قلعہ نے مسلمانوں پر تیروں اور پتھروں کی بارش کر دی کچھ تیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھی آئے [illegible] آپ نے کنکریاں مٹھی میں لے کر [illegible] قلعہ پر پھینکیں [illegible] قلعہ لرز گیا [illegible] مسلمان اندر داخل ہو گئے اور قلعہ [illegible] نطاۃ اور شق کے قلعے فتح ہو گئے تو جو لوگ باقی رہ گئے تھے وہ کتیبہ کی گڑھیوں کی طرف بھاگ گئے۔

**قموص پر حملہ:** خیبر کی گڑھیوں میں سب سے بڑی گڑھی قموص تھی جو بڑی مضبوط اور محفوظ تھی ابن ابی شیبہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا محاصرہ [illegible] بیس راتوں تک محاصرہ رہا۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف

شیخین نے حضرت سہل بن سعد کی روایت سے اور بخاری و ابونعیم نے حضرت سلمہ بن الاکوع کی روایت سے اور ابونعیم نے حضرت عمر، حضرت ابن عباس، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت عمران بن حصین اور حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت سے اور مسلم و بیہقی نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے اور احمد و ابو یعلی و بیہقی نے حضرت علی کی روایت سے اور ابونعیم و بیہقی نے حضرت بریدہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (درد) شقیقہ (آدھے سر کا درد) لاحق ہو جاتا تھا جس کی وجہ سے ایک دو روز آپ باہر تشریف نہیں لاتے تھے جب خیبر میں فروکش ہوئے تو (ایسا ہی ہوا آپ کو) شقیقہ شروع ہو گیا۔

**لڑائی:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو اپنا جھنڈا دے کر بھیجا حضرت ابوبکر نے جھنڈا لے کر سخت لڑائی کی [illegible] [illegible] حضرت علی کی روایت میں آیا ہے کہ [illegible] شروع [illegible] کا [illegible] پہنچا۔

**فتح کے ہاتھ میں جھنڈا:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی اطلاع ملی تو فرمایا کل میں یہ جھنڈا اس کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح عنایت فرمائے گا وہ میدان سے بھاگنے والا نہ ہوگا اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے والا ہوگا اور بزور فتح حاصل کرے گا۔ حضرت بریدہ کا بیان ہے [illegible] قربانیوں کے بعد دل کو یقین ہو گیا کہ کل فتح حاصل ہو جائے گی [illegible] رات بھر سوچتے رہے کہ کل جھنڈا کس کو دیا جائے گا صبح ہوئی تو لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں [illegible] ہر ایک کو خواہش تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو جھنڈا عطا فرمائیں۔ حضرت بریدہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا اس روز کے علاوہ مجھے کبھی امارت کی خواہش نہیں ہوئی کہ مجھے امیر بنایا جائے۔ صبح کو فجر کی نماز کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا طلب فرمایا اور کھڑے ہو کر [illegible] نصیحت فرمائی پھر فرمایا علی کہاں ہیں لوگوں نے کہا ان کی آنکھیں آ گئی ہیں [illegible] لانے کے لئے بھیجا گیا حضرت سلمہ کا بیان ہے کہ میں حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر لے آیا۔

**معجزہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کو کیا ہوا حضرت علی نے عرض [illegible]

دی پھر آنکھیں ٹھیک ہو گئیں اتنی کہ گویا کبھی کوئی تکلیف ہی نہیں ہوئی تھی۔ ایک روایت میں حضرت علیؓ کا بیان آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا سر اپنی گود میں لیا پھر اپنا لعاب دہن دست مبارک میں لے کر میری آنکھوں میں مل دیا اسی وقت میری آنکھیں ایسی ہو گئیں گویا کبھی دکھی ہی نہ تھیں پس اس کے بعد وفات تک حضرت علیؓ کی آنکھیں کبھی نہیں دکھیں۔

**حضرت علیؓ کو نصیحت:** اس واقعہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا ان کو عطا فرمایا۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ان سے یہاں تک لڑوں گا کہ وہ ہماری طرح (مسلمان) ہو جائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آہستہ چال سے چل کر جاؤ جب ان کے علاقہ میں پہنچ جاؤ تو ان کو اسلام کی دعوت دو اور ان کو بتاؤ کہ ان پر اللہ کے کیا حقوق ہیں۔ خدا کی قسم اگر تمہارے ذریعہ سے اللہ ایک آدمی کو بھی ہدایت کر دے تو یہ سرخ اونٹوں سے بھی تمہارے لئے زیادہ بہتر (مفید) ہوگا۔ حضرت علیؓ جھنڈا لے کر چلے اور قلعہ کے نیچے پہنچ کر جھنڈا زمین میں گاڑ دیا۔ ایک یہودی نے قلعہ کے اوپر سے سر باہر نکال کر دیکھا اور پوچھا آپ کون ہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا میں علی بن ابو طالب ہوں۔ یہودی نے کہا قسم ہے اس کی جس نے موسیٰ پر توریت نازل کی تم غالب آ گئے۔ حضرت علیؓ فتح کر کے ہی لوٹے۔

**دو بدو مقابلہ، حضرت علیؓ کی شجاعت:** محمد بن عمرو نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ خیبر کے قلعہ سے جو سب سے پہلے باہر نکل کر آیا حضرت علیؓ سے مقابلہ کرنے والا وہ مرحب کا بھائی حارث تھا حضرت علیؓ نے اس کو قتل کر دیا اس کے ساتھی قلعہ کے اندر واپس لوٹ گئے پھر عامر قلعہ سے برآمد ہوا یہ دراز قامت جسیم آدمی تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عامر پانچ ہاتھ کا ہے تم دیکھتے ہو یہ پانچ ہاتھ کا آدمی ہے اور دعوت مقابلہ دے رہا ہے حضرت علیؓ اس کے مقابلہ پر گئے اور اس کو قتل کر دیا اس کے بعد یاسر نکلا۔ حضرت علیؓ اس کے مقابلہ کے لئے بھی جانے لگے تو حضرت زبیرؓ نے کہا میں آپ کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ مجھے اس سے تنہا نمٹنے دیجئے۔ حضرت علیؓ نے حضرت زبیرؓ کو جانے دیا۔ جب حضرت زبیرؓ مقابلہ کے لئے برآمد ہوئے تو حضرت صفیہؓ نے کہا یا رسول اللہ میرا بیٹا مارا جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں بلکہ تمہارا بیٹا ان شاء اللہ اس کو قتل کر دے گا چنانچہ حضرت زبیرؓ نے یاسر کو قتل کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت زبیرؓ سے فرمایا) قربان ہوں تم پر میرے چچا اور خالہ۔ ہر نبی کا حواری (خاص قلبی دوست) ہوتا ہے میرا حواری زبیر ہے۔ حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت میں ہے کہ مرحب رجز (رزمیہ اشعار) پڑھتا ہوا باہر آیا حضرت علیؓ نے اس کو بھی قتل کر دیا۔ امام احمد نے حضرت علیؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب میں نے مرحب کو قتل کر دیا تو اس کا سر لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بیہقی اور محمد بن عمرو نے حضرت جابر بن عبداللہ کے حوالے سے بیان کیا کہ حضرت محمد بن مسلمہ نے مرحب کو قتل کیا تھا لیکن صحیح روایت مسلم کی ہے کہ حضرت علیؓ نے مرحب کو قتل کیا تھا۔ ابن اسحاق کی روایت ہے کہ حضرت ابو رافعؓ نے بیان کیا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جھنڈا دے کر) حضرت علیؓ کو بھیجا تو میں بھی حضرت علیؓ کے ساتھ تھا آپ قلعہ کے قریب پہنچے تو اہل قلعہ باہر نکل آئے حضرت علیؓ ان سے لڑنے لگے ایک یہودی نے حضرت علیؓ کی تلوار پر ضرب لگائی جس سے ڈھال آپ کے ہاتھ سے گر گئی ایک کواڑ قلعہ کے پاس پڑا ہوا تھا آپ نے فوراً اس کو اٹھا لیا اس کو ڈھال بنا لیا اور برابر لڑتے رہے تا آنکہ اللہ نے فتح عطا فرما دی لڑائی سے فارغ ہو کر وہ کواڑ اپنے ہاتھ سے پھینک دیا۔ ابو رافع کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ سات آدمی اور تھے میں آٹھواں تھا ہم سب نے کوشش کی کہ اس کواڑ کو الٹ دیں لیکن پلٹ نہ سکے۔

بیہقی نے دو طریقوں سے حضرت محمد بن علی (محمد حنفیہ) کی روایت سے بیان کیا کہ حضرت جابر بن عبداللہ نے بیان کیا کہ حضرت علیؓ نے خیبر کے دن دروازہ اٹھا لیا (تو ایسے اکھاڑا) کہ مسلمان اس پر چڑھ کر قلعہ پر پہنچ گئے اور قلعہ کو فتح کر لیا۔ بعد کو لوگوں نے اس دروازہ کو اٹھانا چاہا تو چالیس آدمی اس کو اٹھا نہ سکے۔ اس روایت کے سب راوی ثقہ ہیں صرف لیث بن ابی سلیم غیر معتبر ہے۔

حضرت جابرؓ کی ایک روایت میں آیا ہے کہ ستر آدمیوں نے جمع ہو کر کوشش کی کہ اس دروازے کو اس کی جگہ پر لا دیں۔ ... حاکم نے بھی یہ روایت بیان کی ہے۔

### قیدی عورتیں اور حضرت صفیہؓ

قموص میں ابو الحقیق کے قلعہ کے اندر سے کچھ عورتیں گرفتار ہوئیں انہیں میں حیی بن اخطب کی بیٹی حضرت صفیہؓ بھی تھیں۔ حضرت بلالؓ ان کو اور ان کے ساتھ ایک اور عورت کو اس راستہ سے لے کر آئے جہاں یہودیوں کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔ حضرت صفیہؓ کے ساتھ والی عورت ان کو دیکھ کر چیخ پڑی اور منہ پیٹ لیا اور اپنے سر پر خاک ڈالنے لگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھ کر فرمایا اس شیطانیہ کو الگ لے جاؤ پھر حضرت صفیہؓ کو اپنے پیچھے آنے کا حکم دیا اور اپنی چادر ان پر ڈال دی چادر ڈالتے ہی مسلمان سمجھ گئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہؓ کو اپنے لئے منتخب فرما لیا۔ حضرت صفیہؓ کے ساتھ والی یہودن کی بے قراری دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ سے فرمایا کیا تمہارے دل کے اندر سے رحم بالکل نکال لیا گیا (یعنی کیا تمہارے دل میں رحم بالکل نہیں رہا) کہ تم ان دونوں عورتوں کو ایسے راستہ سے لائے جہاں ان کے مردوں کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔

**حضرت صفیہ کا خواب** [illegible]

[illegible] آپ نے اپنے شوہر سے بیان کیا [illegible]

[illegible]

**شادی** [illegible] (خیبر) [illegible] خدمت [illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر [illegible]

[illegible] حضرت صفیہ [illegible]

[illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible]

**[illegible] کی فضیلت** [illegible]

[illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible] حضرت صفیہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

خیبر کی زمینیں [illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] آپ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible]

## یہودیوں کی غداری اور خیبر سے جلاوطنی

[illegible]

[illegible]

[illegible] حضرت بشر نے [illegible] آپ کی خدمت میں [illegible] اپنے منہ میں جو بات محسوس کی [illegible] کھانا نہیں [illegible] جب آپ نے اپنے [illegible] کی بات [illegible] جانا [illegible] زہر [illegible] حضرت بشر [illegible] ہو گئی۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] وفات [illegible] حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] کا اثر [illegible] محسوس کرتا ہوں (اس سے [illegible]) [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہوئے۔

**حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا درگزر** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودن کو طلب فرمایا [illegible] (کہ تو نے [illegible]) [illegible] اگر آپ نبی ہیں [illegible] ہو جائے گی [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے درگزر فرمایا۔

ابو داؤد [illegible] زہری کا قول نقل کیا ہے کہ وہ عورت مسلمان ہو گئی [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھوڑ دیا [illegible] روایت [illegible] قتل کئے [illegible] اس عورت نے کہا [illegible] لوگوں کو [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کیا۔

اسی طرح جو حضرات صحابہ ان جنگوں میں کنارہ کش رہے انہیں بھی تاویل میں خطا کار نہیں کہا جا سکتا بلکہ ان کا طرزِ عمل بھی اس لحاظ سے درست تھا کہ اللہ نے ان کو اجتہاد میں اسی رائے پر قائم رکھا۔ جب یہ بات ہے تو اس وجہ سے ان حضرات پر لعن طعن کرنا، ان سے برأت کا اظہار کرنا اور انہیں فاسق قرار دینا، ان کے فضائل و کمالات اور ان کی عظیم دینی خدمات کو کالعدم کر دینا کسی طرح درست نہیں۔ بعض علماء سے پوچھا گیا کہ ان خونریزیوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو صحابہ کرامؓ کے مابین مشاجرات میں ہوئیں؟ تو انہوں نے جواب میں یہ آیت پڑھ دی کہ: تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ "وہ ایک امت تھی جو گزر چکی، ان کے اعمال ان کے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے، اور تم سے ان کے اعمال کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا"

کسی اور بزرگ سے یہی سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: "یہ ایسے خون ہیں کہ اللہ نے میرے ہاتھوں کو ان میں رنگنے سے بچایا، اب میں اپنی زبان کو ان سے آلودہ نہیں کروں گا"۔ مطلب یہ تھا کہ میں کسی ایک فریق کو کسی ایک معاملے میں یقینی طور پر خطا کار ٹھہرانے کی غلطی میں مبتلا نہیں ہونا چاہتا۔

علامہ ابن فورک فرماتے ہیں: "ہمارے بعض اصحاب نے کہا ہے کہ صحابہ کرامؓ کے درمیان جو مشاجرات ہوئے ان کی مثال ایسی ہے جیسے حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے درمیان پیش آنے والے واقعات کی، وہ حضرات آپس میں اختلاف کے باوجود ولایت اور نبوت کی حدود سے خارج نہیں ہوئے، بالکل یہی معاملہ صحابہ کے درمیان پیش آنے والے واقعات کا بھی ہے۔"

اور حضرت محاسبیؒ فرماتے ہیں کہ: "جہاں تک اس خونریزی کا معاملہ ہے تو اس کے بارے میں ہم کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس وقت صحابہ موجود تھے اور سارے حالات کو جانتے تھے اور ہم نہیں جانتے، جس معاملہ پر تمام صحابہ کا اتفاق ہے ہم اس میں ان کی پیروی کرتے ہیں اور جس معاملہ میں ان کے درمیان اختلاف ہے اس میں ہم سکوت اختیار کرتے ہیں۔"

حضرت محاسبیؒ فرماتے ہیں کہ ہم بھی وہی بات کہتے ہیں جو حسن بصریؒ نے فرمائی ہے کہ صحابہ ان لڑائیوں میں حاضر تھے اور ہم غائب، وہ تمام حالات کو جانتے تھے اور ہم نہیں جانتے، جس معاملہ پر سب صحابہ متفق ہیں ہم اس کی پیروی کرتے ہیں اور جس میں اختلاف ہے اس میں توقف اختیار کرتے ہیں اور اپنی طرف سے کوئی نئی رائے پیدا نہیں کرتے، ہمیں یقین ہے کہ ان سب نے اجتہاد سے کام لیا تھا اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی چاہی تھی، اس لئے کہ دین کے معاملہ میں وہ سب حضرات شک و شبہ سے بالاتر ہیں۔ (قرطبی)

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا

مسلمان جو ہیں سو بھائی ہیں سو ملاپ کرا دو

بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ

اپنے دو بھائیوں میں اور ڈرتے رہو اللہ سے تاکہ تم پر

تُرْحَمُونَ

رحم ہو ☆

اصلاح کی پوری کوشش کرو۔ یعنی صلح اور جنگ کی ہر ایک حالت میں ملحوظ رہے کہ دو بھائیوں کی لڑائی یا دو بھائیوں کی مصالحت ہے دشمنوں اور کافروں کی طرح برتاؤ نہ کیا جائے جب دو بھائی آپس میں جھگڑا جائیں تو یوں ہی ان کے حال پر نہ چھوڑ دو بلکہ اصلاح ذات البین کی پوری کوشش کرو اور ایسی کوشش کرتے وقت خدا سے ڈرتے رہو کہ کسی کی بے جا طرفداری یا ناحق ایذا رسانی کی نوبت نہ آنے پائے۔ (تفسیر حقانی)

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ۔ یعنی تمام مومنوں کی اصل ایک ہے یعنی سب کو (مشترک) اصل ایمان ہے اور ابدی حیات ہوتی کا موجب ہے۔ اس لئے تمام اہل ایمان بھائی بھائی ہیں۔ اور چونکہ اس اصل کی پیدائش کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام مومنوں کے باپ اور آپ کی بیویاں تمام مسلمانوں کی مائیں قرار پائیں۔

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ۔ یعنی اس امید پر تقویٰ پر قائم رہو کہ تم پر رحم کیا جائے کیونکہ باہم اتحاد، الفت، محبت اور آپس میں رحم کرنے کا جب تقویٰ سے اور آپس کی محبت، تو اہم اللہ کی رحمت کا موجب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اللہ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے (رواہ الطبرانی) صحیحین میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ اس پر رحم نہیں کرتا۔ یہ روایت حضرت جریر رضی اللہ عنہ کی ہے۔

سبب نزول: بغوی نے لکھا ہے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھ کر سنائی تو سب مسلمانوں نے باہم صلح کرلی اور ہر شخص دوسرے کے ساتھ لڑنے سے رک گیا۔

سعید بن منصور اور ابن جریر نے حضرت ابو مالک کی روایت سے بیان کیا ہے کہ دو مسلمانوں میں باہم کچھ گفتگو ہوگئی۔ جس کی وجہ سے ہر ایک کا قبیلہ دوسرے پر بگڑ گیا اور ہاتھوں اور جوتوں سے مار پیٹ شروع ہوگئی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی شاید یہ قصہ بھی اسی واقعہ کا ہو جس کا بیان پہلے کیا جا چکا ہے۔

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نیز بغوی نے سدی کا بیان نقل کیا ہے۔ ایک انصاری تھے جن کو عمران کہا جاتا تھا ان کی بیوی ام زید نے اپنے میکے جانے کا ارادہ کیا۔ شوہر نے روک دیا اور ایک بالا خانہ پر عورت کو مقید کر دیا۔ عورت نے اپنے میکے کو خبر کر دی وہاں سے اس کا قبیلہ والے آگئے اور عورت کو بالا خانہ سے نیچے اتار کر لیجانے لگے۔ شوہر باہر گیا ہوا تھا اس نے اپنے کنبے والوں سے مطلب کی۔ اس کے چچا کے بیٹے آگئے اور عورت کو لے جانے میں مزاحمت کی تو دونوں فریقوں میں دھکم دھکا ہونے لگی اور جوتوں سے لڑائی شروع ہوگئی۔ انہیں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو بھیج کر ان میں صلح کرادی اور سب اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے۔

بغوی وغیرہ نے بوساطت سالم بیان کیا کہ سالم کے والد یعنی حضرت عبداللہ نے بیان کیا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ اس کی حق تلفی نہ کرے نہ اس کو ہلاک ہونے دے۔ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت (پوری کرنے) میں لگا رہتا ہے اللہ اس کی حاجت پوری کرنے میں لگا رہتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی سختی دور کرتا ہے اللہ روز قیامت کی سختیوں میں سے کوئی سختی دور کر دے گا۔ جو شخص مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

مسلم نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ اس پر ظلم نہ کرے اس کو بے مدد نہ چھوڑے اور اس کی تحقیر نہ کرے سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا۔ تقویٰ یہاں ہوتا ہے۔ آدمی کا یہ شر کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔ مسلمان کی ہر چیز مسلمان پر حرام ہے۔ اس کا خون بھی اس کا مال بھی اور اس کی آبرو بھی۔

## باغی گروہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا

دونوں آیتیں دلالت کر رہی ہیں کہ باغی گروہ (دائرہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا اس پر مومن کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔

بغوی نے لکھا ہے اس پر دلالت کرتا ہے۔ وہ اثر جو حارث اعور نے بیان کیا ہے کہ حضرت علیؓ سے دریافت کیا گیا کہ جنگ جمل اور صفین میں جو لوگ آپ کے مقابل تھے کیا وہ مشرک تھے؟ فرمایا نہیں۔ شرک سے تو وہ بھاگ کر اسلام میں داخل ہوئے تھے۔ سوال کیا گیا۔ تو کیا وہ منافق تھے؟ فرمایا نہیں۔ منافق تو اللہ کی یاد نہیں کرتے۔ عرض کیا گیا تو پھر وہ کون تھے؟ فرمایا وہ ہمارے بھائی تھے۔ جنہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی تھی۔

## باغی گروہ کے قتل قمع کے مسائل

مسئلہ: اگر مسلمانوں کا کوئی گروہ امام (خلیفہ) کے خلاف جمع ہو جائے اور اس کے پاس اتنی اکثریت اور لڑنے والی طاقت بھی ہو خلیفہ کو چاہئے کہ اول اس کو اطاعت کی دعوت دے اور اس کے اعتراضات کو دور کرے پھر اگر وہ کوئی ایسی وجہ ظاہر کریں۔ جس کی وجہ سے انہوں نے امام کے خلاف سرتابی کی ہے۔ مثلاً امام نے ان پر یا ان کے علاوہ دوسروں پر کوئی ظلم کیا ہو تو ایسے لوگوں سے جنگ کرنی امام کے لئے جائز نہیں۔ بلکہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ ان مظلوموں کی حمایت کی مدد کریں۔ تاکہ امام ان کے ساتھ انصاف کرے اور ظلم سے باز آجائے (کذا قال ابن الہمام) لیکن بغاوت کو جائز قرار دینے والا کوئی معقول وجہ ظاہر نہ کریں اور لڑنے کے لئے جتھہ بند ہو جائیں تو امام کے لئے ان کو قتل کرنا اور ان سے لڑنا جائز ہے۔ (ماخوذ از فتح القدیر)

امام شافعی کہتے ہیں کہ جب تک وہ خود جنگ شروع نہ کریں۔ ان کو قتل

کر دیا جاتا تھا، مسلمانوں کو قتل کرنا صرف دفعِ شر کی صورت میں ہو سکتا ہے اور مسلمان ہی [illegible] اللہ نے فرمایا ہے فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا [illegible] امام مالک اور [illegible] کا یہی مسلک ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ آیت میں باغی کے قتل کے طلب کرنے [illegible] ہے حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ۔ یعنی وہ ہے جس کے سبب [illegible] بھی ہے مراد اس میں ان کی طلب ہے [illegible] انصاف [illegible] جیسے کہ [illegible] کا قبول کرنے سے انکار [illegible] آیات میں [illegible] ہے۔ [illegible] فَإِنَّهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ [illegible] اطاعت [illegible] کی طرح [illegible] علم [illegible]۔

[illegible] باغیوں سے قتال کرنے کے لئے [illegible] ضروری [illegible] کیا جائے [illegible] باغیوں کی طرف سے ہو [illegible] کہ باغیوں کے پاس [illegible] جنگ [illegible] کے پاس لشکری طاقت [illegible] جنگ کرنی [illegible] سے ہم ان کو قید کر سکتے ہیں اور ان کو مار سکتے ہیں۔ اگر ہم [illegible] کے لئے [illegible] کہ وہ جنگ [illegible] کی طرف سے ہو تو [illegible] ان کا دفاع بھی نہ کر سکیں۔

مسئلہ: اگر باغیوں کا ایک گروہ [illegible] پر حملہ کیا جائے اور [illegible] بھاگ [illegible] کیا جائے [illegible] جماعت سے جا کر مل جائے [illegible] بھاگنے والوں کا تعاقب کیا جائے۔ لیکن جب ان [illegible] سے [illegible] تو اب ان کو قتل [illegible] نہیں [illegible] کے لئے [illegible] شیبہ نے [illegible] روایت [illegible] کہ حضرت علی نے جنگِ جمل کے دن فرمایا۔ پشت پھیر کر بھاگنے [illegible] ہتھیار [illegible] کسی کا قتل نہ کیا جائے [illegible]۔

ہم کہتے ہیں [illegible] باقی اور پشت پھیر کر بھاگنے والے) جب [illegible] جا کر مل جائیں [illegible] باقی [illegible] جمل کے متعلق حضرت علی کا [illegible] (مرکزی) گروہ [illegible] نہیں تھا۔

حاکم نے مستدرک میں [illegible] نے مسند میں [illegible] تقسیم [illegible] بیان [illegible] کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] اس جماعت میں [illegible] کو اس کی [illegible] نے [illegible] ہے فرمایا [illegible] کا قتل [illegible] اس کے مال کو تقسیم [illegible]

تقسیم کیا جائے۔ [illegible] اس روایت کو [illegible] قرار دیا ہے [illegible] حاکم [illegible] روایت کی [illegible] ہے۔

مسئلہ: [illegible] جنگ کے وقت [illegible] کا ہتھیار [illegible] یا [illegible] اس کی [illegible] سے [illegible] باغیوں کی [illegible] جب حضرت علی نے حضرت طلحہ اور ان کے ساتھیوں کا [illegible] والے [illegible] اس نے [illegible] کی [illegible] پشت پھیرنے والے [illegible] کا قتل [illegible] یا جائے [illegible] کی [illegible] ہو [illegible] حضرت علی [illegible] مقتول (باغی) کا مال نہیں لیتے تھے [illegible] (مقتول [illegible]) کو اس کا مال [illegible] سے۔

[illegible] حضرت علی [illegible] جمل کے دن [illegible] نے [illegible] قتل [illegible] ہتھیار [illegible] سے [illegible] کیا جائے۔

مسئلہ: [illegible] باغیوں سے [illegible] ہتھیار [illegible] باغیوں سے جنگ کی [illegible] ہے۔ امام شافعی [illegible] ان کے خلاف [illegible] باغیوں کے ہتھیاروں اور سواریوں کا استعمال [illegible] قول کی [illegible] روایت [illegible] باغی [illegible] ہتھیار [illegible] کی [illegible] حضرت علی نے (باغیوں کی شکست کے بعد) [illegible] تقسیم کر دیا۔ صاحب ہدایہ نے لکھا ہے یہ تقسیم [illegible] کے لئے تھی [illegible] باغیوں سے [illegible] کر کے [illegible]۔

مسئلہ: باغیوں نے [illegible] نقصان [illegible] باغیوں کے [illegible] جان [illegible] امام مالک اور امام ابو حنیفہ [illegible] قول [illegible] کا ایک قول یہ ہے کہ اس کا کوئی معاوضہ نہیں ہوگا۔ شافعی [illegible] اس کے خلاف ہے۔

[illegible] نے لکھا ہے [illegible]

میں پائے جانے پر قتل اور مقاتل کی شرافت بھی ہو گئی اور کثرت مال بھی ضائع ہوا نہیں جب فرق نہ ہو تو [illegible] اور باغیوں پر ضمان کا الزام [illegible] گیا تو ہم کہیں جان و مال کا [illegible] لیا گیا ہو یا کسی سے تلف شدہ مال واپس وصول کیا گیا ہو۔

مسئلہ: اگر کسی باغی نے امام کے کسی وفادار کو قتل کر دیا اور وہ غالب آ گئے پھر جس نے قتل کیا [illegible] ہے تو قاتل مقتول کا وارث ہوگا اور اگر [illegible] کا اقرار کرے [illegible] اور اگر امام کا کوئی وفادار کسی باغی کو قتل کر دے تو بہرحال قاتل مقتول کا وارث ہو سکتا ہے۔

مسئلہ: اطاعت امام سے خارج ہونے والوں کے پاس (ان کے خیال میں) کوئی تاویل نہ ہو [illegible] کرے اور مال لوٹنے لگیں [illegible] ہوں ان کے پاس [illegible] طاقت [illegible] پایا جائے گا۔ ان کا حکم سورۂ مائدہ میں ذکر کیا جا چکا ہے کہ ان کو قتل کیا جائے اور صلیب پر لٹکایا جائے یا ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور زمین سے نکال دیا جائے۔

مسئلہ: اطاعت امام سے سرکشی کرنے والے کے پاس اگر [illegible] اور قتال کی طاقت نہ ہو تو حسب [illegible] قید کر دیا جائے [illegible] اس طرح کی دوسری سزا دی جائے مگر قتل کرنا جائز نہیں ہے۔

لطیفہ: [illegible] حضرت علیؓ سے خارجیوں نے مسجد کے گوشہ میں کہا لا حکم الا للہ (اللہ کے سوا کسی کا حکم جائز نہیں) فرمایا بات تو سچی ہے لیکن اس کا مطلب غلط لیا گیا ہے۔

تمہارے ہم پر تین حق ہیں۔ مسجدوں میں اللہ کا ذکر کرنے (یعنی نماز پڑھنے) سے ہم تم کو نہیں روکیں گے جب تک تم ہمارے ساتھ رہو گے [illegible] جب تک تمہارے ہاتھ ہمارے ہاتھوں کے ساتھ [illegible] مال غنیمت میں سے تم کو محروم نہیں کریں گے اور ہم تم سے قتال نہیں کریں گے جب تک تم خود قتال کی ابتدا نہیں کرو گے۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ |
| اے ایمان والو نہ ہنسی کریں ایک لوگ |
| مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا |
| دوسروں سے شاید وہ بہتر ہوں |
| مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى |
| ان سے اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے شاید |

| |
|---|
| اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا |
| وہ بہتر ہوں ان سے اور عیب نہ لگاؤ |
| اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ |
| ایک دوسرے کو اور نام نہ ڈالو چڑانے کو ایک دوسرے کے ☆ |

**آداب معاشرت** ☆ اول مسلمانوں کی باہمی لڑائی اور اختلاف کو روکنے کی تدابیر بتلائی گئی تھیں [illegible] اختلاف رفع ہو جائے تو بہتر اور موثر طریقے سے اس کو مٹایا جائے لیکن جب تک مرض کا مادہ [illegible] کوشش ہونی چاہئے کہ [illegible] جذبات مخالفت زیادہ [illegible] مشتعل ہونے پائیں۔ عموماً دیکھا جاتا ہے کہ جہاں دو شخصوں یا دو جماعتوں میں اختلاف رونما ہوا ایک دوسرے کا [illegible] فوراً [illegible] کرنے لگتے ہیں ذرا سی بات ہاتھ لگ گئی اور ہنسی مذاق اڑانا شروع کر دیا حالانکہ اسے معلوم نہیں کہ شاید جس کا مذاق اڑا رہا ہے وہ اللہ کے نزدیک اس سے بہتر ہو بلکہ بسا اوقات یہ خود بھی اختلاف سے پہلے اس کو بہتر سمجھتا ہو مگر ضد و نفسانیت میں دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا۔ اس طریقہ سے نفرت و عداوت کی خلیج اور وسیع ہوتی رہتی ہے اور قلوب میں اس قدر بعد ہو جاتا ہے کہ صلح و مصالحت کی کوئی امید باقی نہیں رہتی۔ آیت ہذا میں خداوند قدوس نے اسی قسم کی باتوں سے منع فرمایا ہے یعنی ایک جماعت دوسری جماعت کے ساتھ تمسخر نہ کرے نہ ایک دوسرے پر آوازے کسے جائیں نہ [illegible] برے نام رکھے جائیں اور برے لقب سے فریق مقابل کو یاد کیا جائے کیونکہ اس سے دشمنی اور نفرت میں ترقی ہوتی اور فتنہ فساد کی آگ زیادہ تیزی سے پھیلتی ہے۔ سبحان اللہ کیسی بیش بہا ہدایات ہیں آج اگر مسلمان سمجھیں تو ان کے سب سے بڑے [illegible] کا مکمل علاج اس ایک سورۂ حجرات میں موجود ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**سبب نزول:** مسند احمد میں ہے کہ یہ حکم بنو سلمہ کے بارے میں نازل ہوا ہے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں آئے تو یہاں ہر شخص کے دو دو تین تین نام تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے کسی کو کسی نام سے پکارتے تو لوگ کہتے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ اس سے چڑتا ہے اس پر یہ آیت اتری (ابوداؤد) [illegible] برے القاب سے آپس میں بھی ایک دوسرے کو [illegible] کرنا نہایت بری بات ہے۔ اب تمہیں اس سے توبہ کر لینی چاہئے ورنہ ظالم گنے جاؤ گے۔

**مومن کی عزت:** ابن ماجہ میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کعبہ کرتے ہوئے فرمایا تو کتنا پاک گھر ہے۔ تو کیسی پاکیزہ خوشبو والا ہے۔

کسی کی بے عزتی کرنا بہت برا ہے اور کسی کی بڑی حرمت وعزت ہے۔ اسی کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے کہ مومن کی حرمت اس کے مال اور اس کی جان کی حرمت اور اس کے ساتھ نیک گمان کرنے کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کعبہ کی حرمت سے بہت بڑی ہے۔

## بول چال اور میل جول نہ چھوڑو:

مسلم وغیرہ میں ہے ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، بغض نہ رکھو اور ایک دوسرے سے میل جول ترک نہ کرو بلکہ ایک دوسرے سے قطع تعلق نہ کرو بلکہ سب مل کر خدا کے بندے بن کر ایک دوسرے کے بھائی بن کر زندگی گزارو۔ کسی مسلمان کو حلال نہیں کہ اپنے دوسرے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ بول چال اور میل جول چھوڑ دے۔

## شگون، حسد اور بدگمانی کا علاج:

طبرانی میں ہے کہ تین خصلتیں میری امت میں رہ جائیں گی فال لینا، حسد کرنا اور بدگمانی کرنا۔ ایک شخص نے پوچھا حضور پھر ان کا تدارک کیا ہے؟ فرمایا جب حسد کرو تو استغفار کر لے۔ جب گمان پیدا ہو تو اسے چھوڑ دے اور یقین نہ کرے اور جب فال لے تو اسے نہ دیکھ بلکہ اپنا کام کرے۔ ابو داؤد میں ہے کہ ایک شخص کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا اور کہا گیا کہ اس کی داڑھی سے شراب کے قطرے گر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہمیں بھید ٹٹولنے سے منع فرمایا گیا ہے، اگر ہمارے سامنے کوئی چیز ظاہر ہوگی تو ہم اس پر پکڑ سکتے ہیں۔

## مسلمان کی پردہ داری کا ثواب:

مسند احمد میں ہے کہ حضرت عقبہ کے کاتب ابو الہیثم حضرت عقبہ کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ میرے پڑوس میں کچھ لوگ شرابی ہیں میرا ارادہ ہے کہ میں داروغہ کو بلا کر انہیں گرفتار کرا دوں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کرنا بلکہ انہیں سمجھاؤ بجھاؤ ڈانٹ ڈپٹ کرو۔ پھر کچھ دنوں بعد آئے اور کہا وہ باز نہیں آتے اب تو میں داروغہ کو بلاؤں گا۔ آپ نے فرمایا افسوس تم ہرگز ہرگز ایسا نہ کرو۔ سنو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا جو شخص کسی مسلمان کی پردہ داری کرے اسے اتنا ثواب ملے گا جیسے کسی نے زندہ درگور کی ہوئی لڑکی کو بچا لیا۔

## پوشیدہ گناہوں کی ٹٹول:

ابو داؤد میں ہے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تو لوگوں کی پوشیدہ باتوں کے پیچھے پڑے گا تو انہیں بگاڑ دے گا یا فرمایا ممکن ہے تو انہیں خراب کر دے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس حدیث سے اللہ تعالیٰ نے حضرت معاویہ کو بہت فائدہ پہنچایا۔ ابو داؤد کی ایک اور حدیث میں ہے کہ امیر اور بادشاہ جب اپنے ماتحتوں اور رعایا کی برائیاں ٹٹولنے لگ جاتا ہے اور گمان اور شبہات پر چلتا ہے تو انہیں بگاڑ دیتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے اے وہ لوگو جن کی زبانیں تو ایمان لا چکی ہیں لیکن دل ایمان نہیں لائے تم مسلمانوں کی غیبتیں کرنا چھوڑ دو اور ان کے عیبوں کی ٹوہ نہ کیا کرو، یاد رکھو اگر تم ان کے عیب ٹٹولو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری پوشیدہ برائیاں کھول دے گا یہاں تک کہ تم اپنے گھر والوں میں بھی بدنام اور رسوا ہو جاؤ گے۔

## تجسس، تحسس اور تدابر:

حدیث شریف میں ہے نہ تجسس کرو نہ تحسس کرو نہ حسد و بغض کرو نہ تدابر کرو، بلکہ سب مل کر خدا کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ۔ امام اوزاعی فرماتے ہیں تجسس کہتے ہیں کسی چیز میں کرید کرنے کو اور تحسس کہتے ہیں ان لوگوں کی سرگوشی پر کان لگانے کو جو کسی کو اپنی باتیں سنانا نہ چاہتے ہوں اور تدابر کہتے ہیں ایک دوسرے سے منہ موڑ کر روٹھ کر قطع تعلقات کرنے کو۔ (ابن کثیر)

**سورۃ حجرات کے مضامین:** سورۂ حجرات کے شروع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق و آداب کا بیان آیا۔ پھر عام مسلمانوں کے باہمی حقوق و آداب معاشرت کا بیان شروع ہوا، ساتھ ہی ان میں سے جو آیات اجتماعی اصلاح کے احکام بیان ہوئے۔ مذکور الصدر آیتوں میں انفرادی طرز کے باہمی حقوق و آداب معاشرت کا ذکر ہے۔ ان میں تین چیزوں کی حرمت فرمائی گئی ہے۔ اول کسی مسلمان کے ساتھ تمسخر یا استہزاء، دوسرے کسی پر طعنہ زنی کرنا، تیسرے کسی کو ایسے لقب سے ذکر کرنا جس سے اس کی توہین ہوتی ہو یا وہ اس سے ناراض ہوتا ہو۔

**تمسخر:** کسی چیز کو ہنسی یا مذاق بنانا ہے۔ قرطبی نے فرمایا کہ کسی شخص کی تحقیر و توہین کے لئے اس کے کسی عیب کو اس طرح ذکر کرنا جس سے لوگ ہنسنے لگیں اس کو سخریہ، تمسخر، استہزاء کہا جاتا ہے اور یہ جیسے زبان سے ہوتا ہے ایسے ہی ہاتھ پاؤں وغیرہ سے اس کی نقل اتارنے یا اشارہ کرنے سے بھی ہوتا ہے اور اس طرح بھی کہ اس کا کلام سن کر بطور تحقیر کے ہنسی اڑائی جاوے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ تمسخر کسی شخص کے سامنے اس کا اس طرح ذکر کرنا ہے کہ اس سے لوگ ہنسنے لگیں اور یہ سب چیزیں بنص قرآن حرام ہیں۔

تمسخر کی ممانعت کا قرآن کریم نے اتنا اہتمام فرمایا کہ اس میں مردوں کو الگ مخاطب فرمایا عورتوں کو الگ۔ مردوں کو لفظ قوم سے تعبیر فرمایا کیونکہ اصل میں یہ لفظ مردوں ہی کے لئے وضع کیا گیا ہے اگرچہ مجازاً وتوسعاً عورتوں کو اکثر شامل ہو جاتا ہے اور قرآن کریم نے لفظ قوم عموماً مردوں اور عورتوں دونوں ہی کے لئے استعمال کیا ہے۔

**کتے کے ساتھ بھی استہزاء نہ کرو:** اگر کسی شخص کے بدن یا صورت یا قد و قامت وغیرہ میں کوئی عیب نظر آوے تو کسی کو اس پر ہنسنے یا استہزاء کرنے کی جرأت نہ کرنا چاہئے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ شاید وہ اپنے صدق و اخلاص وغیرہ کے سبب اللہ کے نزدیک اس سے بہتر اور افضل ہو۔ اس آیت کو سن کر سلف صالحین کا حال یہ ہو گیا تھا کہ عمرو بن شرحبیل نے فرمایا کہ میں اگر کسی شخص کو بکری کے تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پیتے دیکھوں اور اس پر مجھے ہنسی آوے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں میں بھی ایسا ہی نہ ہو جاؤں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ میں اگر کسی کتے کے ساتھ بھی استہزاء کروں تو مجھے ڈر رہتا ہے کہ میں خود کتا نہ بنا دیا جاؤں۔ (قرطبی)

**ظاہر پر حکم نہ لگاؤ:** صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی صورتوں اور ان کے مال و دولت پر نظر نہیں فرماتے بلکہ ان کے قلوب اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔ قرطبی نے فرمایا کہ اس حدیث سے ایک ضابطہ اور اصل یہ معلوم ہوئی کہ کسی شخص کے معاملہ میں اس کے ظاہری حال کو دیکھ کر کوئی قطعی حکم لگا دینا درست نہیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ جس شخص کے ظاہری اعمال و احوال کو ہم بہت اچھا سمجھ رہے ہیں اللہ تعالیٰ جو اس کے باطنی حالات اور قلبی کیفیات کو جانتا ہے اس کے نزدیک وہ مذموم ہو اور جس شخص کے ظاہری حال اور اعمال برے ہیں ہو سکتا ہے کہ اس کے باطنی حالات اور قلبی کیفیات اس کے اعمال بد کا کفارہ بن جائیں اس لئے اس شخص کو کوئی ہم برے اعمال میں مبتلا دیکھیں تو اس کی اس حالت کو تو برا سمجھو مگر اس شخص کو حقیر و ذلیل سمجھنے کی اجازت نہیں۔

**لمز:** لمز کے معنی ہیں کسی کے عیب نکالنا، عیب ظاہر کرنے یا عیب پر طعنہ زنی کرنے کے ہیں۔ آیت میں ارشاد فرمایا وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ یعنی تم اپنے عیب نہ نکالو۔ یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسے قرآن کریم میں ہے لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ جس کے معنی یہ ہیں کہ تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو، ظاہر ہے کہ یہاں اپنے آپ کو قتل کرنے اور اپنے عیب نکالنے سے مراد یہ ہے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو قتل نہ کرو، ایک دوسرے کا طعنہ نہ دو، اور اس عنوان سے تعبیر کرنے میں حکمت یہ بتلانا ہے کہ کسی دوسرے کو قتل کرنا ایک حیثیت سے اپنے آپ ہی کو قتل کرنا ہے کیونکہ اکثر تو ایسا اتفاق ہوتی جاتا ہے کہ ایک نے دوسرے کو قتل کیا، دوسرے کے حمایتیوں نے اس کو قتل کر دیا اور اگر یہ بھی نہ ہو تو اصل بات یہ ہے کہ مسلمان سب بھائی بھائی ہیں، اپنے بھائی کو قتل کرنا گویا خود اپنے آپ کو قتل کرنا اور بے دست و پا ہونا ہے اسی طرح یہاں وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ میں بھی کہ تم جو دوسروں کے عیب نکالو اور طعنہ دو تو یاد رکھو کہ عیب سے تو کوئی انسان عادۃً خالی نہیں ہوتا تم اس کے عیب نکالو گے تو وہ تمہارے عیب نکالے گا جیسا کہ بعض علماء نے فرمایا کہ وفیک عیوب و للناس اعین۔ یعنی تم میں بھی کچھ عیب ہیں اور لوگوں کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتی ہیں تم کسی کے عیب نکالو گے اور طعنہ زنی کرو گے تو وہ تم پر بھی یہی عمل کریں گے اور بالفرض اگر اس نے صبر بھی کیا تو بات وہی ہے کہ ایک بھائی کی جانب سے اس عمل پر غور کریں تو اپنی ہی تحقیر و تذلیل ہے۔

**انسان کی خوش نصیبی:** علماء نے فرمایا ہے کہ انسان کی سعادت اور خوش نصیبی اس میں ہے کہ اپنے عیوب پر نظر رکھے ان کی اصلاح کی فکر میں لگا رہے اور جو ایسا کرے گا اس کو دوسروں کے عیب نکالنے اور بیان کرنے کی فرصت ہی نہ ملے گی۔ ہندوستان کے آخری مسلمان بادشاہ ظفر نے خوب فرمایا ہے۔

نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنی خبر
رہے دیکھتے لوگوں کے عیب و ہنر
پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر
تو جہان میں کوئی برا نہ رہا

**برے لقب سے پکارنا:** کسی کو تحقیر اور عار دلانے کے لئے کسی برے لقب سے یاد کرنا، اسی طرح جو نام کسی شخص کی تحقیر کے لئے استعمال کیا جاتا ہو اس نام سے اس کو پکارنا۔ حضرت ابو جبیرہ انصاریؓ نے فرمایا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو ہم میں اکثر آدمی ایسے تھے جن کے دو دو تین تین نام مشہور تھے اور ان میں سے بعض نام ایسے تھے جو لوگوں نے اس کو عار دلانے اور تحقیر و توہین کے لئے مشہور کر دیئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معلوم نہ تھا بعض اوقات وہی نام لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو خطاب کرتے تو صحابہ عرض کرتے کہ یا رسول اللہ وہ اس نام سے ناخوش ہوتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ آیت میں تنابز بالالقاب سے مراد یہ ہے کہ کسی شخص نے کوئی گناہ یا برا عمل کیا ہو اور پھر اس سے تائب ہو گیا ہو اس کے بعد اس کو اس برے عمل کے نام سے پکارنا مثلاً چور یا زانی یا شرابی وغیرہ۔ جس نے چوری زنا شراب سے توبہ کر لی ہو اس کو اس پچھلے عمل سے عار دلانا اور تحقیر کرنا حرام ہے۔ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو ایسے گناہ پر عار دلائے جس سے اس نے توبہ کر لی ہے تو اللہ نے اپنے اوپر یہ لے لیا ہے کہ اس کو اسی گناہ میں مبتلا کر کے دنیا و آخرت میں رسوا کرے گا۔ (قرطبی)

**بعض القاب کا استثناء:** بعض لوگوں کے ایسے نام مشہور ہو جاتے ہیں جو فی نفسہ برے ہیں مگر وہ بغیر اس لفظ کے پہچانا ہی نہیں جاتا تو اس کو اس نام سے ذکر کرنے کی اجازت پر علماء کا اتفاق ہے بشرطیکہ ذکر کرنے والے کا قصد اس سے تحقیر و تذلیل کا نہ ہو جیسے بعض محدثین کے نام کے ساتھ اعرج یا

صاحب مشہور ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی ذوالیدین کے ہاتھ نسبتاً زیادہ طویل تھے، ذوالیدین کے نام سے تعبیر فرمایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے دریافت کیا گیا کہ اسانید حدیث میں بعض راویوں کے ساتھ کچھ ایسے القاب آتے ہیں مثلاً حمید الطویل، سلیمان الاعمش، مروان الاصفر وغیرہ تو کیا ان القاب کے ساتھ ذکر کرنا جائز ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب تمہارا قصد اس کا عیب بیان کرنے کا نہ ہو بلکہ اس کی پہچان پوری کرنے کا ہو تو جائز ہے۔ (قرطبی، معارف مفتی اعظم)

## سنت یہ ہے کہ لوگوں کو اچھے القاب سے یاد کیا جائے

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا حق دوسرے مومن پر یہ ہے کہ اس کا ایسے نام و لقب سے ذکر کرے جو اس کو زیادہ پسند ہو، اسی لئے عرب میں کنیت کا رواج عام تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کو پسند فرمایا۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص خاص صحابہ کو کچھ لقب دیئے ہیں۔ صدیق اکبر کو عتیق اور حضرت عمر کو فاروق اور حضرت حمزہ کو اسد اللہ اور خالد بن ولید کو سیف اللہ فرمایا ہے۔

**سبب نزول کا دوسرا واقعہ** حضرت ابن جریج راوی ہیں کہ حضرت ثابت بن قیس کے کانوں میں کچھ گرانی تھی (یعنی کم سنتے تھے اور بہرے تھے) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوتے اور پہلے سے لوگ وہاں بیٹھے ہوئے ہوتے اور جگہ تنگ ہوتی تو لوگ آپ کو (آگے) جگہ دے دیتے تھے تاکہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سن سکیں۔ ایک روز آپ فجر کی نماز میں اس وقت آئے جب ایک رکعت ہو چکی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی تو صحابہ کرام اپنی اپنی جگہ سے اچھے بچھے شانہ بشانہ جم کر بیٹھے رہے۔ مجلس اتنی تنگ تھی کہ کوئی (خود سمٹ کر) دوسرے کے لئے گنجائش نہیں نکال سکتا تھا۔ آنے والے کو جب بیٹھنے کی جگہ نہیں ملتی تو وہ کھڑا رہتا تھا۔ حضرت ثابت جب نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی گردنیں پھلانگتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کو چلے اور لوگوں سے فرمایا جگہ دو جگہ دو۔ لوگ آپ کو جگہ دیتے رہے یہاں تک کہ اسی طرح آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچ گئے۔ آپ کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان صرف ایک آدمی رہ گیا۔ حضرت ثابت نے اس سے بھی فرمایا مجھے جگہ دو۔ اس شخص نے کہا آپ کو جگہ تو مل گئی۔ بیٹھئے بیٹھ جائیے۔ حضرت ثابت اس آدمی کے پیچھے غصہ کے ساتھ بیٹھ گئے۔ رات آپ کو خوب پھیل گئی جب اچھی طرح روشنی ہو گئی تو ثابت نے اس شخص کو ٹھوکا دیا اور پوچھا کون شخص ہے۔ اس نے کہا میں فلاں شخص ہوں۔ حضرت ثابت نے کہا فلانی عورت کا بیٹا۔ حضرت ثابت نے اس شخص کی ماں کا ایک عیب بیان کر کے جو جاہلیت کے زمانے میں اس کو عار دلانے کے لئے کہا جاتا تھا، اس شخص نے شرمندہ ہو

کر سر جھکا لیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

| بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ |
|---|
| برا نام ہے گنہگاری پیچھے ایمان کے ☆ |

**کسی کو برا نام دینا گناہ ہے** یعنی کسی کا برا نام ڈالنے سے آدمی خود گنہگار ہو جاتا ہے تو دوسرے میں عیب لگانے والا خود ہی بدنام ہو گیا۔ ایمان لانے کے بعد مومن کو فاسق کہنا بدترین نام ہے۔ ایک مطلب یہ ہے کہ جب ایک شخص مسلمان ہو گیا اس کو اس کے مسلمان ہونے سے پہلے کی باتوں پر طعنہ دینا یا اس وقت کے برے القاب سے یاد کرنا (کہ یہودی یا نصرانی وغیرہ کہہ کر پکارنا) بہت مذموم حرکت ہے۔ اسی طرح جو شخص کسی عیب میں مبتلا ہو (مثلاً کسی گناہ کا) پھر اس نے توبہ کر لی ہو تو اس کو چڑانے کے لئے اس کا ذکر کرنا بھی جائز نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ |
|---|
| اور جو کوئی توبہ نہ کرے تو وہی ہیں |
| الظّٰلِمُوْنَ ۝ |
| بے انصاف ☆ |

**پچھلے گناہ پر توبہ کر لو** یعنی جو پہلے ہو چکا اب توبہ کر لو آئندہ ایسی حرکات سے باز آ جاؤ ورنہ جو ایسی حرکت سے باز نہ آئے گا تو اللہ کے نزدیک وہی ظالم ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

## دوسرے کو کفر اور فسق سے منسوب کرنا

حضرت ابوذر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی کسی شخص پر فسق یا کفر کی طرف منسوب کرے گا (یعنی فاسق یا کافر کہے گا) اگر وہ ویسا نہ ہو تو وہ قول کہنے والے پر لوٹ پڑے گا (یعنی کہنے والا فاسق یا کافر ہو جائے گا) رواہ البخاری۔ حضرت ابن عمر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنے بھائی کو کافر کہا تو دونوں میں سے ایک پر پڑ کر رہے گا۔ (یعنی یا کہنے والا کافر ہو جائے گا یا جس کو کافر کہا جس کو واقعی کافر ہوگا۔ متفق علیہ)۔

حضرت ابوذرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی کو کفر کی طرف منسوب کیا یا دشمن خدا کہا اور واقع میں وہ ایسا نہ ہوا تو وہ قول کہنے والے پر لوٹ جائے گا۔ متفق علیہ۔

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا فسق (گناہ کبیرہ) ہے اور مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے۔ متفق علیہ۔

تہمت لگانے کی سزا کسی شخص (پاک دامن آزاد مسلمان مرد یا عورت) پر زنا کی تہمت لگانے [illegible] حدِ قذف [illegible] اور اگر غیر مسلم [illegible] کو متہم کیا جائے تو حد [illegible] جاری نہ ہوگی۔ تعزیر کی جائے گی [illegible] بات [illegible] ہے۔

[illegible]

کسی کو برا بھلا کہنے کی سزا کسی نے مسلمان (مرد یا عورت) کو [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] تعزیر جاری کی گئی ہوگی۔

[illegible]

بعض اہلِ علم کی رائے ہے کہ [illegible] تعزیر [illegible] اگر [illegible] تو تعزیر ہوگی [illegible]

تعزیر کیا ہے؟ تعزیر [illegible] امام ابو حنیفہ اور امام شافعی نے [illegible] شراب [illegible] آزاد مسلمان [illegible] امام شافعی [illegible] تعزیر [illegible]

[illegible]

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا

اے ایمان والو بچتے رہو بہت تہمتیں

مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

کرنے سے بے شک بعض تہمت گناہ ہے

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ

اور بھید نہ ٹٹولو کسی کا اور برا نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک

بَعۡضَ

[illegible]

بدگمانی اور اس کے نتائج [illegible] اختلاف [illegible] ایک [illegible] دوسرے فریق [illegible]

[illegible]

ظنِ محمود اور ظنِ مذموم اور ظنِ مشروع: [illegible] اِیّاکم والظنّ فانّ الظنّ اکذب الحدیث [illegible] مسلمان [illegible] بدگمانی [illegible]

[illegible]

واجب ہو تو اس متنازع شدہ چیز کی قیمت میں ظنِ غالب ہی پر عمل کرنا واجب ہے۔ اسی طرح جہاں سمت قبلہ معلوم نہ ہو اور کوئی ایسا آدمی بھی نہ ہو جس سے معلوم کی جا سکے وہاں اپنے ظنِ غالب پر عمل ضروری ہے اسی طرح کسی شخص پر کسی چیز کا تاوان دینا واجب ہو تو اس ضائع شدہ چیز کی قیمت میں ظنِ غالب ہی پر عمل کرنا واجب ہے اور ظنِ مباح ایسا ہے جیسے نماز کی رکعتوں میں شک ہو جائے کہ تین پڑھی ہیں یا چار تو اپنے ظنِ غالب پر عمل کرنا جائز ہے اور اگر وہ ظنِ غالب کو چھوڑ کر امر یقینی پر عمل کرے یعنی تین رکعت قرار دے کر چوتھی پڑھ لے تو یہ بھی جائز ہے اور ظنِ مستحب (مستحب) یہ ہے کہ ہر مسلمان کے ساتھ نیک گمان رکھے کہ اس پر ثواب ملتا ہے۔ (جصاص ملخصاً)

قرطبی نے فرمایا کہ قرآن کریم کا ارشاد ہے لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا اس میں حسن ظن بالمؤمنین کی تاکید آئی ہے۔

**ایک مشہور مقولہ کا مطلب:** اور یہ جو مشہور ہے کہ اِنَّ مِنَ الْحَزْمِ سُوْءَ الظَّنِّ یعنی احتیاط کی بات یہ ہے کہ ہر شخص سے بدگمانی رکھے اس کا مطلب یہ ہے کہ معاملہ ایسا کرے جیسے بدگمانی کی صورت میں کیا جاتا ہے کہ بدون قوی اعتماد کے اپنی چیز کسی کے حوالہ نہ کرے یہ نہیں کہ اس کو چور سمجھے اور اس کی تحقیر کرے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کسی شخص کو چور و غدار سمجھے بغیر اپنے معاملے میں احتیاط برتے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے اس مقولہ کا بھی یہی مطلب ہے۔

[illegible]
[illegible]

**تجسس اور تحسس:** تجسس یعنی کسی کے عیب کی تلاش اور سراغ لگانا ہے اس میں دو قراءتیں ہیں ایک لَا تَجَسَّسُوْا جیم سے دوسرے لَا تَحَسَّسُوْا حاء سے اور حدیث صحیحین میں جو حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے دونوں لفظ آئے ہیں ارشاد ہے لَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَحَسَّسُوْا اور ان دونوں لفظوں کے معنی متقارب ہیں۔ اخفش نے دونوں میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ تجسس بالجیم کسی ایسے امر کی جستجو اور تلاش کو کہا جاتا ہے جس کو لوگوں نے آپ سے چھپایا ہو اور تحسس بالحاء مطلق طلب اور جستجو کے معنی میں آتا ہے۔ سورۂ یوسف میں فَتَحَسَّسُوْا مِن يُّوْسُفَ وَأَخِيْهِ اسی معنی کے لئے آیا ہے اور معنی آیت کے یہ ہیں کہ جو چیز تمہارے سامنے آجائے اس کو پکڑ سکتے ہو اور کسی مسلمان کا جو عیب ظاہر نہ ہو اس کی جستجو اور تلاش کرنا جائز نہیں۔ ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَتَبَّعُ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ يَّتَتَبَّعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ فِيْ بَيْتِهِ (قرطبی) (مسلمانوں کی غیبت نہ کرو اور ان کے عیوب کی جستجو نہ کرو کیونکہ جو شخص مسلمانوں کے عیوب کی تلاش کرتا ہے اللہ جس کے عیب کی تلاش اللہ تعالیٰ کرتا ہے اس کو اس کے گھر کے اندر بھی رسوا کر دیتا ہے۔)

بیان القرآن میں ہے کہ چھپ کر کسی کی باتیں سننا یا اپنے کو سوتا ہوا بنا کر باتیں سننا بھی تجسس میں داخل ہے البتہ اگر کسی سے مضرت پہنچنے کا احتمال ہو اور اپنی یا دوسرے کسی مسلمان کی حفاظت کی غرض سے مضرت پہنچانے والے کی خفیہ تدبیروں اور ارادوں کا تجسس کرے تو جائز ہے۔ تیسری چیز جس سے اس آیت میں منع فرمایا غیبت ہے وہ کسی کی غیبت کرنا ہے یعنی اس کی غیر موجودگی میں اس کے متعلق کوئی ایسی بات کرنا جس کو وہ سنتا تو اس کو ناگوار ہوتی اگرچہ وہ سچی بات ہی ہو کیونکہ جو خلاف الزام ہو وہ تہمت ہے جس کی حرمت الگ قرآن کریم سے ثابت ہے اور غیبت کی تعریف میں اس شخص کی غیر موجودگی کی قید سے یہ سمجھا جائے کہ موجودگی کی حالت میں ایسی دلآزاری بات کہنا جائز ہے کیونکہ غیبت تو نہیں مگر لمز میں داخل ہے جس کی حرمت اس سے پہلی آیت میں آ چکی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

**غیبت کیا ہے؟** حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا (ہوتی) ہے حضرت ابوہریرہؓ نے جواب دیا۔ اللہ اور اس کا رسول ہی خوب واقف ہیں۔ فرمایا۔ (اگر) تم اپنے بھائی کا (غائبانہ) اس طرح ذکر کرو جو اس کو ناگوار ہو (تو غیبت ہے) عرض کیا گیا (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) دیکھئے اگر میرے بھائی میں وہ (عیب یا) چیز ہی ہو جو میں کہہ رہا ہوں تو کیا یہ بھی غیبت ہوگی۔ فرمایا۔ اگر اس کے اندر وہ (بری) باتیں ہیں جو تم کہہ رہے ہو تو غیبت ہوئی اور اگر جو باتیں تم کہہ رہے ہو وہ اس میں نہیں ہیں تو تم نے اس پر تہمت لگائی (یہ بہتان ہے) (متفق علیہ)۔

حضرت عمرو بن شعیب کے دادا کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لوگوں نے ایک شخص کا ذکر کیا اور کہا جب تک اس کو کھلایا نہ جائے وہ کھاتا نہیں اور جب تک اس کو سوار نہ کیا جائے وہ سوار نہیں ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے اس کی غیبت کی۔ صحابہ نے عرض کیا ہم نے اسی بات کی جو اس میں ہے۔ فرمایا غیبت ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ تم ان باتوں کا ذکر کرو جو اس کے اندر ہیں وہ برا مانے گا۔ (تفسیر مظہری)

أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ
بھلا خوش لگتا ہے تم میں کسی کو کہ کھائے گوشت
أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ
اپنے بھائی کا جو مردہ ہو سو گھن آتی ہے تم کو اس سے؟

**غیبت کی گندگی:** یعنی مسلمان بھائی کی غیبت کرنا ایسا گندہ اور گھناؤنا کام ہے جیسے کوئی اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت نوچ نوچ کر کھانے۔ کیا اس کو کوئی

[illegible] کو غیبت اس کی زندگی میں [illegible] ہے۔ (مظہری)

**غیبت کی تمثیل:** اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۔ غیبت کی قباحت [illegible] غیبت کرنے والا [illegible] (تفسیر مظہری)

**غیبت کی سزا:** حدیث میں حضرت انس بن مالک کی روایت ہے کہ شب معراج کی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے [illegible] تو میرا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے چہروں اور سینوں کا گوشت نوچ رہے تھے میں نے جبرئیل سے پوچھا کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کی غیبت کرتے اور ان کی آبروریزی کرتے تھے۔ (مظہری) اور حضرت ابوسعید اور جابر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الغیبۃ اشد من الزنا یعنی غیبت زنا سے بھی زیادہ سخت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یہ کیسے؟ تو آپ نے فرمایا کہ ایک شخص زنا کرتا ہے پھر توبہ کر لیتا ہے تو اس کا گناہ معاف ہو جاتا ہے مگر غیبت کرنے والے کا گناہ اس وقت تک معاف نہیں ہوتا جب تک وہ شخص معاف نہ کرے جس کی غیبت کی گئی ہے۔ (رواہ ترمذی وابوداؤد، مظہری)

**حضرت میمون کا واقعہ:** میمون کہتے ہیں (ایک روز) میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک حبشی کی مردار لاش ہے اور کوئی کہنے والا مجھ سے کہہ رہا ہے کہ اس کو کھاؤ میں نے کہا اے بندۂ خدا میں اس کو کیوں کھاؤں؟ تو اس نے کہا اس لئے کہ تم نے فلاں شخص کے حبشی غلام کی غیبت کی ہے۔ میں نے کہا خدا کی قسم میں نے تو اس کے متعلق کوئی اچھی یا بری بات کی ہی نہیں۔ تو اس نے کہا ہاں لیکن تم نے اس کی غیبت سنی تھی اور اس پر راضی ہوئے تھے۔ (اس کے بعد) میمون کسی کی غیبت نہ خود کرتے تھے نہ کسی کو اپنے سامنے کرنے دیتے تھے۔ (مظہری)

**غیبت کی تلافی:** اس حدیث سے ثابت ہوا کہ غیبت ایک ایسا گناہ ہے جس میں حق اللہ کی بھی خلاف ورزی ہے اور حق العبد کی بھی، اس لئے جس کی غیبت کی ہے اس سے معافی لینا ضروری ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ غیبت کی خبر جب تک اس شخص کو نہ پہنچی ہو اس وقت تک وہ حق العبد نہیں بنتا اس لئے اس سے معافی ضروری نہیں (نقلہ فی الروح عن الحسن والحناطی وابن الصباغ والنووی وابن الصلاح والزرکشی وابن عبدالبر عن ابن المبارک) مگر بیان القرآن میں منقول ہے کہ اس صورت میں بھی اس شخص سے معافی ضروری نہیں مگر جس شخص کے سامنے یہ غیبت کی تھی اس کے سامنے اپنی تکذیب کرنا یا اپنے گناہ کا اقرار کرنا ضروری ہے اور اگر وہ شخص مر گیا یا لاپتہ ہے تو اس کا کفارہ حضرت انس کی حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان من کفارۃ الغیبۃ ان تستغفر لمن اغتبتہ تقول اللھم اغفر لنا ولہ (رواہ البیہقی) یعنی غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعاء مغفرت کرے اور یوں کہے کہ یا اللہ ہمارے اور اس کے گناہوں کو معاف فرما۔

**مسئلہ:** بچے اور مجنون اور کافر ذمی کی غیبت بھی حرام ہے کیونکہ ان کی ایذاء بھی حرام ہے اور حربی کافر اگرچہ ان کی ایذا حرام نہیں مگر اپنا وقت ضائع کرنے کے سبب سے ان کی غیبت بھی مکروہ ہے۔

**مسئلہ:** غیبت جیسے قول اور کلام سے ہوتی ہے ایسے ہی فعل یا اشارہ سے بھی ہوتی ہے جیسے کسی لنگڑے کی چال بنا کر چلنا جس سے اس کی تحقیر ہو۔ (روح المعانی)

**بعض مخصوص صورتیں:** بعض روایات سے ثابت ہے کہ آیت میں جو غیبت کی ممانعت مذکور ہے اس سے بعض مخصوص صورتیں مستثنیٰ ہیں بعض صورتوں میں اگر کسی کی برائی ذکر کرنے کی ضرورت پیش آ جائے تو وہ غیبت میں داخل نہیں بشرطیکہ وہ ضرورت واقعی معتبر ہو جیسے کسی ظالم کی شکایت کسی ایسے شخص کے سامنے کرنا جو ظلم کو دفع کر سکے یا کسی کی اولاد اور بیوی کی شکایت اس کے باپ اور شوہر سے کرنا جو ان کی اصلاح کر سکے یا کسی واقعہ کے متعلق فتویٰ حاصل کرنے کے لئے صورت واقعہ کا اظہار یا مسلمانوں کو کسی شخص کے دنیوی یا دینی شر سے بچانے کے لئے اس کا حال بتانا یا کسی معاملے کے متعلق مشورہ لینے کے لئے اس کا حال ذکر کرنا یا جو شخص سب کے سامنے علانیہ گناہ کرتا ہے اور اپنے فسق کو خود ظاہر کرتا ہے اس کے اعمال بد کا ذکر بھی غیبت میں داخل نہیں مگر بلا ضرورت اپنے اوقات ضائع کرنے کی بنا پر مکروہ ہے (یہ سب صورتیں بیان القرآن میں بیان کی گئی ہیں) ان سب میں قدر مشترک یہ ہے کہ کسی کی ذلت اور عیب ذکر کرنے سے مقصود اس کی تحقیر نہ ہو بلکہ کسی ضرورت مجبوری سے ذکر کیا ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

**وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾**

اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان ۔

**تقویٰ فرمانبرداری کی بنیاد ہے:** ان تمام باتوں پر عمل جب ہی ہو سکتا ہے جب کسی کے دل میں خدا کا ڈر ہو [illegible] چاہئے کہ انسان [illegible] تقویٰ رکھے اور خداوند قہار کے غضب سے ڈرتا رہے [illegible] اور اگر پہلے کچھ غلطیاں سرزد ہو چکی ہیں تو اللہ کے سامنے صدق دل سے توبہ کریں [illegible] مہربانی سے معاف فرما دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ

[illegible]

ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ

[illegible]

قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ

[illegible]

عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ

[illegible]

**بہتری اور برتری کا معیار:** [illegible]

[illegible]

**شان نزول:** [illegible]

[illegible]

**نسب پر اترانے والوں کا انجام**

[illegible]

**آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب:** [illegible]

آرزو مت کرو پیچھے ماندہ لوگ کہاں پہنچ سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

## اسلام چھوت چھات سے بیزار ہے:

مسلمان جانتے ہیں کہ اسلام چھوت چھات سے بیزار ہے وہ تمام انسانوں کو ایک ماں باپ کی اولاد قرار دیتا ہے۔ فرق ہے تو صرف اسلام اور کفر کا۔ پھر جس طرح مسلمانوں میں ذات پات کی تاہم اونچ نیچ نہیں ہے تو اسی طرح سب سے زیادہ باعزت وہ ہے جو تقویٰ میں سب سے اعلیٰ ہو جیسا کہ ہے۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم

اسی طرح غیر مسلموں میں بھی شودر اور برہمن وغیرہ کا کوئی فرق نہیں ہے اگر ایک برہمن ہمارے پاس بیٹھ سکتا ہے۔ ہمارے برتنوں سے پانی لے کر پی سکتا ہے ہمارے کنویں سے پانی بھر سکتا ہے تو انسانیت کے یہ سب حقوق ایک اچھوت کو بھی حاصل ہیں۔ مگر افسوس صد ہا سال معاشرت میں برہمنوں اور اونچی ذات کے ہندوؤں کے ساتھ رہ کر ان سے ہمیں ترکہ میں طور پر چھوت چھات کا مادہ ملا ہے۔ (از اداریہ حسنات)

إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿۱۳﴾

اللہ سب کچھ جانتا ہے خبردار ہے

اللہ دلوں کے حال سے باخبر ہے ☆ یعنی تقویٰ اور ادب اصل میں دل سے ہے اللہ ہی کو خبر ہے کہ جو شخص ظاہر میں متقی اور مؤدب نظر آتا ہے وہ حقیقت میں کیسا ہے اور آخر کیسا رہے گا "انما العبرة لخواتیم" (تفسیر عثمانی)

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا ۖ قُل لَّمْ

کہتے ہیں گنوار کہ ہم ایمان لائے تو کہہ تم

تُؤْمِنُوا وَلَٰكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا

ایمان نہیں لائے پر تم کہو ہم مسلمان ہوئے

وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ ۖ

اور ابھی نہیں گھسا ایمان تمہارے دلوں میں

## ایمان کی کمزوری کی علامت

یہاں یہ بتلاتے ہیں کہ ایمان و یقین جب پوری طرح دل میں راسخ ہو جائے اور جڑ پکڑ لے اس وقت خیر اور عیب جوئی وغیرہ کی خصلتیں آدمی سے دور ہو جاتی ہیں جو شخص دوسروں کے عیب ڈھونڈتے اور آزار پہنچانے میں مبتلا ہو سمجھو ابھی تک ایمان ان کے دل میں پوری طرح پیوست نہیں ہوا۔

ایک حدیث میں ہے "یا معشر من آمن بلسانه ولم یدخل الایمان الی قلبه لا تغتابوا المسلمین ولا تتبعوا عوراتهم" الخ (ابن کثیر ص ۲۲۸/۴) حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "ایک کہتا ہے کہ ہم مسلمان ہیں یعنی دین مسلمانی ہم نے قبول کیا اس کا مضائقہ نہیں اور ایک کہتا ہے کہ ہم کو پورا یقین ہے یہ یقین پورا ہے تو کہے گا وہ کہاں ہے جس کو وہ لگی ہو اپنے حاصل ہو وہ پیچھے ملنا ہے ان کے منہ سے ادعا ہے" (تفسیر) اس آیت سے ایمان اور اسلام کا فرق ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ یہی بات حدیث جبریل وغیرہ سے ثابت ہوئی۔ ہم نے شرح صحیح مسلم میں اس موضوع پر کامل بحث کی ہے یہاں تفصیل کا موقع نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے کہ بنی اسد کے چند آدمی قحط کے زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بظاہر مسلمان ہو گئے لیکن دل میں وہ مومن نہیں تھے۔ ان لوگوں نے مدینہ کے راستے (قطار کے قطار) لید گوبر سے بھر دیئے اور مدینہ میں چیزوں کے نرخ گراں کر دیئے صبح شام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے اور کہتے تھے۔ دوسرے عرب آپ کے پاس اونٹوں پر سوار ہو کر تنہا آئے ہیں اور ہم سارا سامان اور اہل و عیال کو لے کر آئے ہیں۔ فلاں فلاں قبیلہ نے آپ سے جنگ کی (پھر مسلمان ہوئے) لیکن ہم آپ سے کبھی نہیں لڑے اس کلام سے وہ رسول اللہ پر (اپنے اسلام کا) احسان رکھنا چاہتے تھے اور مال صدقات کے طلبگار تھے۔ (تفسیر مظہری)

## ایمان کیا ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایمان یہ ہے کہ تم اللہ اور اس کے فرشتوں اس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں اور روز قیامت کو مانو اور اچھی بری تقدیر کی تصدیق کرو (یعنی اس بات کی دل سے تصدیق کرو کہ دنیا میں ہر خیر و شر اللہ کے مقررہ اندازے کے مطابق ہوتی ہے بری اچھی ہر ایک چیز کا اللہ نے پہلے ہی اندازہ مقرر کر دیا ہے) سوال جبرئیل کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا تھا۔ کذا فی الصحیحین حدیث عمر بن الخطاب مروی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا

اور اگر تم حکم پر چلو گے اللہ کے اور اس کے رسول کے

يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا ۚ

کاٹ نہ لے گا تمہارے کاموں میں سے کچھ

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے ☆

**مہلت عمل** ☆ یعنی اب بھی اگر فرمانبرداری کا راستہ اختیار کرو گے تو پچھلی گزری ہوئی باتوں کی وجہ سے تمہارے کسی عمل کے ثواب میں کمی نہ کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

ایمان والے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اللہ پر

وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا

اور اس کے رسول پر پھر شبہ نہ لائے اور لڑے

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ

اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے

اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ

وہ لوگ جو ہیں وہی ہیں سچے ☆

**سچے مومن کی شان** ☆ یعنی سچے مومن کی شان یہ ہوتی ہے کہ اللہ و رسول پر پختہ اعتقاد رکھتا ہو اور ان کی راہ میں ہر طرح جان و مال سے حاضر رہے۔ (تفسیر حقانی)

**مومن کی تین قسمیں:** مسند احمد میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دنیا میں مومن کی تین قسمیں ہیں (۱) وہ جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا شک و شبہ نہ کیا اور اپنی جان اور اپنے مال سے راہ خدا میں جہاد کیا (۲) وہ جن سے لوگوں نے امن پا لیا نہ یہ کسی کا مال ماریں نہ کسی کی جان لیں (۳) وہ جو طمع کی طرف جب جھانکتے ہیں اللہ عزوجل کی یاد کرتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الخ یعنی خلوص قلب سے ایمان لائے اور احکام کی تعمیل کی۔

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین میں ان کو کسی قسم کا شک نہیں ہوا۔ لفظ ثُمَّ دلالت کر رہا ہے کہ شروع ایمان کے وقت جس طرح شک نہ کرنا لازم ہے اسی طرح آئندہ پوری زندگی مرتے دم تک کسی شک میں نہ پڑنا ضروری ہے آیت لَمْ يَرْتَابُوْا سے یہی مراد ہے۔

**ترکیب نحوی:** فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ یعنی اللہ کی اطاعت میں۔ جَاهَدُوْا کا مفعول محذوف ہے۔ یعنی کافر دشمن سے یا شیطان سے یا اپنا نفس امارہ خواہشات نفس یعنی خواہشات سے جہاد کیا۔

**مجاہد کی شان:** جو شخص صداقت اسلام کے لئے اور حق کی حمایت کرنے کے لئے اور اللہ کا بول بالا کرنے اور دین کو پھیلانے کے لئے اپنی جان و مال کی قربانی دیتا ہے وہ سب سے اول اپنے نفس کی قربانی کرے گا اور تمام احکام شریعت کا پابند ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

تو کہہ کیا تم جتلاتے ہو اللہ کو اپنی دینداری اور اللہ

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

کو تو خبر ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

اور اللہ ہر چیز کو جانتا ہے ☆

**اللہ کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا**

یعنی کیا اللہ کو اپنا دین اور ایمان جتلاتے ہو وہ تو کہے سے کیا ہوتا ہے جس کا جو حال ہے سب اللہ کو معلوم ہے آپ خبردار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی نے اوسط میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ کی روایت سے اور بزار نے بطریق سعید بن جبیر حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور ابن ابی حاتم نے حسن کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ کچھ بدویوں نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم (خود) مسلمان ہو گئے اور آپ سے (کبھی) نہیں لڑے لیکن فلاں قبیلہ والوں نے آپ سے جنگ کی (اور پھر مسلمان ہوئے) بقول حسن یہ بات فتح مکہ ہونے کے بعد کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ

تجھ پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوئے ☆

**بعض نادانوں کی نافرمانی**

یعنی گنوار آ کر جتلاتے تھے کہ دیکھئے ہم بدون لڑے بھڑے مسلمان ہو گئے گویا احسان جتلاتے تھے اس کا جواب آگے دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

**اسلام اور ایمان ایک ہیں یا کچھ فرق ہے؟**

ایمان اصطلاح شرع میں تصدیق قلبی کا نام ہے یعنی اپنے دل سے اللہ

توحید کی تصدیق اور رسول کی رسالت کو سچا ماننا اور اطاعت ... سب سے اول ظاہر میں اسلام اور اللہ اور رسول کی اطاعت کرنے کا نام شریعت میں تصدیق قلبی اس وقت تک قابل اعتبار نہیں جب تک اس کا اثر جوارح کے اعمال ظاہرہ تک نہ پہنچے ... سے اسلام کا اقرار کرے۔ اسی طرح اسلام کے ظاہری اعمال ... شریعت میں اس وقت تک معتبر نہیں جب تک ... تصدیق ... اسلام ایمان ... کا ایمان باطن اور قلب سے شروع ہو کر ظاہر اعمال تک پہنچتا ہے اور اسلام افعال ظاہرہ سے شروع ہو کر باطن کی تصدیق تک پہنچتا ہے ... کے اعتبار سے ان دونوں میں ... ہے کہ ایمان اسلام کے بغیر معتبر نہیں اور اسلام ایمان کے بغیر شرعاً معتبر نہیں ... مسلم نہ ہو ... ایمان اسلام نہیں ہے۔ لغوی معنی کے اعتبار سے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص مسلم ہو مومن نہ ہو جیسے تمام منافقین کا یہی حال تھا کہ ظاہری اطاعت اسلام کی بنا پر مسلم کہلاتے تھے مگر دل میں ایمان نہ ہونے کے سبب مومن نہ تھے (معارف القرآن ...)

| |
|---|
| قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ |
| تو کہہ مجھ پر احسان نہ رکھو اپنے اسلام لانے کا |
| بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ |
| بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو |
| لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ |
| راہ دی ایمان کی اگر تم سچے ہو |

### نادانوں کو جواب

یعنی اگر واقعی تم دعوائے اسلام و ایمان میں سچے ہو تو یہ تمہارا احسان نہیں اللہ کا احسان ہے کہ اس نے ایمان کی طرف آنے کا راستہ دیا اور دولت اسلام سے سرفراز کیا۔ اگر سچی بات کہو تو واقعہ اس طرح ہے حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ ... اپنے ہاتھ سے ... تعریف ... جس نے ... توفیق ... ہدایت اور ... تو احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ کے احسان و انعام کا شکر ادا کرو جس نے اس کی توفیق ارزانی فرمائی۔ (تفسیر عثمانی)

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی — منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

(معارف کاندھلوی)

| |
|---|
| اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ |
| اللہ جانتا ہے چھپے بھید آسمانوں کے |
| وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا |
| اور زمین کے اور اللہ دیکھتا ہے جو تم |
| تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ |
| کرتے ہو |

### خدا کے سامنے باتیں نہ بناؤ

یعنی دلوں کے بھید اور ظاہر و باطن سب خدا پر روشن ہے اس کے سامنے باتیں نہ بناؤ۔ (تفسیر عثمانی)

## سبب نزول

ابن سعد نے بروایت محمد بن کعب قرظی اور سعید بن منصور نے بروایت سعید بن جبیر بیان کیا ہے کہ ... کچھ آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ... حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے ان لوگوں نے آ کر سلام کیا پھر ان میں سے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم شہادت دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ وحدہ لا شریک لہ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں یا رسول اللہ ہم خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں آپ نے اپنا کوئی نمائندہ ہمارے پاس نہیں بھیجا تھا ہم اپنے ان لوگوں کے لئے ... اس پر اللہ نے آیت مذکورہ نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

الحمد للہ سورۃ الحجرات کی تفسیر ختم ہوئی

جو شخص خوب سمجھ سوچ کر تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا
علم اچھا ہوگا اور دین کے سمجھنے والے اس کے محتاج رہیں گے اور اس
کی عمر کا آخری حصہ اول سے زیادہ بہتر اور بابرکت ہوگا۔

## سورۃ قٓ کی خصوصیات:

سورۃ قٓ میں بیشتر مضامین آخرت، قیامت، مردوں کے زندہ ہونے اور حساب و کتاب سے متعلق ہیں اور یہی مناسبت ہے اس کو اس سے پہلی سورۃ آیات سے کہ اس کے آخر میں بھی مضامین آخرت تھے۔

سورۃ قٓ کی خاص اہمیت اس حدیث سے معلوم ہوتی ہے کہ ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت قریب ہمارا مکان تھا۔ ہم سب کا تنور ایک تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تنور (جس میں روٹی پکتی تھی) ایک ہی تھا مجھے سورۃ قٓ پوری اسی طرح یاد ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سورت ہر جمعہ کو خطبہ میں تلاوت فرماتے تھے (رواہ مسلم و قرطبی)۔

اور حضرت عمر بن خطاب نے ابو واقد لیثی سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نمازوں میں کونسی سورت پڑھا کرتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ اور اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ اور حضرت جابر سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں بکثرت سورۃ قٓ تلاوت فرماتے تھے (یہ سورت خاصی بڑی ہے مگر اس کے باوجود نماز ہلکی رہتی تھی) (قرطبی)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تلاوت کا خاص اثر تھا کہ بڑی سے بڑی سورت اور طویل سے طویل نماز بھی پڑھتے تو سب پر ہلکی ہی محسوس ہوتی تھی۔ (مظہری)

حضرت اوس فرماتے ہیں میں نے صحابہ سے پوچھا کہ تم قرآن کے حصے کس طرح کرتے تھے؟ تو انہوں نے کہا پہلی تین سورتوں کی ایک منزل اور پھر پانچ سورتوں کی ایک منزل پھر سات سورتوں کی ایک منزل پھر نو سورتوں کی ایک منزل اور مفصل کی سورتوں کی ایک منزل۔ یہ حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے۔ پس پہلی چھ منزلیں کل اڑتالیس سورتیں ہوئیں۔ پھر اس کے بعد مفصل کی تمام سورتیں ساتویں منزل تو ماننا ہوگا یہ سورت یعنی سورۃ قاف پہلی ہے۔ جو مفصل کی ہے۔ پہلی منزل کی تین سورتیں سورۃ بقرہ، سورۃ آل عمران، سورۃ نساء ہوئیں، دوسری منزل کی پانچ سورتیں مائدہ، انعام، اعراف، انفال اور براءۃ ہوئیں۔ تیسری منزل کی سات سورتیں یونس، ہود، یوسف، رعد، ابراہیم، حجر اور نحل ہوئیں۔ چوتھی منزل کی نو سورتیں بنی اسرائیل، کہف، مریم، طٰہٰ، انبیاء، حج، مومنون، نور، فرقان ہوئیں۔ پانچویں منزل کی گیارہ سورتیں شعراء، نمل، قصص، عنکبوت، روم، لقمان، الم سجدہ، احزاب، سبا، فاطر اور یٰسین

بعد کی — پچھلی منزل کی تیرہ سورتیں صافات، ص، زمر، غافر، حم سجدہ، شوریٰ، زخرف، دخان، جاثیہ، احقاف، قتال، فتح، حجرات کے بعد کی سورت
سے شروع ہوتی ہے اور مفصل شروع ہونے کی یہ دلیل ہے۔ فالحمد للہ۔

مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ عید کی نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا سورۃ قٓ اور سورۃ اِقْتَرَبَتْ ۔ مسلم میں ہے حضرت ام ہشام بنت حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دو سال تک یا ایک سال کچھ ماہ تک ایک ہی تنور رہا ہے میں نے سورۃ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ رسول اللہ ہی کی زبانی سن سن کر یاد کر لی تھی کہ ہر جمعہ کے دن جب آپ لوگوں کو خطبہ سنانے کے لیے کھڑے ہوتے تو اس سورت کی تلاوت کرتے۔ الغرض بڑے بڑے مجمعوں میں جیسے عید ہے، جمعہ ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس سورت کی تلاوت کرتے کیونکہ اس میں ابتداء خلق کا مرنے کے بعد جینے کا خدا کے سامنے کھڑے ہونے کا حساب و کتاب کا، جنت و دوزخ کا، ثواب و عذاب کا اور رغبت و ڈراوے کا ذکر ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ اٰيَاتُهَا خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ وَفِيْهَا ثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ قٓ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ بَلْ عَجِبُوْٓا

قسم ہے اس قرآن بڑی شان والے کی بلکہ ان کو تعجب ہوا

اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ

کہ آیا ان کے پاس ڈر سنانے والا انہی میں کا تو کہنے

الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۚ

لگے منکر یہ تعجب کی چیز ہے

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌ

کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی یہ پھر آنا

بَعِيْدٌ ۝

بہت دور ہے ۝

**قرآن کی عظمت واعجاز:** یعنی قرآن کی بزرگی اور عظمت شان کی کیا حد ہے، سب کتابوں کو منسوخ کر دیا اور اپنی اعجازی قوت اور لا محدود اسرار ومعارف سے بتا دیا کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی صداقت پر قرآن بذات خود شاہد ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی، لیکن منکرین پھر بھی اسکو قبول نہیں کرتے اسلئے نہیں کہ ان کے پاس اسکے صدق کی کوئی حجت وبرہان ہے بلکہ محض اپنے جہل وحماقت سے، بلکہ اس پر تعجب کرتے ہیں کہ انہی کے خاندان اور جنس کا ایک آدمی ان کی طرف رسول ہو کر آیا اور ڈرانے لگا کہ سب کو جینا ہے، مرنے کے بعد پھر زندگی کی طرف واپس لائے جائیں گے، یہ ایسی بات بھی ان کی عقل سے بعید ہے جسے وہ امکان وقوع سے بالکل بعید سمجھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

**ق کیا ہے:** بعض نے کہا ق سے اشارہ ہے بعض صفات اللہ کی طرف، بعض نے کہا قاف پہاڑ کی طرف۔ حق بات یہ ہے کہ (دوسرے حروف مقطعات کی طرح) اس کی اصلی مراد سوا اللہ اور اس کے رسول کے دوسرا کوئی نہیں جانتا۔ بعض کا قول ہے کہ یہ ایک پہاڑ ہے جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے اور آسمان بھی اسی پر ہے۔ قسم ہے ق کی اور قرآن کی جو بڑی عظمت والا ہے۔ کیا ان لوگوں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ انہیں میں سے ایک ڈرانے والا ان کے پاس آیا، یہ تعجب کی بات نہیں بلکہ تعجب تو یہ ہونا چاہیے کہ انہیں میں کا ایک شخص جس کو وہ سچا جانتے تھے اور اس کی سچائی کا اقرار کرتے تھے ان کی خیر خواہی کرتا ہے اس کا انکار کیا جائے۔ ایسے ہی خواہ قوم کے شخص کی بات کو تو ہمیں یہ اصل امر سے قوم کو ڈرانا ہی چاہئے۔ (تفسیر قرطبی)

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ

ہم کو معلوم ہے جتنا گھٹاتی ہے زمین

مِنْهُمْ

اُن میں سے

**موت فنا نہیں**

یعنی مر کر مٹی نہیں ہو جاتی بلکہ روح تو باقی رہتی ہے اور بدن کے اجزاء تحلیل ہو کر جہاں کہیں منتشر ہو گئے ہیں وہ سب اللہ کے علم میں ہیں اس کو قدرت ہے کہ ہر جگہ سے اجزائے منتشرہ جمع کر کے ڈھانچہ کھڑا کر دے۔ اور دوبارہ اس میں جان ڈال دے۔ (تفسیر عثمانی)

وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ ۝

اور ہمارے پاس کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے

**اللہ کا قدیم علم:** یعنی یہی نہیں کہ آج ہی معلوم ہے بلکہ ہمارا علم قدیم ہے حتی کہ ان میں کل ذرات کی سب اشیاء کے سب حالات ایک کتاب میں (لوح محفوظ) کہلاتی ہے لکھ دیے تھے اور اب تک ہمارے پاس وہ کتاب موجود چلی آتی ہے پس اگر علم قدیم کسی کی سمجھ میں نہ آئے تو یہی سمجھ لے کہ وہ دفتر جس میں سب کچھ ہمارے حق تعالیٰ کے سامنے حاضر ہے اس کو پہلے جس کی تاکید مجھ کو کہ نہ بدلیں کسی کے علم میں ہوا اور قلم بند بھی کر لی جائے وہ لوگوں کے نزدیک بہت زیادہ ہو کر کھل جاتی ہے اسی طرح یہ مخاطبین کے محسوسات کے اعتبار سے متنبہ کر دیا کہ ہر چیز خدا کے علم میں ہے اور اس کے ہاں نہیں ہوتی ہے جس میں ذرا کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ

کوئی نہیں پر جھٹلاتے ہیں سچے دین کو جب اُن تک پہنچا

فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَرِيجٍ ۝

سو وہ پڑ رہے ہیں الجھی ہوئی بات میں

**یعنی تکذیب:** یعنی صرف تعجب نہیں بلکہ کھلی ہوئی تکذیب ہے، حضرت کی نبوت قرآن اور بعث بعد الموت ہر چیز کو جھٹلاتے ہیں اور عجب الجھی ہوئی باتیں کرتے ہیں، بے شک جو شخص سچی باتوں کو جھٹلاتا ہے اسی طرح شک و اضطراب اور تردد وتحیر کی الجھنوں میں پڑ جایا کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**مریج:** امر مختلط، مضطرب، بے ٹھکانے۔ ان کے قول میں اضطراب صرف یہ تکذیب نبوت کی وجہ سے ہی تھی۔ قتادہ اور حسن نے کہا جو حق کو چھوڑ دیتا ہے اس کا اپنے معاملہ میں اور دین میں اضطراب پیدا ہو جاتا ہے زجاج نے کہا ایک قول یہ ہے کہ قرآن یعنی رسول اللہ ﷺ کو کبھی شاعر کہتے ہیں کبھی جادوگر کبھی دوسروں کا سکھایا پڑھایا ہوا کبھی دیوانہ کبھی دروغ تراشی کرنے والا اور یہ سارے اقوال باہم مختلف اور متضاد ہیں۔ (تفسیر مظہری)

**کافروں کا بعث بعد الموت کو محال سمجھنے کی وجہ**

پروردگار عالم ان کے اس محال سمجھنے کی اصل وجہ بیان فرما رہا ہے کہ اصل میں یہ حق کو جھٹلانے والے لوگ ہیں اور جو لوگ اپنے پاس حق کے آ جانے کے بعد اس کا انکار کر دیں ان سے اچھی سمجھ بوجھ چھن جاتی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ

کیا انہوں نے نہ دیکھا آسمان کو اپنے اوپر

كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا

[illegible]

مِن فُرُوجٍ

[illegible]

[illegible]

## کیا آسمان نظر آتا ہے؟

[illegible]

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا

[illegible]

رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ

[illegible]

زَوْجٍ بَهِيجٍ تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ

[illegible]

لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُّبَارَكًا

[illegible]

فَأَنبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ

[illegible]

[illegible]

وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيدٌ

[illegible]

[illegible]

## باسقات کا معنی

[illegible]

## کھجور کی فضیلت

[illegible]

تھا اس سے اس (درخت) کو بویا گیا، جس درخت کے نیچے مرکب بیعت رضوان کی تھی سے (تشبیہ دی) پیدائش ہوئی جس سے زیادہ خوبصورت اللہ کے نزدیک اور کوئی درخت نہیں ہے۔ پھر اس کی شاخیں نکلیں اور وہ پھیل گیا۔ اس کو ابن ابی حاتم اور بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے (تفسیر مظہری)

رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِ ۙ وَ اَحۡيَيۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ؕ

روزی دینے کو بندوں کے اور زندہ کیا ہم نے اس سے ایک مردہ دیس کو

كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ ﴿۱۱﴾

اسی طرح ہو گا نکل کھڑے ہونا

## سبزہ کی طرح انسانی جسم اگے گا

یعنی بارش برسا کر مردہ زمین کو زندہ کرنے کی طرح قیامت کے دن مردے زندہ کر دیئے جائیں گے۔ (تفسیر حقانی)

صحیحین میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں صور پھونکنے کے درمیان فاصلہ چالیس کا ہو گا۔ حاضرین نے پوچھا: ابوہریرہ! کیا چالیس دن (کا فاصلہ ہو گا)؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: مجھے اس کا علم نہیں۔ لوگوں نے کہا: کیا چالیس مہینوں کی (مدت ہو گی)؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا۔ لوگوں نے کہا: تو کیا چالیس سال کی (مدت ہو گی)؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: مجھے یہ بھی نہیں معلوم۔ لوگوں نے کہا: تو کیا چالیس سال کی مدت آپ نہیں جانتے ہیں؟ فرمایا: مجھے کہنے سے بھی انکار ہے۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) پھر آسمان سے پانی نازل ہو گا جس سے لوگ ایسے اگیں گے جیسے سبزہ اگتا ہے۔ آدمی (کے بدن) کا ہر حصہ سوائے ایک ہڈی کے گل سڑ جائے گا، وہ ریڑھ کی ہڈی کا سرا ہے، قیامت کے دن اسی دم کے سرے (عجب الذنب) کی ہڈی سے جوڑ کر انسانی جسم بنایا جائے گا۔ ابن ابی داؤد سے بھی اسی طرح کی حدیث بروایت حضرت ابوہریرہ آئی ہے۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ دونوں مرتبہ صور پھونکنے کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہو گا۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن مسعود کی روایت سے بیان کیا ہے کہ عرش کے نیچے سے پانی کا ایک دریا دونوں مرتبہ صور پھونکنے کی درمیانی مدت میں بہتا رہے گا اور یہ درمیانی مدت چالیس سال کی ہو گی۔ اس پانی سے وہ تمام انسان جو پہلے اور بعد کے ہیں، جو مٹ گئے ہیں، اگیں گے (زمین سے سبزہ کی طرح) اگر تم نے کسی کو پہلے (دنیا میں) دیکھا ہو گا جب

وہ پانی برسے گا تو ان کی طرف سے نکل آئیں گے تو جس طرح پیدائش کے وقت ان کے جسم بن جائیں گے اسی طرح ان کا ہر جوڑ اور جسم زندہ ہو جائے گا۔ یہی مطلب ہے کَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ کا۔ (تفسیر مظہری)

**اسرافیل کی ندا:** اور حدیث میں ہے کہ جب قیامت قائم کرنے کے لئے اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے تو حکم الٰہی سے وہ یہ ندا کریں گے: ایتھا العظام البالیۃ والاوصال المتقطعۃ والشعور المتفرقۃ ان اللہ یأمرکن ان تجتمعن یعنی اے بوسیدہ ہڈیو اور ٹکڑے ٹکڑے ہوئے جوڑو اور منتشر بالوں تم سب کو اللہ کا حکم ہے کہ تم پھر جمع ہو جاؤ۔ تمام اعضاء جسم انسانی کے اور جس جس جگہ بھی وہ موت میں رہ گئے ہوں گے ایک جا جمع ہو جائیں گے اور اس طرح دوبارہ زندہ ہو کر میدان حشر میں جمع ہوں گے۔

**ایک آدمی کا واقعہ:** صحیح حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص نے پہلی امتوں میں سے جب مرنے لگا تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی جب میں مر جاؤں تو میری لاش کو جلا کر راکھ کر دینا اور جب میں جل کر راکھ ہو جاؤں تو اس میں سے نصف راکھ سمندر میں بہا دینا اور نصف ہوا میں اڑا دینا۔ ایک روایت میں یہ لفظ ہے کہ جس روز تیز ہوا چل رہی ہو اس روز راکھ ہوا میں اڑا دینا اور ایک روایت میں ہے کہ خدا کی قسم اگر اللہ تعالیٰ کو مجھ پر دوبارہ اٹھانے کی قدرت ہوئی تو وہ مجھ کو ایسا عذاب دے گا کہ جہان والوں میں سے کسی کو ایسا عذاب نہ دیا ہو گا (گویا اس کے نزدیک یہ بہت مشکل امر تھا کہ جس کی راکھ بکھر جائے اس کو پھر اس حالت کے بعد پہلی صورت پر زندہ کیا جائے) اس کا مقصد خدا تعالیٰ پر جھوٹ یا کفر نہ تھا بلکہ اس کے احاطۂ فکر میں قدرت الٰہی کی یہ وسعت نہ آئی کہ کوئی مردہ اپنے جسم کے ساتھ زمین میں موجود نہ بھی ہو تو وہ کیسے اٹھایا جائے گا) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس شخص کے مرنے کے بعد ایسا ہی کیا گیا۔ حق تعالیٰ نے سمندر کو حکم دیا اس میں جو اجزاء تھے وہ اس نے جمع کر لئے۔ ہوا کو حکم ہوا تو ہوا نے جو ذرے اس میں منتشر تھے ان کو جمع کر دیا اور حق تعالیٰ نے اس کو زندہ کر کے سوال فرمایا: اے میرے بندے یہ بات تو نے کس وجہ سے کی؟ عرض کرنے لگا: اے پروردگار تیرے ڈر سے۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بارگاہ خداوندی سے اس کے اس تقویٰ اور خشیت پر مغفرت فرما دی گئی۔

**عبرت و نصیحت:** بارش برسنے سے زمین بنجر کے شاداب ہونے اور زمین کی تہہ سے ہرے بھرے پھل اور پھولوں کی پیدائش کے منظر دیکھ کر اقرار کرنا چاہئے کَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ کہ اللہ تعالیٰ مردوں کو بھی اسی طرح زمین سے باہر نکالے گا جس طرح قیامت کے روز میدان حشر میں اٹھنے کا اور جمع کرے گا۔ (معارف القرآن)

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّاَصْحٰبُ

جھٹلا چکے ہیں ان سے پہلے نوح کی قوم اور کنویں

الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ

والے اور ثمود اور عاد اور فرعون

وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ

اور لوط کے بھائی اور بن کے رہنے والے اور

وَقَوْمُ تُبَّعٍ

تبع کی قوم

۞ان قوموں کے قصے سورۂ فجر، فرقان، مومن وغیرہ میں گزر چکے ہیں۔ (مسعودی)

## اصحاب الرس کون لوگ ہیں؟

اصحاب الرس الفاظ میں عربی زبان میں مختلف معنی کے لئے آتا ہے۔ مشہور معنی یہ ہیں کہ کچے کنویں کو رس کہا جاتا ہے۔ جو اینٹ پتھر وغیرہ سے پختہ نہ کیا گیا ہو اصحاب الرس سے مراد قوم ثمود کے باقی ماندہ لوگ ہیں جو عذاب کے بعد باقی رہے تھے۔ ضحاک وغیرہ مفسرین نے ان کا قصہ یہ لکھا ہے کہ جب حضرت صالح علیہ السلام کی قوم (ثمود) پر عذاب آیا تو ان میں سے چار ہزار آدمی جو حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لا چکے تھے وہ عذاب سے محفوظ رہے یہ لوگ اپنے مقام سے منتقل ہو کر حضرموت میں جا کر مقیم ہوگئے حضرت صالح علیہ السلام بھی ان کے ساتھ تھے ایک کنویں پر جا کر یہ لوگ ٹھہر گئے اور حضرت صالح علیہ السلام کی وفات ہوگئی اس لئے اس جگہ کا نام حضرموت (یعنی موت حاضر ہوگئی) ہے۔ یہ لوگ یہیں رہ پڑے پھر ان کی نسل میں بت پرستی شروع ہوگئی ان کی اصلاح کے لئے حق تعالیٰ نے ایک نبی کو بھیجا جس کو انہوں نے قتل کر ڈالا ان پر خدا تعالیٰ کا عذاب آیا، ان کا کنواں جس پر ان کی زندگی کا انحصار تھا وہ بیکار ہوگیا۔ اور ان کا محل جو بنایا تھا ویران ہوگیا، اسی کا ذکر اس آیت میں فرمایا ہے وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ یعنی بہت سے عبرت والوں کے لئے ان کا بیکار پڑا ہوا کنواں اور مضبوط بنے ہوئے محلات ویران پڑے ہوئے عبرت کے لئے کافی ہیں۔

اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ۔ یہ گھنے جنگل اور درختوں کے جھنڈ والے ایک ہی مقام پر آباد تھے حضرت شعیب علیہ السلام ان کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے انہوں نے نافرمانی کی پھر عذاب الٰہی سے تباہ و برباد ہوئے۔ (معارف القرآن)

حب اللہ کی اور صدق سے ہی ہوگی بنا کیونکہ پہلے نازل کیا جس کی عجیب تمازت (لوگوں نے جھٹلایا) تفسیر کے بعد فقال فرمایا کہ درحقیقت شمار کیے۔

بعض علماء نے کہا اصحاب الرس وہ اصحاب الاخدود ہیں جس کا بیان سورۂ بروج میں گزر چکا ہے کہ انہوں نے ان لوگوں کو خندقوں میں ڈالا جو ایمان لائے تھے۔

قوم ثمود: یہ قوم اپنے پیغمبروں کی تکذیب کی ان کے بھائی صالح (پیغمبر) نے ان سے کہا تم اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے۔ میں تمہاری ہدایت کے لئے اللہ کی طرف سے بھیجا گیا ہوں۔ پھر کہا اللہ سے ڈرو ورنہ تمہیں عذاب گھیر لے گا اور تم کو تباہ کر دیا جائے گا تم جیسا آدمی ہے (پیغمبر نہیں ہے) اگر تو سچا ہے تو کوئی نشانی پیش کر حضرت صالح کی دعا سے ایک دن، وہ پہاڑ کی ایک چٹان سے ایک اونٹنی پیدا ہوئی اور اس کا بچہ بھی ساتھ پیدا ہوگیا۔

یہ اونٹنی ایک دن سارا پانی پی جاتی تھی اور دوسرے دن قوم کے جانوروں کے لئے چھوڑ دیتی تھی (اس طرح ایک دن کا پانی اونٹنی کا اور ایک دن باقی قوم کے جانوروں کا مقرر کر دیا گیا تھا) حضرت صالح نے کہا یہ اللہ کی اونٹنی ہے (یعنی ایک دن کا پانی اس اونٹنی کا ہے اور ایک دن تم لوگوں کا) اس کو تکلیف نہ دینا ورنہ تم کو عذاب پکڑ لے گا۔ مگر ان لوگوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں پھر پچھتائے (کہ عذاب آئے گا) حضرت صالح نے کہا تم تین دن اپنے گھروں میں مزے اڑا لو (اس کے بعد عذاب نازل ہو جائے گا) یہ سچی وعید ہے۔ آخر عذاب آ گیا صالح اور ان کے ساتھ وہ لوگ جو ایمان لائے تھے عذاب سے محفوظ رہے اور ظالموں کو ایک چیخ نے پکڑ لیا اور سب کے سب اپنے گھروں میں منہ کے بل پڑے مرے رہ گئے۔

قوم عاد: یہ قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا ان کے بھائی ہود (پیغمبر) نے کہا کیا تم اللہ کے عذاب سے نہیں ڈرتے میں رسول ہوں تمہاری ہدایت کے لئے آیا ہوں اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ اللہ نے ایک تیز طوفان بھیج کر ان کو ہلاک کر دیا طوفان ان پر سات رات اور آٹھ دن مسلط رہا جس نے ان کو بیخ و بن سے اکھاڑ کر پھینک دیا گویا کہ وہ کھجور کے کھوکھلے تنے ہیں جو گرے پڑے ہوں۔

فرعون اور اس کی قوم: فرعون اور اس کی قوم نے بھی (تکذیب کی) اللہ نے حضرت موسیٰ اور ہارون کو ان کے پاس بھیجا اور فرمایا فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو گیا ہے اس سے کہو کیا تو پاک ہونے کا خواہشمند ہے اور میں تجھے تیرے رب کی طرف رہنمائی کروں تو تجھ کو خوف پیدا ہو جائے۔ حضرت موسیٰ نے اس کو بڑا معجزہ دکھایا عصا اپنی لاٹھی کو پھینک دیا وہ فوراً سانپ بن کر دوڑنے لگی اور ایک اور نشانی ہاتھ بھی دکھایا اپنے گریبان میں اپنا ہاتھ ڈال کر باہر نکالا تو بغیر کسی بیماری کے روشن آفتاب کی

[illegible] فرعون سے موسیٰ [illegible] بنی اسرائیل [illegible] اللہ نے موسیٰ [illegible] دریا [illegible] موسیٰ [illegible] بنی اسرائیل کو فرعون کے پیچھے سے نجات دے دی۔

فرعون اور اس کے لشکر نے بنی اسرائیل کا پیچھا کیا [illegible] ایک عظیم الشان [illegible] [illegible]

**اخوان لوط** [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] قوم تبع [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] بہت سے بکرے [illegible]

[illegible]

[illegible]

کو غلاف پہنایا۔ اسعد ہی پہلا شخص تھا جس نے کعبہ کو غلاف پوش کیا۔ شعب میں چھ دن ٹھہرا، قربانی کی، جماعت کے ساتھ کعبہ کا طواف کیا اور سر منڈوایا، پھر واپس چلا گیا۔ جب یمن کے قریب پہنچا اور حدود یمن میں داخل ہونا چاہا تو قبیلہ حمیر والوں نے یمن میں داخلے سے روکا اور کہا تم نے ہمارا مذہب چھوڑ دیا اس لئے یمن کے اندر تم داخل نہیں ہو سکتے۔ اسعد نے حمیر والوں کو مذہب یہودیت کی دعوت دی اور کہا یہ دین تمہارے دین سے بہتر ہے۔ حمیر والوں نے کہا چلو آگ کے پاس یہ معاملہ لے چلو آگ سے فیصلہ کرواتے ہیں۔

یمن کے اندر ایک پہاڑ کے نشیب میں ایک آگ تھی لوگ نزاعی معاملات اس کے پاس لے جاتے تھے۔ آگ (غار کے اندر سے) نکل کر ظالم کو کھا جاتی تھی اور مظلوم کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچاتی تھی۔ بعض نے کہا آگ سے باہمی انصاف کی تھی۔ چنانچہ حمیر والے اپنے بتوں کو اور ان کے زینت کی جو چیزیں تھیں ان سب کو لے کر نکلے اور دونوں یہودی عالم بھی مذہبی کتابیں گلے میں ڈال کر ... یہ سب لوگ اس جگہ جا کر بیٹھ گئے جہاں سے آگ نکلتی تھی، تھوڑی دیر کے بعد آگ نکلی اور سب کو ڈھانک لیا۔ بتوں کو اور زینت کے سامان کو تو کھا لیا اور یہودی عالم جن کی گردنوں میں مذہبی صحیفے آویزاں تھے برابر ان کو بچائے رہے۔ پیشانی سے پسینہ بہہ گیا اور کوئی ضرر نہیں پہنچا آگ جہاں سے نکلی تھی وہیں واپس چلی گئی اس کے بعد حمیر والوں نے بھی دین یہودیت اختیار کر لیا۔

امام حاکم نے رقاشی کا قول نقل کیا ہے کہ ابو کرب اسعد حمیری جاہلیت میں ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے سات سو برس پہلے ہی آپ پر ایمان لے آیا تھا۔

اسی سے بیان کیا گیا ہے کہ کعب نے کہا اللہ نے تبع کی قوم کی تو مذمت کی تبع کی مذمت نہیں کی۔

حضرت عائشہؓ ... تبع ... وہ صالح آدمی تھا۔ حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے معلوم نہیں کہ تبع نبی تھے یا نہ تھے۔

کُلٌّ یعنی ہر ایک شخص نے یا ہر امت نے یا سب نے پیغمبروں کی تکذیب کی (تمام) پیغمبروں کی تکذیب بایں وجہ کہ کَذَّبَ الرُّسُلَ (بصیغۂ جمع) فرمایا یوں کہا جائے کہ ان میں سے کوئی بھی اللہ کی توحید پر ایمان نہیں رکھتا تھا سب کے سب توحید ہی کے منکر تھے اس لئے پیغمبروں کے آنے کے منکر ہو جاتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾

ان سب نے جھٹلایا رسولوں کو پھر ٹھیک پڑا میرا ڈرانا ☆

**تکذیب انبیاء کا انجام** ☆ یعنی تکذیب انبیاء پر جس انجام سے ڈرایا گیا تھا وہی سامنے آ کر رہا۔ (تفسیر عثمانی)

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ

اب کیا ہم تھک گئے پہلی بار بنا کر کوئی نہیں

فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾

ان کو دھوکا ہے ایک نئے بنانے میں ☆

**خلق اول** یعنی ان کو نئے سرے سے پیدا کرنے میں شبہ ہو رہا ہے جس نے پہلی بار پیدا کیا وہ دوبارہ پیدا کر دے کیا مشکل ہے؟ کیا یہ گمان کرتے ہو کہ (معاذ اللہ) وہ پہلی دفعہ پیدا کر کے تھک گیا ہوگا؟ اس قادر مطلق کی نسبت ایسے توہمات قائم کرنا سخت جہالت و گستاخی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**ترکیب نحوی:** اَفَعَيِينَا میں ہمزہ انکاری ہے اور ف عاطفہ ہے یہ آیت اَفَلَمْ يَنْظُرُوْا پر عطف ہے اور كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ سے آخر تک معترضہ جملے ہیں۔

**خلاصۂ آیت:** ہم نے آسمان کو بغیر کسی تھکاوٹ اور دقت کے بنایا، زمین کو پھیلایا، پہاڑوں کو جمایا، آسمان سے پانی برسایا، پانی سے کھیتوں کو اگایا۔ تمہارا مشاہدہ اور اعتراف ہے کہ ہم ہی نے پہلی مرتبہ ان سب چیزوں کو پیدا کیا ... سے عاجز نہیں ہم نے کر دیا اور تخلیق سے کسی طرح عاجز نہ تھے تب تخلیق اول بھی ہم سے آسان نہیں تھی پھر کیا وجہ کہ تخلیق اول کا اعتراف کرنے والے تخلیق ثانی کے منکر ہیں۔

فِيْ لَبْسٍ لبس کا معنی ہے گڈمڈ ہو جانا، مشتبہ ہو جانا، اس جگہ مراد ہے شک۔ لبس کا لغوی ترجمہ ہے چھپانا۔ شک کی حالت میں بھی باطل حق کے ساتھ گڈمڈ ہو جاتا ہے یعنی حق کو چھپا لیتا ہے۔

**ابن آدم کی نالائقی:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ارشاد ہے آدم کے بیٹے نے میری تکذیب کی، اور یہ تکذیب اس کو زیبا نہ تھی۔ اس نے مجھے گالی دی اور یہ اس کے لئے جائز نہیں تھا۔ تکذیب تو یہ کی کہ اس نے کہا خدا نے پہلی مرتبہ جو مجھے پیدا کر دیا اب دوبارہ مجھے پیدا نہیں کرے گا حالانکہ تخلیق اول میرے لئے تخلیق ثانی سے آسان نہیں تھی اور مجھے گالی اس نے اس طرح دی (کہ اس نے میرے لئے اولاد قرار دی) اور اس نے کہا کہ خدا نے اپنے لئے بیٹا بنا لیا حالانکہ میں اکیلا ہوں بے نیاز ہوں نہ کسی کا والد ہوں نہ مولود نہ کوئی میرا ہمسر ہے۔ رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ و ابن عباس۔ (تفسیر مظہری)

**وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ**

اور البتہ ہم نے بنایا انسان کو اور ہم جانتے ہیں

**مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ**

جو باتیں آتی رہتی ہیں اس کے جی میں ☆

**وسوسہ کا معنی و مراد:** انسان کے جو قول و فعل ہے ہم تو جانتے ہی ہیں مگر جو وسوسے و خطرات اس کے دل میں گزرتے ہیں ان کا بھی ہم کو علم ہے "أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ" (الملک)

مَا تُوَسْوِسُ - وسوسہ کا لغوی معنی ہے پوشیدہ و ہلکی آواز۔ اس جگہ مراد ہے دل میں پیدا ہونے والے خیالات۔ یعنی ہم سب انسان کے ہر چھپے خیال کو جانتے ہیں جو دل میں اپنے ارادہ و اختیار سے پیدا کیا اور عمل یا ارادہ اس وقت ہوتی ہے جب اس سے پہلے ان کا علم ہو (علم کے بغیر وسوسہ کا تعلق نہیں ہو سکتا) (تفسیر مظہری)

**وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ**

اور ہم اس سے نزدیک ہیں دھڑکتی

**الْوَرِيدِ ﴿١٦﴾**

رگ سے زیادہ ☆

**قرب علمی:** مذکورہ کی رگ مراد ہے جسے شہرگ کہتے ہیں اور جس سے کٹنے سے انسان مر جاتا ہے شاید یہ دل وجان اور روح ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ہم اس کی رگ جان سے بھی نزدیک تر ہیں یعنی جیسے علم انسان کا اپنے اندر کی باتوں کا علم ہو اس سے بھی زیادہ ہے تو قرب علمی اور مشاہدہ و معلول حق تعالیٰ کے ساتھ قرب حاصل ہوتا ہے جو معلول و مخلوق کو خود اپنے نفس سے بھی نہیں ہوتا اس کا تشبیہ مثال "نَحْنُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ" سے واضح ہو جاتی ہے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک علاقہ ہے آدمی کی جان سے اعلم بطور۔

اے جان نہاں در جسم و اے اہل جان

اے جہاں اندر جہاں اے جان جان

(تفسیر عثمانی)

**عام و خاص قرب:** آیت میں انسان سے خدا کا قرب جو مستفاد ہو رہا ہے اس میں کوئی خصوصیت نہیں ہے کہ قرآن و مومن کی زندگی اور مخلوق کی ساری کائنات سے اللہ قریب تر ہے جہاں تک کہ اس کی اصل سے بھی۔ اس قرب عام سے علاوہ ایک قرب خاص بھی ہے جس کا تذکرہ قرب عمومی اور یہ قرب خصوصی بھی صرف مومنوں کا ہے (دونوں کو قرب ہی کہا جاتا ہے) لیکن حقیقت دونوں کی جدا جدا ہے۔ اس قرب کا ادراک بھی نور فراست اور محبت سے ہوتا ہے اللہ نے فرمایا ہے۔ "لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا" دوسری جگہ فرمایا "مَعَكُمَا" تیسری جگہ فرمایا "إِنَّ مَعِيَ رَبِّي" ایک اور جگہ فرمایا ہے "فَإِنِّي قَرِيبٌ" اور یہ آیا ہے "عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ" ایک دوسرے مقام پر فرمایا "فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل فرمایا ہے کہ نوافل کے ذریعے سے بندہ مجھ سے قریب ہوتا جاتا ہے ان مقامات قرب کو اہل بصیرت ہی جانتے ہیں ان کے حاشیہ مراتب ہیں جو لوگ اس کے جاننے والے (اہل) ہیں جو کاملوں کے لئے مخصوص ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے "وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ" - "لَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ" ... الا ہمہ یحفظہ حزبہ۔

**ترکیب نحوی:** حبل الورید میں اضافت بیانیہ ہے جیسے شجر اراک یعنی وہ رگ جس میں خون بہتا ہے۔

ورید گلے کے دونوں جانب کی وہ رگیں ہیں جن کا تعلق ان تمام بدن کی رگوں سے ہے جو دل سے نکل کر سارے جسم میں پھیلی ہوئی ہیں یہ رگیں دونوں سرے گردن کی طرف آتی ہیں۔ بعض نے کہا روح اسی رگ کی طرف آتی ہے (معنی یہیں روح سے تعلق مراد ہے جس کا قیام اسی پر ہوتا ہے)۔

**قرب سے کیا مراد ہے:** قریب ہونے سے کیا مراد ہے۔ بعض علماء کے نزدیک قرب علمی مراد ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر مکان سے بالا اور منزہ ہے۔ وہ نہ جسم ہے نہ جسمانی نہ قرب بلحاظ مکانی سے پاک ہے۔

بیضاوی نے اس قرب کو بیان کیا ہے مطلب یہ ہے کہ علم الٰہی ہر قریب ترین شخص سے بھی زیادہ قریب ہے۔ ہم انسان کے نفس سے بھی زیادہ واقف ہیں جو انسان کی شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ قرب ذات سے مراد ہے قرب علمی ہے کیونکہ قرب تخلیق سے قرب علمی حاصل ہوتا ہے (صاحب تفسیر نے مراد لیا) یہ ایک قسم ہے استعارہ کی قرب ذاتی ظاہر کرنے کے لئے۔ ہم مثال بیان کیا جاتا ہے۔ عرب کہتے ہیں یہ مجھ سے بھی زیادہ قریب ہے۔

بغوی نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ہم انسان کو اتنا زیادہ جانتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو بھی اتنا نہیں جانتا کیونکہ انسان سے بعض چیزیں اور اسرار اجزاء کے علم کے لئے صاحب ادراک ہوتے ہیں لیکن اللہ کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ اس مطلب پر یہ نتیجہ ہوگا کہ طبیب بیمار سے بھی زیادہ مریض سے قریب ہوتا ہے کیونکہ طبیب مریض کی صحت و بیماری کو

حاصل ہوتا ہے اور مریض خود اپنی نبض جانتا ہے [illegible] طبیب [illegible] استدلال [illegible]
[illegible] اور مریض کا علم وجدانی [illegible] خصوصاً جزوی [illegible] معلم و متعلم
[illegible] وہ اپنے متعلق بھی کچھ نہیں جانتا اور [illegible] اس کے کچھ حالات جانتا
ہے مثلاً [illegible] علیم [illegible] سے آپ کو کچھ نہیں جانتا اور کبھی
[illegible] اتنا قریب ہوں کہ تم خود اپنے آپ سے اتنا قریب
نہیں ہو۔ لیکن اگر اللہ کے قریب ہونے کے معنی یہ ہیں کہ مخلوق [illegible] کو
اتنا نہیں جانتی جتنا اس کو اللہ جانتا ہے [illegible] خدا کے علم پر محدود نہیں ہے (بلکہ ہر
معلوم العلم کے حوالے سے ہوتا ہے جتنا وہ خود نہیں جانتا اس لئے کہنا پڑے گا
کہ ہر علم رکھنے والا معلوم العلم سے اتنا قریب ہے کہ وہ اپنے آپ سے اتنا
قریب نہیں ہے) اللہ کی اقربیت ایسے معنی کے اعتبار سے کوئی نئی نہیں ہے۔

**صوفیاء کا قول:** صوفیہ کہتے ہیں مخلوق سے اللہ کی اقربیت ذاتی ہے نہ
[illegible] ہے نہ مکانی [illegible] اللہ کی اس اقربیت کا ادراک نور
فراست سے حاصل ہوتا ہے [illegible] عقلی استدلال سے حاصل نہیں ہوتا۔

[illegible] اقربیت خداوندی کو عقلی فہم ہونے کے لئے یوں کہا جا
سکتا ہے [illegible] وجود [illegible] کے لئے [illegible] کا
[illegible] محتاج ہوتا ہے۔

[illegible] اس میں صراحت کر دی ہے کہ [illegible] وجود [illegible]
[illegible] کی قربت ہے۔

صوفیہ [illegible] کی نسبت [illegible] کی جانب اور [illegible] کی نسبت
صفات کی جانب اور صفت کی نسبت [illegible] کی جانب کرتے ہیں۔ [illegible]
کے [illegible] اللہ کے رسول [illegible] نے ارشاد فرمایا [illegible]
[illegible] نور و ظلمت کے [illegible] اگر وہ [illegible]
[illegible] کے چہرے کے [illegible] حد نظر تک [illegible]
[illegible] اسی طرح صفات کے [illegible] نے خود فرمایا ہے۔
[illegible] اس سب [illegible] ہو گئی اور [illegible]
[illegible] اور صفات
[illegible] فرمایا ہے [illegible] ختم ہونے والا ہے اور اللہ
کے پاس جو کچھ ہے وہ باقی رہنے والا [illegible]۔

حضرت مجدد قدس سرہٗ نے فرمایا اللہ [illegible]
[illegible] ہے مگر [illegible] قرب ہے [illegible] ہے۔
[illegible] صفات [illegible] کا اپنی ذات سے بھی
اتنا قرب نہیں ہے [illegible] صفات خداوندی کا [illegible] زیادہ ہے کہ [illegible]
کا اپنی ذات سے بھی اتنا قرب نہیں ہے اور صفات خداوندی کا [illegible] سے
قرب اتنا [illegible] ہے کہ اتنا قرب [illegible] کا اپنی ذات سے ہے نہ [illegible] کا
ذات سے اور [illegible] کا قرب [illegible] زیادہ ہے کہ اتنا قرب [illegible] کا اپنی
ذات سے ہے نہ [illegible] صفات کا [illegible] (تفسیر مظہری)

یہ قرب و تقرب جو عبادات کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے [illegible] کے
اپنے سب [illegible] کا نتیجہ ہوتا ہے یہ صرف مومن کے لئے مخصوص ہے اور ایسے
[illegible] اولیاء اللہ کہلاتے ہیں [illegible] تعالیٰ کے ساتھ [illegible] حاصل ہے
اتصال و قرب اس قرب کے علاوہ ہے جو حق تعالیٰ کو ہر انسان [illegible]
جان کے ساتھ یکساں ہے [illegible] روایات اس پر شاہد ہیں کہ
انسان کو اپنے خالق و مالک کے ساتھ ایک [illegible] قسم کا اتصال حاصل ہے [illegible]
اس کی حقیقت اور کیفیت کا [illegible] نے [illegible] فرمایا ہے۔

[illegible] اتصالے [illegible] مثال [illegible] قیاس
[illegible] جان [illegible]

یہ قرب و اتصال [illegible] آیت [illegible] سے معلوم
کیا جا سکتا ہے۔ تفسیر مظہری میں اسی قرب و اتصال کو اس آیت کا مطلب قرار
دیا ہے۔ (معارف القرآن)

**إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ**

جب لے جاتے ہیں دو لینے والے داہنے بیٹھا

**وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ ﴿١٧﴾**

اور بائیں بیٹھا ☆

کراماً کاتبین ☆ یعنی دو فرشتے خدا کے حکم سے ہر وقت انسان کے ساتھ
[illegible] جو بھی وہ ظاہر [illegible] سب لکھ لیتے ہیں [illegible]
[illegible] (تفسیر عثمانی)

**اعمال نامہ لکھنے والے فرشتے:** حضرت حسن بصری نے آیت عَنِ
الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ تلاوت فرمائی اور کہا۔

"اے ابن آدم! تیرے لئے صحیفۂ اعمال بچھا دیا گیا ہے اور تجھ پر دو معزز
فرشتے مقرر کر دیئے گئے ہیں ایک تیری داہنی جانب دوسرا بائیں جانب داہنی
جانب والا تیری نیکیاں لکھتا ہے اور بائیں جانب والا تیری برائیاں [illegible]
[illegible] حقیقت [illegible] تیرا [illegible] کم کر یا زیادہ یہاں تک
کہ جب تو مرے گا تو یہ صحیفہ لپیٹ کر تیری گردن میں
ڈال دیا جائے گا جو تیرے ساتھ قبر میں جائے گا اور رہے گا یہاں تک کہ جب تو

قیامت کے روز قبر سے نکلے گا تو اس وقت حق تعالیٰ فرمائے گا وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا۔ یعنی ہم نے ہر انسان کا اعمال نامہ اس کی گردن میں لگا دیا ہے اور قیامت کے روز اس کو کھلا ہوا ہے گا کہ اپنا اعمال نامہ خود پڑھ لے تو خود ہی اپنا حساب لگانے کے لئے کافی ہے۔

روایت میں ہے کہ پہلے تو ہر عمل لکھا جاتا ہے خواہ گناہ و ثواب اس میں ہو یا نہ ہو مگر ہفتہ میں جمعرات کے روز اس پر فرشتے نظر ثانی کر کے صرف وہ رہ لیتے ہیں جن میں ثواب یا عقاب ہو یعنی خیر یا شر ہو باقی کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

| |
|---|
| مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ |
| نہیں بولتا کوئی بات جو نہیں ہوتا اس کے پاس |
| رَقِيبٌ عَتِيدٌ ۞ |
| ایک راہ دیکھنے والا تیار |

اب یہ بھی لکھنے کو تیار ہے (رقیب) دونوں فرشتے کہاں رہتے ہیں؟ اور علاوہ اقوال کے کیا کیا وہ لکھتے ہیں؟ انکی تفصیل احادیث وآثار سے سنئیے۔ (احسن البیان)

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ۔ انسان منہ سے کوئی لفظ نکال بھی نہیں پاتا کہ۔ رَقِيبٌ عَتِيدٌ۔ رقیب سے مراد نگہبان فرشتہ جو انسان کے قول کی چوکسائی کرتا رہتا ہے۔ عَتِيدٌ۔ حاضر (موجود) حسن نے کہا فرشتے دو حالتوں میں انسان سے الگ ہو جاتے ہیں رفع حاجت کے وقت اور جماع کے وقت۔

امام احمد بن حنبلؒ کا فرمان: بلال بن حارث مزنیؓ سے روایت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بندہ کبھی ایک کلمہ اللہ کی خوشنودی کا بول دیتا ہے۔ جس کو کچھ بھی نہیں ہوتا کہ یہ کلمہ اس درجہ تک پہنچ جائے گا تو اسی ایک کلمہ کی بدولت اس کے واسطے قیامت تک کے لئے اللہ کی رضامندی کا پروانہ لکھ دیا جاتا ہے اور بسا اوقات ایک کلمہ اللہ کی ناراضگی کا بول دیتا ہے حالانکہ اس کا اندازہ بھی نہیں ہوتا کہ یہ اس درجہ تک پہنچ جائے گا تو اسی ایک کلمہ کی وجہ سے اللہ کی ناراضگی قیامت تک کے واسطے لکھ دی جاتی ہے۔

علقمہ اس روایت کو نقل کر کے کہا کرتے تھے کہ بہت سی باتیں ایسی تھیں جو میں کہنے سے باز رہتا تھا کیونکہ اس فرمان کا تصور تھا کہ ایک ایک لفظ زبان سے ادا کرنے کی بابت جواب دہی ہوگی۔ یہ حدیث مختلف کتابوں میں آتی ہے۔

## دونوں فرشتے ایک دوسرے کے نگران ہیں

احنف بن قیس کہا کرتے تھے دائیں ہاتھ والا فرشتہ جو خیر لکھتا ہے دوسرے فرشتے پر نگران رہتا ہے کہ اگر بندہ کوئی خطا کر لے تو دائیں ہاتھ والا فرشتہ بائیں جانب والے کو کہتا ہے کہ ذرا ٹھہر جا شاید اس کی برائی نہ لکھ کہ اس مہلت میں بندہ استغفار کر لے لیکن بندہ نے اگر استغفار نہ کیا تو پھر لکھ لیتا ہے۔

حسن بصریؒ یہ آیت عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ پڑھ کر فرمایا کرتے تھے اے ابن آدم تیرا نامۂ اعمال میں نے کھول رکھا ہے اور تجھ پر دو معزز فرشتے مقرر کر دیئے ہیں ایک تیری دائیں جانب ہے اور دوسرا تیری بائیں جانب۔ دائیں جانب والا تیری نیکیاں لکھتا ہے اور بائیں جانب والا تیری برائیاں لکھتا ہے اب تیری مرضی جو عمل چاہے کر۔ کم کر یا زیادہ کر۔ یہاں تک کہ جب تو مر جائے گا تو تیرے صحیفے لپیٹ کر تیری گردن میں ڈال دیئے جائیں گے یہاں تک کہ جب قیامت کے روز تو اپنی قبر سے اٹھے گا تو اس وقت کہا جائے گا اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا۔ اس کے بعد فرمایا کرتے خدا کی قسم تیرے بارے میں اس ذات نے عدل و انصاف کیا جس نے خود تیرے نفس کو تیرا محاسب بنایا۔ اسی کو حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا ہے۔ وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا۔ (معارف کاندھلوی)

| |
|---|
| وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ |
| اور وہ آئی بے ہوشی موت کی تحقیق ۞ |

## اجمالی مربوط کلام

یعنی لو! اب وہ مسلسل بیان ہوں گی جو موت کی گھڑی آ پہنچی اور مرنے والوں کی بے ہوشیاں اور جان کنی کی غشیوں میں آنکھیں کھل جائیں گی اس وقت وہ سب کچھ بے نقاب اور ظاہر ہو گئیں جن کی خبر اللہ تعالیٰ کے رسول نے دی تھی اور میت کی سعادت و شقاوت سے پردہ اٹھنے لگا اور ایسی چیزیں آنے لگیں اور عقلی تاکید کے سبب مطلق کی بہت سی آیتیں اس سے متعلق ہیں۔ (احسن البیان)

ربط: گذشتہ آیتوں کے دو دلائل میں اصناف تخلیق و نقل معلومہ سے اللہ نے ان کے اس خیال کا ازالہ اس طور پر کر دیا کہ اپنی قدرت اور علم کی ہمہ گیری کو اول بیان یا تخلیق عالم اور انسان کی ہستی و صفات کی تحقیق کا ذکر کیا ان کے بعد آئندہ آیت میں تنبیہ و تخویف کے لئے موت کے قریب ہونے اور قیامت برپا ہونے کا بیان کیا اور فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

اسرار اور رموز: ان آیات میں جاء ت اور نفخ اور کشفنا تمام صیغے ماضی کے ذکر کئے گئے حالانکہ یہ واقعات مستقبل میں پیش آئیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ واقعات یقینی اور ضروری پیش آئیں گے اور ایسے موقع پر ماضی کا صیغہ استعمال کرنے سے اس طرف اشارہ ہوتا ہے کہ یہ واقعات اتنے یقینی الوقوع ہیں کہ گویا ان کا وقوع ہو گیا۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیفیت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ حالت پیش آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پانی میں ہاتھ ڈال کر چہرۂ مبارک پر ملتے اور فرماتے تھے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ یعنی کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے فرمایا کہ موت کی بڑی شدتیں ہوتی ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

سکرۃ الموت موت کی بے ہوشی کا نام ہے جو جسمانی طور پر نزع ہونے کے وقت پیش آتی ہے۔ یہ سکرۃ موت ہر ایک کے لئے ہیں۔ جیسا حدیث میں ہے۔ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جب موت کی کیفیت طاری ہونے لگی تو آپ کی پیشانی پسینہ آلود ہوگئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشانی کا پسینہ پونچھتے جاتے اور فرماتے سبحان اللہ ان للموت سکرات۔

## موت ہر انسان کی قیامت ہے

اس آیت میں ہر انسان کی موت کا ذکر ہے اور ہر انسان کی موت اس کے حق میں قیامت ہے جیسا کہ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اِذَا مَاتَ اَحَدُکُمْ فَقَدْ قَامَتْ قِیَامَتُہٗ کہ جو شخص مر گیا اس کی تو قیامت شروع ہوگئی۔ (معارف مفتی اعظم)

## امام احمد کا حال:

حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی بابت مروی ہے کہ آپ اپنے مرض الموت میں کراہ رہے تھے تو آپ کو معلوم ہوا کہ حضرت طاؤس فرماتے ہیں کہ فرشتے اسے بھی لکھتے ہیں چنانچہ آپ نے کراہنا بھی چھوڑ دیا اف تک آپ نے اپنی موت کے وقت تک نہیں کی۔

## حضرت ابوبکرؓ کی حالت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں اپنے والد رضی اللہ عنہ کے آخری وقت میں آپ کے سرہانے بیٹھی تھی۔ آپ پر غشی طاری ہوئی تو میں نے یہ بیت پڑھا۔

مَنْ لَا يَزَالُ دَمْعُهُ مُقَنَّعًا  فَإِنَّهُ لَا بُدَّ مَرَّةً مَدْفُوقٌ

مطلب یہ ہے کہ جس کے آنسو ٹھہرے ہوئے ہیں وہ بھی ایک مرتبہ بہہ جائیں گے۔ تو آپ نے اپنا سر اٹھا کر فرمایا بیٹی یوں نہیں بلکہ جس طرح خدا نے فرمایا وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ الخ۔ اور روایت میں ہے کہ آپ صدیق اکبرؓ کا یہ قول مروی ہے۔ یوں نہیں بلکہ یہ آیت پڑھو۔ اس اثر کے اور بھی بہت سے طریق ہیں جنہیں میں نے سیرۃ الصدیق میں آپ کی وفات کے بیان میں جمع کر دیا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

> ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ۝
>
> یہ وہ ہے جس سے تو ٹلتا رہتا تھا ☆

## موت ٹلنے والی نہیں

یعنی آدمی نے موت کو بہت بھگانا چاہا اور اس ناخوشگوار وقت سے بہت بچ کر بھاگتا اور کتراتا رہا، پر کبھی ٹلنے والی کہاں تھی؟ خود سر پر آ کھڑی ہوئی کوئی تدبیر اور حیلہ دفع الوقتی کا نہ چل سکا۔ (تفسیر عثمانی)

## موت سے بھاگنے والے کی مثال

معجم کبیر طبرانی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس شخص کی مثال جو موت سے بھاگتا ہے اس لومڑی جیسی ہے جس سے زمین اپنا قرض طلب کرنے لگی اور یہ اس سے بھاگنے لگی یونہی بھاگتے بھاگتے جب تھک گئی اور بالکل چکنا چور ہو گئی تو اپنے بھٹ میں جا گھسی زمین چونکہ وہاں بھی موجود تھی اس نے لومڑی سے کہا میرا قرض دو یہ پھر وہاں سے بھاگی سانس پھولا ہوا تھا حال برا ہو رہا تھا آخر یونہی بھاگتے بھاگتے بے دم ہو کر مر گئی الغرض جس طرح اس لومڑی کو زمین سے بھاگنے کی راہیں بند تھیں اسی طرح انسان کو موت سے بچنے کے راستے بند ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

> وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ۝
>
> اور پھونکا گیا صور یہ ہے دن ڈرانے کا ☆

بڑی قیامت ☆ چھوٹی قیامت تو موت کے وقت ہی آ چکی تھی اس کے بعد بڑی قیامت کا منظر ہے یعنی صور پھونکا گیا اور وہ ہولناک دن آ موجود ہوا جس سے ڈرایا گیا اور جس سے لوگ گھبراتے چلے آتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

فرشتہ تیار کھڑا ہے: حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں کس طرح راحت و آرام حاصل کر سکتا ہوں حالانکہ صور پھونکنے والے فرشتے نے صور منہ میں لے لیا ہے اور گردن جھکائے حکم خداوندی کا انتظار کر رہا ہے کہ کب حکم ہو اور کب وہ پھونک دے۔ صحابہؓ نے کہا پھر یا رسول اللہ ہم کیا کہیں۔ آپ نے فرمایا کہو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

## جب صور پھونکا جائے گا تو سب کھڑے ہو جائیں گے

ابو نعیم نے حلیہ میں لکھا ہے کہ عکرمہ نے کہا جو لوگ سمندر میں ڈوب جاتے ہیں، ان لاشوں کا گوشت مچھلیاں بانٹ لیتی ہیں۔ صرف ہڈیاں رہ جاتی ہیں سمندر کی لہریں ہڈیوں کو خشکی پر لا ڈالتی ہیں۔ پھر ہڈیاں خشک ہو کر کھوکھلی ہو جاتی ہیں کہ ان کو اونٹ چبا جاتے ہیں اور اونٹ کے پیٹ کے اندر آ کر مینگنیاں بن جاتی ہیں اونٹ مینگنیاں کر دیتے ہیں مینگنیوں کے مقام پر کوئی مسافر آ کر اترتا ہے وہ ان مینگنیوں سے آگ جلا کر ایندھن کا استعمال کرتا ہے۔ مینگنیاں راکھ بن جاتی ہیں پھر آگ بجھ جاتی ہے اور مینگنیاں راکھ بن جاتی

جب ... اور محشر کی ... [illegible]

[illegible] (تفسیر مظہری)

## وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ

اور آئے گا ایک ایک شخص اس کے ساتھ ہے ایک ہانکنے والا

## وَّشَهِيدٌ

اور ایک احوال بتانے والا ☆

**محشر کی پیشی:** [illegible] جائیں گے کہ ایک ... [illegible] (تفسیر حقانی)

ہانکنے والا اور گواہ: [illegible]

[illegible]

## لَقَدْ كُنتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا

تو بے خبر رہا اس دن سے

## فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ

اب کھول دیا ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ سو تیری نگاہ

## الْيَوْمَ حَدِيدٌ

آج تیز ہے ☆

**محشر کی ذہانت:** [illegible] (تفسیر حقانی)

**غطاء کا معنی:** [illegible]

[illegible] (تفسیر عثمانی)

## وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ

اور بولا فرشتہ ساتھ رہنے والا یہ ہے جو میرے پاس تھا حاضر ☆

[illegible] (تفسیر حقانی)

## أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ

ڈال دو تم دونوں دوزخ میں ہر ناشکرے مخالف کو

## مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ

نیکی سے روکنے والا حد سے بڑھنے والا شبہ ڈالنے والا ☆

**جہنم میں ڈالنے کا حکم:** [illegible]

[illegible] (تفسیر حقانی)

پھینکا۔ تم دونوں ڈال دو۔ دونوں سے مراد ہیں سائق اور شہید یا دوزخ کے دو فرشتوں میں سے دو فرشتے یا واحد ہے حقیقت میں کوئی ایک ہے لیکن صیغہ تثنیہ ذکر کرنے سے تثنیہ فعل مراد ہے۔ عنید۔ حق سے عناد رکھنے والا۔ مناع للخیر۔ خیر سے مراد ہے فرض زکوٰۃ اور ہر وہ مالی حق جس کا ادا کرنا واجب ہے۔ یہ منع کرنے والا ہے۔ معتد۔ ظالم، حد اللہ کی توحید کا اقرار نہیں کرتا۔ مریب۔ اللہ کی ذات صفات اور احوال کے دین میں شک کرنے والا۔ (تفسیر مظہری)

الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا

جس نے ٹھہرا لیا اللہ کے ساتھ اور کو پوجنا

آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ

سو ڈالو اس کو سخت عذاب میں ☆

## سخت ترین عذاب کے مستحق

یعنی ایسے لوگ جہنم میں سخت ترین عذاب کے مستحق ہیں۔ (تفسیر جلالین)

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ

بولا شیطان اس کا ساتھی اے رب ہمارے میں نے

وَلٰكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ

نہ شرارت میں ڈالا پر یہ تھا راہ بھولا دور پڑا ہوا ☆

## اعمال لکھنے والے فرشتے اور شیطان

☆ یعنی میری کچھ زبردستی اس پر نہ چلتی تھی اور نہ ایسی تھی کہ کچھ خود گمراہ ہو کر نجات و فلاح کے راستے سے دور جا پڑا۔ شیطان یہ کہہ کر اپنا جرم ہلکا کرنا چاہتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس، مقاتل اور سعید بن جبیر کے نزدیک اس جگہ قرین سے مراد ہے وہ فرشتہ جو اعمال پر مقرر ہے۔ سعید بن جبیر نے کہا فرشتہ یہ بات اس وقت کہے گا۔ جب کافر کہے گا فرشتے نے لکھنے میں مجھ پر زیادتی کی ہے (اپنی طرف سے) میں نے اس کی طرف کفر اور طغیان کی نسبت نہیں کی (یعنی اپنی طرف سے غلط طور پر اس کو کافر اور سرکش نہیں لکھا) اور نہ لکھنے میں اس پر کوئی زیادتی کی ہے۔ بعض اہل تفسیر کا قول ہے کہ قرین سے اس جگہ شیطان مراد ہے جو اس کافر پر مسلط کیا گیا تھا یعنی کافر کہے گا میرے شیطان نے مجھے گمراہ کیا تھا شیطان کہے گا میں نے اس کو گمراہ نہیں کیا بلکہ یہ خود پرلے درجہ کی گمراہی میں پڑا ہوا تھا تو میں نے اس کی مدد کر دی (یعنی کفر کی شدت میں کر اور بڑھا دیا)۔

حقیقت یہ بھی ہے کہ شیطانی اغوا اسی وقت آدمی پر اثر انداز ہوتا ہے جب آدمی کا عقیدہ خود ہی غلط ہو اور گناہ کی طرف اس کا طبعی میلان ہو۔ یہی وجہ ہے کہ شیطان کہے گا کہ میری تم پر کوئی زبردستی نہیں تھی۔ میں نے تو (گناہ کی طرف) صرف تم کو بلایا تھا تم نے میری دعوت کو قبول کر لیا اس لئے مجھے ملامت نہ کرو اپنی جانوں کو ملامت کرو۔

## صوفیاء کی مستعدی

یہی وجہ ہے کہ اسی وجہ سے صوفیاء اپنے نفسوں سے جہاد کرنے کے لئے کمربستہ رہتے ہیں اور اپنی پوری طاقت نفس کا مقابلہ کرنے کے لئے صرف کرتے ہیں تا کہ شیطان کا راستہ بند ہو جائے (شیطان نفس کے راستے سے آتا ہے)

بعض متاخرین کے نزدیک دونوں جگہ قرین سے مراد شیطان ہے جو کافر پر مسلط ہوتا ہے شیطان کافر کا ساتھی ہوتا ہے اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ شیطان کہے گا یہ شخص جو میرے پاس ہے اور میرے سپرد تھا دوزخ کے لئے حاضر ہے۔ میں نے اغوا کر کے دوزخ کے لئے تیار کیا ہے لیکن میں نے اس کو زبردستی طاغی نہیں بنایا۔ خود ہی پرلے درجے کی گمراہی میں تھا اپنے اختیار سے میری پیروی کی اور میری دعوت کو قبول کیا اور فرشتے کی دعوت کو قبول نہیں کیا (تفسیر مظہری)

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ

فرمایا جھگڑا نہ کرو میرے پاس اور میں پہلے ہی

قَدَّمْتُ إِلَيْكُم بِالْوَعِيدِ

ڈال چکا تھا تم کو عذاب سے ☆

## گمراہ کرنے اور گمراہ ہونے کی سزا ملے گی

☆ یعنی کہہ دیا گیا تھا کہ بہت مت کرو دنیا میں سب کو تنبیہ دے دی گئی تھی اب ہر ایک کو اس کے جرم کے موافق سزا ملے گی جو گمراہ ہوا اور جس نے گمراہ کیا سب اپنی اپنی کرتوت کی سزا بھگتیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا

بدلتی نہیں بات میرے پاس اور میں

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ

ظلم نہیں کرتا بندوں پر ☆

اللہ کے ہاں ظلم نہیں ہے (یعنی ہمارے یہاں ظلم نہیں جو کچھ فیصلہ ہوگا یہ تحقیق اور انصاف سے ہوگا اور بات نہیں بدلی جائے گی ناز کا حق نہیں جا سکتا نیکیاں کم کرنا نہ گناہ بڑھانا) (تفسیر مدنی)

مشتمل تعلق ۔ یعنی میرے قول کے خلاف نہیں ہو سکتا میں کہہ چکا ہوں لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اس لئے اب میری طرف سے حضرت کی امید نہ رکھو۔

کلبی نے کہا اور فراء نے اس کو پسند کیا کہ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ کا یہ مطلب ہے کہ میرے سامنے جھوٹ نہیں بولا جا سکتا علام الغیوب ہوں مجھ سے کوئی بات پوشیدہ نہیں ۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ |
| جس دن ہم کہیں دوزخ کو تو بھر بھی چکی |
| وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيدٍ ۝ |
| وہ بولے کچھ اور بھی ہے ؟ ۝ |

جہنم کی طلب یعنی دوزخ کا پیٹ اس قدر لوگوں سے نہ بھرے گا اور شدت غیظ سے زیادہ کا ارادہ اور خواہش ظاہر کرے گی ۔ (تفسیر جلالی)

صحیح بات یہ ہے کہ یہ مقتضیٰ جو ہاں کی طلب ظاہر کرتا ہے کیونکہ شیخین نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنم کے اندر برابر سب کچھ ڈالا جائے گا اور وہ کہتی رہے گی هَلْ مِن مَّزِيدٍ آخر رب العزت اپنا قدم اس میں رکھ دے گا سب سمٹ کے قدم رکھنے کی وجہ سے سمٹ جائے گی اس کے اجزاء باہم سکڑ جائیں گے اور وہ کہے گی بس بس تیری عزت اور کرم کی قسم (بس بھر گئی) اور جنت کے اندر ایک حصہ ایسا خالی رہے گا (اس کے لئے کوئی رہنے والا نہیں ہوگا) آخر اللہ ایک اور مخلوق پیدا کرے گا جس کو اس خالی حصہ میں آباد کرے گا۔

بغوی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے اللہ کا فیصلہ پہلے ہو چکا ہے کہ میں دوزخ کو جنات اور انسانوں سے سب سے بھر دوں گا۔ جب قیامت کے دن اللہ کے دشمنوں کو دوزخ کی طرف ہنکا کر لے جایا جائے گا اور گروہ در گروہ ان کو دوزخ میں ڈالا جائے گا تو سب اندر چلے جائیں گے اور دوزخ کسی چیز سے نہ بھرے گی۔ دوزخ عرض کرے گی یا مجھے بھر دینے کی قسم نہیں کھائی تھی؟ اللہ اپنا قدم دوزخ پر رکھ دے گا اور فرمائے گا کیا تو بھر گئی دوزخ کہے گی بس بس اب مزید کی گنجائش نہیں۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ |
| اور قریب لائی جائے جنت پرہیزگاروں کے لئے دور نہیں ۝ |

جنت کا نظارہ یعنی جنت ان سے دور نہ ہوگی بہت قریب سے اس کی تروتازگی اور بہار کا نظارہ دیکھیں گے ۔ (تفسیر حقانی)

| |
|---|
| هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ |
| یہ ہے جس کا وعدہ تھا تم سے ہر ایک رجوع |
| حَفِيظٍ ۝ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمَٰنَ |
| رہنے والے یاد رکھنے والے کے واسطے جو ڈرا رحمن |
| بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ ۝ |
| سے بن دیکھے اور لایا دل رجوع ہونے والا ۝ |
| ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ |
| چلے جاؤ اس میں سلامتی سے ۝ |

جنت کے مستحقین یعنی جنتوں نے دنیا میں خدا کو یاد رکھا اور گناہوں سے توبہ کر کے اس کی طرف رجوع ہوتے رہے اور بے دیکھے اس کے قہر و جلال سے ڈرتے رہے اور ایک پاک و صاف رجوع ہونے والا دل لے کر حاضر ہوئے یہ اس جنت کا وعدہ ایسے لوگوں سے کیا گیا تھا۔ وقت آ گیا ہے کہ سلامتی و عافیت کے ساتھ اس میں داخل ہوں فرشتے ان کو سلام کریں اور ان کے پروردگار کا سلام پہنچائیں ۔ (تفسیر حقانی)

بن دیکھے کا مطلب یعنی اللہ کے عذاب سے ڈرتا تھا جب کہ وہ غائب تھا یعنی دنیا میں خدا اس کو نہیں دکھائی دیتا تھا یا آخرت کا عذاب سے غائب تھا اللہ کو اس نے نہیں دیکھا تھا پھر بھی وہ نصیحت کی فکر کے سامنے نہیں تھا۔

ضحاک سدی اور حسن نے کہا یعنی وہ تنہائی میں اللہ سے ڈرتا تھا جب کوئی بھی اس کو نہیں دیکھتا تھا ۔ (اظہار یا الْمُتَكَبِّر کی جگہ) الرحمٰن کا لفظ ذکر کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ جہاں وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اس کی رحمت کے امیدوار بھی ہیں یا اس طرف اشارہ ہے کہ جہاں وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اس کی رحمت کے امیدوار بھی ہیں یا اس طرف اشارہ ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کو وسیع دیکھتے ہوئے بھی عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں ۔ اللہ

کی رحمت کو یہ مغرور بعید تصور کرتے ہیں اور گناہوں پر جرأت کرتے ہیں (کیونکہ خوف و خشیت نہیں رکھتے)۔

مُّنِيْبٍ : یعنی عذاب الٰہی اور زوال رحمت سے ... مطلب ہے کہ اللہ اور دوستی کی طرف سے ان کو پیام سلامتی دے گا۔ (تفسیر مظہری)

**اواب حفیظ اور منیب:** حضرت عبید بن عمیرؓ ... نے فرمایا کہ اواب وہ شخص ہے جو خلوت میں اپنے گناہوں کو یاد کر کے ان سے استغفار کرے اور حضرت عبید بن عمیر نے فرمایا کہ اواب وہ شخص ہے جو ہر مجلس اور بیٹھک میں اللہ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگے اور فرمایا کہ ہم کو یہ بتلایا گیا ہے کہ اواب اور حفیظ وہ شخص ہے جو اپنی ہر مجلس سے اٹھنے کے وقت یہ دعا پڑھے سبحان اللہ وبحمدہ اللھم انی استغفرک مما اصبت فی مجلسی ھذا (پاک ہے اللہ اور اسی کی حمد ہے یا اللہ میں مغفرت مانگتا ہوں ان گناہوں سے جو مجھ سے اس مجلس میں ہوئے)

اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنی مجلس سے اٹھنے کے وقت یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے وہ سب گناہ معاف فرما دیں گے جو اس مجلس میں سرزد ہوئے وہ دعا یہ ہے سبحانک اللھم وبحمدک لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک (پاک ہے تو یا اللہ اور تیری حمد و ثناء ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے مغفرت (گناہوں) اور توبہ کرتا ہوں)

اور حفیظ سے کی حضرت ابن عباسؓ نے یہ فرمایا کہ جو شخص اپنے گناہوں کو یاد رکھتا کہ ان سے رجوع کر کے تلافی کرے اور ان سے ایک روایت میں حفیظ کے معنی ھو الحافظ لامر اللہ کے بھی منقول ہیں یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کو یاد رکھے۔ اور حضرت ابوہریرہؓ کی ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شروع دن میں چار رکعتیں (اشراق کی) پڑھ لے وہ اواب حفیظ ہے (قرطبی)

وَجَاۗءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ۔ ابوبکر وراق فرماتے ہیں کہ منیب کی علامت یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی عظمت و ادب کو ہر وقت مستحضر رکھتا ہو، اس کے سامنے متواضع اور عاجزی سے رہے اور اپنی نفسانی خواہشات کو چھوڑ دے۔ (معارف مفتی اعظم)

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝

یہ دن ہے ہمیشہ رہنے کا ☆

☆ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "اس دن جس کو جو ملا سو ہمیشہ کے لئے ہے اس سے پہلے ایک بات پر ٹھہراؤ نہ تھا"۔ (تفسیر عثمانی)

**خلود کا اعلان:** شیخین نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل جنت جنت میں اور اہل دوزخ دوزخ میں چلے جائیں گے اور دوزخی ... تو جنت اور دوزخ کے درمیان ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا اے دوزخ والو (تم کو) موت نہیں آئے گی اے جنت (والو تم کو) موت نہیں۔ ہر شخص اس میں ہمیشہ رہے گا جس میں وہ ہے۔

بخاری نے حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ کہا جائے گا اے اہل جنت ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے موت نہیں (آئے گی) اور اے دوزخ والو (یہیں) ہمیشہ رہنا ہے موت (کبھی) نہیں (آئے گی)۔ (تفسیر مظہری)

لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝

ملے گا ان کو جو چاہیں وہاں اور ہمارے پاس ہے کچھ زیادہ بھی ☆

**بے گمان و بے قیاس انعامات:** یعنی جو چاہیں گے وہ ملے گا اور ہمارے ہاں وہ چیزیں بھی ہیں جو ان کے خیال میں بھی نہیں آتیں اور ان کی لذت بے قیاس اور حسن ... "ولدینا مزید" سے یہ غرض ہو کہ ہمارے پاس بہت ہی کچھ ... کتنی ہی نعمتیں ... (تفسیر عثمانی)

**"مزید" کا مطلب:** یعنی جنت میں جن کا تصور کسی کے دل میں بھی نہ آیا ہو ... حضرت جابرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کے اندر تم میں سے کسی کو یہ مرتبہ ہوگا کہ (اللہ کی طرف سے) حکم ہوگا کہ (اپنی) تمنا کر، وہ بھی تمنا (اپنے دل میں) کرے گا ارشاد ہوگا کیا تم نے اپنی تمنا کر لی وہ کہے گا جی ہاں اللہ فرمائے گا تمہاری سب ... (دیا جاتا) ہے ... حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل حدیث بیان فرمائی جس میں یہ بھی تھا کہ اللہ فرمائے گا میں نے اپنے بندوں سے یہ وعدہ کر لیا ہے کہ جس آدمی کو میں جنت میں داخل کروں گا اس کے لئے وہ تمام چیزیں مہیا کر دوں گا جن کو اس کا دل چاہے گا اور آنکھیں لذت اندوز ہوں گی۔

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت حذیفہؓ نے فرمایا مزید سے مراد ہے اللہ کا دیدار۔ مسلم اور ابن ماجہ نے حضرت صہیبؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنت والے جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ فرمائے گا کیا تم چاہتے ہو کہ میں تم کو کچھ مزید دوں اہل جنت عرض کریں گے (اے ہمارے رب) کیا تو نے ہمارے چہروں کو روشن نہیں کر دیا کیا تو نے ہم کو جنت میں داخل نہیں کر دیا کیا تو نے دوزخ سے ہم کو نہیں بچا لیا (اس کے بعد ...)

نعمت ہو سکتی ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کا جواب نفی سے ہوگا اور چہرہ جنہوں کے ہونٹوں کی طرح جنت کے طلب سے نہ جائے گا تو یہ سب سے بڑی نعمت اہل جنت کو جب نہیں ہوگی اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت ذیل تلاوت فرمائی لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ۔

ابن مردویہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری اور حضرت کعب بن عجرہ اور حضرت ابی بن کعب کی روایت سے ہوا ہی مرفوعاً اور بیہقی نے حضرت انس کی روایت سے مرفوعاً۔ نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے بیان کیا اور یہ حدیث حضرت ابوبکر صدیق حضرت ابن عباس حضرت حذیفہ اور حضرت ابن مسعود وغیرہ سے بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ ایک منادی کو حکم دے گا کہ اس کی ندا سے آخر تک سب لوگ سن لیں گے۔ اے اہل جنت اللہ نے تم سے کچھ بھی چیز اور بڑھائی کا وعدہ کیا تھا وہ بھی جنت ہے اور تم کو بھی دیدار حق نصیب ہوا (تفسیر مظہری)

ابن کثیر فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بھی ہے کہ اہل جنت کے پاس سے ایک بادل گزرے گا جس میں سے ندا آئے گی کہ تم کیا چاہتے ہو؟ جو چیز جو تمہاری خواہش ہو گی اس سے برسے گی۔ حضرت کثیر فرماتے ہیں کہ میں اس مرتبہ میں ہوں گا اور کہوں گا کہ خوبصورت خوش لباس نوجوان کنواریاں برسائی جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمہارا جس پرندے کو جی چاہے گا وہ اسی وقت بھنا ہوا سامنے آ جائے گا۔ مسند احمد میں ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ اگر جنتی اولاد چاہے گا تو ایک ہی ساعت میں حمل، بچہ اور بچے کی جوانی ہو جائے گی۔ امام ترمذی اسے غریب حسن کہتے ہیں اور ترمذی میں یہ بھی ہے کہ جس طرح یہ چاہے گا ہو جائے گا۔ اور آیت میں ہے لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ۔ صہیب بن سنان رومی فرماتے ہیں اس زیادتی سے مراد اللہ کریم کے چہرے کی زیارت ہے۔ حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں ہر جمعہ کے دن انہیں دیدار باری تعالیٰ ہوگا یہی مطلب مزید کا ہے۔ مسند شافعی میں ہے حضرت جبرائیل علیہ السلام ایک سفید آئینہ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جس کے بیچ میں ایک نکتہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا یہ جمعہ کا دن ہے جو خاص آپ کو اور آپ کی امت کو بطور فضیلت کے عطا فرمایا گیا ہے۔ سب لوگ اس میں تمہارے پیچھے ہیں یہود بھی اور نصاریٰ بھی۔ تمہارے لئے اس میں بہت کچھ خیر و برکت ہے۔ اس میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ سے جو مانگا جائے مل جاتا ہے۔ ہمارے ہاں اس کا نام یوم المزید ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا تیرے رب نے جنت الفردوس میں ایک کشادہ مکان بنایا ہے جس میں مشک کے ٹیلے ہیں جمعہ کے دن اللہ تعالیٰ جن جن فرشتوں کو چاہے اتارتا ہے اس کے ارد گرد نورانی منبر ہوتے ہیں جن پر انبیاء علیہم السلام رونق افروز ہوتے ہیں۔ شہداء اور صدیق لوگ ان کے

پیچھے ان مشکی ٹیلوں پر ہوں گے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا کہ میں نے اپنا وعدہ سچا کر دیا ہے اب مجھ سے جو چاہو مانگو۔ یہ سب کہیں گے ہمیں تیری خوشی اور رضامندی مطلوب ہے۔ اللہ فرمائے گا یہ تو تمہیں دے چکا۔ میں تم سے راضی ہو گیا اس کے سوا بھی تم جو چاہو گے پاؤ گے اور میرے پاس اور زیادہ ہے۔ پس یہ لوگ جمعہ کے مشتاق رہیں گے کیونکہ انہیں بہت سی نعمتیں اسی دن ملتی ہیں یہی وہ دن ہے جس دن تمہارا رب عرش پر مستوی ہوا اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اسی دن قیامت آئے گی۔ اسی طرح اسے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الام میں بھی وارد کیا ہے۔ امام ابن جریر نے اس آیت کی تفسیر کے موقع پر ایک بہت بڑا اثر وارد کیا ہے جس میں بہت سی باتیں غریب ہیں۔ مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جنتی ستر سال تک ایک ہی طرف متوجہ بیٹھا رہے گا پھر ایک حور آئے گی جو اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی طرف متوجہ کرے گی وہ اتنی خوبصورت ہو گی کہ اس کے رخسار میں اسے اپنی شکل اس طرح نظر آئے گی جیسے آئینہ میں وہ جو زیورات پہنے ہوئے ہوگی ان میں کا ایک ایک ادنیٰ موتی ایسا ہوگا کہ اس کی چمک سے سارا دنیا منور ہو جائے۔ وہ سلام کرے گی یہ جواب دے کر پوچھے گا تم کون ہو؟ وہ کہے گی میں ہوں جسے قرآن میں مزید کہا گیا تھا۔ اس پر ستر حلے ہوں گے لیکن تاہم اس کی خوبصورتی اور چمک دمک اور صفائی کی وجہ سے باہر سے ہی پنڈلی کا گودا نظر آئے گا اس کے سر پر جڑاؤ تاج ہوگا جس کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کو روشن کر دینے کے لئے کافی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ

اور کتنی تباہ کر چکے ہم ان سے پہلے جماعتیں

هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشًا فَنَقَّبُوا

کہ ان کی قوت و سطوت بھی ان سے بڑھ کر تھی پھر لگے کریدنے

فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ ﴿٣٦﴾

شہروں میں کہیں ہے بھاگ جانے کو ٹھکانا

کفار اقوام کی بربادی: پہلے کفار کی تکذیب اخروی کا بیان تھا درمیان میں ان کے مقابلہ پر اہل جنت کے انعام کا ذکر کیا۔ اب پھر کفار کی بربادی کا ذکر کرتے ہیں کہ یہ قوت سے پہلے دنیا میں بہت سی شریر اور سرکش قوموں کو تباہ کر چکے ہیں جو ان سے بھی زیادہ قوت والی تھیں اور بہت سی اقوام کفار سے جو تعداد میں اور جنہوں نے بڑے بڑے شہر آباد کئے تھے پھر جب عذاب الٰہی آیا تو بھاگ جانے اور بچنے کو زمین پر کہیں ٹھکانا نہ ملا۔ مطلب یہ ہے کہ

عذاب کے احتساب میں ان سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک ہوئیں جو سخت تھیں تو کیا انہوں نے کوئی بھاگنے کی جگہ پائی "وهذا هو المعروض الترجمة والاول ما اختاره جمهور المفسرين" (بالاختصار از مظہری)

**إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن**
بیشک اس میں سوچنے کی جگہ ہے اس کو

**كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ**
جس کے اندر دل ہے یا لگائے کان

**وَهُوَ شَهِيدٌ ۝**
دل لگا کر

نصیحت پانے والے دو قسم کے لوگ ہیں: یہاں جو بات فرمائی گئی ہے وہ بالکل حق ہے، اس میں غور و فکر کرنے والے وہی لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں جن کے دل ہیں یا جو حاضر دماغ ہو کر بات کو سنتے ہیں اور کان لگا کر سنتے ہیں کیونکہ یہاں دو قسم کے لوگ مراد ہیں، ایک وہ جو خود سمجھدار ہوں اور دوسرے وہ جو دوسروں کی بات پر توجہ کے ساتھ کان لگا کر غور کریں اور حاضر دماغ ہو کر سنیں۔ (تفسیر مظہری)

**یہاں کون سا دل مراد ہے:** یعنی اس شخص کے لئے جس کا دل تمام شاغلوں سے پاک صاف ہو، تجلیات ربانی کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو، اللہ کی یاد میں زندہ رہتا ہو اور غیر اللہ کی طرف متوجہ نہ ہو، اسی کی طرف اشارہ ہے حدیث قدسی میں (اللہ نے فرمایا) نہ میری زمین مجھے سما سکتی ہے نہ میرا آسمان مجھے سما سکتا ہے لیکن مومن بندے کے دل میں میری سمائی ہو سکتی ہے۔

صوفیائے کرام کی اصطلاح میں یہاں قلب کے یہی معنی مراد ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا قلب سے مراد عقل ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک قلب سے مراد (عبرت پذیر) دل ہے جو حقائق پر غور کرتا ہے (یعنی دل جو نظر سے نہیں دیکھتا)

**شہید کا معنی:** یعنی یہ سورۃ اس شخص کے لئے عبرت اور موعظت ہے جس کے قلب سلیم ہو یا قرآن کو بغور سنے اور حاضر قلب ہو (یعنی صورت حضور قلب والے کی طرح سنے) غافل نہ ہو۔

وہ شہید بمعنی شاہد ہے، یعنی قرآن کو دل سے سنے اور اس کی تصدیق کرے۔ ظاہر قرآن سے نصیحت لینا اور باطن سے عبرت حاصل کرنا۔

**قاضی ثناء اللہ پانی پتی کا ارشاد:** ... (اور سمجھدار دل والوں کے لئے) یعنی ان لوگوں کے لئے نصیحت ہے جن کا دل زندہ ہو اور عبرت حاصل کرنے والا ہو۔ اس آیت کا حاصل وہی ہے جو حدیث کا مضمون ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احسان یہ ہے کہ تم اپنے رب کی اس طرح عبادت کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے ہو (تو کم از کم اتنا خیال رکھو کہ) وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔ جس طرح نماز کے سامنے حاضر ہونے کا تصور رکھا جاتا ہے وہی مراد ہے۔

بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں قلب سے مراد دل ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ بات کہ دل عقل کا محل ہے اس آیت کے پیش نظر ہے کیونکہ قرآن میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس سے نصیحت و عبرت حاصل کرنا اسی شخص کا کام ہے جس میں عقل ہو یا عقل ہو مگر سننے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

**وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ**
اور ہم نے بنائے آسمان اور زمین

**وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ**
اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے چھ دن میں

اور اس کا بیان پہلے بھی گزر چکا ہے۔ (تفسیر مظہری)

**وَمَا مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ ۝**
اور ہم کو نہ ہوئی کچھ تکان

دوبارہ پیدا کرنا تو سب سے آسان ہے کیونکہ پہلی مرتبہ پیدا کرنے سے تھکاوٹ نہیں ہوئی تو دوبارہ پیدا کرنے سے کیا تکان ہو سکتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

**سبب نزول:** حاکم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق کے متعلق سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے زمین کو اتوار اور پیر کے دن اور پہاڑوں کو اور جو کچھ ان میں ہے منگل کے دن، اور درختوں کو اور پانی کو اور شہروں کو اور آبادی اور ویرانی کو بدھ کے دن، اور جمعرات کے دن آسمان کو اور جمعہ کے دن ستاروں کو اور سورج کو اور چاند کو اور فرشتوں کو پیدا کیا جمعہ کے دن کی تین ساعتیں باقی تھیں۔ (پھر) پہلی ساعت میں اوقات موت کو پیدا کیا کہ کون کس وقت مرے گا، دوسری ساعت میں ہر اس چیز پر آفت ڈالی جس سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں اور تیسری ساعت میں آدم کو پیدا کیا اور جنت میں بسایا اور ابلیس کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرے اور تیسری ساعت کے آخر میں آدم و ابلیس کو جنت سے نکال دیا۔

یہودیوں نے دریافت کیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پھر کیا ہوا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اللہ عرش پر مستوی ہو گیا۔ یہودیوں نے کہا (آپ نے پورا بیان نہیں کیا) بیان میں نقص ہے اگر آپ بیان مکمل کر دیتے تو صحیح ہو جاتا۔ اس کے بعد اللہ نے آرام لیا۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید غصہ آگیا اور آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

**فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ**

سو آپ صبر کرتے رہیں جو وہ کہتے ہیں اور پاکی بولتے رہو

**بِحَمْدِ رَبِّكَ**

خوبیاں اپنے رب کی

آپ صبر کرتے رہیں یعنی ان کی سوزی باتوں کو سن لے تو اپنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم غمگین نہ ہوں بلکہ ان کی بے ہودہ باتوں پر صبر کرتے رہیں اور اپنے پروردگار کی یاد میں دل لگائے رکھیں جو قادر مطلق ہے آسمان کو پیدا کرنے والا اور ہر چیز کے بنانے اور بگاڑنے پر قدرت رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

علیٰ مَا يَقُوْلُوْنَ۔ یعنی یہودیوں کے اس قول پر کہ اللہ تھک گیا تھا اس نے آرام لیا، صبر کیجئے۔ یا مشرک جو انکار قیامت کرتے ہیں اس پر صبر کیجئے۔ کیونکہ جو خدا بغیر تھکے عالم کو پیدا کر سکتا ہے وہ ان کو دوبارہ زندہ کرنے اور ان سے انتقام لینے پر بھی قدرت رکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

**قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ**

پہلے سورج کے نکلنے سے اور پہلے

**الْغُرُوْبِ ۚ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ**

ڈوبنے سے اور کچھ رات میں بول اس کی پاکی ☆☆

عبادت و قبولیت کے اوقات: یوں تو ہر وقت اللہ کی یاد کے قابل ہیں، ان میں دعا اور عبادت بہت قبولیت والی ہے اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر تین ہی نمازیں یعنی فجر اور عصر اور تہجد بیرون واجب تھی ان تینوں وقتوں کو خصوصی فضل و شرف حاصل ہے۔ نماز یا تسبیح وغیرہ سے ان اوقات کو معمور رکھنا چاہئے۔ حدیث میں ہے "علیکم بالغدوۃ والروحۃ وشیء من الدلجۃ" بعض نے کہا "قبل الطلوع" سے نماز فجر "قبل الغروب" سے ظہر و عصر اور "من اللیل" سے مغرب و عشاء مراد ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

نماز فجر اور عصر کی تاکید: مسند احمد میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے آپ نے چودھویں رات کے چاند کو دیکھا اور فرمایا تم اپنے رب کے سامنے پیش کئے جاؤ گے اور اسے اس طرح دیکھو گے جیسے اس چاند کو دیکھ رہے ہو جس کے دیکھنے میں کوئی دھکا پیل نہیں۔ پس اگر تم سے ہو سکے تو سورج نکلنے سے پہلے کی اور سورج ڈوبنے سے پہلے کی نماز میں مغلوب نہ ہو جایا کرو۔ پھر آیت وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ پڑھی۔ یہ حدیث بخاری و مسلم میں بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

نماز تہجد: اور کچھ رات (کے حصے) میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ابتداء میں واجب کی گئی تھی ایک سال تک۔ پھر جس کے بعد فرض منسوخ ہو گیا اور جب امت کے حق میں منسوخ کر دیا گیا اور جب معراج کی شب پانچ نمازیں فرض ہو گئیں تو اکثر مفسرین کی رائے کے مطابق ہر ایک سے اس کا وجوب منسوخ کر دیا گیا۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کی پابندی ہمیشہ کرتے تھے۔ پس کا مرواجب کی طرح تھی کہ کسی رات آپ سفر یا بیماری کے باعث قیام نہ کر سکتے تو اس کی قضا کے طور پر ظہر سے قبل بارہ رکعت ادا فرما لیتے۔ (مواہب الرحمن)

**وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ**

اور پیچھے سجدہ کے ☆

☆ یعنی نماز کے بعد بھی تسبیح و تہلیل کرنا چاہئے یا نوافل مراد ہوں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ۔ حضرت عمرؓ نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ سجود سے مراد فرض نمازیں ہیں اور "اَدْبَارَ السُّجُوْدِ" سے مراد وہ تسبیحات پڑھنا ہے جس کی فضیلت ہر نماز کے بعد حدیث مرفوع میں آئی ہے۔

## فرض نماز کے بعد تسبیحات کی فضیلت

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر اور ایک مرتبہ **لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیء قدیر** پڑھا کرے تو اس کی خطائیں معاف کر دی جائیں گی اگرچہ وہ دریا کی موجوں کے برابر ہوں (رواہ البخاری و مسلم) اور ادبار السجود سے مراد وہ سنتیں بھی ہو سکتی ہیں جو فرض نمازوں کے بعد احادیث صحیحہ میں آئی ہیں۔ (مظہری، احکام القرآن)

**وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ**

اور کان رکھ جس دن پکارے پکارنے والا نزدیک کی

قَرِيبٍ (۴۱)

نزدیک سے ٭

نداء قریب: یعنی جس صور پھونکا جائے گا بیت المقدس کے پتھر پر سے گے نزدیک کی جگہ سے مطلب ہے کہ اس کی آواز ہر جگہ نزدیک سے گی اور سب کو یکساں سنائی دے گی باقی صور پھونکنے کے سوا اور بھی ندائیں حق تعالیٰ کی طرف سے اس روز ہوں گی جیسا کہ بہت سے مواقع پر ظاہر ہے صور ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

پکارنے والے کی پکار: ابن عساکر نے بروایت زید بن جابر شافعی اس آیت کی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ (قیامت کے دن) اسرافیل صخرۂ بیت المقدس پر کھڑے ہو کر کہیں گے اے بوسیدہ ہڈیو! اے پارہ پارہ ہو جانے والے گوشت! اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ فیصلہ حساب کے لئے جمع ہو جاؤ۔

کلبی نے کہا زمین کے دوسرے حصے آسمان سے بیت المقدس اٹھارہ میل آسمان کے قریب ہے۔

یوم تشققون: یعنی اس روز بحکم خدا مردے قبروں سے نکل کر ... تمام اشیاء (پتھر وغیرہ) بحکم خدا حق کے سامنے مثل زندوں کی طرح ہیں۔ تمام موجودات کو (خواہ بے حس، بے شعور اور غیر ذی جسم یا ذی جسم یا شعور) کسی نہ کسی طرح کی زندگی ضرور حاصل ہے۔

## عذاب قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے

فائدہ (اہل حق) کا یہ مسئلہ بالکل صحیح ہے کہ عذاب قبر روح و جسم دونوں پر ہوتا ہے بیہقی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ بدر کے دن کھڑے ہو کر قریش کو فرمایا (نیکی اور عذاب) قبر تمہارے سبب سے کیا تھا کیا تم نے پا لیا جو تم سے تمہارے رب نے وعدہ (یعنی عذاب کا وعدہ) کیا تھا میں نے تو اس کو سچ پایا۔

حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ بے جان جسموں کو کس طرح خطاب کر رہے ہیں؟ فرمایا: میں جو کچھ کہہ رہا ہوں تم ان کو ان سے زیادہ نہیں سنتے لیکن وہ مجھے جواب نہیں دے سکتے۔

قرطبی نے کہا صور کی آواز جس سے مردے زندہ ہو جائیں گے پہلی اور بھی جائے گی اللہ کی آواز زندہ کرنے کے لئے ہوگی اور اس کے بعد کی آواز قبروں سے باہر نکالنے کے لئے زندہ کرنے والی آواز تو وہ (مردے) نہیں سنیں گے لیکن قبروں سے نکالنے کی آواز کو سنیں گے۔ حلیمی نے کہا احتمال ہے کہ جو حکم ہم اسرافیل میں اول دو شروع ہے یہی ہیں۔

میں کہتا ہوں اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ اسرافیل ہڈیوں اور کھالوں کو خطاب کریں گے مردوں کو خطاب نہیں کریں گے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ کوئی فائدہ نہیں۔ (تفسیر مظہری)

يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ

جس دن سنیں گے چنگھاڑ تحقیق وہ ہے

يَوْمُ الْخُرُوجِ (۴۲)

دن نکل پڑنے کا ٭

صیحۃ: یعنی جس دن وہ سب صور پھونکنے کی آواز سنیں گے یہ سب دن ہے جس دن قبروں سے نکل پڑیں گے۔ (تفسیر حقانی)

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ (۴۳)

ہم ہیں جلاتے اور مارتے اور ہماری طرف ہے سب کو پہنچنا ٭

## موت و حیات اللہ کے ہاتھ میں ہے

یعنی بہرحال موت و حیات سب خدا کے ہاتھ میں ہے اور ہر چیز کو آخرکار اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کوئی اس سے نکل نہیں سکتا (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ

جس دن زمین پھٹ کر نکل پڑیں وہ سب دوڑتے ہوئے

ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ (۴۴)

یہ اکٹھا کرنا ہم کو آسان ہے ٭

یوم حشر: یعنی زمین پھٹے گی اور مردے اس سے نکل کر میدان حشر کی طرف دوڑیں گے خدا تعالیٰ سب اگلوں پچھلوں کو ایک میدان میں اکٹھا کر دے گا اور ایسا کرنا اس کو کچھ مشکل نہیں۔

یوم تشقق: یعنی مردوں کو زندہ کر کے اس روز اٹھایا جائے گا سب حساب کے لئے ان کو پیش کیا جائے گا اور زمین پھٹ کر وہ تیزی سے باہر نکل آئیں گے۔

ذلک: یہ کام سب کا نکالنا ہمارے لئے آسان ہے۔ یعنی ان کو جمع کرنا اور حساب کے لئے لانا اللہ ہی کے لئے آسان ہو سکتا ہے جو ہر چیز کا عالم اور قادر ہے۔ اس کو کسی کام میں مشغولیت دوسرے کاموں سے اس کو غافل نہیں کر سکتی۔ اور کسی ذات صرف اللہ کی

ہے اس لئے جنت اور دوزخ اس کے لئے دشوار نہیں۔ اللہ سب نیک اور رحمت میں فرمایا ہے رسالتمآب ﷺ نے ... (تفسیر مظہری)

**منادی کس طرف ہوگا:** حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بیت المقدس ملک شام کی طرف ہوگا جہاں حضرت بیت المقدس پر اسرافیل علیہ السلام منادی کریں گے۔

جامع ترمذی میں حضرت معاویہ بن حیدہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے ملک شام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا یہاں سے اس طرف (یعنی شام کی طرف) تم سب اٹھائے جاؤ گے کچھ لوگ سوار ہوں گے، بعض کو چہروں کے بل گھسیٹ کر قیامت کے روز جمع کیا جائے گا۔ (قرطبی)

**حضرت قتادہ کی دعا:** حضرت قتادہ اس آیت کو پڑھ کر یہ دعا کرتے تھے اللّٰھم اجعلنا ممن یخاف وعیدک ویرجو موعودک یا بار یا رحیم یعنی یا اللہ ہمیں ان لوگوں میں داخل فرما جو آپ کی وعید سے ڈرتے ہیں اور آپ کے وعدے کے امیدوار رہتے ہیں اے وعدہ پورا کرنے والے اے رحمت والے۔ (معارف القرآن)

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور نہیں

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ

ہے تو ان پر زور کرنے والا سو تو سمجھا قرآن سے

مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ

جس کو ڈر ہو میرے ڈرانے سے ۞

**آپ قرآن سناتے رہیں:** یعنی جو لوگ منکر ہیں انکار کرتے اور ایسی باتیں کہتے ہیں ... ہم کو سب معلوم ہے جو کچھ وہ کہتے ہیں آپ کا منصب نہیں کہ زبردستی سے ہر ایک کو منوا کر چھوڑیں ہاں قرآن سنا کر ان کو نصیحت اور فہمائش کرتے رہیے جو اللہ کے ڈرانے سے ڈرتے ہیں ان کو ... پہنچا دینا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**سبب نزول:** عمرو بن قیس ملائی کی وساطت سے ابن جریر نے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اگر آپ ہم کو (عذاب سے) ڈراتے رہیں تو بہتر ہوگا۔ اس پر آیت نازل ہوئی۔ حضرت قتادہ سے مرسل روایت بھی اسی طرح آئی ہے۔

تم سورۃ ق والحمد للہ۔ (تفسیر مظہری)

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا زمین کی نباتات میں سے جس قدر چاہے حاصل کرے گا اور جو سب کی مراد حاصل کر دے گا۔ (ابن سیرین)

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ ذاریات مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ساٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے)

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝

قسم ہے ہواؤں کی جو بکھیر دیتی ہیں اڑا کر پھر اٹھانے والیاں بوجھ

فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝

پھر چلنے والیاں نرمی سے پھر بانٹنے والیاں حکم سے ۞

**قیام قیامت کی شہادتیں:** یعنی ان ہواؤں کی جو خاک وغیرہ اڑاتی ہیں اور جو بھاری بادل بنتی ہیں پھر ان میں پانی ہوتا ہے اس بوجھ کو اٹھائے پھرتی ہیں پھر بارش کے قریب نرم ہوا چلتی ہے پھر اللہ کے حکم کے موافق بارش کی جس جگہ جتنا حصہ ہوتا ہے وہ تقسیم کرتی ہیں ان ہواؤں کی قسم کھاتا ہے۔ بعض علماء نے "ذاریات" سے ہوائیں "حاملات" سے بادل "جاریات" سے کشتیاں اور "مقسمات" سے فرشتے مراد لئے ہیں گویا یہ قسم کی ترتیب نیچے سے اوپر کو ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے منقول ہے کہ "ذاریات" ہوائیں "حاملات" بادل "جاریات" کشتیاں اور "مقسمات" فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم سے رزق وغیرہ تقسیم کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

**صبیغ کا قصہ:** بزار میں ہے صبیغ تمیمی امیر المومنین حضرت عمر کے پاس آیا اور کہا بتاؤ ذاریات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا ہوا اور اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہوتا تو میں کبھی نہ کہتا۔ پوچھا مقسمات؟ فرمایا فرشتے اور اسے بھی میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سن رکھا ہے پوچھا جاریات سے کیا مطلب ہے؟ فرمایا کشتیاں یہ بھی اگر میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہوتا تو تجھ سے نہ کہتا پھر حکم دیا کہ اسے سو کوڑے لگائے جائیں۔ چنانچہ اسے کوڑے مارے گئے اور ایک مکان میں رکھا گیا جب زخم اچھے ہو گئے تو بلوا کر پھر کوڑے پٹوائے اور سوار کرا کر حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا کہ یہ کسی مجلس میں نہ بیٹھے

جائے۔ چنانچہ اس کے بعد حضرت ابو موسیٰؓ کے پاس آ کر اس نے پوری قسمیں کھا کر انہیں یقین دلایا کہ اب میرے خیالات کی پوری اصلاح ہو چکی ہے۔ جو مرض اس میں وہ بدعقیدگی کی بیماری تھی جو چھٹ گئی۔ چنانچہ حضرت ابو موسیٰؓ نے جناب امیر المومنینؓ کی خدمت میں اس کی اطلاع دی اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ میرا خیال ہے کہ اب واقعی ٹھیک ہو گیا ہے۔ اس کے جواب میں دربار خلافت سے فرمان پہنچا کہ پھر انہیں مجلس میں بیٹھنے کی اجازت دے دی جائے۔ امام ابوبکر بزارؒ فرماتے ہیں اس کے دو راویوں میں کلام ہے پس یہ حدیث ضعیف ہے۔ ٹھیک بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ حدیث بھی موقوف ہے یعنی حضرت عمرؓ کا اپنا فرمان ہے مرفوع حدیث نہیں امیر المومنینؓ نے اسے پٹوایا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کی بدعقیدگی آپ پر ظاہر ہو چکی تھی اور اس کے یہ سوالات ازروئے انکار اور مخالفت کے تھے واللہ اعلم۔ صبیغ کے باپ کا نام عسل تھا اور اس کا یہ قصہ مشہور ہے جسے پورا پورا حافظ ابن عساکرؒ لائے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

| |
|---|
| إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَصَادِقٌ ۝ |
| بیشک جو وعدہ کیا جاتا ہے تم سے سچ ہے |
| وَإِنَّ الدِّينَ لَوَاقِعٌ ۝ |
| اور بیشک انصاف ہونا ضرور ہے☆ |

**انجام کار آخرت ہے:** یعنی یہ ہواؤں اور بارش وغیرہ کا نظام شاہد ہے کہ آخرت کا وعدہ سچا اور انصاف ہونا ضروری ہے۔ جب اس دنیا کا یہ ہوا کہ بے نتیجہ نہیں ہوتی تو کیا اتنا بڑا کارخانہ یونہی بے نتیجہ چلا جائے؟ یقیناً اس کا کوئی عظیم الشان انجام ہوگا اسی کو آخرت کہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝ |
| قسم ہے آسمان جالی دار کی☆ |

**آسمان کا نظم و نسق:** یعنی صاف، شفاف، خوبصورت، مضبوط اور چمکدار آسمان کی قسم جس پر ستاروں کا جال بچھا معلوم ہوتا ہے اور جس پر ستاروں کی اور فرشتوں کی راہیں پڑی ہوئی ہیں (تفسیر عثمانی)

**حبک کا معنی:** صاحب قاموس نے لکھا ہے حبک مضبوط بناوٹ والے اشہب کپڑے کی ساخت میں خوبصورت آثار، حبک الرمل ریت کی دھاریاں، حبک کا واحد حباک ہے جیسے کتب کا واحد کتاب۔ حبک الماء پانی کی لہریں حبک الشعر گھونگریالے بال ... (تفسیر مظہری)

ابن جریرؒ کی ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمہارے پیچھے کذاب مکار ہے اس کے سر کے بال پیچھے کی طرف سے حبک حبک ہیں یعنی گھونگر والے ہیں۔ ابو صالح فرماتے ہیں حبک سے مراد شدت ... خصیف کہتے ہیں مراد خوش منظر ہے۔ حسن بصریؒ فرماتے ہیں اس کی خوبصورتی اس کے ستارے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس سے مراد ساتواں آسمان ہے۔ ممکن ہے آپ کا مطلب یہ ہو کہ قائم رہنے والے ستارے اسی آسمان میں ہیں۔ اکثر علمائے ہیئت کا بیان ہے ... واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

| |
|---|
| إِنَّكُمْ لَفِي قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝ |
| تم پڑ رہے ہو ایک جھگڑے کی بات میں |
| يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ ۝ |
| اس سے باز رہے وہی جو پھیرا گیا ☆ |

**قیامت میں جھگڑا حماقت ہے:** یعنی قیامت اور آخرت کی بات میں خواہ مخواہ جھگڑے ڈالتے ہیں۔ کوئی اس کو تسلیم کرتا ہے ... اس سچی بات سے وہی شخص باز رہتا ہے جس کی قسمت ہی پھری ہوئی ہو اور جس کو سعادت کے راستہ سے پھیر دیا گیا ہے وہ اس چیز کے تسلیم اور قبول کرنے سے بچتا باز رہتا ہے ورنہ اگر صرف آسمان کے نظم و نسق میں غور کرے تو یقین ہو جائے کہ اس مسئلہ میں جھگڑنا محض حماقت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ ۝ |
| مارے پڑے اٹکل دوڑانے والے☆ |

**اٹکل دوڑانے والے:** یعنی دین کی باتوں میں محض اٹکل دوڑاتے ہیں اور محض اپنے ظن و تخمین سے قطعیات کا انکار کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| الَّذِينَ هُمْ فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ ۝ |
| وہ جو غفلت میں ہیں بھول رہے☆ |

**غفلت کے اسباب:** یعنی دنیا کے مزوں نے آخرت سے بالکل غافل کر رکھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ ۝ |
| پوچھتے ہیں کب ہے دن انصاف کا ☆ |

کافروں کی ہنسی ☆ یعنی ان کا مذاق اور ہنسی کے طور پر پوچھتے ہیں کہ بدلہ کا دن کب آئے گا؟ قیامت کب ہوگی؟ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ |
| جس دن وہ آگ پر الٹے سیدھے پڑیں گے |
| ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَٰذَا الَّذِي |
| چکھو مزہ اپنی شرارت کا یہ ہے جس کی |
| كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ |
| تم جلدی کرتے تھے |

کافروں کو تنبیہ ☆ یعنی حق تعالیٰ کی طرف سے ان کو جواب دیا گیا کہ تم جو اس قدر بے صبری سے پوچھتے ہو، جب تم آگ میں الٹے سیدھے کئے جاؤ گے اور خوب جلا تپا کر کہا جائے گا کہ اب اپنی شرارت اور شرارت کا مزہ چکھو جس دن کی جلدی مچا رہے تھے وہ آ گیا۔ (تفسیر عثمانی)

حکیم الامت: یہ قول بطور تمثیل کے اس وقت ہے جب آخرت کی خوشی کی تمثیل بطور عتاب کے اس میں ظاہر ہو۔ ان کا قول اقتباس کرتے ہوئے فرمایا یَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے ہیں یہ اسی طرز کا ہے جیسے کسی مجرم کے سامنے پھانسی کا حکم سنایا جائے ... (بقیہ عبارت ناقابلِ خواندگی) ... مناسب ہوا کہ فرمایا جائے يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ۔ (مسائل السلوک)

| |
|---|
| إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ |
| بے شک ڈر والے باغوں میں ہیں اور چشموں میں |
| آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ |
| اپنے رب کی دین لیتے ہوئے |

متقیوں کو خوشخبری ☆ یعنی بڑی خوشی اور رغبت سے قبول کرتے ہیں جو ان کے پروردگار نے ارزانی فرمائی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُحْسِنِينَ |
| وہ تھے اس سے پہلے نیکی والے |

محسنین ☆ یعنی دنیا میں نیکیاں سمیٹ کر لائے تھے۔ آج ان کا نیک پھل مل رہا ہے۔ آگے ان کی نیکیوں کی قدرے تفصیل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

تنبیہ: حضور خاطر اور قلوب کے حضور سے عبادت کیا کرتے تھے اور اکثر ذکر و شغل میں مشغول رہا کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا |
| وہ تھے رات کو تھوڑا |
| يَهْجَعُونَ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ |
| سوتے اور صبح کے وقتوں میں |
| يَسْتَغْفِرُونَ |
| معافی مانگتے تھے |

متقیوں کی نیکیاں ☆ یعنی رات کا اکثر حصہ عبادت الٰہی میں گزارتے۔ پھر سحر کے وقت جب رات ختم ہونے کو آتی اللہ سے اپنی تقصیرات کی معافی مانگتے کہ الٰہی حق کچھ بھی ادا نہ ہو سکا، اپنی رحمت سے معاف فرما دیجئے۔ کثرت عبادت ان کو مغرور نہ کرتی تھی بلکہ جس قدر بندگی میں ترقی کرتے ہوئے خشیت و خوف بڑھتا جاتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

يَهْجَعُونَ۔ مضارع کا صیغہ ہے۔ ہجوع کا معنی ہے رات کا سونا۔

قَلِيلًا۔ منصوب ہے مفعول مطلق یعنی رات کو تھوڑے وقت وہ سوتے تھے، رات کے کچھ حصہ میں وہ تھوڑی سی نیند لے لیتے تھے باقی رات کا زیادہ حصہ نماز پڑھتے رہتے تھے۔

پوری رات عبادت کرنے والے: بیہقی نے بحوالہ سعید بن جبیر حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ آیت کی تشریح یہ ہے کہ کوئی رات نہیں گزرتی تھی کہ وہ اس کے کسی حصہ میں نماز نہ پڑھتے ہوں شروع رات میں یا درمیان شب میں پڑھتے تھے۔ قرأت میں ... پوری رات کم ہی سوتے تھے۔ مراد یہ ہے کہ پوری رات نہیں سوتے۔

وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ۔ اور آخر شب میں استغفار کیا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ کی عنایتیں: حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر رات کو جب رات کا ایک تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف نزول اجلال فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے میں بادشاہ ہوں کون ہے جو مجھ سے دعا کرے اور میں اس کی دعا قبول کروں کون ہے جو مجھ سے مانگے اور میں اس کو عطا کروں کون ہے جو مجھ سے گناہوں کی معافی کا طالب ہو اور میں اس کو معاف کر دوں۔ (متفق علیہ)

مسلم کی روایت میں ہے پھر اللہ اپنے دونوں ہاتھ پھیلاتا ہے اور فرماتا ہے کون ہے جو ایسی ذات کو قرض دے جو نہ ظالم ہے نہ محتاج یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تہجد اور استغفار

حضرت ابن عباسؓ کی صحیح روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات سے اٹھ کر تہجد پڑھتے استغفار کرتے اور کہتے تھے اے اللہ! تیرے ہی لئے ستائش (زیبا) ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور ان کی کائنات کا تو ہی قائم رکھنے والا ہے تیرے ہی لئے حمد ہے آسمانوں کا زمین کا اور ان کی موجودات کا تو ہی مالک ہے تیرے ہی لئے تعریف (زیبا) ہے تو ہی حق ہے تیرا وعدہ حق ہے تیرا (ملنا) یعنی تیری ملاقات حق ہے تیرا کلام حق ہے اور جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے انبیاء حق ہیں محمد حق ہیں قیامت حق ہے اے اللہ میں تیرا ہی فرمانبردار ہوں تجھی پر ایمان رکھتا ہوں تجھی پر میرا بھروسہ ہے تیری ہی طرف میں رجوع کرتا ہوں تیری ہی مدد سے میں دشمنوں کا مقابلہ کرتا ہوں تیری ہی جناب میں (فیصلہ کے لئے) لے جاتا ہوں تو میرے سب گناہ جو میری طرف منتقل ہوتے ہیں میرے اگلے پچھلے اور پوشیدہ وظاہر گناہ اور جنہیں تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے معاف فرما دے تو ہی آگے بڑھانے والا اور پیچھے ہٹانے والا ہے بلاشبہ سب سے پہلا اور سب کے بعد تو ہی ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور تیرے سوا کوئی قابل پرستش نہیں۔ (متفق علیہ)

**قبولیت دعا کا عمل:** حضرت عبادہ بن صامتؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات سے اٹھے اور کہے۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ اس کے بعد کہے رب اغفرلی یا فرمایا پھر دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے اس کے بعد وضو کر کے نماز پڑھے تو نماز قبول کی جائے گی (رواہ البخاری) ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی حکومت ہے اسی کے لئے ہر تعریف (زیبا) ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ پاک ہے اللہ کے لئے ہر تعریف زیبا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے سوا اللہ کی مدد کے نہ کوئی طاقت ہے اور نہ قوت وہ بلند ہے بڑا ہے۔ اے میرے رب مجھے معاف کر دے یا فرمایا پھر دعا کرے تو۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا جو شبانہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات سے بیدار ہوتے تو کہتے۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ اللّٰهُمَّ زِدْنِي عِلْمًا وَلَا تُزِغْ قَلْبِي بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنِي وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔ (رواہ ابوداؤد) (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباسؓ، قتادہ، مجاہد وغیرہ ائمہ تفسیر نے اس جملے کا مطلب حرف ما کو نافیہ قرار دے کر یہ بتایا ہے کہ رات کا تھوڑا سا حصہ بھی ایسا نہیں ہوتا جس میں وہ سوتے ہوں بلکہ عبادت نماز وغیرہ میں مشغول رہتے ہیں اس مفہوم کے اعتبار سے وہ سب لوگ اس کا مصداق ہو جاتے ہیں جو رات کے کسی بھی حصے میں عبادت کر لیں خواہ شروع میں یا آخر میں یا درمیان میں۔

## اس آیت کا مصداق

حضرت انسؓ اور ابو العالیہ نے اس کا مصداق ان لوگوں کو قرار دیا جو مغرب و عشاء کے درمیان نماز پڑھتے ہیں اور امام ابو جعفر باقرؒ نے فرمایا کہ جو لوگ عشاء کی نماز سے پہلے نہ سوئیں وہ بھی اس میں داخل ہیں (مظہری)

## اپنے عمل کا اہل جنت وجہنم کے اعمال سے موازنہ

حضرت حسن بصریؒ نے بنو تمیم کے ایک شخص سے نقل کیا ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے اپنے عمل کا اہل جنت کے اعمال سے موازنہ کیا تو یہ دیکھا کہ وہ ایسا کچھ تو ہم سے بہت بلند و بالا اور ممتاز ہے۔ وہ ایک ایسی قوم ہے کہ ہمارے اعمال ان کے پاس بھی نہیں پہنچتے کیونکہ وہ رات میں بہت کم سوتے ہیں عبادت کرتے ہیں پھر میں نے اپنے اعمال کا اہل جہنم کے اعمال سے موازنہ کیا تو دیکھا کہ وہ اللہ و رسول کی تکذیب کرنے والے قیامت کا انکار کرنے والے ہیں (جن چیزوں سے مومن نے بچنے کو کہا ہے) اس لئے ہمارے اعمال ان دونوں کے بیچ میں ہیں اہل جنت سے بہت پیچھے ہیں اور (بحمد اللہ) اہل جہنم کے مرتبے سے بلند ہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ہمارا اپنے عمل کے اعتبار سے وہ درجہ ہے جن کا قرآن کریم نے ان الفاظ سے ذکر فرمایا ہے۔ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا یعنی وہ لوگ جنہوں نے اچھے برے اعمال خلط ملط کر رکھے ہیں تو ہم میں بہتر آدمی وہ ہے جو کم از کم اسی طبقے کی صف میں رہے۔

**حضرت زیدؒ کا فرمان:** عبد الرحمن بن زید بن اسلم فرماتے ہیں کہ بنو تمیم کے ایک شخص نے میرے والد سے کہا کہ اے ابو اسامہ ہم اپنے اندر وہ صفت نہیں پاتے جو اللہ تعالیٰ نے متقین کے لئے ذکر فرمائی ہے۔ یعنی (كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ) کیونکہ ہمارا حال تو یہ ہے کہ قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا نَقُومُ "یعنی رات میں بہت کم جاگتے اور عبادت کرتے ہیں" میرے

والد نے اس کے جواب میں فرمایا: "بشارت ہے اس شخص کے لئے جس کو نیند آ دے تو سو جاوے مگر جب بیدار ہو تو تقویٰ اختیار کرے۔ (معارف مفتی اعظم)

## سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کا عمل

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب شروع شروع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف تشریف لائے تو لوگ آپ کی زیارت کے لئے ٹوٹ پڑے میں اس مجمع میں تھا واللہ آپ کے مبارک چہرے پر نگاہ پڑتے ہی مجھ کو تو یقین ہو گیا۔ یہ نورانی چہرہ کسی جھوٹے انسان کا نہیں ہو سکتا۔ سب سے پہلی بات جو حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے کان میں پڑی تھی کہ آپ نے فرمایا: اے لوگو کھانا کھلاتے رہو اور صلہ رحمی کرتے رہو اور سلام کیا کرو اور راتوں کو جب لوگ سوئے ہوئے ہوں نماز ادا کرو تو تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

## جنت کے محلات کس کے لئے ہیں:

مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت میں ایسے بالاخانے ہیں جن کے اندر کا حصہ باہر سے اور باہر کا حصہ اندر سے نظر آتا ہے یہ سن کر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یا رسول اللہ یہ کن کے لئے ہیں؟ فرمایا ان کے لئے جو نرم کلام کریں اور مسکینوں کو کھلاتے پلاتے رہیں اور جب لوگ سوتے ہوئے ہوں یہ نماز میں رات گزارتے رہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَفِيٓ أَمْوَٰلِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَٱلْمَحْرُومِ

اور ان کے مال میں حصہ تھا مانگنے والوں کا اور ہارے ہوئے کا

## متقیوں کی انسان دوستی

"یا ہوا" سے زکوٰۃ ہے اور مانگنے والا محروم مطلب یہ ہے کہ انہوں نے زکوٰۃ کے علاوہ اپنے مال میں اپنی خوشی سے مانگنے والوں اور محتاجوں کا حصہ مقرر کر رکھا تھا جس کا التزام اس طرح ہے گویا ایک حق لازم سمجھا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

**سبب نزول:** ابن جریر اور ابن ابی حاتم کا بیان ہے کہ حسن بن محمد بن حنفیہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دستہ روانہ کیا ان لوگوں کے ہاتھ (کافروں کی) بکریاں لگ گئیں جب یہ لوگ بکریوں کے حصے بخرے کرنے سے فارغ ہو گئے تو کچھ (غریب) لوگ آ پہنچے ان مجاہدوں نے ان کو بھی کچھ حصہ دے دیا اس پر آیۃ مذکورہ نازل ہوئی۔

**محروم کون ہے؟** ابوداؤد وغیرہ میں ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں سائل کا حق ہے گو وہ گھوڑے پر سوار ہو محروم وہ ہے جس کا کوئی حصہ بیت المال میں نہ ہو خود اس کے پاس کوئی کام کاج نہ ہو صنعت و حرفت یاد نہ ہو جس سے روزی کما سکے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس سے مراد وہ لوگ ہیں کہ کچھ سلسلہ کمانے کا کر رکھا ہے لیکن اتنا نہیں پاتے کہ انہیں کافی ہو جائے۔ حضرت ضحاک فرماتے ہیں وہ شخص جو مالدار تھا لیکن مال اس کا تباہ ہو گیا۔ چنانچہ یمامہ میں جب پانی کی طغیانی آئی اور ایک شخص کا تمام مال و اسباب بہا لے گئی تو ایک صحابی نے فرمایا یہ محروم ہے اور بزرگ مفسرین فرماتے ہیں محروم سے مراد وہ شخص ہے جو باوجود حاجت کے کسی سے سوال نہیں کرتا۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مسکین وہ نہیں جو پھرا کرتے رہتے ہیں اور جنہیں ایک دو لقمے، ایک دو کھجوریں تم دے دیا کرتے ہو بلکہ حقیقتاً وہ لوگ مسکین ہیں جو اتنا نہیں پاتے کہ انکی حاجت پوری ہو جائے اپنا حال ایسا بنائے رکھتے ہیں کہ کسی پر ان کی حاجت والی کیفیت ظاہر ہو اور کوئی انکی صدقہ دے۔ (بخاری و مسلم) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ مکہ شریف جا رہے تھے کہ راستے میں ایک کتا پاس آ کر کھڑا ہو گیا آپ نے ذبح کردہ بکری کا ایک شانہ کاٹ کر اس کی طرف ڈال دیا اور فرمایا لوگ کہتے ہیں یہ بھی محروم میں سے ہے۔ حضرت شعبی فرماتے ہیں میں تو عاجز آ گیا لیکن محروم کے معنی معلوم نہ کر سکا۔ امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں محروم وہ ہے جس کے پاس مال نہ ہو خواہ وجہ کچھ بھی ہو۔ یعنی وہ شخص نہ کر سکا ہو کہ کھانے کا سلیقہ ہی نہ ہو یا کام ہی نہ چلتا ہو یا کسی آفت کے باعث جمع شدہ مال ضائع ہو گیا ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَفِي ٱلْأَرْضِ ءَايَٰتٌ لِّلْمُوقِنِينَ

اور زمین میں نشانیاں ہیں یقین کرنے والوں کے واسطے

وَفِيٓ أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ

اور خود تمہارے اندر سو کیا تم کو سوجھتا نہیں ☆

**غور و فکر** ☆ یعنی یہ شب بیداری، استغفار اور محتاجوں پر خرچ کرنا اس یقین کی وجہ سے ہونا چاہئے کہ خدا موجود ہے جزا دے گا اس کی کی نیکی ضائع نہیں کی جاتی اور یہ یقین وہ ہے جو آفاقی و انفسی آیات میں غور کرنے سے بسہولت حاصل ہو سکتا ہے انسان اگر خود اپنے اندر اور زمین کے حالات میں غور و فکر کرے تو بہت جلد اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ بیشک وہاں بڑا کسی ذی رنگ ہستی ضرور وسیلہ کر رہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**آیات آفاقی:** مطلب یہ ہے کہ زمین میں اہل یقین کے لئے (اللہ کی قدرت تامہ علم محیط اور ربوبیت و الوہیت کی) نشانیاں ہیں وہ ان نشانیوں کے قدرت کو اندھوں بہروں کی طرح دیکھ کر گزر نہیں جاتے بلکہ وہ آنکھوں سے دیکھ کر غور کرتے اور سوچتے ہیں کہ زمین کیسے پیدا ہوئی کیسے بچھائی گئی آدمیوں کے رہنے کے لئے اس کا کچھ خشک حصہ کیسے ابھار دیا گیا ہے زمین کے مختلف

اجزاء کی مختلف کیفیات حالات اور متضاد خاصیات کیسے اور کہاں ہیں جنہیں بھرت گزاشتہ یہ بیان کر دو کس طرح اور کس حکمت سے زیر اثر رہتے ہیں۔ زمین کے اندر جتنی جواہر کی کانیں ہیں جیسی پانی ہیں، زمین کے اوپر غیر محدود ان گنت جمادات اور حیوانات کا پھیلاؤ کتنا قابل فہم ہے یہ سب انواع، اجناس، کیفیات خاصیات اشکال اور الوان کا تعدد دلالت کر رہا ہے کہ ان کا کوئی بنانے والا ضرور ہے جو زبردست فاعل کل اور بے حد علم و قدرت کا مالک ہے۔ اسی نے اپنی رحمت اور حکمت سے ان چیزوں کو بنایا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ زمین پر اور زمین کی موجودات پر اللہ کی رحمت کی کیسی بارش ہو رہی ہے دیکھا جائے تو روزی اللہ کی طرف سے کس قدر برکتیں نازل ہو رہی ہیں اور موجودات ارضی کی ہر چیز اپنی ساری ضرورتوں اور حاجتوں کے لئے اللہ کی رحمت کے سامنے دست سوال پھیلا رہی ہے۔ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ۔

**آیات انفسی:** انسان عالم صغیر (چھوٹی دنیا) ہے اللہ کی قدرت حکمت صنعت اور ربوبیت کی جو نشانیاں عالم کبیر میں ہیں ابتداء تخلیق سے لے کر آخری ایام تک وہ ساری آیات انسان کے اندر ہیں۔ آغاز میں تخلیق انسانی بصورت نطفہ تھی۔ پھر نطفہ بستہ خون بنا پھر ایک گوشت کا ٹکڑا ہوا۔ پھر ہڈیوں بنائی گئیں۔ پھر ہڈیوں کے ڈھانچے کو گوشت کا لباس پہنایا گیا۔ پھر اس میں روح ڈالی گئی پھر بحالت باہر آنے کا راستہ بنایا گیا۔ باہر آنے کے بعد فراہمی غذا کا انتظام کیا گیا۔ پستان اور سے دودھ بہا نکالا گیا اور رفتہ رفتہ دوسری غذا اس کی طرف آنے اور کھانے کی رہنمائی کی گئی بول و براز اور دوسرے فضلے کو اس کے راستوں سے باہر پھینکا گیا۔

یہ تمام تدبیریں بقاء جسمانی کے لئے کی گئیں۔ اس سے آگے بقاء نسل بھی ضروری تھی تو قوت تولید و پیدا کیا گیا اور ایک جوڑے کے اتصال سے سابق کی طرح تیسرے انسان کو پیدا اور پیدا کیا گیا۔ پھر پیغمبروں کو بھیج کر اور آسمان سے کتابیں اتار کر سعادت کی طرف جانے کا صحیح راستہ دکھایا گیا۔

انسانوں کی ذہنیتوں یا صورتوں کا رنگوں کا عقلوں اور مزاجوں کا اختلاف و رائش کا۔ قبول حق کی صلاحیتوں کا راہ حق پر چلنے کی استعداد کا۔ پھر درجات قرب اور مراتب معرفت پر فائز ہونے کا عظیم الشان تفاوت اور تعدد یہ ساری صنعت اور بدیع قوتیں ہیں جو اہل بصیرت اور معرفت کو خوب غور کرنے اور بے ساختہ پکار اٹھتے ہیں تبارک اللہ احسن الخالقین۔

**آیات میں غور کرنے کا نتیجہ:** پھر ان اہل عرفان کے سامنے سے تجلیات ذاتیہ صفاتیہ اور انوار افعالیہ کے چہروں سے اسرار کے پردے ہٹ جاتے ہیں اسی کی تعبیر حدیث قدسی میں اس طرح فرمائی ہے بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا ہے آخر میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ

سنتا ہے اور اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے۔ الحدیث

اس مرتبہ پر پہنچ کر عارف کہتا ہے شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو اس کی راہ بتائی اگر اللہ ہماری رہنمائی نہ کرتا تو ہم ہدایت یاب نہ ہوتے۔ ہمارے رب کے رسول حق لے کر آئے تھے۔ (تفسیر مظہری)

**وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ﴿۲۲﴾**

اور آسمان میں ہے روزی تمہاری اور جو تم سے وعدہ کیا گیا

رزق اور جنت آسمان میں: دولتمند مانگنے والوں اور محتاجوں پر خرچ کرنے سے اس لئے نہیں ڈرنا چاہئے کہ خرچ کر کے ہم کہاں سے کھائیں گے اور نہ خرچ کر کے ان مساکین پر احسان جتلاؤ کیونکہ تمہاری سب کی روزی اور اجر و ثواب کے جو وعدے کئے گئے ہیں آسمان والے کے ہاتھ میں ہیں ہر ایک کی روزی پہنچ کر رہے گی کسی کے روکے سے نہیں رک سکتی۔ اور خرچ کرنے والوں کو ثواب بھی مل کر رہے گا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "آنے والی چیز بات ہے اس کا حکم آسمان ہی سے اترتا ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

**آیت کا دوسرا معنی:** حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اور مقاتل کا بھی یہی قول ہے کہ رزق سے مراد ہے رزق کے پیدا ہونے کا سبب یعنی بارش۔ اس تفسیر کی بناء اس مسئلہ پر ہے جو (ظاہر) شریعت میں آیا ہے کہ بارش آسمان سے نازل ہوتی ہے۔

**تیسرا معنی:** رزق کا اگر یہ معنی لیا جائے تو آیت وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ میں باہر اللہ کی قدرت کی آفاقی اور انفسی نشانیاں مراد ہوں گی جیسے چاند سورج ستارے اور ان کی رفتار طلوع و غروب اور جہان سے چھپ جانے والے منیر دمدار ستارے اور موسموں کے انقلابات وغیرہ ان ارضی و سماوی آیات میں غور کرنا اور ان سے اللہ کی قدرت پر استدلال کرنا درحقیقت اہل ایمان ہی کا حصہ ہے۔

پھر اس استدلال اور فہم و فکر پر جس رحمت اور برکت کا اللہ کی طرف سے فیضان ہوتا ہے اور اہل عرفان پر جو تجلیات کی بارش ہوتی ہے وہ بھی انہیں کشتیوں اور قسمتوں کا نصیب ہے اور جن کے دلوں پر اور گوش ہوش پر اللہ نے مہر کر دی ہے اور جن کی آنکھوں پر غفلت و جہالت کے پردے پڑے ہیں وہ اس نصیب اور اس فیضان و عرفان سے محروم ہیں۔ عارف رومیؒ نے کہا ہے۔

گر تو بد ہے بلت جان تو زیست
فی السماء رزقکم روزی کجاست

### قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ کا ارشاد

ان علماء کے یہ تینوں اقوال اس امر پر مبنی ہیں کہ خطاب کا رخ مومنوں

کی طرف بھی ہو اور کافروں کی طرف بھی اور دونوں گروہوں کو خطاب کیا جائے تو اس صورت میں آیت کا مطلب اس طرح ہوگا کہ تمہارا رزق اور وعدہ ثواب و عذاب (اعمال کی جزاء) کا وعدہ اور ذریعہ آسمان میں ہی مقرر ہے یہ مطلب نہیں کہ ثمرہ اخروی ثواب و عذاب اور جنت و دوزخ آسمان میں ہیں کیونکہ جنت تو آسمان پر ہے مگر دوزخ زمین کے نیچے ہے اس کی صراحت حدیث میں آ چکی ہے لیکن اگر خطاب صرف مؤمنین کو قرار دیا جائے تو اس تاویل کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ مؤمنوں سے جنت اور ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے اور جنت تو آسمان میں ہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

| |
|---|
| فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ |
| سو قسم ہے رب آسمان اور زمین کی کہ یہ بات تحقیق ہے |
| مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ |
| جیسے کہ تم بولتے ہو ۞ |

یعنی جیسی یقینی ہے یہ بات کہ تم بولتے ہو (کوئی شبہ نہیں) اسی طرح یہ بھی یقینی ہے کہ رزق پہنچ کر رہے گا، قیامت قائم ہوگی، آخرت کے ثواب اور عذاب کے وعدے سب پورے ہو کر رہیں گے۔ "هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ" کی مناسبت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مہمان نوازی کا قصہ سناتے ہیں جو تمہید ہے حضرت لوط علیہ السلام کے قصہ کی۔ دونوں قصوں سے یہ بھی ظاہر ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا معاملہ دنیا میں مؤمنین کے ساتھ کیا ہے اور مکذبین کے ساتھ کیا ہے کھول کر دکھلا دیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

**دیہاتی کا قصہ:** اصمعی کا بیان ہے کہ میں بصرہ کی جامع مسجد سے آ رہا تھا سامنے سے ایک اعرابی آیا اور مجھ سے پوچھا تم کس قبیلے سے ہو؟ میں نے کہا اصمعی سے۔ بولا کہاں سے آ رہے ہو؟ میں نے کہا وہاں سے جہاں اللہ کا کلام پڑھا جاتا ہے۔ کہنے لگا مجھے بھی کچھ سناؤ۔ میں نے سورۃ والذاریات تلاوت کی جب آیت وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ پر پہنچا تو اعرابی نے کہا بس کرو، پھر وہ اٹھ کر اپنی اونٹنی کے پاس گیا اس کو نحر کیا اور گوشت آنے جانے والوں کو بانٹ دیا اور پھر اپنی کمان اور تلوار توڑ دی اور منہ موڑ کر چلا گیا۔

اس کے بعد جب میں ہارون رشید کے ساتھ حج کو گیا اور (مکہ میں) طواف کر رہا تھا تو اچانک ایک باریک آواز سے کسی نے مجھے پکارا، میں نے منہ موڑ کر دیکھا تو وہی اعرابی تھا۔ میں قریب گیا تو اس نے سلام کیا اور وہی سورت (الذاریات) سنانے کی فرمائش کی جب میں نے پڑھ کر سنائی اور اسی آیت پر پہنچا تو اس نے ایک چیخ ماری اور بولا ہم سے رب نے جو وعدہ کیا تھا ہم نے اس کو حق پایا، پھر کہنے لگا کیا اور کچھ آپ پڑھیں گے؟

میں نے اس سے کہا یہ حصہ بھی ہے فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ۔ اعرابی نے یہ سنتے ہی ایک چیخ ماری اور کہا سبحان اللہ رب جلیل کو کس نے غضبناک کر دیا کہ اس نے قسم کھائی، لوگوں نے اس کی بات کو سچا نہ مانا اس لئے قسم کھانے پر مجبور کیا۔ یہ لفظ تین بار کہے اور اسی کے ساتھ اس کی جان نکل گئی۔ (مدارک)

**نکتہ:** بلاغت کا تقاضا ہے کہ مخاطب کا ذہن جس قدر انکار کا ہو اسی قدر زور کے ساتھ کلام بھی اسی قدر تاکید سے پیش کیا جائے۔ اللہ نے اس جگہ کلام کی تاکید کے ساتھ بیان پر قسم کھائی، اِنَّ (تحقیقیہ) کا استعمال کیا۔ مزید یہ بھی ذکر کیا اور یہ بھی فرما لیا کہ یہ بات حق ہے عادۃً ظہور کلام کو نطق انسانی سے تشبیہ دی جو کہ یقینی محسوس حقیقت ہے۔ گویا اللہ کی طرف سے رزق کا جو وعدہ کیا گیا ہے انسان اس کا شدید منکر ہے اور رزق کے ملنے کے لئے انتہائی متفکر رہتا ہے حالانکہ اللہ نے فرما دیا ہے۔ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔ اللہ نے انسان کو جس چیز کا مکلف کیا ہے اور ایک ثواب و عذاب کہ جس سے وابستہ کیا ہے اس کی طرف سے غافل ہے۔ (تفسیر مظہری)

مِثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ۔ یعنی جس طرح تمہیں اپنے اپنے کلام کرنے میں کوئی شبہ نہیں ہے اسی طرح قیامت کا آنا بھی ایسا ہی یقینی ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ انسان کے محسوسات جو دیکھنے سننے چکھنے چھونے اور سونگھنے سے متعلق ہیں ان سب میں سے اس جگہ نطق یعنی بولنے کو خاص طور سے (مخاطب بنانے) اس لئے کیا کہ دوسرے سب محسوسات میں بھی کبھی کسی مرض وغیرہ کے سبب سے التباس ہو جاتا ہے دیکھنے سننے میں غلطی ہو جاتی ہے، چکھنے والے ذائقہ محسوس نہیں ہوتا اور بعض اوقات خراب ہو کر بیٹھ جاتا ہے مگر نطق و گویائی ایسی چیز ہے جس میں کبھی کسی دھوکہ اور غلطی کا شائبہ نہیں ہوتا۔ (قرطبی، معارف مفتی اعظم)

| |
|---|
| هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ |
| کیا پہنچی ہے تجھ کو بات ابراہیم کے مہمانوں کی |
| الْمُكْرَمِيْنَ |
| جو عزت والے تھے ۲۴ |

حضرت ابراہیم کے مہمان یعنی فرشتے تھے جن کو ابراہیم علیہ السلام نے انسان سمجھا تھا اور عزت کی بات اللہ کے ہاں تو فرشتے معزز و مکرم ہیں ہی۔ کما قال "بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ"۔ (تفسیر حقانی)

مہمانوں کی تعداد ذکر نہیں ہے، مہمانوں کی تعداد میں اختلاف ہے

[illegible]

## مہمان کا اکرام

[illegible]

إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا

[illegible]

قَالَ سَلَامٌ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ

[illegible]

فَرَاغَ إِلَىٰ أَهْلِهِ فَجَاءَ بِعِجْلٍ

[illegible]

سَمِينٍ فَقَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ قَالَ أَلَا

[illegible]

تَأْكُلُونَ

[illegible]

**آداب مہمانی** [illegible]

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا

[illegible]

لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ

[illegible]

[illegible]

فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ

[illegible]

وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ

[illegible]

حضرت سارہ کا تعجب [illegible]

[illegible]

قَالُوا كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ

[illegible]

هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ

[illegible]

فرشتوں کا جواب [illegible]

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ

[illegible]

[illegible]

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ

[illegible]

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ طِينٍ

[illegible]

فرشتوں کا مقصد [illegible]

[illegible]

مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ

[illegible]

عذاب [illegible]

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ

الْمُؤْمِنِينَ ۔ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا

غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ

نجات والا گھر [illegible]

وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِّلَّذِينَ يَخَافُونَ

الْعَذَابَ الْأَلِيمَ

[illegible]

وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ

بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ

فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ

[illegible]

فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ

فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ

[illegible]

وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ

[illegible]

| |
|---|
| الْعَقِيمَ ۝ مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ |
| [illegible] |
| عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ۝ |
| [illegible] |

## عذاب کی آندھی

[illegible]

| |
|---|
| وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا |
| اور نشانی ہے ثمود میں جب کہا ان کو برت لو |
| حَتَّىٰ حِينٍ ۝ |
| [illegible] |

## حضرت صالح کی تنبیہ

[illegible]

| |
|---|
| فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ |
| [illegible] |
| الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ ۝ فَمَا |
| [illegible] |

| |
|---|
| اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا |
| [illegible] |
| مُنتَصِرِينَ ۝ |
| [illegible] |

**قوم ثمود کی تباہی** [illegible]

| |
|---|
| وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ |
| اور ہلاک کیا نوح کی قوم کو اس سے پہلے تحقیق |
| كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ۝ |
| [illegible] |

[illegible]

| |
|---|
| وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا |
| اور بنایا ہم نے آسمان ہاتھ کے بل سے اور ہم کو |
| لَمُوسِعُونَ ۝ |
| [illegible] |

**دلیل قدرت** [illegible]

[illegible]

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ

اور زمین کو ہم نے بچھایا سو کیا خوب بچھانے والے ہیں ہم

[illegible]

وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ

اور ہر چیز کے بنائے ہم نے جوڑے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ

تاکہ تم دھیان کرو

[illegible]

فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ

سو دوڑو اللہ کی طرف میں تم کو اس کی طرف سے ڈر سنانے والا ہوں کھول کر

وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۖ إِنِّي لَكُم

اور مت ٹھہراؤ اللہ کے ساتھ اور کسی کو معبود میں تم کو

مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ

اس کی طرف سے ڈر سنانے والا ہوں کھول کر

اللہ کی طرف دوڑو [illegible]

[illegible]

اللہ کی طرف دوڑنے کا مطلب [illegible]

[illegible]

كَذَٰلِكَ مَا أَتَى الَّذِينَ مِن قَبْلِهِم

اسی طرح ان سے پہلے لوگوں کے پاس

مِّن رَّسُولٍ إِلَّا قَالُوا سَاحِرٌ أَوْ

جو رسول آیا اس کو یہی کہا کہ جادوگر ہے یا

مَجْنُونٌ

دیوانہ

[illegible]

اَتَوَاصَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ

[illegible]

[illegible]

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ وَّذَكِّرْ

[illegible]

فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ

[illegible]

[illegible]

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول:

[illegible]

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ

[illegible]

## تخلیق جن و انس کا مقصد

[illegible]

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ترجمہ

[illegible]

## حضرت مجاہد رحمہ اللہ کا قول

[illegible]

## بعض حضرات کی رائے

[illegible]

گیا ہے۔ مقصد اور قرآنی موجود ہے مجبور نہیں ہیں، مقصود صرف یہی ہے کہ میری عبادت کے لیے پیدا کیا ہے کوئی اس استعداد کو بے معاصی اور شہوات میں ضائع کر دے۔ یہاں اس مضمون کی مثال وہ حدیث ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ كُلُّ مَوْلُودٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ (یعنی ہر بچہ اسی فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو (اس فطرت سے ہٹا کر) یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں کوئی بچہ فطرت پر پیدا ہونے سے مراد اکثر علماء کے نزدیک دین اسلام پر پیدا ہونا ہے) تو جس طرح اس حدیث میں بتلایا گیا ہے کہ ہر انسان کی فطرت اور اصل طور پر اسلام و ایمان کی استعداد و صلاحیت رکھی جاتی ہے لیکن اس کے ماں باپ اس صلاحیت کو ضائع کر کے کفر کے طریقوں پر ڈال دیتے ہیں اسی طرح اس آیت میں (الا لیعبدون) کا یہ مفہوم ہو سکتا ہے کہ جن و انس کی پیدائش میں اللہ تعالیٰ نے استعداد اور صلاحیت عبادت کی رکھی ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (معارف القرآن مفتی محمد شفیع)

| |
|---|
| مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ |
| میں نہیں چاہتا ان سے روزی اور نہیں چاہتا |
| اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ |
| کہ مجھ کو کھلائیں اللہ جو ہے وہی ہے روزی دینے والا |
| ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝ |
| زور آور مضبوط ☆ |

### اللہ روزی رساں ہے

یعنی ان کی بندگی سے میرا مقصد نہیں کہ مجھے کوئی نفع ہے میں وہ رب نہیں جو غلاموں سے کہے میرے لیے کما کر لاؤ یا میرے سامنے کھانا لا کر رکھو میری ذات ان چیزوں سے پاک ہے اور وہ بندوں میں سے اپنے لیے روزی کا طلب گار نہیں بلکہ وہ سب کو روزی پہنچاتا ہے بھلا مجھ جیسے روزی رساں ذات کو تمہاری خدمات کی کیا حاجت ہو سکتی ہے بندگی کا حکم صرف اس لیے دیا گیا ہے کہ تم میری شہنشاہی اور عظمت و کبریائی کا قولاً و فعلاً اعتراف کرتے رہو تاکہ خصوصی الطاف و اکرام کے مورد و مستحق ہو۔

[illegible]

(تفسیر عثمانی)

### اللہ تعالیٰ کی برتر شان

خدا کا اپنے بندوں سے تعلق ایسا نہیں ہے جیسا دنیا کے آقاؤں کا اپنے غلاموں کے ساتھ ہوتا ہے۔ آقا چاہتے ہیں کہ ان کے غلام ان کو کما کر کھلائیں۔ ان کے مالک ہونے کی یہی غرض ہوتی ہے کہ ان سے فائدہ حاصل کریں۔ مگر خدا کی شان اس سے بہت بلند ہے۔

### اللہ تعالیٰ کو کھلانا پلانا:

ایک حدیث مبارک میں آیا ہے۔ اللہ فرمائے گا اے آدم کے بیٹے میں نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے مجھے کھانا نہیں دیا۔ بندہ کہے گا اے رب میں تجھے کھانا کیسے دیتا تو تو رب العالمین ہے۔ اللہ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تو نے اس کو نہیں کھلایا اگر تو اس کو کھلا دیتا تو مجھے اس کے پاس پاتا (مسلم) یا اسی مضمون کی حدیث بیان ہوئی۔

اس حدیث کی دوسری روایت میں اتنا اور بھی ہے جیسا کہ یہ آئے میری عبادت کر کے میں نے تجھ سے پانی مانگا تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔

### عبادت میں سستی نہ کرو:

مسند احمد میں حدیث قدسی ہے کہ اے ابن آدم میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا میں تیرا سینہ تونگری سے بھر دوں گا اور تیری فقیری روک دوں گا اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو میں تیرے سینے کو اشتغال سے بھر دوں گا اور تیری فقیری کو ہرگز بند نہ کروں گا۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں بھی یہ حدیث ہے اور امام ترمذی اسے حسن غریب کہتے ہیں۔

بعض آسمانی کتابوں میں ہے اے ابن آدم میں نے تجھے اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے پس تو اس سے غفلت نہ کر تیرے رزق کا میں ضامن ہوں تو اس کے پیچھے تکلیف نہ کر مجھے ڈھونڈ تو مجھے پا لے گا۔ جب تو نے مجھے پا لیا تو یقین مان کہ تو نے سب کچھ پا لیا اور اگر میں تجھے نہ ملا تو سمجھ لے کہ تمام بھلائیاں تو کھو چکا۔ تمام چیزوں سے زیادہ محبت تیرے دل میں میری ہونی چاہیے۔

### رزق کے لیے کوشش:

خالد کے دونوں بیٹے حضرت حبہ اور حضرت سواء فرماتے ہیں ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام میں مشغول تھے کوئی دیوار بنا رہے تھے یا کسی چیز کو درست کر رہے تھے ہم بھی اس کام میں لگ گئے۔ جب کام ختم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دعا دی اور فرمایا سر ہلنے تک روزی سے مایوس نہ ہونا دیکھو انسان

[illegible]

فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوبًا مِّثْلَ

[illegible]

ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ﴿٥٩﴾

[illegible]

## ان کو بھی سزا ملے گی

[illegible]

[illegible]

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن يَوْمِهِمُ

[illegible]

الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٦٠﴾

[illegible]

## سزا کا دن

[illegible]

[illegible]

# تفسیر سورۂ طور مکیہ

**سورۂ طور کی فضیلت:** حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں [illegible] سورۂ والطور [illegible]

[illegible]

سُورَةُ الطُّورِ مَكِّيَّةٌ

[illegible]

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

[illegible]

وَالطُّورِ ﴿١﴾

قسم ہے طور کی ﴿١﴾

[illegible]

وَكِتَابٍ مَّسْطُورٍ ﴿٢﴾ فِي رَقٍّ مَّنشُورٍ ﴿٣﴾

[illegible]

**لکھی ہوئی کتاب** [illegible]

[illegible]

## وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ

[illegible]

## وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ

[illegible]

## وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ

[illegible]

رات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ لوگوں کی دیکھ بھال کے لئے نکلے تو ایک مکان سے کسی مسلمان کی قرآن خوانی کی آواز کان میں پڑی وہ سورۃ والطور پڑھ رہے تھے۔ آپ نے سواری روک لی اور کھڑے ہوکر قرآن سننے لگے۔ جب وہ اس آیت پر پہنچے تو زبان سے نکل گیا کہ رب کعبہ کی قسم سچی ہے پھر اپنے گدھے سے تو نیچے اتر پڑے اور دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہی دیر تک بیٹھے رہے جب ہوش و حواس ٹھکانے آئے تو اپنے گھر پہنچے لیکن خدا کے کلام کی اس آیت کا اثر اتنا تھا کہ آپ کی کمزوری کی یہ حالت تھی کہ مہینہ بھر تک بیمار پڑے رہے اور لوگ بیمار پرسی کو آتے تھے کسی کو معلوم نہ تھا کہ بیماری کیا ہے؟ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ابن کثیر)

| إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ |
|---|
| بے شک عذاب تیرے رب کا ہو کر رہے گا |
| مَا لَهُ مِنْ دَافِعٍ ﴿٨﴾ |
| اس کو کوئی نہیں ہٹانے والا |

**قدرت و عظمت الٰہی:** یعنی جن پر تمام چیزیں جن کی قسم کھائی شہادت دیتی ہیں کہ وہ خدا بہت بڑی قدرت و عظمت والا ہے پھر اس کی نافرمانی کرنے والوں پر عذاب کیوں نہیں آئے گا۔ کس کی طاقت ہے جو اس کے بھیجے ہوئے عذاب کو واپس کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

## جبیر بن مطعم پر اس آیت کا اثر

حضرت جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ میں مسلمان ہونے سے پہلے ایک مرتبہ مدینہ میں آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدر کے قیدیوں کے متعلق گفتگو کروں یہاں پہنچا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز میں سورۃ طور پڑھ رہے تھے آواز مسجد سے باہر تک آرہی تھی جب یہ آیت پڑھی إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ مَا لَهُ مِنْ دَافِعٍ تو ایک دم میری یہ حالت ہوئی کہ گویا میرا دل خوف سے پھٹ جائے گا میں نے فوراً اسلام قبول کیا مجھے اس وقت یہ محسوس ہو رہا تھا کہ میں اس جگہ سے ہٹ نہیں سکوں گا کہ مجھ پر عذاب آجائے گا (قرطبی ملخصاً معارف مفتی اعظم)

**عذاب کی تاکید:** [illegible] کا مطلب یہ ہے [illegible] ہونے والا ہے وہ قیامت قریب [illegible] حساب اور جزا و سزا کا مرحلہ انسان سے [illegible] کے پیش نظر [illegible] کے لئے [illegible] ذہن میں [illegible]

کرتے ہوئے [illegible] کی جائے [illegible] (معارف القرآن)

| يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا ﴿٩﴾ |
|---|
| جس دن لرزے آسمان کپکپا کر |

## قیامت کی دہشت ناکیاں

یعنی آسمان لرز کر کپکپا کر پھٹ جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

| وَتَسِيرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿١٠﴾ |
|---|
| اور پھریں پہاڑ چل کر |

یعنی پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دیں گے اور روئی کے گالوں کی طرح اڑتے پھریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

| فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿١١﴾ الَّذِينَ |
|---|
| سو خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کو جو |
| هُمْ فِي خَوْضٍ يَلْعَبُونَ ﴿١٢﴾ |
| باتیں بنانے میں کھیلتے ہیں |

## غافلوں کی ہلاکت

یعنی جو آج کھیل کود میں مشغول ہیں اور طرح طرح کی باتیں بناتے اور خرافات بکتے ہیں [illegible] (تفسیر عثمانی)

| يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَىٰ نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾ |
|---|
| جس دن کہ دھکیلے جائیں دوزخ کی طرف دھکیل کر |
| هَٰذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿١٤﴾ |
| یہ ہے وہ آگ جس کو تم جھوٹ بتلاتے تھے ☆ |

## ذلت کے ساتھ جہنم میں داخلہ

یعنی فرشتے ان کو ذلت سے دھکے دے کر دوزخ کی طرف لے جائیں گے اور پہنچا کر کہیں گے یہ وہ آگ ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

| أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ أَنْتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ﴿١٥﴾ |
|---|
| اب بھلا یہ جادو ہے یا تم کو نہیں سوجھتا ☆ |

[illegible]

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ

پڑو اس کے اندر پھر تم صبر کرو یا نہ صبر کرو

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا

[illegible]

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

[illegible]

اب کی صورت چھٹکارا نہیں [illegible]

[illegible]

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ

جو ڈرنے والے ہیں وہ باغوں میں ہیں اور نعمت میں

فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ

[illegible]

وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

بچایا ان کو ان کے رب نے دوزخ کے عذاب سے ☆

[illegible]

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْۗــــًٔا بِمَا كُنْتُمْ

کھاؤ اور پیو مزے سے بدلہ ان کاموں کا

تَعْمَلُوْنَ مُتَّكِـــِٕيْنَ عَلٰي سُرُرٍ

[illegible]

مَّصْفُوْفَةٍ ۚ

[illegible]

[illegible]

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۙ وَالَّذِيْنَ

[illegible]

اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّــتُهُمْ بِاِيْمَانٍ

[illegible]

اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ

[illegible]

مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ

[illegible]

[illegible]

درجہ والوں سے کچھ کمی نہ فرما دی جائے۔ تمام ان بزرگوں نے اگر یہ ہو جزاء جزاء النوع نے ہے مال کا یقین کرنا متقیوں کے جوار میں رکھا جائیگا اور ممکن ہے بعض اہل علم ان کے مقام اور مرتبہ پر پہنچا دیا جائے جیسے کہ روایات سے ظاہر ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ کہا جاتا ہے کہ ان کاملین کی کامل نیکیوں کا ثواب کاٹ کر نہیں دیا جائیگا۔ بس یہ محض اللہ کا فضل و احسان ہوگا کہ کمتر درجہ کو اونچا کر دیا اور کاملین کے مقام تک پہنچا دیا جائے۔ (مظہری) الخ سے "وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم" کا مطلب بیان کیا ہے جو قومی کی وجہ سے اس کے مناسب معلوم ہوتی ہے۔ "قالت الانصار: يا رسول الله، إن لكل قوم تبعا وإنا قد تبعناك فادع الله أن يجعل أتباعنا منا، قال النبي صلى الله عليه وسلم: اللهم اجعل أتباعهم منهم"۔ (تفسیر ابن)

**بچوں کا کیا ہوگا** ابن ابی شیبہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ میں نے اپنے رب سے نسل انسان کے لاہین (بچوں) کے متعلق مانگی کی کہ کھیلنے والے ہیں اللہ نے مجھے وہ عطا فرما دیئے (یعنی ان کو بخش دیا) ابن عبدالبر نے کہا کھیلنے والوں سے مراد بچے ہیں کیونکہ ان کے کام سے عقل نے کھیل کی طرح ہوتے ہیں۔ تم بھی کرم نے ان کو بیان کیا ہے۔ ابن جریر نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کے بچوں کے متعلق دریافت کیا فرمایا وہ جنت والوں کے خادم ہوں گے۔ ابن جریر نے ایک ہی حدیث حضرت ابن مسعودؓ سے مرفوعاً بھی بیان کی ہے طبرانی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بھی یہی معنی حدیث نقل کی ہے بعض علماء کا مذہب ہے کہ مشرکوں کے بچوں کی بخشش کی جائے گی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ (جوان ہوکر) کیا کرنے والے ہوتے۔ تمام تحقیق میری اس حدیث کے آئی ہوئی۔

**مَا أَلَتْنَاهُم** یعنی ان کے باپوں کے اعمال کے ثواب میں ہم کوئی کمی نہیں کریں گے۔ مطلب یہ کہ مومن اولاد کو ان کے باپوں کے ساتھ شامل کر دینے اور درجہ میں ان کے ساتھ ملا دینے سے ان کے آباء کے اعمال کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی (تفسیر طبری)

بزرگوں کے ساتھ نسبی تعلق آخرت میں بھی نفع دے گا بشرطیکہ ایمان۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مومنین صالحین کی ذریت و اولاد کو بھی ان کے درجہ میں پہنچا دیں گے۔ اگرچہ وہ عمل کے اعتبار سے اس درجہ کے مستحق نہ ہوں تاکہ ان بزرگوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ (رواہ الحاکم والبیہقی فی سننہ والبزار وابونعیم فی الحلیہ وابن مردویہ وابن جریر وابن ابی حاتم)۔ (تفسیر مظہری)

اور طبرانی نے حضرت سعید بن جبیرؓ سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ نے فرمایا اور میرا گمان ہے کہ انھوں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم سے روایت کیا ہے کہ جب کوئی شخص جنت میں داخل ہوگا تو اپنے ماں باپ اور بیوی اور اولاد کے متعلق پوچھے گا وہ کہاں ہیں؟ اس سے کہا جائیگا کہ وہ تمہارے درجہ کو نہیں پہنچے (اس لئے ان کا جنت میں الگ مقام ہے) یہ شخص عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار میں نے جو کچھ عمل کیا اپنے لئے اور ان سب کے لئے کیا تھا تو حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے حکم ہوگا کہ ان کو بھی اسی درجہ جنت میں ان کے ساتھ رکھا جائے گا۔ (ابن کثیر کا مفصل حصہ ختم)

**اولاد کے استغفار و دعا کا اثر:** مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بعض نیک بندوں کا درجہ جنت میں اس کے عمل کی مناسبت سے بہت اونچا کر دیں گے تو یہ دریافت کرے گا کہ میرے پروردگار مجھے یہ مقام اور منصب کہاں سے مل گیا (میرا عمل تو اس قابل نہ تھا) تو جواب دیا جائے گا کہ تمہاری اولاد نے تمہارے لئے استغفار و دعا کی اس کا یہ اثر ہے۔ قال ابن کثیر اسنادہ صحیح ولم یخرجوہ من ہذا الوجہ ولکن لہ شاہد فی صحیح مسلم عن ابی ہریرۃ۔ (معارف مفتی اعظم)

## تین عمل جو مرنے کے بعد بھی ثواب پہنچاتے ہیں

صحیح مسلم میں ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ ابن آدم کے مرتے ہی اس کے اعمال موقوف ہو جاتے ہیں لیکن تین عمل کہ وہ مرنے کے بعد بھی ثواب پہنچاتے رہتے ہیں۔ صدقہ جاریہ، علم دین جس سے نفع پہنچتا رہے نیک اولاد جو مرنے والے کے لئے دعاء خیر کرتی رہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

| |
|---|
| كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (۲۱) |
| ہر آدمی اپنی کمائی میں پھنسا ہے۔ ☆ |

### عدل کا ضابطہ

اوپر فضل کا بیان تھا یہاں عدل کا ضابطہ بتلا دیا۔ یعنی عدل کا مقتضا یہ ہے کہ جس آدمی نے جو کچھ بھلا برا عمل کیا اسی کے ساتھ ملا پائے۔ آگے یہ فضل ہے کہ وہ کسی کی کمیوں کو معاف فرما دے یا کسی کا درجہ بلند کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ۔ یعنی ہر انسان اپنے عمل میں گرو ہوگا یہ نہیں ہوگا کہ کسی دوسرے کا گناہ اس کے سر ڈال دیا جائے یعنی جس طرح آیت سابقہ میں اولاد صالحین و صالحین کی خاطر سے درجہ بلند کیا گیا عمل صالح میں ترقی ہوگا۔ سیرت میں ایک کے گناہ کا عمل اثر دوسرے پر نہ پڑیگا۔ (ابن کثیر بلا روایت)

| |
|---|
| وَأَمْدَدْنَاهُم بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ |
| اور بڑھا دیا ہم نے ان پر میووں کا اور گوشت کا |

مِمَّا يَشْتَهُونَ

جس چیز کو ان کا جی چاہے

[illegible]

يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ فِيهَا

چھینا جھپٹی کریں گے وہاں پیالے کی جس شراب میں

وَلَا تَأْثِيمٌ

اور نہ گناہ گاری

شرابِ طہور [illegible]

[illegible]

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ

اور ان کے ارد گرد ان کے غلام [illegible]

كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ

گویا وہ موتی ہیں جو ڈھکے رکھے تھے

غلمان [illegible]

**کم تر درجہ کا جنتی** [illegible]

[illegible]

**خادم و مخدوم کا حسن** [illegible]

[illegible]

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ

اور جنتی ایک دوسرے کی طرف

يَتَسَاءَلُونَ ‎۝ قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي

آپس میں پوچھتے ہوئے ... کہیں گے ہم اس سے پہلے

أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ‎۝ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا

اپنے گھروں میں ڈرتے رہتے تھے، پس اللہ نے ہم پر احسان کیا

وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ ‎۝ إِنَّا كُنَّا مِن

اور ہمیں بچا لیا گرم ہوا کے عذاب سے، ہم پہلے سے

قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ

اس کی عبادت کیا کرتے تھے، بیشک وہ محسن اور مہربان ہے

جنتیوں کی [illegible]

[illegible]

### حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دعاء

[illegible] فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ [illegible]

فَذَكِّرْ فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ

[illegible]

وَلَا مَجْنُونٍ

[illegible]

[illegible]

أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَتَرَبَّصُ

[illegible]

بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ

[illegible]

[illegible]

قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُمْ مِنَ

تو کہہ تم منتظر رہو کہ میں بھی تمہارے ساتھ

الْمُتَرَبِّصِينَ

[illegible]

[illegible]

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهَٰذَا أَمْ هُمْ

[illegible]

قَوْمٌ طَاغُونَ

[illegible]

[illegible]

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ بَلْ لَا يُؤْمِنُونَ

[illegible]

فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِثْلِهِ إِنْ كَانُوا

[illegible]

| |
|---|
| صٰدِقِيْنَ ۝ |
| سچے ہیں☆ |

## نہ ماننے کے ہزار بہانے

یعنی کیا یہ خیال ہے کہ پیغمبر کو جو کچھ شاعر یا کاہن یا مجنون کہتے ہیں، بلکہ اپنے دل سے گھڑ لیا ہے اور جھوٹ موٹ خدا کی طرف منسوب کر دیا۔ صرف نہ ماننے کے ہزار بہانے ہیں جو کسی ایک بات پر یقین نہیں۔ طرح طرح کے بے ہودہ احتمالات نکالا کرتے ہیں۔ منصف آدمی اتنا سمجھ لے اتنی بات کافی ہے کہ اگر ساری دنیا کی تمام طاقتوں کو جمع کر کے بھی اس قرآن کا مثل نہیں لا سکتے اور جیسے خدا کی ذات بے مثل ہے اسی طرح اس کے کلام جیسا کلام بنانا بھی کسی سے ممکن نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ |
| کیا وہ بن گئے ہیں آپ ہی آپ یا وہی ہیں |
| الْخَالِقُونَ ۝ أَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ |
| بنانے والے یا انہوں نے بنائے آسمانوں کو |
| وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ۝ |
| اور زمین کو؟ کوئی نہیں پر وہ یقین نہیں کرتے☆ |

## پیغمبر خدا کی بات کیوں نہیں مانتے

یعنی پیغمبر خدا کی بات کیوں نہیں مانتے، کیا ان کے وجود کا کوئی خدا نہیں جس کی بات ماننا ان کے ذمہ لازم ہو، یا بغیر کسی پیدا کرنے والے کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں؟ یا خود اپنے آپ کو خدا سمجھتے ہیں؟ کیا یہ خیال ہے کہ آسمان اور زمین ان کے بنائے ہوئے ہیں لہٰذا اس حکومت میں جو چاہیں کریں، کوئی ان کو روکنے ٹوکنے کا اختیار نہیں رکھتا۔ یہ سب خیالات باطل اور مہمل ہیں۔ وہ بھی دلوں میں جانتے ہیں کہ ضرور خدا موجود ہے جس نے ان کو اور تمام زمین و آسمان کو نیست سے ہست کیا۔ مگر اس علم کے باوجود جو ایمان و یقین مطلوب ہے اس سے محروم اور بے بہرہ ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ |
| کیا اُن کے پاس ہیں خزانے تیرے رب کے یا وہی |
| الْمُصَيْطِرُونَ ۝ |
| داروغہ ہیں☆ |

## کیا یہی منکر خزانوں کے مالک ہیں

یعنی کیا یہ خیال ہے کہ زمین و آسمان کو خدا کے بنا دینے کے بعد اس نے اپنے خزانوں کا مالک ان کو بنا دیا ہے؟ یا اس کے ملک اور خزانوں پر انہوں نے زور سے تسلط اور قبضہ حاصل کر لیا ہے؟ ایسے صاحب تصرف حاکم اور سرکار کسی کے مطیع و منقاد کیوں بنیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ |
| کیا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر سن آتے ہیں |
| فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ |
| تو چاہیے کہ لے آئے جو سن آتا ہے اُن میں ایک |
| مُّبِينٍ ۝ |
| سند کھلی ہوئی☆ |

## کیا یہ منکر کوئی سند رکھتے ہیں

یعنی کیا یہ دعویٰ ہے کہ وہ سیڑھی لگا کر آسمان پر چڑھ جاتے اور وہاں سے ملاء اعلیٰ کی باتیں سن آتے ہیں؟ پھر جب ان کی رسائی براہ راست اس درجہ تک ہو تو کسی پیغمبر کا اتباع کرنے کی کیا ضرورت رہی۔ جس کا یہ دعویٰ ہو تو اسے اپنی سند اور ثبوت پیش کرے۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ ۝ |
| کیا اُس کے یہاں بیٹیاں ہیں اور تمہارے یہاں بیٹے☆ |

☆ یعنی کیا (معاذ اللہ) خدا کو اپنے سے گیا گزرا سمجھتے ہیں کہ اپنے لیے بیٹے اور اس کے لیے بیٹیاں؟ اسی تقسیم سے ظاہر ہوتا ہے اور اس لیے اس کے احکام و ہدایات کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اپنی کسر شان سمجھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

| |
|---|
| أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ |
| کیا تو مانگتا ہے اُن سے کچھ بدلہ سو اُن پر تاوان کا |
| مُّثْقَلُونَ ۝ |
| بوجھ ہے☆ |

## کیا آپ ان سے کوئی معاوضہ مانگتے ہیں

یعنی کیا یہ لوگ آپ کی بات اس لیے نہیں مانتے کہ خدا کے لیے آپ ان سے

[illegible]

أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ

[illegible]

کیا ان پر وحی آتی ہے [illegible]

[illegible]

أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ

[illegible]

كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ

[illegible]

**ان کے داؤ پیچ ان ہی پر پڑیں گے**

[illegible]

أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ

[illegible]

اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ

[illegible]

کیا کوئی اور حاکم و معبود ہے؟ [illegible]

[illegible]

وَإِن يَرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ

[illegible]

سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ

[illegible]

یہ صرف ضد کی اور عناد کی [illegible]

[illegible]

فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ

[illegible]

يُصْعَقُونَ يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ

[illegible]

شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ

[illegible]

ان معاندوں پر قہر برسے گا [illegible]

[illegible]

وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ

[illegible]

ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

[illegible]

## ان بے خبروں کو پتہ چل جائے گا

[illegible]

**وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا**

[illegible]

آپ [illegible]

[illegible]

**وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ**

[illegible]

آپ تسبیح و تحمید [illegible]

[illegible]

## آیت کا مطلب اور کفارۂ مجلس

[illegible] سبحانک اللھم وبحمدک [illegible] استغفرک واتوب الیک [illegible]

[illegible] سبحانک اللھم وبحمدک لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک عملت سوءًا و ظلمت نفسی فاغفرلی انہ لا یغفر الذنوب الا انت [illegible]

[illegible] سبحانک اللھم وبحمدک لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک [illegible]

گناہوں کی بخشش [illegible]

[illegible] سبحانک اللھم وبحمدک [illegible]

[illegible]

تھے تو دس مرتبہ اللہ اکبر کہتے، دس بار الحمد للہ، دس بار استغفر اللہ کہتے تھے اور کہتے تھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔ اور قیامت کے دن جائے قیام کی تنگی سے (اللہ کی) پناہ چاہتے تھے۔ ابوداؤد نے شریق ہوزنی کی وساطت سے حضرت عائشہ کا بیان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات سے اٹھتے تو دس بار تکبیر کہتے اور دس بار اللہ کی حمد کرتے اور دس بار سبحان اللہ وبحمدہ کہتے اور دس بار سبحان الملک القدوس کہتے۔ اور دس بار استغفار کرتے اور دس بار تہلیل کرتے (یعنی لا الٰہ الا اللہ کہتے) پھر دس بار کہتے۔ اللّٰھم انی اعوذبک من ضیق الدنیا وضیق یوم القیامۃ (اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور روز قیامت کی تنگی سے)۔

وَمِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْہُ۔ یعنی رات کے حصہ میں بھی۔ بعض نے کہا مغرب اور عشاء کی نماز مراد ہے۔ بعض نے کہا اس سے بظاہر تہجد مراد ہے۔ میں کہتا ہوں بظاہر تہجد مراد ہونا زیادہ صحیح ہے۔ تہجد میں نماز شب کا خصوصی ذکر اس لئے کیا کہ رات کی عبادت نفس پر زیادہ شاق ہوتی ہے اور دکھاوٹ کا شبہ کم ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْہُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝

اور رات میں بھی اس کی پاکی بولو اور پیٹھ پھیرتے وقت ستاروں کے۔

یعنی "رات کے حصہ" سے مراد شاید تہجد کا وقت ہو اور "ستاروں کے پیٹھ پھیرنے" کا وقت صبح کا وقت ہے جب کہ صبح کا اجالا ہو تو ستارے غائب ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

### فجر کی دو سنتیں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صلوٰۃ فجر سے پہلے کی دو رکعتیں (یعنی دو سنتیں) دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔ رواہ مسلم

یہ بھی حضرت عائشہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جتنی پابندی فجر کی دو رکعتوں کی کرتے تھے اور کسی (سنت) نماز کی نہیں کرتے تھے۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

تم سورۃ الطور وللہ الحمد والمنۃ

جو شخص قریب میں اس کی تلاوت کرے گا اس کی اولاد بہت ہو گی اور وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی میں مرے گا اور وہ شخص صاحب علم و تقویٰ ہوگا۔ (تفسیر عزیزی)

## سورۂ نجم کی خصوصیات

سورۂ نجم پہلی سورت ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں اعلان فرمایا (رواہ عبداللہ بن مسعود قرطبی) اور مکی سب سے پہلی سورت ہے جس میں آیت سجدہ نازل ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدۂ تلاوت کیا اور اس سجدہ میں ایک عجیب صورت پیش آئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورت مجمع عام میں تلاوت فرمائی جس میں مسلمان اور کفار سب شریک تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ پر سجدہ کیا تو مسلمان تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں سجدہ کرتے ہی سب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سجدہ کیا تعجب کی چیز یہ پیش آئی کہ جتنے کفار و مشرکین موجود تھے وہ بھی سب سجدہ میں گر گئے صرف ایک متکبر شخص جس کے نام میں اختلاف ہے ایسا رہا جس نے سجدہ نہیں کیا مگر زمین سے ایک مٹھی مٹی کی اٹھا کر پیشانی سے لگالی اور کہنے لگا کہ بس یہی کافی ہے حضرت عبداللہ بن مسعود راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے اس شخص کو کفر کی حالت میں مرا ہوا دیکھا ہے (رواہ بخاری و مسلم واصحاب السنن، ابن کثیر ملخصاً) (معارف مفتی اعظم)

سُوْرَۃُ النَّجْمِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ اِثْنَتَانِ وَسِتُّوْنَ اٰیَۃً وَّفِیْھَا ثَلٰثُ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ نجم مکہ میں نازل ہوئی اس کی باسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے)

وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوٰی ۝

قسم ہے تارے کی جب گرے

اذا ھوی یعنی غروب ہو۔ (تفسیر حقانی)

**ثریا ستارہ:** طبرانی اور ابو یعلیٰ کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا جب ثریا گر جاتا (یعنی صبح کے وقت) غروب ہو کر غائب ہو جاتا۔ عرب ثریا کو النجم کہتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب صبح کو ثریا طلوع ہوتی ہے (کچھ ...) سے اٹھا لی جاتی

خیر واقع ہوتی ہے۔ نجم ثاقب کے طلوع سے وہ واقف تھے۔ امام بغوی [illegible] آفت ہو تو وہ نجم ثاقب کے طلوع ہونے سے آفت دور ہو جاتی ہے [illegible] سے متعلق ہے۔

## نجم کے معنی میں مختلف اقوال

امام جعفر صادق نے فرمایا کہ نجم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔ جب شب معراج آپ آسمان سے نیچے اترے۔ [illegible]

[illegible] والنجم سے مراد [illegible] اور ھوی سے مراد [illegible] نجم کے [illegible] کے لئے اس لئے [illegible] نجم کا اطلاق [illegible] فضیلت رکھتا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) نجم سے مراد ثریا ستارہ ہے [illegible] سے مراد [illegible] محققین [illegible] قیامت کے دن [illegible] مراد ہے [illegible] لا احب الآفلین۔

(۲) نجم سے مراد قرآن ہے اور ھوی سے مراد قرآن کا نازل ہونا ہے [illegible] لوگوں کی ہدایت کے لئے ہو۔

(۳) نجم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک [illegible] شب معراج میں آپ آسمان سے نیچے [illegible] کے لئے [illegible]

(۴) نجم سے [illegible] مراد [illegible] شیطانی [illegible] نفسانی وسوسے [illegible] (روح المعانی)

قسم کھانے کا مقصد [illegible] حق تعالیٰ [illegible] واضح ہو [illegible] مقصود کی طرف ہدایت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] ہدایت [illegible]

## مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى

تمہارا ساتھی نہ بہکا اور نہ بے راہ چلا ☆

### آپ اللہ کے راستہ پر ہیں

[illegible] آپ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] راستہ [illegible] آفتاب [illegible] انبیاء علیہم السلام [illegible] آفتاب [illegible] (تفسیر عثمانی)

## وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى

وہ نہیں بولتا اپنے نفس کی خواہش سے یہ تو حکم ہے بھیجا ہوا ☆

### آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک حرف بھی اللہ کی مرضی کے خلاف نہیں

[illegible] ایک حرف بھی آپ کے دہن مبارک سے [illegible] قرآن اور غیر متلو [illegible] (تفسیر قرطبی)

وحی کی قسمیں [illegible] ایک قسم وہ ہے جس کے معنی اور الفاظ سب حق تعالیٰ کی طرف سے [illegible]

نازل ہوتے ہیں، جس کا نام قرآن ہے، دوسری وہ کہ صرف معنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان معنی کو اپنے الفاظ میں ادا فرماتے ہیں، اس کا نام حدیث اور سنت ہے۔ پھر حدیث میں جو مضمون حق تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے کبھی وہ کسی معاملہ کا صاف اور واضح فیصلہ اور حکم ہوتا ہے، کبھی کوئی قاعدہ کلیہ بتلایا جاتا ہے جس سے احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اجتہاد سے نکالتے اور بیان کرتے ہیں، اس اجتہاد میں اس کا امکان رہتا ہے کہ کوئی غلطی ہو جائے، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کی یہ خصوصیت ہے کہ جو احکام وہ اپنے اجتہاد سے بیان فرماتے ہیں ان میں اگر کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ وحی اس کی اصلاح کر دی جاتی ہے، وہ اپنے غلط اجتہاد پر قائم نہیں رہ سکتے۔ بخلاف دوسرے علماء مجتہدین کے کہ ان سے اجتہاد میں خطا ہو جائے تو وہ اس پر قائم رہ سکتے ہیں اور ان کی یہ خطا بھی عند اللہ صرف معاف ہی نہیں بلکہ دین کے سمجھنے میں جو اپنی پوری توانائی خرچ کرتے ہیں اس پر بھی ان کو ایک ثواب ملتا ہے (کما فی الاحادیث الصحیحۃ المعروفۃ)

بعض اوقات وحی کسی قاعدہ کلیہ کی شکل میں آتی ہے جس سے احکام کا استخراج کرنے میں پیغمبر کو اپنی رائے سے اجتہاد کرنا پڑتا ہے چونکہ یہ قاعدہ کلیہ اللہ کی طرف سے آیا ہے اس لئے ان سب احکام کو بھی وحی من اللہ کہا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

**عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ**

اس کو سکھلایا ہے سخت قوتوں والے نے زور آور نے ☆

وحی لانے والا فرشتہ ☆ یعنی وحی بھیجنے والا تو اصل میں اللہ تعالیٰ ہے لیکن جس کے ذریعہ سے وحی آپ تک پہنچی ہے وہ جو یہاں آپ کو سکھلانے والا بہت سخت قوتوں والا، بڑا زور آور، حسین و جمیل فرشتہ ہے جسے "جبرئیل امین" کہتے ہیں۔ چنانچہ "سورۃ التکویر" میں جبرئیل کی نسبت فرمایا: "اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ذِيْ قُوَّةٍ" الخ (تفسیر عثمانی)

سورۂ نجم کے دو واقعات۔ قرآن کریم نے اپنے عام اسلوب کے مطابق سورۂ نجم کی ابتدائی آیتوں میں دو واقعات کا ذکر فرمایا ہے، ایک واقعہ جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں اس وقت دیکھنے کا ہے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فترت وحی کے زمانے میں مکہ مکرمہ میں کہیں جا رہے تھے اور یہ واقعہ اسراء و معراج سے پہلے کا ہے۔

دوسرا واقعہ شب معراج کا ہے، جس میں جبرئیل امین کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنے سے [illegible]

اور بات کہی مگر خواب و خیال تعبیرات کی صورت کا شائبہ ہو بھی سکتا ہے۔

**فَاسْتَوٰى ۙ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ**

پھر سیدھا بیٹھا اور وہ تھا اونچے کنارہ پر آسمان کے ☆

حضرت جبرئیل ☆ "اونچے کنارے" سے اکثر علماء نے افق شرقی مراد لیا ہے۔ جدھر سے صبح صادق نمودار ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتدائے نبوت میں ایک مرتبہ حضرت جبرئیل اپنی اصلی صورت میں ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے نظر آئے، اس وقت آسمان ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک ان کے وجود سے بھرا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ یہ غیر معمولی اور مہیب منظر پہلی مرتبہ آپ نے دیکھا، دیکھ کر گھبرا گئے، تب سورۃ "مدثر" اتری۔ (تفسیر عثمانی)

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ جبرئیل کو دیکھا

ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل سے فرمایا، آپ مجھے اپنی اصل شکل دکھا دیجئے۔ حضرت جبرئیل نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اصل شکل دو مرتبہ دکھائی۔ ایک بار زمین پر اور ایک بار آسمان پر۔ زمین پر تو مشرق کی طرف سے نمودار ہوئے، اس وقت حضور حراء میں تھے۔ جس وقت جبرئیل مشرقی افق سے پیدا ہوئے تو مشرق سے مغرب تک پورے افق پر چھا گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ منظر دیکھتے ہی بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ جبرئیل فوراً آدمی کی شکل میں اتر کر آ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چمٹ لیا اور چہرۂ مبارک سے غبار صاف کرنے لگے۔ دوسری بار آسمان پر سدرۃ المنتہیٰ کے پاس شب معراج میں آپ نے جبرئیل کی اصل شکل دیکھی۔ سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی نبی نے حضرت جبرئیل کو اس شکل میں نہیں دیکھا۔ (تفسیر مظہری)

**ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ فَكَانَ قَابَ**

پھر نزدیک ہوا اور لٹک آیا پھر رہ گیا فرق

**قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ فَاَوْحٰىٓ اِلٰى**

دو کمان کی برابر یا اس سے بھی نزدیک پھر حکم بھیجا اللہ نے

**عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ؕ**

اپنے بندہ پر جو بھیجا ☆

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جبرئیل سے قرب

☆ یعنی جبرئیل اپنے اصل مستقر سے تعلق رکھتے ہوئے (ادھر) نیچے اترے اور

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اتنے قریب ہو گئے کہ دونوں کے درمیان دو ہاتھ یا دو کمانوں کے برابر فاصلہ تھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) پر وحی کی۔ حضرت ابن عباس سے مراد وحی "دو ہاتھ" کی یہ بات تھی "یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ" یا دوسرا کلام ہو گئے۔
(تنبیہ) "فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی" میں محققین کے نزدیک "او" شک کے لئے نہیں۔ بلکہ اس قسم کی ترکیب تحدید کی تاکید اور مبالغہ کے ساتھ زیادہ کی نفی کے لئے ہوتی ہے یعنی یقین آنے کے مطلقاً مقصود نہیں کہ "قوسین" کا فاصلہ تھا یا اس سے بھی کچھ کم یا زیادہ کا، بلکہ یہ ہے کہ کسی حال اور کسی طرح اس سے زائد نہ تھا۔ (نیز اقوال کا ذکر تفسیر ابن کثیر و تفسیر حقانی)

**کس کا قریب ہونا مراد ہے:** بغوی نے لکھا ہے قصہ معراج میں شریک بن عبد اللہ کی روایت سے ہم سے بیان کیا گیا کہ رب العزت قریب ہوا۔ پھر نیچے آیا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اتنا قریب ہو گیا جیسے دو کمانوں کا فاصلہ بلکہ اس سے بھی قریب۔
شیخ محمد حیات سندی نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اسی طرح حضرت ابن عباس نے بھی بیان کیا جس کو خلال نے نقل کیا ہے۔

**صوفیہ کا قول:** صوفیہ نے کہا کہ دو کمانوں سے مراد ہے قوس امکان اور قوس وجوب۔ صوفی مرتبہ قرب میں قاب قوسین کے مقام پر پہنچ جائے اس کی نظر دونوں قوسوں (دائرہ امکان اور دائرہ وجوب) کی طرف ہوتی ہے۔ لیکن مرتبہ ادنیٰ (اقرب) پر پہنچتا ہے تو اس کی نظر سے قوس امکان پوشیدہ ہو جاتی ہے۔ اس کو اپنی ہستی کا کوئی نشان نظر نہیں آتا۔
عرب کا دستور تھا کہ جب دو شخص آپس میں دوستی کا معاہدہ کرتے تھے اور خلوص مودت کا اظہار کرنا چاہتے تھے تو ہر ایک اپنی کمان دوسرے کی کمان سے ملا کر رکھ دیتا تھا۔ اس سے اس امر کا اظہار مقصود ہوتا تھا کہ ہم آپس میں ایک دوسرے کے معاون اور ہر طرح مددگار ہیں اور اسی قدر قریب ہیں جیسے یہ دونوں کمانیں۔ یہاں قاب قوسین او ادنیٰ سے مراد باری تعالیٰ کے قرب کا مرتبہ ہے جس کا ادراک ایک عارف ہی کر سکتا ہے جس نے مرتبہ قرب کا ذائقہ چکھا ہو، وہی جانے۔ کتب تصوف میں ان دونوں مقامات کا ذکر ان کی اصطلاحات میں کیا گیا ہے۔
حضرت ابن مسعود نے فرمایا۔ قاب قوسین یعنی دو ہاتھ (شرعی ذراع) کی مقدار۔ سعید بن جبیر اور شقیق بن سلمہ کا بھی یہی قول ہے۔ قوس ایک ذراع ہوتی ہے جس سے ہر چیز ناپی جاتی ہے۔ بخاری نے اس آیت کی تشریح میں حضرت عائشہ کا یہی قول نقل کیا ہے۔
جبرئیل علیہ السلام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آنا اور نازل ہونا اتنا پاس آ جانا جتنا قوسین کا فاصلہ ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ باعث کمال نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ تو حضرت جبرئیل سے افضل تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا "آسمان میں میرے دو وزیر ہیں، جبرئیل اور میکائیل۔"

**یہ آیت متشابہات سے ہو سکتی ہے:** قرآن میں کچھ آیات متشابہات بھی ہیں۔ جن کی مراد سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا۔ پس اس آیت کو بھی اگر متشابہات میں سے قرار دیا جائے تو کیا حرج ہے۔ اللہ کا استواء، قرب، نزول سب کے معانی تو معلوم ہیں لیکن کیفیت معلوم نہیں۔ صرف ارباب القلوب ان صفات کا اس طرح مشاہدہ کرتے ہیں جس طرح چودھویں کے چاند کو دیکھا جاتا ہے۔ اس لئے زیادہ مناسب قول اول ہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

## مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ﴿۱۱﴾

جھوٹ نہیں کہا رسول کے دل نے جو دیکھا

**فرشتہ کی معرفت:** یعنی جبرئیل کو آپ نے آنکھ سے دیکھا اور اس وقت دل نے کہا کہ آنکھ نے ٹھیک جبرئیل کو دیکھا ہے۔ کوئی غلطی نہیں کی۔ رویت کے ساتھ دل کی تصدیق ہو جاتی ہے۔ آپ کا دل حق تعالیٰ اسی طرح پیغمبروں کے دلوں میں فرشتہ کی معرفت ڈال دیتے ہیں ورنہ رسول کو خود اطمینان نہ ہو تو دوسروں کا اطمینان کہاں سے حاصل ہو سکتا ہے۔ (تفسیر حقانی)

## رؤیت اللہ تعالیٰ کی ہوئی یا جبرئیل کی

حضرت انس، حسن اور عکرمہ کا قول ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا یعنی اپنی آنکھ سے۔ بغوی نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ نے ابراہیم کو خلت کے لئے چن لیا (اور خلیل اللہ قرار دیا) اور موسیٰ کو کلام کے لئے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو (اپنی) رویت کے لئے۔ ابن جریر نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا۔ فرمایا میں نے اپنے دل سے اس کو دیکھا۔ ترمذی نے بروایت شعبی بیان کیا کہ کعب احبار نے حضرت ابن عباس سے عرض کیا اللہ نے اپنے کلام اور دیدار کو موسیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان تقسیم کر دیا۔ موسیٰ سے دو بار کلام کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار (اس کو) دیکھا۔

## کون سا دیکھنا مراد ہے

میں کہتا ہوں جس روایت میں اختلاف علماء ہے وہ قلبی رویت نہیں، چشم سر کی رویت میں اختلاف ہے۔ کیونکہ رویت قلبی جس کو مشاہدہ بھی کہا جاتا ہے (انبیاء تو درکنار) بعض اہل امت کو بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ بعض اولیاء

[illegible] اتفاق علماء ہے کہ رویت چشم سر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible]

[illegible]

[illegible] شاہدہ میں فرق ہوتے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ

اب کیا تم اس سے جھگڑتے ہو اس پر جو اس نے دیکھا؟

**اب تکرار کی کوئی گنجائش نہیں** [illegible]

[illegible]

[illegible] فالم دو الظلال [illegible]

[illegible]

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ

اور اس کو اس نے دیکھا ہے اترتے ہوئے ایک بار اور بھی

عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَىٰ عِندَهَا جَنَّةُ

سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اسی کے پاس ہے جنت

الْمَأْوَىٰ

[illegible]

**دوسری مرتبہ دیکھنا** [illegible]

[illegible]

## کیا تصدیق قلبی رویت قلبی سے کوئی الگ چیز ہے؟

[illegible]

سے پوچھتے ہیں اور جو امتحان و تجربہ وغیرہ سے حاصل ہوتے ہیں سب کا حکم وہی ہے۔ مگر عبارت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کی جو چیزیں آسمان میں اور پہاڑ اور سمندر میں ہیں زمین میں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ رَاٰهُ۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو یا جبرئیل کو اپنی اصلی شکل میں دیکھا تھا۔

نَزْلَةً اُخْرٰی۔ یعنی ایک اور نزول کے وقت۔ نزلۃ سے اس طرف اشارہ ہے کہ اس بار رویت نزول اور قرب کی حالت میں ہوئی۔ کیونکہ نفس واجب کا اس وقت کو جاننا ہے جب دیکھنے والا عین امکان کے مرحلہ میں اور اپنی اصل میں ہو اور واجب مرتبہ تنزل سے دیکھا جائے تجلی کی طرف آ جائے اور صاحب نقصان یا اختلال کی ... سے دیکھا جا سکے۔ اس قول سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ واجب کی ذات میں کوئی تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔ اللہ تغیرات سے پاک ہے۔ بلکہ تبدل ... میں ہے ... ہو جاتی ہے ... مرتبہ ... نزول و ... ہوتا ہے۔ ... سورۂ بقرہ کی آیت ھَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیَهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ کی تفسیر میں ہم نے کر دی ہے۔

## ضروری نہیں کہ رویت صرف دو ہی دفعہ ہوئی ہو

اُخْرٰی کے لفظ سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ رویت صرف دو مرتبہ ہوئی بلکہ اس سے مراد ہے کہ ایک دوسری مرتبہ ... جیسا کہ اس سے حضرت ابن عباس اور کعب الاحبار کے مکالمہ میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا۔

اس حدیث میں اس رویت کا ذکر ہے جو شب معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئی تھی۔ (تفسیر مظہری)

**عتبہ کی بدبختی:** ابن عساکر کی روایت ہے کہ ابو لہب اور اس کا بیٹا عتبہ شام کے سفر کی تیاریاں کرنے لگے ان کے بیٹے نے کہا سفر میں جانے سے پہلے ایک مرتبہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خدا کو ان کے سامنے گالیاں دے آؤں۔ چنانچہ یہ جا کر کہا اے محمد جو قریب ہوا اور اترا اور دو کمانوں کے برابر بلکہ اس سے بھی زیادہ نزدیک آ گیا میں تو اس کا منکر ہوں۔ (چونکہ یہ انتہائی بدبخت بے ادب تھا اور بدزبانی کرنے میں ہی لگ گیا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے اس کے لئے بددعا نکل گئی کہ باری تعالیٰ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مقرر کر دے۔ یہ جب لوٹ کر باپ کے پاس آیا اور ساری باتیں کہہ سنائیں تو اس نے کہا بیٹا اب مجھے تیری جان کا خطرہ ہو گیا اس کی دعا رد نہ جائے گی۔ اس کے بعد یہ قافلہ یہاں سے روانہ ہوا۔ شام کی سرزمین میں ایک راہب کے عبادت خانہ کے پاس پڑاؤ کیا۔ راہب نے ان سے کہا یہاں تو بھیڑیئے اس طرح پھرتے ہیں جیسے بکریوں کے ریوڑ تم یہاں کیوں آ گئے؟ ابو لہب یہ سن کر ٹھٹک گیا اور تمام قافلے والوں کو جمع کر کے کہا تم میرے بڑھاپے کا حال تمہیں معلوم ہے اور تم جانتے ہو کہ میرے کیسے کیسے حقوق تم پر ہیں۔ آج میں تم سے ایک عرض کرتا ہوں امید ہے کہ تم سب اسے قبول کرو گے۔ بات یہ ہے کہ مدعی نبوت نے میرے جگر گوشے کے لئے بددعا کی ہے اور مجھے اس کی جان کا خطرہ ہے تم اپنا سب اسباب اس عبادت خانے کے پاس جمع کرو اور اس پر میرے پیارے بچے کو سلاؤ اور تم سب اس کے ارد گرد پہرا دو۔ لوگوں نے اسے منظور کر لیا۔ یہ سب اپنے جتن کر کے ہو رہے کہ اچانک شیر آیا اور سب کے منہ سونگھنے لگا۔ جب سب کے منہ سونگھ چکا اور گویا جسے تلاش کر رہا تھا اسے نہ پایا تو پچھلے پیروں ہٹ کر بہت زور سے جست کی اور ایک چھلانگ میں اس مچان پر پہنچ گیا وہاں جا کر اس کا منہ بھی سونگھا اور گویا یہی اس کا مطلوب تھا۔ پھر تو اس نے اس کے پرخچے اڑا دیئے چیر پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ اس وقت ابو لہب کہنے لگا اس کا تو مجھے پہلے ہی سے یقین تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا کے بعد یہ بچ نہیں سکتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

## معراج کا قصہ

**شق صدر:** صحیحین میں حضرت انس کی روایت ہے کہ انہوں نے حضرت مالک بن صعصعہ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں حطیم حجر میں لیٹا ہوا تھا کہ ایک آنے والا آیا اس نے اس جگہ سے اس جگہ تک یعنی حلق کے گڑھے سے ناف تک (میرا سینہ) شق کیا پھر ایک سونے کی طشت ایمان سے بھرا ہوا لایا گیا اور (میرے) پیٹ کو دھویا گیا۔ پھر (ایمان کو) دل میں بھر کر اس کی جگہ دوبارہ رکھ دیا گیا۔ ایک روایت میں آیا ہے۔ پھر آب زمزم سے اس کو دھویا گیا اس کے بعد ایمان اور حکمت سے اس کو بھر دیا۔

**براق:** پھر ایک جانور لایا گیا جو خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا تھا جس کو براق کہا جاتا تھا۔ حد نظر تک اس کا ایک قدم پڑتا تھا۔ پھر مجھے اس پر سوار کیا گیا۔ اس کے بعد جبرئیل مجھے لے کر روانہ ہوئے۔

### آسمان تک پہنچنا اور انبیاء سے ملاقات

یہاں تک کہ آسمان دنیا تک اور (دروازہ) کھلوانا چاہا۔ دریافت کیا گیا کون ہے؟ جبرئیل نے کہا۔ جبرئیل۔ پوچھا گیا تمہارے ساتھ کون ہے؟ جبرئیل نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ دریافت کیا گیا۔ کیا ان کے پاس تم کو بھیجا گیا تھا۔ جبرئیل نے کہا ہاں۔ (دروازہ) کھول دیا گیا اور کہا گیا مرحبا خوش آمدید۔ جب میں اندر پہنچا تو وہاں آدم کو موجود پایا۔ جبرئیل نے کہا یہ تمہارے باپ آدم ہیں ان کو سلام کرو۔ میں نے سلام کیا آدم نے سلام کا جواب دیا اور کہا۔ صالح بیٹے کے لئے مرحبا۔ اس کے بعد جبرئیل مجھے

دروازہ آسمان تک پہنچا کر لے گئے اور (دروازہ) کھلوا دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان دنیا کے کھلوانے کی (سوال جواب) کا ذکر کیا دوسرے آسمان تک بلکہ ہر آسمان تک پہنچنے کا سلسلہ بیان فرمایا۔ چنانچہ فرمایا جب میں اوپر گیا تو وہاں یحییٰ اور عیسیٰ کو پایا جو آپس میں خالہ کے بیٹے تھے۔ جبرئیل نے کہا یہ یحییٰ ہیں اور یہ عیسیٰ ہیں۔ ان کو سلام کیجئے میں نے دونوں کو سلام کیا۔ دونوں نے سلام کا جواب دیا۔ پھر کہا صالح بھائی اور صالح نبی کو خوش آمدید۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسرے آسمان پر یوسف (کے ملنے) کا اور چوتھے پر ادریس کا اور پانچویں پر ہارون کا اور چھٹے پر موسیٰ (کے موجود ہونے) کا ذکر کیا۔ ہر ایک نے صالح بھائی اور صالح نبی کہہ کر مرحبا کہا۔ جب میں آگے بڑھا تو موسیٰ رو دیے۔ موسیٰ سے پوچھا گیا آپ کیوں روئے۔ موسیٰ نے کہا میں اس لئے رویا کہ ایک لڑکا جو میرے بعد (نبی بنا کر) بھیجا گیا اس کی امت کے لوگ میری امت سے زیادہ جنت میں جائیں گے۔ پھر مجھے ساتویں آسمان تک لے جایا گیا اس جگہ بھی حضور نے دروازہ کھلوانے وغیرہ کا سب مذکورہ بالا ذکر فرمایا۔ اور وہاں ابراہیم کے موجود ہونے کا بھی بیان فرمایا۔ جبرئیل نے کہا یہ آپ کے باپ ابراہیم ہیں۔ ان کو سلام کیجئے۔ میں نے سلام کیا انہوں نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا صالح بیٹے کے لئے مرحبا۔

اس کے بعد سدرۃ المنتہیٰ اٹھا کر میرے سامنے کر دیا گیا اس کے بیر ایسے تھے جیسے ہجر کے مٹکے۔ پتے ایسے تھے جیسے ہاتھی کے کان۔ جبرئیل نے کہا یہ سدرۃ المنتہیٰ ہے۔ وہاں سے چار دریا نکل رہے تھے دو اندرونی اور دو بیرونی میرے دریافت کرنے پر جبرائیل نے کہا۔ اندرونی دریا تو وہ جنت کے اندر ہیں اور بیرونی دریا نیل اور فرات ہیں۔

اس کے بعد بیت المعمور میرے سامنے لایا گیا پھر ایک برتن شراب کا بھرا ہوا ایک برتن دودھ سے بھرا ہوا اور ایک برتن شہد سے بھرا ہوا میرے سامنے لایا گیا میں نے دودھ لے لیا۔ جبرائیل نے کہا یہی دین فطرت ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت قائم ہیں۔

**نمازوں کا فرض ہونا:** اس کے بعد مجھ پر ہر روز پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔ میں لوٹ کر آیا اور موسیٰ کی طرف سے گزرا تو انہوں نے پوچھا آپ کو کیا حکم دیا گیا۔ میں نے کہا ہر روز پچاس نمازوں کا مجھے حکم دیا گیا ہے۔ موسیٰ نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہر روز پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی۔ میں اللہ کی قسم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے لوگوں کا تجربہ کر چکا ہوں بنی اسرائیل کے ساتھ بھی سخت کوشش کر چکا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس جائیے اپنی امت کے لئے اپنے رب سے درخواست کیجئے۔ میں واپس گیا (اور تخفیف کی درخواست کی) اللہ نے دس نمازیں ساقط کر دیں۔ پھر لوٹ کر موسیٰ کی طرف آیا۔ موسیٰ نے اسی پہلے کی طرح بات کی۔ میں پھر لوٹ کر گیا اور اللہ نے دس نمازیں (اور) ساقط کر دیں۔ میں موسیٰ کے پاس لوٹ کر آیا۔ موسیٰ نے وہی بات کی آخر کار مجھے دس نمازوں کا حکم دیا گیا اور میں موسیٰ کے پاس لوٹ کر آیا۔ موسیٰ نے وہی پہلی بات کی میں نے لوٹ کر گیا تو مجھے روزانہ پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا۔ میں موسیٰ کے پاس آیا تو انہوں نے پوچھا کیا حکم ملا۔ میں نے کہا۔ مجھے ہر روز پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا ہے۔ موسیٰ نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت روزانہ پانچ نمازوں کی بھی طاقت نہیں رکھتی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے لوگوں کا تجربہ کر چکا ہوں اور بنی اسرائیل سے میرا سخت واسطہ پڑ چکا ہے۔ آپ واپس جا کر اپنی امت کے لئے تخفیف کی اپنے رب سے درخواست کیجئے۔ میں نے کہا میں اتنی مرتبہ درخواست کر چکا کہ اب (مزید درخواست کرنے سے) مجھے شرم آتی ہے لیکن میں راضی اور رضامندی سے حکم کو تسلیم کرتا ہوں۔ جب میں (موسیٰ کے پاس سے) آگے بڑھا تو ایک ندا کرنے والے نے پکار کر کہا۔ میں نے اپنا فرض جاری کر دیا اور اپنے بندوں کے لئے تخفیف کر دی۔

**بیت المقدس پہنچنا:** مسلم نے بوساطت ثابت بنانی حضرت انس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس براق لایا گیا۔ ایک چوپایہ تھا۔ سفید دراز قامت گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا اس کا (ایک) قدم وہاں پڑتا تھا جہاں تک اس کی نظر پہنچتی تھی۔ میں اس پر سوار ہو گیا اور بیت المقدس تک پہنچ گیا۔ جس حلقہ سے دوسرے انبیاء (اپنے جانوروں کو) باندھتے تھے۔ اس سے میں نے براق کو باندھ دیا۔ ابن جریج کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب ہم بیت المقدس پہنچ گئے تو جبرئیل نے انگلی سے اشارہ کر کے پتھر میں شگاف کر دیا اور اس سے براق کو باندھ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر میں مسجد میں داخل ہوا اور اس میں دو رکعت نماز پڑھی باہر نکلا تو جبرئیل ایک برتن شراب سے بھرا ہوا اور ایک برتن دودھ سے بھرا ہوا میرے پاس لائے۔ میں نے دودھ پسند کر لیا۔ جبرئیل نے کہا آپ نے فطرت کو پسند کر لیا۔ اس کے بعد ہم کو چڑھا کر آسمان کی طرف لے گئے۔ باقی حدیث روایت سابقہ کی طرح ہے۔

## گھر کی چھت میں شگاف

صحیحین میں حضرت ابن عباس کی وساطت سے حضرت ابوذر کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر کی چھت میں شگاف کر دیا گیا۔ اس وقت میں مکہ میں تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شق صدر کا حسب روایت سابقہ ذکر کیا مگر بیان کا تذکرہ نہیں کیا۔

**براق کی شوخی:** ترمذی نے بوساطت قتادہ حضرت انس کی روایت سے بیان کیا

[illegible]

## إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ

[illegible]

## مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ

[illegible]

جو دیکھا پورے یقین سے دیکھا۔ کبھی آنکھ نے نظر چوک جانے سے حسن و انتقامت دیکھا نہ نظر کی ترچھی ہو کر دائیں بائیں اِدھر اُدھر سے تجاوز کر کے آگے بڑھی۔ بس اسی چیز پر جمی رہی جس کا دکھانا مقصود تھا۔ بادشاہوں کے دربار میں جو چیز دکھلائی جائے اس کو نہ دیکھنا اور جو نہ دکھلائی جائے اس کو تاکنا دونوں عیب ہیں۔ آپ ان دونوں سے پاک تھے۔ (تفسیر عثمانی)

**وَمَا طَغٰی کا ایک صوفیانہ مفہوم:**

اور نظر محبوب سے ہٹی۔ ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

اُجِیرُ اللَّحْظَ وَ حَالَاتِی غَرِیقٌ فِی بُحُورِ دَمِہ
مَا بَعُدَ اللَّحْظُ اِلٰی غَیْرِ کُمَا قُدُسِہٖ فَانَّکَ وَالِیَتِہٖ

عشق اور تجلیات عشق کی کوتاہی نے میرے دل و دماغ کو ... کیا
اللہ اور کلام اللہ کی قسم میری آنکھ نے تو تمہارے سوا (کسی چیز کو) دیکھ کی بھی
... ہے۔ ... طغیٰ کا یہ مطلب بیان کیا کہ جن کا ثبات قدرت
کا دیکھنے کا حکم دیا گیا تھا ان سے نگاہ دوسری طرف نہیں ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

ترمذی میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں میں نے یہ سن کر کہا پھر یہ آیت کہاں ہوئے گی جس میں فرمان ہے لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ اسے کوئی نگاہ نہیں پا سکتی اور وہ سب نگاہوں کو پا لیتا ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ یہ اس وقت ہے جب کہ وہ اپنے نور کی پوری تجلی کرے ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دفعہ اپنے رب کو دیکھا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

**رویت باری کا مسئلہ:** تمام صحابہ و تابعین اور جمیع امت اس پر متفق ہیں کہ آخرت میں اہل جنت و عام مؤمنین حق تعالیٰ کی زیارت کریں گے جیسا کہ احادیث صحیحہ اس پر شاہد ہیں اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی رویت و زیارت کوئی امر محال یا ناممکن نہیں البتہ عالم دنیا میں انسانی نگاہ میں اتنی قوت نہیں جو اس کو برداشت کر سکے اس لئے دنیا میں کسی کو رویت و زیارت حق تعالیٰ کی نہیں ہو سکتی آخرت کے معاملہ میں خود قرآن کریم کا ارشاد ہے۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ یعنی آخرت میں انسان کی نگاہ تیز و قوی کر دی جائے گی اور پردے ہٹا دیئے جائیں گے حضرت امام مالکؒ نے فرمایا کہ دنیا میں کوئی انسان اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتا کیونکہ اس کی نگاہ فانی ہے اور اللہ تعالیٰ باقی پھر جب آخرت میں انسان کو نگاہ غیر فانی عطا کر دی جائے گی تو حق تعالیٰ کی رویت میں کوئی مانع نہ رہے گا۔ تقریباً یہی مضمون قاضی عیاضؒ سے بھی منقول ہے اور صحیح مسلم کی ایک حدیث میں اس کی تقریباً تصریح ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ لَنْ تَرَوْا رَبَّكُمْ حَتّٰى تَمُوْتُوْا (فتح الباری ص ۳۲۲ ج ۸) اس سے امکان تو اس کا بھی نکل آیا کہ اس عالم دنیا میں بھی کسی وقت خصوصی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ میں وہ قوت عطا کر دی جائے جس سے وہ حق تعالیٰ کی زیارت کر سکیں لیکن اس عالم سے باہر نکل کر جبکہ شب معراج میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمانوں اور جنت و دوزخ اور اللہ تعالیٰ کی خاص آیات قدرت کا مشاہدہ کرانے ہی کے لئے امتیازی حیثیت سے بلایا گیا اس وقت حق تعالیٰ کی زیارت اس عالم دنیا سے بھی منتقل ہے کہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم دنیا میں نہیں ہیں۔ (معارف القرآن)

**لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝**

**بیشک دیکھے اس نے اپنے رب کے بڑے نمونے ۝**

یہ "مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی" کے مضمون کی تقویت ہو گئی کہ آپ کے علاوہ اور جو نے دیکھے ہوئے وہ اللہ کی بڑی قدرت ہے۔

ایک ... لکھتے ہیں کر ... قباں ... پر ... پشیمہ ہیں ... (تفسیر حقانی)

**عجائب ملکوتی:** آیات کبریٰ سے مراد ہیں۔ عجائب ملکوتی جن کی سیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں اور ان آمد و رفت کی تھی۔ براق آسمان انبیاء و ملائکہ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی سب کا شمار عجائب ملکوت میں ہے۔

**آیات کبریٰ کہنے کی وجہ:** عجائب ملکوت کو آیات کبریٰ کہنے کی خصوصیت اس وجہ سے کہ مذکورہ آیات قدرت برکت و رحمت کی ... اور انوار و تجلیات کی خصوصی روشنی ان پر ہو رہی تھی۔ وہ اپنے صانع کی روشن برہان اور واضح دلیل ہے۔

### معراج کے بارے میں اہل سنت کا عقیدہ

اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے کہ سیر معراج بیداری میں ہوئی (البتہ بعض لوگوں کے قول کے مطابق یہ سیر خواب میں ہوئی اس میں اقوال مختلف ہیں) اہل علم نے صراحت کی ہے کہ مسجد حرام (کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک جانا قطعی ہے۔ قرآنی صراحت سے ثابت ہے۔ اللہ نے سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا صراحت کے ساتھ فرمایا ہے اس لئے اس کا منکر کافر ہے۔ لیکن ساتوں آسمان تک اور اس سے اوپر جانا قرآن سے ثابت نہیں ہے۔ صحیح احادیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے (اور احادیث آحاد قطعی نہیں ظنی ہوتی ہیں) اس لئے اس کا منکر کافر نہیں (بلکہ بدعقیدہ) ہے کافر نہیں ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ سِدْرَۃُ الْمُنْتَهٰی تک پہنچنا تو

[illegible]

## محدثین کا قول:

[illegible]

| أَفَرَءَيْتُمُ ٱللَّٰتَ وَٱلْعُزَّىٰ ۝ وَمَنَوٰةَ |
|---|
| بھلا تم دیکھو تو لات اور عزیٰ کو اور منات |
| ٱلثَّالِثَةَ ٱلْأُخْرَىٰ ۝ |
| تیسرے پچھلے کو |

## لات، عزیٰ اور منات کفار کے بت

[illegible]

[illegible]

## عزیٰ کا قیام

[illegible]

## حضرت خالدؓ کے ہاتھوں عزیٰ کا مارا جانا

[illegible]

[illegible] اور فرمایا یہ تین قیمتیں [illegible] کہ نہیں مانتا۔ [illegible]
[illegible] بھی [illegible] ہے۔ [illegible] کرو دیے
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] فرمایا [illegible]
[illegible] سے پہلی [illegible] کے [illegible] ہوگی۔

**منات کا قصہ** [illegible] جب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] فتح کے [illegible]
[illegible] مشلل [illegible]
[illegible] آئے [illegible] منات [illegible] (کلام) آقا
ایک [illegible] کو [illegible] وہاں پہنچے
[illegible] بت [illegible]
[illegible] کی طرف [illegible] ایک عورت [illegible]
[illegible] حضرت سعد
[illegible] ساتھیوں [illegible]
[illegible] کی طرف [illegible] کر سکی۔

**لات و عزیٰ کی قسم کھانا کفر ہے** [illegible] جو شخص لات و
عزیٰ کی قسم کھا بیٹھے، تو چاہیے کہ فوراً لا الٰہ الا اللہ پڑھ لے اور اپنے ساتھی سے کہ
[illegible] کھیلیں [illegible] صدقہ کرنا چاہیے۔ مطلب یہ ہے کہ جاہلیت کے زمانہ
میں [illegible] قسم [illegible] کے بعد بھی [illegible]
[illegible] کے مطابق [illegible] حضرت
سعد بن ابی وقاص [illegible] ایک مرتبہ [illegible] لات و عزیٰ کی قسم کھا بیٹھے [illegible]
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو
على كل شيء قدير [illegible]
[illegible]

أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنثَىٰ

کیا تم کو ملے بیٹے اور اس کو بیٹیاں

تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ

یہ بانٹ تو بہت بے ڈھنگی

**نظریۂ ولدیت کی تردید** [illegible] کفار
ان بتوں کو [illegible] بیٹیاں کہتے تھے۔ [illegible] کا تعلق ہے [illegible]
[illegible] تقسیم [illegible]

تم لوگوں نے [illegible] (تفسیر عثمانی)

إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاءٌ سَمَّيْتُمُوهَا

یہ سب نام ہیں جو رکھ لیے ہیں

أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا

تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے اللہ نے نہیں اتاری

مِن سُلْطَانٍ

ان کی کوئی سند

**محض وہم ہیں حقیقت کچھ نہیں**

[illegible] خدائی کی کوئی سند
نہیں۔ [illegible] اپنے خیال [illegible]
[illegible] کچھ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى

محض اٹکل پر چلتے ہیں اور جو جی میں آئے

الْأَنفُسُ ۖ وَلَقَدْ جَاءَهُم مِّن رَّبِّهِمُ

بیشک آ چکی ہے ان کو ان کے رب سے

الْهُدَىٰ

راہ کی سوجھ

**عقل کے اندھے** [illegible] اللہ کے پاس سے [illegible]
روشنی [illegible] مگر [illegible]
میں پھنسے ہوئے ہیں۔ [illegible] دل میں [illegible]
[illegible] بصیرت کی راہ سے [illegible] (تفسیر عثمانی)

أَمْ لِلْإِنسَانِ مَا تَمَنَّىٰ

کہیں آدمی کو ملتا ہے جو کچھ چاہے

فَلِلَّهِ الْآخِرَةُ وَالْأُولَىٰ

سو اللہ کے ہاتھ ہے سب پچھلا اور پہلا

[illegible]

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ

اور بہت سے فرشتے ہیں آسمانوں میں کچھ کام نہیں آتی

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَّأْذَنَ

ان کی سفارش کچھ مگر جب حکم دے

اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى

اللہ جس کے واسطے چاہے اور پسند کرے ۲۶

اللہ کے سامنے ان کی سفارش کام نہ دے گی

[illegible]

إِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

جو لوگ نہیں مانتے آخرت کو

لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى وَمَا

وہ نام رکھتے ہیں فرشتوں کے عورتوں کے سے نام اور

لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ إِنْ يَّتَّبِعُوْنَ إِلَّا

ان کو اس کی کچھ خبر نہیں محض اٹکل پر

الظَّنَّ وَإِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ

چلتے ہیں اور اٹکل کچھ کام نہ آئے ٹھیک

شَيْـًٔا

بات میں ۲۸

[illegible]

## دلائل کی قسمیں اور ترتیب:

[illegible]

## ظن کے مختلف اقسام اور ان کے احکام

ظن عربی زبان میں مختلف معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے [illegible] یقینی امور کو بھی ظن سے تعبیر کیا جاتا ہے [illegible] اور کبھی [illegible] تو جس طرح [illegible] کہ جب تک [illegible] ظن بمعنی [illegible] جیسے قرآن کریم [illegible] [illegible] اور وہ [illegible] ظن شرعاً معتبر ہے [illegible] قرآن و حدیث کی [illegible] اس آیت میں ظن کے متعلق جو فرمایا [illegible] [illegible]:

فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّىٰ عَن ذِكْرِنَا

سو تو دھیان نہ کر اس پر جو منہ موڑے ہماری یاد سے

وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۚ ذَٰلِكَ

اور کچھ نہ چاہے مگر دنیا کا جینا

مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْمِ

یہیں تک پہنچی ان کی سمجھ

مادہ پرستی: [illegible] زندگی [illegible] آخرت [illegible] آپ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

قرآن کریم [illegible]

مگر [illegible] کی [illegible] آج کل ہم مسلمانوں کا بھی حال [illegible] [illegible] معاشیات [illegible] آخرت [illegible] [illegible] [illegible] (معارف القرآن)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: دنیا اس کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہ ہو اور دنیا اس کا مال ہے جس کا (آخرت میں) کوئی مال نہ ہو [illegible] ایک [illegible] حضور صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] اللهم لا تجعل الدنيا اكبر همنا ولا مبلغ علمنا [illegible] (مظہری)

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن

تحقیق تیرا رب ہی خوب جانے اس کو جو بہکا اس کی

سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَىٰ

راہ سے اور وہی خوب جانے اس کو جو راہ پر آیا

اللہ خوب جانتا ہے [illegible] اللہ تعالیٰ ان سے جانتا ہے [illegible] [illegible] [illegible] (تفسیر عثمانی)

وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ

اور اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں

لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ

تاکہ وہ بدلہ دے برائی والوں کو ان کے کئے کا اور بدلہ دے

الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى

بھلائی والوں کو بھلائی سے

[illegible]

(تفسیر [illegible])

[illegible]

[illegible]

| |
|---|
| الَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ |
| جو کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے |
| وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ |
| اور بے حیائی کے کاموں سے مگر [illegible] |

**لمم کا معنی** [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

إن تغفر اللهم تغفر جما وأي عبد لك لا ألما

اے اللہ [illegible] (ترمذی [illegible])

[illegible]

[illegible]

(۱) [illegible]

(۲) [illegible]

## کبیرہ اور صغیرہ گناہوں کی معافی کا قانون

[illegible]

وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ
فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا
وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ (آل عمران)

[illegible]

[illegible]

طرح کی ناخوشی پہنچنے سے بچ کر رہتی ہیں تو خوبی باقی رہتی ہے اور یہ پرہیز کی صورت میں ہوتا ہے جو ترجمہ ہو جاتی ہے ضعیف ہو جاتی ہے۔ اس تفصیل کے بعد روایت فرمائیں احیاء العلوم کا مطالعہ کیجئے۔

**إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ**

بیشک تیرے رب کی بخشش میں بڑی سمائی ہے

اللہ کی مغفرت وسیع ہے اس لئے بڑے سے بڑے چھوٹے سے چھوٹے گناہوں سے وہ درگزر کرتا ہے اور توبہ قبول کرتا ہے گناہ کو چاہے کتنے ہی ہوں۔ وہ ان سے تجاوز کی قطاریں کرنے کی مغفرت کا مقام ہے۔

**هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ**

وہ تم کو خوب جانتا ہے جب بنا نکالا تم کو زمین سے

**وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ**

اور جب تم بچے تھے ماں کے پیٹ میں

**فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ**

سو مت بیان کرو اپنی خوبیاں وہ خوب جانتا ہے اس کو

**اتَّقَىٰ**

جو بچ کر چلا

یعنی تم خود اپنی پاکیزگی کی مدح و ثنا مت کرو۔ اللہ نے تم کو پیدا کیا اور اپنے کو بہت پاکیزہ قرار دینے سے بچو۔ کیونکہ اللہ ہر ایک کی پاکیزگی اور تقویٰ کو خوب جانتا ہے۔ ابتدائی وقت سے جانتا ہے جب تم نے تکمیل نہیں کی تھی اور تمہارا علم کیا تھا آدمی کو چاہئے کہ اپنی اصل کو دیکھ لے جس کی ابتداء مٹی سے تھی پھر نطفہ اور گوشت کی بوٹی ناپاک خون سے بچہ بن کر آیا۔ اس کے بعد تمام جسمانی اور روحانی کمزوریاں سے دو چار ہوا۔ لیکن اگر اللہ نے اپنے فضل سے کسی بلند مقام پر پہنچا دیا تو کسی کو اس پر فخر و غرور اور خود ستائی کرنے کا حق نہیں۔ بعض لوگ ایسے ہیں جو نیکی کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اب بھی ان کی نیکیاں ہیں جو بہت بہتر ہیں۔ وہ ... ہے۔

سبب نزول: بغوی اور واحدی نے لکھا ہے کہ بعض لوگ اچھے عمل کرتے تھے پھر کہتے تھے ہماری نماز اور روزہ اور حج ... اور یہ آیت نازل ہوئی۔

واحدی، طبرانی، ابن المنذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت ثابت بن حارث انصاری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب یہودیوں کا کوئی چھوٹا بچہ مر جاتا تھا تو وہ کہتے یہ صدیق ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی تو فرمایا یہودی جھوٹ کہتے ہیں۔ ماں کے پیٹ میں اللہ جس جان کو پیدا کرتا ہے اس کو اسی وقت معلوم ہے کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت، اس پر اللہ نے آیت نازل فرمائی۔

هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم ... یعنی تم کو ماں کے پیٹ سے باہر آنے سے پہلے ہی اللہ جانتا تھا کہ کون نیک بخت ہے اور کون بدبخت ہوگا۔

## جنتیوں اور دوزخیوں کی پیدائش

امام مالک، ترمذی اور ابو داؤد نے حضرت عمر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے آدم کو پیدا کرنے کے بعد ان کی پشت پر اپنا داہنا ہاتھ پھیر کر کچھ نسل (یعنی روحیں) نکالیں اور فرمایا میں نے ان کو جنت کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ اہل جنت کے عمل کریں گے پھر آدم کی پشت پر اپنا بایاں ہاتھ پھیر کر کچھ نسل نکالی اور فرمایا ان کو میں نے دوزخ کے لئے پیدا کیا ہے یہ دوزخیوں کے عمل کریں گے۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر عمل کس کام کا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جس بندہ کو جنت کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے اہل جنت والوں کے کام کراتا ہے یہاں تک کہ اہل جنت کے عمل پر خاتمہ ہوتا ہے اور اللہ اس کو جنت میں داخل کر دیتا ہے اور جس بندہ کو دوزخ کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے دوزخیوں کے کام کراتا ہے یہاں تک کہ دوزخیوں کے عمل پر ہی مرتا ہے تو اللہ اس کو دوزخ میں داخل کر دیتا ہے۔

تقدیر: مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے اللہ نے مخلوق کی تقدیریں لکھ دی تھیں جب اس کا عرش پانی پر تھا۔

ترمذی نے حضرت عبادہ بن صامت کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا اور قلم کو حکم دیا کہ لکھ۔ قلم نے عرض کیا کیا لکھوں، فرمایا تقدیر لکھ۔ پس قلم نے ان تمام چیزوں کو جو ہو چکی تھیں اور جو ابد تک ہونے والی ہیں لکھ دیا۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ اللہ کے سچے رسول نے ہم سے بیان فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کی تخلیق اس طرح ہوتی ہے کہ نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس روز تک نطفہ کی حالت میں رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت تک خون کی صورت میں رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت تک گوشت کی بوٹی کی شکل میں رہتا ہے پھر اللہ ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جو چار باتیں لکھتا ہے (یعنی) اس کے عمل اور اس کی مدت زندگی اور اس کی روزی اور یہ بات لکھتا ہے کہ وہ بدبخت ہے یا خوش نصیب ہے

پاؤں تک۔ پھر اس کے اندر روح پھونک دی جاتی ہے۔ یہی قسم سے اس کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ تم میں سے بعض لوگ اہل جنت کے کام (ساری عمر) کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ ان کے اور جنت کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ تقدیر کا لکھا غالب آ جاتا ہے۔ اور وہ دوزخیوں کا عمل کرتے ہیں اور دوزخ میں چلے جاتے ہیں۔ اور تم میں بعض لوگ ساری عمر دوزخیوں کے کام کرتے ہیں۔ اور دوزخ کے قریب پہنچ جاتے کہ ان کے اور دوزخ کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے اور تقدیر کا لکھا غالب آ جاتا ہے اور وہ اہل جنت کا عمل کرتے ہیں اور جنت میں چلے جاتے ہیں۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

## نیک ہونے کا دعویٰ نہ کرو:

حضرت زینب بنت ابی سلمہ کا نام برہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام بدل کر زینب رکھ دیا اور فرمایا کہ آیت فَلَا تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمْ میں اپنے نفس کی پاکی بیان کرنے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اس میں نیک ہونے کا دعویٰ ہے اور اللہ ہی جانتا ہے کہ کون نیک ہے۔

امام احمد نے عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک دوسرے آدمی کی مدح و تعریف کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اور فرمایا کہ تم نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ دی۔ اگر تم میں سے کسی کو کسی کی تعریف ہی کرنا ہو تو یوں کہے کہ میرے علم میں یہ شخص متقی ہے اور اللہ کے نزدیک بھی ایسا ہی ہو اور حقیقت کا علم اللہ ہی کو ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

---

**أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ﴿٣٣﴾**

بھلا تو نے دیکھا اس کو جس نے منہ پھیر لیا ☆

---

یعنی آپ نے اس بدبخت کو دیکھا جس نے حق سے منہ پھیر لیا۔

شان نزول: روایات میں ہے کہ بعض لوگ ایمان لانے کا ارادہ کر چکے تھے مگر ایک مشرک ساتھی نے اس کو ملامت کی کہ تو نے باپ دادا کا دین کیوں چھوڑا۔ اس نے کہا کہ میں اللہ کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اس نے کہا کہ مجھے اتنا مال دے دو تو میں آخرت کا عذاب اپنے سر پر لے لوں گا۔ تو عذاب سے بچ جائے گا۔ چنانچہ اس نے کچھ مال دیا پھر باقی دینے سے انکار کر دیا۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ آیت ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئی جو اسلام کی طرف مائل ہو گیا تھا اس کے دوست نے اس کو ملامت کی۔ (معارف مفتی اعظم)

---

**وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ﴿٣٤﴾**

اور دیا تھوڑا سا اور سخت نکلا ☆

---

ولید بن مغیرہ کا حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "تھوڑا سا ایمان لانے لگا پھر اس کا دل سخت ہو گیا۔" مجاہد کہتے ہیں کہ یہ بات ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں سن کر اس کو اسلام کی طرف تھوڑی سی رغبت ہو چلی تھی۔ اور کفر کی سزا سے ڈر کر قریب تھا کہ مسلمان ہو جائے۔ ایک کافر نے کہا کیا باپ دادا کا دین چھوڑتا ہے۔ تیرے سب جرائم اپنے اوپر لے لیتا ہوں۔ تیری طرف سے میں سزا بھگت لوں گا۔ بشرطیکہ اس قدر مال مجھ کو دیا جائے۔ اس نے وعدہ کر لیا اور عقیدہ توحید سے پھر گیا۔ کچھ تھوڑا سا ادا کر کے باقی سے انکار کر دیا۔ اس صورت میں "وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ" کے معنی یہ ہوں گے کہ کچھ مال دیا پھر ہاتھ کھینچ لیا۔ (تفسیر عثمانی)

محمد بن کعب قرظی کا قول ہے کہ اس آیت کا نزول ابوجہل کے بارے میں ہوا ابوجہل نے کہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو مکارم اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں لیکن اس قول کے باوجود ایمان نہیں لایا۔ تھوڑا دینے کا یہی مطلب ہے۔ ترک کی تعریف کا یہ مطلب ہے کہ اقرار سے انکار کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

**خرچ کرنے سے مال بڑھتا ہے:** امام ابن کثیر۔ یہ قرآن کا بیان ایسا صرف مال ہی کے بارے میں نہیں بلکہ ہر اس شخص کے حق میں ہے جو نیکی کرتا ہے اور خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کو بدلہ عطا فرماتا ہے۔ جیسے ارشاد ہے وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهُ۔ تو مال خرچ کرنے سے کمی کا خوف نہیں ہونا چاہئے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ انسان کے تمام اعضاء میں جو کچھ محنت سے تحلیل ہو جاتا ہے غذا کے ذریعہ اس کا بدل اندر سے پیدا کر دیتے ہیں۔ اسی طرح مال کا بھی معاملہ ہے کہ انسان خرچ کرتا ہے تو اس کا بدل آ جاتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال سے فرمایا "أَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ إِقْلَالًا" یعنی اے بلال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہو اور عرش والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا خطرہ نہ کرو کہ وہ تمہیں مفلس کر دے گا۔ (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

---

**أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ﴿٣٥﴾**

کیا اس کے پاس خبر ہے غیب کی سو وہ دیکھتا ہے ☆

---

کیا یہ عالم الغیب ہے؟ یعنی کیا اس کو غیب کی بات معلوم ہو گئی ہے کہ دوسرے کی گٹھری اٹھانے والا اپنے سر لے کر اس کو چھڑا سکے گا۔ (تفسیر عثمانی)

---

**أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ ﴿٣٦﴾**

کیا اس کو خبر نہیں پہنچی جو ہے ورقوں میں

## مُوۡسٰی ۙ وَ اِبۡرٰہِیۡمَ الَّذِیۡ وَفّٰۤی ۙ

موسیٰ کے اور ابراہیم کے صحیفوں میں جنہوں نے اپنا قول پورا کر دکھایا

**حضرت ابراہیم کی وفاداری** یعنی ابراہیم اپنے قول پر پورا رہے اور دین کی تبلیغ میں پورا اترے اور اللہ کے حقوق پوری طرح ادا کیے اور اس کے احکام کی تعمیل میں کوئی کمی نہیں کی۔ (تفسیر حقانی)

